نور علیٰ نور یہدی اللہ لنورہ من یشاء

کتاب شریف وصحیفہ لطیف کنوز احادیث اشرف شاہ ترجمہ مشکوٰۃ المصابیح المسمّٰی

[illegible]

مظاہر حق

من تصنیفات

[illegible] مولوی محمد قطب الدین خان صاحب دہلوی مرحوم ومغفور

منشی
مطبع نولکشور مقام لکھنؤ میں طبع ہوا

اطلاع - اس جلد مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ مسلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھپا ہوا دے
اس سبب سے کہ بجز معاینہ و ملاحظہ کے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی اندازہ ہو اس کتاب کے ذیل میں ہیچ کے
تین صفحہ بہ ملاحظہ مین ان مین بعض کتب حدیث و تفسیر اردو و فارسی و عربی وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اس فن کی اور بھی کتب
موجود ہو کا زیادہ تر قدر دانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

کتب اردو حدیث شریف

تحفۃ الاخیار - ترجمہ اردو مشارق الانوار
مترجمہ مولوی خرم علی -
شرح شمائل ترمذی منظوم اردو مسمی بہ
بہار مجلد ساختہ مولوی محمد کانی -

حدیث فارسی

اشعۃ اللمعات - ترجمہ فارسی مشکوۃ چار جلدین
از شاہ عبد الحق دہلوی -

حدیث عربی

جامع ترمذی - داخل صحاح ستہ اسمین
احادیث سرور انبیا و جان باب الطہارۃ
تا کتاب العلل ازتالیس باب مذکور ہین ا ز
تصنیفات ابو عیسی محمد بن عیسی الترمذی المتوفی
اور اسکے ساتھ رسالہ اصول حدیث کا مصنفہ
سید شریف جرجانی بھی شامل ہے -
سنن ابی داؤد - مصنفہ ابی داؤد محدث
یہ کتاب داخل صحاح ستہ ہے دو جلدین
۱ جلد اول - مین کتاب الطہارۃ سے تا کتاب
کی احادیث مذکور ہین -
۲ جلد دوم - مین کتاب ... سے تا
کتاب الحدود کی احادیث مسطور ہین -
صحیح مسلم - مع شرح نووی داخل صحاح ستہ
جسے ماتن ابو الحسن مسلم بن الحجاج و
شارح محی الدین ابو بکر زکریا دو جلدین -
۱ جلد اول - احادیث کتاب الایمان سے
تا کتاب العتق ہے -
۲ جلد دوم - احادیث کتاب البیوع سے
تا کتاب التفسیر ہے -
مشکوۃ المصابیح - مصنفہ شیخ ولی الدین
محمد بن عبد اللہ الخطیب العمری التبریزی جسمین کتاب الایمان سے
تا باب ثواب ہذہ الامۃ کی احادیث مدون ہین -
قسطلانی شرح صحیح بخاری مسمی بارشاد الساری
مؤلفہ شہاب الدین احمد بن محمد الخطیب القسطلانی
شرح نہایت معتبر اور مستند صحیح بخاری کی ہے
جو صحاح ستہ مین سے اول درجہ کی کتاب
حدیث کی ہے دس جلد مین کاغذ عمدہ بہت صفائی
صحت کے ساتھ چھپی ہے -
۱ جلد اول - مین احادیث کتاب الایمان سے
تا باب السمر -
۲ جلد دوم مین احادیث کتاب الاذان سے
تا باب شرار الموتی -
۳ جلد سوم مین احادیث باب وجوب الزکوۃ سے
تا باب المکاتب -
۴ جلد چہارم مین احادیث کتاب البیوع سے
تا باب الشروط فی الوقف -
۵ جلد پنجم مین احادیث کتاب الوصایا سے
تا باب قول اللہ تعالی -
۶ جلد ششم مین احادیث باب المناقب سے
تا باب کم غزا النبی -
۷ جلد ہفتم مین احادیث کتاب تفسیر القرآن سے
تا باب قراءۃ القرآن -
۸ جلد ہشتم مین احادیث کتاب اللباس سے
تا باب الاستئذان -
۹ جلد نہم مین احادیث کتاب الادب سے
تا باب توبۃ السارق -
۱۰ جلد دہم مین احادیث کتاب المحاربین سے
تا باب وضع الموازین -
دلائل الخیرات - مع ترجمہ فارسی و مع نقوش
و نقشہ خواص اسماے باری عز اسمہ اور اسکے
حاشیہ پر پوری شرح مسمی بہ الحسنات علی المتن
دلائل الخیرات کی چھپی ہے -
سنن النسائی - معروف بہ صحیح نسائی
مؤلفہ ابو عبد الرحمن النسائی محدث کی
دو جلدین -
۱ جلد اول مین احادیث
تا باب ما یکل المحرم بعد مسح الحمار -
۲ جلد دوم مین احادیث
باب وجوب الجہاد سے تا باب
الاشربہ ہے -

نورٌ علیٰ نورٍ یھدی اللہ لنورہ من یشاء

کتاب ترجمہ و شرح [illegible] احادیث [illegible] مشکوٰۃ المصابیح [illegible]

مظاہر حق

از تصنیفات فاضل [illegible] مولانا مولوی محمد قطب الدین خان دہلوی [illegible] مغفور

منشی نولکشور کے مطبع واقع لکھنؤ میں طبع ہوا

فہرست جلد سوم یعنی علم اجمالی کتاب مظاہر حق ترجمہ مشکوٰۃ المصابیح

نور علیٰ نور یہدی اللہ لنورہ من یشاء

کتاب شریف مجموعۂ لطیف کنوز احادیث را مفاتیح ترجمۂ مشکوٰۃ المصابیح اعنی

ربع ثالث

مظاہر حق

من تصنیفات

عالم نبیل فاضل جلیل محدث فقیہ جناب مولانا محمد قطب الدین خان دہلوی مرحوم مغفور

مطبع منشی نولکشور در مقام لکھنؤ میں طبع ہوئی

رب یسر | بسم اللہ الرحمن الرحیم | وتمم بالخیر

کتاب البیوع

کتاب ہے بیچ بیان بیعوں کے ف اول مصنف نے ذکر کیے حقوق اللہ تعالیٰ کے کہ وہ عبادات ہیں بعد ازان شروع کیا بیان کرنا حقوق العباد کا کہ وہ معاملات ہیں انہیں سے ایک بیع ہے اور بیع کے معنے ہیں بیچنا اور کبھی معنے اوسکے خریدنے کے بھی آتے ہیں اور کہا فقہا اسلام کے بیع شرع میں کہتے ہیں مال کے بدلنے کو ساتھ مال کے آپس کی رضامندی سے اور شروعیت بیع کی ثابت ہے کتاب اللہ سے کہ قال اللہ تعالیٰ احل اللہ البیع وحرم الربوا اور حدیثوں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سے بھی ثابت ہے چنانچہ وہ حدیثیں آگے آتی ہیں اور بیع کی چار قسمیں ہیں نافذ موقوف فاسد باطل نافذ تو وہ بیع ہے کہ عوضین میں ملک ہو اور عاقدین اہلیت بیع کی رکھتے ہوں یعنی عاقل ہوں وہ بیع کریں اصالۃً یا وکالۃً یا ولایۃً اور بیع موقوف وہ ہے کہ غیر کی چیز بیچا بلا اجازت اور بے ولایت بیچا اور بیع فاسد وہ ہے کہ باصلہ درست ہو اور بوصفہ نادرست ہو اور بیع باطل وہ ہے کہ نہ باصلہ صحیح ہو اور نہ بوصفہ بیان مفصل بیع فاسد باطل کا بیچ شمائل کے باب المنہی عنہا من البیوع میں ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ اور او اعتبار کرنے بیع کی چار قسمیں ہیں مقایضہ صرف سلم بیع مطلق بیع مقایضہ وہ ہے کہ بیچیں عین کو بدلے عین کے جیسے بیچے کپڑا بدلے کتاب کے اور بیع صرف یہ ہے کہ بیچے نقد کو بدلے نقد کے مثلاً روپیہ بدلے روپیہ کے یا اشرفی بدلے روپیہ کے یا عکس اسکے اور سلم بیچنا دین کا بدلے عین کے مثلاً غلہ لیا بعد ایک مدت کے روپیہ دیکے اور بیع مطلق یہ ہے کہ بیع کرے ایک چیز کو مقابلہ نقد کے اور اور اعتبار کرنے بیع کی چار قسمیں اور ہیں مرابحہ تولیت وضیعت مساومت مرابحہ وہ بیع ہے کہ خرید پر نفع رکھکر بیچے اور تولیت وہ کہ جتنے کو لیا اوتنے ہی کو بیچے اور وضیعت یہ کہ جتنے کو لیا اوس سے کم کو بیچے اور مساومت وہ بیع ہے جو آپس میں بائع مشتری راضی ہوں اوسمیں لحاظ ثمن کا نہیں ہوتا [illegible]

باب الکسب وطلب الحلال

یہ باب ہے بیچ بیان کسب کے اور طلب کرنے روزی حلال کے ف کسب کے معنے ہیں ڈھونڈنے رزق کے اور اس باب میں بیان کی ہے فضیلت کسب کی اور یہ بیان کیا ہے کہ اچھا کسب کونسا ہے برا کونسا ہے اور قصہ میں تفصیل اوسکی یوں لکھی ہے کہ افضل کسب جہاد ہے پھر تجارت پھر زراعت پھر صنعت کاری اور کسب فرض بھی ہے اور مستحب بھی اور مباح بھی اور حرام بھی فرض تو اسقدر ہے کہ کفایت کرے کسب کرنیوالے کو اور اوسکے عیال کو اور ادا ہو قرض اوسکا اور مستحب ہے زیادہ اوس سے بایں نیت کہ خبرگیری کروں گا بسبب اسکے فقیروں کی اور اقربا کی اور مباح ہے زیادہ کسب کرنا ساتھ نیت تجمل کے

اور حرام ہو اس نیت سے کسب کرنا کہ اس سے مال جمع کرے اور اسکا واسطے فخر اور تکبر کے اگرچہ حلال ہو اور کسب کر کر خرچ کرے اپنے نفس اور اپنے عیال پر بغیر اسراف اور تنگی کے اور جو کوئی قادر ہو کسب پر لازم ہے اوسکو کسب کرنا اور اگر عاجز ہو کسب سے تو لازم ہے اوسکو سوال کرنا پس اگر سوال نہ کیا یہانتک کہ مر گیا مارے بھوک کے تو گنہگار مرا اور اگر عاجز ہو کوئی کسب سے تو فرض ہے اوسکے حال جاننے والے پر یہ کہ کھلاوے اوسکو یا سفارش کرے واسطے اوسکے کہ کھلا دے اوسکو ۱۲ ح فتح قدیر اور مولانا عبد العزیز نے یا ایہا الذین آمنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم کی تفسیر میں یون لکھا ہے کہ بہترین کسب جہاد ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وقت قصد کرنے جہاد کے ہرگز خیال غنیمت کے ملنے کا دل میں نہ لاوے اور نیت اپنی خالص رکھے اور بعد ازان تجارت ہے خصوصا وہ تجارت کہ سبب اوسکے حاجت کی چیزین مسلمانون کی جو ایک ملک سے دوسرے ملک میں اور ایک شہر سے دوسرے شہر میں پہنچین اگر اسطرح کا تاجر نیت خدمت مسلمانون کی اور حاجت روائی اونکی سے کرے تجارت اوسکی حکم عبادت کا پیدا کرتی ہے بلکہ زراعت ہو کہ اوسمین بھی نیت خیر یعنے نیت حاصل کرنے قوت آدمیون اور جانور ذی روح کی ہوتی ہے اور توکل اور اعتقاد قوی ہوتا ہے رحمت الٰہی پر کہ وہ مینہ اور ہوا [illegible] بعد ازان حرفت کسب ہے اور کسب ایسے چندان فضیلت نہین رکھتی مگر ان کتابت کہ دین علوم دینی اور احکام شرعی کو رواج اور بزرگی کا باعث ہونے کے سبب معلوم ہوتی ہے اور باقی حرفتون کی تعلق ہاتھ کے کام رکھتے ہین مانند سلائی اور جلد سازی اور [illegible] اور سوت کاتنے اور سینے [illegible] یہ کسب بہتر ہین لیکن جن کسبون میں واسطے تکلف اور زینت اور رونق دولت کے ہوتے ہین مانند سناری اور نقاشی اور شیرینی بنانا اور عطر بیچنا اور رنگریزی کے بھی مستحسن نہیں ہیں جو جو نہ ہوتے تو کچھ قباحت نہین رکھتی ہین بخلاف ان کسبون کے کہ اونمیں آلودگی نجاست کی یا بدخواہی خلائق کی یا اعانت معصیت الٰہی ہو یا [illegible] فروشی یا ہمیشہ جھوٹ بولنا اور فریب دینا لازم ہو مانند شراب کشی اور قصابی اور جاروب کشی اور دباغی اور حجامی اور [illegible] اور [illegible] فروشی اور کفن فروشی اور کشتی بانی اور نقالی اور [illegible] بازی اور دلالی اور وکالت اور اجرت امامت اور اذان اور خدمت مسجد اور اجرت تلاوت قرآن اور تعلیم قرآن کی کہ یہ سب مکروہ ہین تمام ہوا اور مفتاح الطالبین میں لکھا ہے کہ حدیثون میں فضیلت کسب کی اور کسب نیک کی بہت آئی ہین اور [illegible] حق [illegible] کہ ترک کرے کسب کو اور اختیار کسل کے اور بھیک مانگتا پھرے لیکن جو کوئی کہ سوال نہ کرے اور بسبب اعتقاد کے رزاق خدا ہے اور بسبب نقصان کام دینی کے اور خلل پہنچانے عبادت میں کسب نہ کرے تو داخل وعید میں نہ ہوگا بشرطیکہ تعلق دل اوسکا توقع خدمت کی کسی سے نہ رکھتا ہو کہ اوسکو سوال دل کہتے ہین اور وہ بدتر ہے سوال زبان سے اور جو کوئی کہ مال بقدر کفایت کے رکھتا ہو یا بقدر کفایت کے وقت [illegible] یا اور جگہ سے بہم پہنچ سکتا ہے اوسکو باختلاف عبادات افضل ہے کسب سے اور [illegible] تعلیم کرنے علوم دینی اور قاضی اور مفتی اور مانند اسکے کے اگر بقدر کفایت کے [illegible] نہ رکھتے ہون تو [illegible] مشغول رہنا بہتر ہے کسب سے اور جو کوئی کہ [illegible] کرے تو فرض ہے اوسکو طلب کرنا حلال کا اور بچنا حرام سے اور [illegible] شبہ سے [illegible] اور لازم ہے کہ باوجود کسب کے توکل خدا پر رکھے کہ رازق مطلق اللہ تعالیٰ ہے اور کسب اسباب ظاہر ہے کسب کو رزاق نہ جانے [illegible] اور علم حلال اور حرام شرعی کا [illegible] حالات در تجارت اور کسب [illegible] مال حرام اور کسب حرام بہت برا ہے رسول علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو کوئی مال حرام کا صدقہ کرے تو قبول نہین ہوتا اور نہیں چھوڑتا مال حرام پیچھے اپنے بعد مرنے کے مگر کہ ہوتا ہے توشہ اوسکا پہونچانے والا طرف آگ دوزخ کے اور چاہیے کہ اگر تھوڑا سا مال حلال حرام میں ملا دیکھے تو سب شبہ ہو جاتا ہے [illegible] شبہ سے بھی باز رہنا [illegible] اور اگر کوئی کسیکو کچھ دے اور وہ چیز مشتبہ ہو تو چاہیئے کہ اوسکو ساتھ حیلہ اور نرمی کے پھیر دے اور اگر [illegible] اور اسیطرح ہر حال تحقیق کرنے شکی کا کہ اگر [illegible] نہو تو تحقیق کرے واسطے کہ آزردہ کرنا دل مسلمان کا حرام ہے اور تحقیق کرنا [illegible] کہ یہ حرام [illegible] ہے اور ظاہر ہو اوسکو پھیر دے لیکن اگر جانے کہ پھیرنے میں فتنہ برپا ہوگا تو نہ پھیرے اور راہ خدا میں کسی مضطر کو دیدے اور اگر آپ ہی مضطر ہو تو کھا لیوے اور جس بازار میں کہ اکثر مال حرام بکتا ہو [illegible] خرید و فروخت نہ کرے اور بغیر علم [illegible]

اور شبہ کے ہر جا تجسس و تحقیق میں نہ پڑنا اور وسوسہ نہ کرنا اور مزدوری کسب شرعی کی بھی حرام ہو جیسے سینا کپڑا ریشمی یا زیور چاندی سونا مرد کے لئے اور رقعہ ناشرع سے
جو حاصل ہو حرام ہو جیسے بیچنے منہ تکلف کرنا اور تجارتوں میں بہتر تجارت کپڑے کی ہے اور پیشوں میں بہتر پیشہ سینا شک کا ہے اور مانند اسکے اور خرید و فروخت
میں روپیہ پیسے بدلنے اور کھوٹے کو رواج کرنے اور اگر پیسے بدلے روپیہ ہاتھ لگیں تو گنتی میں کم ملے اور معاملہ میں فریب کرے اور قسم کھائے
اور عیب اسباب کا خریدار سے پوشیدہ کرے اور تعریف بیجا اسباب کی بیچنے کی اور اس سے زیادہ کرے اور کوئی چیز ایسے ہاتھ نہ بیچے کہ لینے والا اسکو بیجا عمل
حرام کے کام میں لائے جیسے انگور بیچے ہیں شراب ساز کے ہاتھ اور ہتیار قزاق اور مانند اسکے ہاتھ اور اسی طرح جیسوں میں آمیزش کھوٹ اور بری چیز کی اور
دغا اور فریب کرے کہ مزدوری اوسکی حرام ہوتی ہے اور ناپ تول میں کمی کرے اور غبن کرے اور جانا کہ سبب ایک ملک غیر کے جنت کے جانے سے
رکا رہیگا اور مستحب ہے کہ تھوڑے نفع پر اکتفا کرے اور تجارتوں اور حرفوں میں بہت حریص نہ ہووے جبکہ بقدر کفایت کے حاصل ہو تو کار آخرت میں مشغول
ہووے **الفصل الاول** عن المقدام بن معدیکرب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ما اکل احد طعاما قط خیرا من ان یاکل من عمل یدیہ وان نبی اللہ داود کان یاکل من عمل یدیہ
رواہ البخاری روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کھایا کسی نے کوئی کھانا کبھی
بہتر اس سے کہ کھاوے کسب ہاتھ اپنے کے سے اور تحقیق نبی اللہ کے داؤد علیہ السلام تھے کھاتے عمل ہاتھوں اپنے کے سے نقل کی یہ بخاری نے **ف**
یعنی کسب کرنا انبیا کی سنت ہے چنانچہ داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ سے زرہ بنا کر بیچتے تھے چنانچہ بعض طریقوں میں اسکا بیان کر کے منقول ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنی
خلافت میں تبدیل بھیس کر کے پھرتے تھے لوگوں میں کبھی اور پوچھتے تھے اون سے کہ کیسا جانا جاتا ہے داؤد کو کیسی سیرت ہے داؤد کی تم میں پس ایک روز اللہ تعالی نے ایک فرشتہ
بھیجا آدمی کی صورت میں اور حضرت نے اوس سے بھی ایسا ہی پوچھا اوس نے کہا کہ داؤد اچھا شخص ہے اگر نہ کھاتا ہو وہ بیت المال میں سے پس دعا کی داؤد علیہ السلام نے
اپنے رب سے کہ بے پروا کردے مجھکو بیت المال سے پس سکھایا اونکو اللہ تعالی نے بنانا زرہ کا اور لوہا اونکے ہاتھ میں مانند موم کے تھا پس زرہ بناتے اور چار ہزار درہم
بیچتے اور بعضوں نے کہا کہ ایک زرہ ہر روز بناتے تھے اور بیچتے تھے اوسکو چھ ہزار درہم کو پھر خرچ کرتے دو ہزار اپنے نفس پر اور اپنے عیال پر اور چار ہزار
صدقہ دیتے فقرائے بنی اسرائیل کو پس اس حدیث میں رغبت دلانی ہے کسب حلال کرنے پر اسلیئے کہ اوس میں بڑا فائدہ ہے کسب کرنیوالیکو بھی نفع اوسکا
پہونچتا ہے اور جو لوگ کہ وہ چیز لیتے ہیں اونکو بھی نفع حاصل ہوتا ہے اور کسب کرنیوالا سبب مشغول کے بچتا ہے بری باتوں سے اور لہو ولعب سے اور کسر نفسی بھی
ہوتی ہے اس سے پس کم ہوتی ہے سرکشی نفس کی اور بچتا ہے سبب اسکے ذلت سوال سے اور محتاج کسیکا نہیں ہوتا ہے **وعن**
ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ طیب لا یقبل الا طیبا وان اللہ امر
المؤمنین بما امر بہ المرسلین فقال یا ایھا الرسل کلوا من الطیبات واعملوا صالحا وقال یا ایھا الذین
امنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم ثم ذکر الرجل یطیل السفر اشعث اغبر یمد یدیہ الی السماء یا رب یا
رب ومطعمہ حرام ومشربہ حرام وملبسہ حرام وغذی بالحرام فانی یستجاب لذلک رواہ مسلم
اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالی پاک ہے نقصانوں اور عیبوں سے نہیں قبول کرتا ہے صدقات
اور اعمال سے مگر پاک کو یعنی جو کہ پاک ہو عیوب سے اور بری نیتوں فاسدہ سے اور تحقیق اللہ تعالی نے حکم کیا مومنوں کو ساتھ اوس چیز کے کہ حکم کیا ساتھ
اوسکے رسولوں کو یعنی کھانا حلال کا اور اچھے اعمال کرنے پس فرمایا اے رسولو کھاؤ رزقوں حلال سے اور عمل کرو اچھا اور فرمایا اے مومنو کھاؤ کھانوں پاکیزہ
حلال سے جو کہ دیا ہم نے تمکو پھر ذکر کیا حضرت نے حال ایک شخص کا کہ دراز کرتا سفر پراگندہ بال اور غبار آلودہ دراز کرتا ہے دونوں

اپنے طرف آسمان کی کہتا ہو اے رب میرے اے رب میرے اور کھانا اوسکا حرام ہو اور پینا اوسکا حرام اور پہننا اوسکا حرام اور پرورش
کیا گیا ساتھ حرام کے یعنی چھوٹی عمر سے بڑی عمر تک حرام ہی اوسکی غذا رہی پس کہاں سے قبول کیجاوے دعا اوس شخص کی نقل کی یہ مسلم نے
ف نہیں قبول کرتا الخ یعنی جبکہ اللہ تعالیٰ پاک ہے اور رزق حلال کو بسبب پاک ہونے اوسکی نجاست کے مکروہ سمجھتا ہے جناب پاک اوسکی بارگاہ کی نسبت
ہو قابل ہے کہ ہو کر اوس بندہ نزدیکی اوسکی جناب پاک میں حاصل کرے اور حرام قابل اوسکے نہیں اور دراز کرتا ہے سفر یعنی حج کے لئے یا اور عبادت کے لئے
اور بکھرا ہوتا ہے مشقت کرنے سے اور یہ جگہ قبولیت دعا کی ہے چنانچہ ایک حدیث میں آیا ہے کہ دعا مسافر مقبول ہے حاصل یہ کہ سب حال اچھا ہو لیکن کھانا پینا
جو حرام ہو دعا نہیں مقبول ہوتی اس سے یہ معلوم ہوا کہ رزق حلال پر موقوف ہے قبولیت دعا کی اسی لئے کہا گیا ہے کہ دعا کے دو بازو ہیں اکل حلال و صدق
مقال ؏ ؏ ؏ **وعنه** قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يأتي على الناس زمان لا يبالي المرء ما أخذ
منه أمن الحلال أم من الحرام رواه البخاري اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آویگا لوگوں پر
ایک زمانہ کہ نہیں پرواہ کریگا آدمی ساتھ اوس چیز کے کہ لیویگا مال سے کیا حلال سے لیا ہے یا حرام سے نقل کی یہ بخاری نے **ف** یعنی تمیز نہیں کریگا
درمیان مال حرام و حلال کے **بیت** ہر چہ آمد بدہان شان خوردند ؂ وانچہ آمد بزبان شان گفتند ؂ **وعن النعمان بن بشير** قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم الحلال بين والحرام بين وبينهما مشتبهات لا يعلمهن كثير من الناس فمن اتقى الشبهات استبرأ
لدينه وعرضه ومن وقع في الشبهات وقع في الحرام كالراعي يرعى حول الحمى يوشك أن يرتع فيه ألا وإن
لكل ملك حمى ألا وإن حمى الله محارمه ألا وإن في الجسد مضغة إذا صلحت صلح الجسد كله وإذا
فسدت فسد الجسد كله ألا وهي القلب متفق عليه اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال ظاہر ہے اور حرام ظاہر ہے اور درمیان حلال و حرام کے چیزیں مشتبہ ہیں نہیں جانتے انکو بہت آدمی پس جس شخص نے پرہیز کیا شبہہ کی
چیزوں سے پاک کیا اوسنے اپنے دین کو اور اپنی آبرو کو یعنی طعنہ والوں کے طعنے سے بچا اور جو پڑا شبہہ کی چیزوں میں پڑیگا حرام میں مانند
چرواہے کے کہ چراتا ہو گرد رکھے ہوئے کے قریب ہے کہ چریں اوسمیں جانور خبردار ہو کہ واسطے ہر بادشاہ کے رکھنا ہے خبردار ہو کہ رکھنا اللہ کی حرام چیزیں ہیں خبردار
ہو تحقیق آدمی کے بدن میں ایک ٹکڑا ہے گوشت کا جسوقت درست ہوتا ہے وہ یعنی روشن ہوتا ہے ساتھ ایمان اور عرفان اور یقین کے تو درست
ہوتا ہے سارا بدن اوسکا یعنی بسبب کرنے اعمال خیر کے اور اچھے ہونے اخلاق و احوال کے اور جسوقت کہ بگڑتا ہے وہ ٹکڑا بگڑ جاتا ہے سارا بدن یعنی
خراب ہو کر وہ ٹکڑا دل ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** حلال ظاہر ہے کہ ساتھ نص کے حلال ہونا اوسکا معلوم ہوا ہے جیسے کھانا اچھی چیزوں کا
متعارف میں اور کلام نیک اور مباح کرنا اور دیکھنا ان چیزوں کو کہ دیکھنا اونکا درست ہے اور نکاح کرنا اور چلنا وغیر ذلک اور حرام ظاہر ہے
کہ ساتھ نص کے حرام ہونا اوسکا معلوم ہوا ہے جیسے شراب اور سود اور مردار اور خون جاری اور زنا اور جھوٹ اور غیبت اور چغل خوری اور نظر کرنے
طرف امرد کے اور عورت اجنبیہ کے اور غیر ذلک اور چیزیں مشتبہ کہ مشتبہ ہونا کہ حرام ہیں یا حلال ہیں بسبب تعارض دلیلوں کے یعنی اونکی حقیقت بہت لوگ نہیں
جانتے اسمیں اشارہ ہے اسپر کہ بعضے لوگ جانتے ہیں کہ وہ مجتہدین ہیں یا اونکے مقلد علماء کہ دیکھتے ہیں اونکو ساتھ قوت ایک دلیلوں میں سے اور اسمیں تحقیق میں یہ بات
مقرر تو یہ ہو کہ نہ حکم کیا جاوے ساتھ حلال ہونے اور حرام ہونے اور مباح ہونے اوسکے اور دوسرا مذہب یہ ہے کہ اوسکو حکم حرام ہونیکا دیا اور تیسرا یہ کہ مباح
ہے اور مثال مشتبہ کی یہ ہے کہ مثلا ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کیا اور ایک اور عورت نے آکر کہا کہ میں نے ان دونوں کو دودھ پلایا ہے تو وہ عورت منکوحہ اوس
شخص کی تحقیق مشتبہ ہو گئی یہ ہے کہ اوسکو طلاق دیوے یا ایسا مال ہو کہ وجہ حلال اور وجہ حرام سے جمع ہوا ہو تو وہ مال مشتبہ ہے اوس سے پرہیز کرے

اور ساتھ چرنیکے تشبیہ دی حرام چیزوں کو ساتھ رونے کے کہ منع کیا گیا ہو آدمی اونکے کرنے سے اور وہ جیسا کہ پرہیزگار ہو وضاحت تشبیہ دی پڑنے کو شبہات میں ساتھ چرانیکے گرد رونے کے یعنے چرواہے کو چاہیے کہ رونے کے گرد نہ چراوے تا کہ رونے میں جانور نہ جا پڑیں اور اگر گرد اوسکے چراویگا تو احتمال ہے کہ رونے میں جانور جا پڑیں اسیطرح آدمی کو چاہیے کہ شبہات سے دوری کرے تا محرمات میں نہ پڑے بعد ازاں واسطے بیان کرنے تشبیہ کے فرمایا خبردار ہو کہ تحقیق واسطے ہر بادشاہ کے رونا ہے بیان جاہلیت کے بادشاہوں کا ہے کہ وہ رونا مقرر کرتے تھے یا خبر دی اہل اسلام کو ظالم بادشاہوں کی عادت سے کہ رونا کرنی درست نہیں اور رونا اللہ کا حرام چیزیں ہیں پس جو کوئی داخل ہوا اس میں یعنے مرتکب ہوا حرام چیز کا مستحق ہوا عذاب کا پھر اون حرام چیزوں میں بعضی چیزیں ایسی ہیں کہ بخشی نہیں جاتی وہ شرک ہے اور اور چیزیں اللہ کی مشیت پر موقوف ہیں چاہے بخشے چاہے نہ بخشے اور توبہ سے سب بخشے جاتے ہیں اور حضرت شیخ علی متقی نے اس باب میں ایک جدول لکھی ہے اور لکھا ہے کہ جب بندہ اکتفا کرے قدر ضرورت پر کہ اوس سے چارہ نہ ہو اوسکا تو سلامت رہتا ہے اور جب حد ضرورت سے گذر جاتا ہے تو مباح میں پڑتا اور وسعت کی اوس میں تو مکروہات میں پڑیگا اور مکروہات سے محرمات میں پڑیگا اور محرمات سے کفر میں نعوذ باللہ من ذلک ضروری مباح مکروہ حرام کفر اور جس وقت بگڑتا ہے وہ ٹکڑا یعنی تاریک ہوتا ہے بسبب انکار و شک کفر کے تو بگڑتا ہے تمام بدن بسبب ساتھ گناہ کے پس لازم ہے مکلف کو کہ متوجہ ہو دل کی طرف اور نگاہ رکھے اوسکو شک ہونے سے شہوات میں پڑنا اور نگاہ رکھے [illegible] طرف شبہات کے اور اس حدیث میں اشارہ ہے طرف اسکے کہ صلاح بدن کا موقوف ہے [illegible] اسیلئے اوس سے صفائی حاصل ہوتی ہے دل کو اور دل کی صفائی سے تمام بدن میں صلاحیت پر آتا ہے کہ اچھے اعمال صادر ہوتے ہیں اس سے یہ خلاصہ ہے کلام بعض محققین کا اور اتفاق ہے علما کا اسپر کہ اس حدیث میں بہت بڑے فائدے ہیں اور جن حدیثوں پر کہ مدار اسلام کا ہے وہ تین ہیں ایک تو انما الاعمال بالنیات اور دوسری حسن اسلام المرء ترکہ ما لا یعنیہ اور تیسری حدیث یہ ہے الحلال بین الخ ع ح ع ن

وعن رافع بن خدیج قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثمن الکلب خبیث ومہر البغی خبیث وکسب الحجام خبیث رواہ مسلم ۔ اور روایت ہے رافع بن خدیج سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مول کتے کا پلید ہے اور خرچی عورت زنا کار کی حرام ہے اور کمائی سینگی کھینچنے والے کی زبون ہے نقل کیا اسے مسلم نے **ف** دلیل پکڑی ساتھ اسکے امام شافعی نے اسپر کہ بیچنا کتے کا جائز نہیں خواہ معلم ہو یا غیر معلم اور امام ابوحنیفہ اور امام محمد اور بعضے اوروں نے جائز رکھا ہے بیچنا کتے کا اور چیتے کا اور ہر درندے کا کہ اوس میں منفعت ہو خواہ معلم ہوں خواہ غیر معلم اور اس حدیث کا جواب اونکی طرف سے یہ دیا ہو کہ لفظ خبیث کا نہیں دلالت کرتا ہے حرمت پر اسلئے کہ اس حدیث میں ہے کسب الحجام خبیث باوجود یکہ وہ حرام نہیں ہے بالاتفاق پس خبیث کے معنے یہ ہیں کہ وہ طیب نہیں یا ایسا ہے کہ مکروہ ہے نہ حرام اور خرچی زانیہ کی بالاتفاق حرام ہے اور کمائی سینگی کھینچنے والے کی زبون ہے یعنے مکروہ تنزیہی ہے اسلیئے کہ حضرت نے مزدوری سینگی کھینچنے کی دی ہے اگر حرام ہوتی تو حضرت صلعم کاہیکو دیتے ع ح ع ن

وعن ابی مسعود الانصاری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن ثمن الکلب ومہر البغی وحلوان الکاہن متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے یہ کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا مول کتے کے سے اور خرچی عورت زانیہ کے سے اور اجرت کاہن کے سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** منع کیا مول کتے کے سے [illegible] یہ منع جب ہوا تھا کہ حضرت نے کتوں کے مارنے کو فرمایا تھا اور نفع لینا اونسے اون ایام میں حرام ہو گیا تھا پھر اجازت دیدی اونسے نفع لینے کی جیسا کہ روایت کیا گیا ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا ہے کتے شکاری کے کہ مارا تھا اوسکو ایک شخص نے ساتھ دینے چالیس درہم کے اور حکم فرمایا ہے [illegible] ساتھ دینے [illegible] کے اور کہا بعضی نے کہ جو اسمیں ہے کہ نہیں درست بیچنا کتے کا اور نہیں قیمت ہے واسطے تلف کرنے کے اوسکے برابر ہے کہ کتا معلم ہو یا غیر معلم برابر ہے کہ جائز ہو پالنا اوسکا یا نہ جائز ہو اور جائز رکھا ہے امام ابوحنیفہ نے بیچنا اون کتوں کا کہ جن میں منفعت ہو اور واجب کی قیمت اوسکے تلف کرنے والے پر اور حکم خرچی کا اوپر کی حدیث میں مذکور ہو چکا اور کاہن اوسکو کہتے ہیں کہ جو خبر دے اور چیز کی کہ زمانہ آئندہ میں ہوگی

اور جو کوئی خبر دینے پر نشانی پاکر پڑیا کی نا یا قضیٰ دیتو یہ سب حرام ہے اور ان سب کو عربی میں حلوان کہتے ہیں اور حلوان کہتے ہیں شیرینی کے
اسکو حلوان اسلیے کہتے ہیں کہ دینا اوسکا ایسا لگتا ہے لینے والیکو جیسے شیرینی کھانی اچھی لگتی ہے اور بیرو دشقت حاصل ہوتا ہے اور عراف اور
نجومی بھی اسی حکم کا ہے جو کاہن کا ہے اور انکے پاس جانا اور خبر پوچھنی اور تصدیق اونکی کرنی حرام ہے سب علما کے نزدیک اور تحقیق اور تفصیل اسکی باب الکہانۃ
میں آویگی انشاء اللہ تعالیٰ ۔ **وعن** ابی جحیفۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن ثمن الدم وثمن الکلب و
کسب البغی ولعن آکل الربا وموکلہ والواشمۃ والمستوشمۃ والمصور رواہ البخاری اور روایت ہے
ابی جحیفہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا مول لہو کے سے اور کتے کے سے اور خرچی عورت زانیہ کے اور لعنت کی سود لینے والیکو اور
سود دینے والیکو اور گودنے والیکو اور گدوانے والیکو اور مصور کو نقل کی یہ بخاری نے **ف** مول لہو کے سے یعنی لہو کے بیچنے سے منع فرمایا اسلیے کہ وہ
نجس ہے بیچنا اوسکا درست نہیں اور بعضوں نے حمل کیا ہے اوسکو اجرت حجام پر اس صورت میں نہی تنزیہی ہوگی اور بیان کتے کے مول کا
اور زانیہ کی خرچی کا اوپر ہو چکا اور گودنا یہ ہے کہ سوئی سے بدن کو گود کر سرمہ یا نیل بھر دیتے ہیں پس نیلا یا سبز داغ ہو جاتا ہے اسلیے منع
منع فرمایا کہ کام فاسقوں اور بدچلنوں کا ہے اور تغیر خلقت الٰہی کی ہوتی ہے اور تعلیق القراءۃ میں لکھا ہے کہ جسجگہ اوسے داغ گودا ہو ساتھ کسی چیز کے
پس اگر مٹ سکیں بغیر زخم کرنیکے تو زخم کیا جاوے اور نہیں تو اوسپر لیے توبہ کرنی کافی ہے اور مصور سے وہ مصور مراد ہے کہ تصویر جاندار کی کھینچے یا بناوے سوا
کاڑھے اور تصویر غیر جاندار کی مانند مکانات اور درخت وغیرہ کے بنانی یا کھینچنی ہو تو اوس میں درست ہے اور خطابی سے لکھا ہے کہ تصویر دو قسم کی ہوتی ہے ایک تو وہ
ہوتی ہے کہ جس چیز پر وہ ہوتی ہے وہ چیز تابع اوسکے ہوتی ہے اور تصویر مقصود بالذات ہوتی ہے جیسے تصویر کاغذ پر کھینچی جاتی ہے اور دوسری وہ ہے
کہ جس چیز پر ہوتی ہے وہ چیز مقصود بالذات ہوتی ہے اور تصویر تابع اوسکی جیسے تصویر ظروف کی اور دیواروں اور بچھونوں اور قالینوں اور پردوں
وغیرہ کی پس اول قسم کا بیچنا تو نہیں درست اور دوسری قسم کا بیچنا درست ہے اور بنانا دونوں کا منع ہے **وعن** جابر انہ سمع رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یقول عام الفتح وھو بمکۃ ان اللہ ورسولہ حرم بیع الخمر والمیتۃ والخنزیر والاصنام فقیل
یا رسول اللہ ارأیت شحوم المیتۃ فانہ تطلی بہا السفن ویدھن بہا الجلود ویستصبح بہا الناس فقال لا ھو
حرام ثم قال عند ذلک قاتل اللہ الیہود ان اللہ لما حرم شحومہا اجملوہ ثم باعوہ فاکلوا ثمنہ
متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے کہ اونہوں نے سنا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے سال فتح مکہ کے اور حضرت تھے مکہ میں
بیشک اللہ نے اور رسول اوسکے نے حرام کیا بیچنا شراب کا اور مردار کا اور سور کا اور بتوں کا پس کہا گیا یا رسول اللہ خبر دو ہمکو مردار کی چربی کے
حال سے پس تحقیق وہ ملی جاتی ہیں ساتھ اوسکے کشتیاں اور چکنے کیے جاتے ہیں ساتھ اوسکے چمڑے اور چراغ جلاتے ہیں ساتھ اوسکے لوگ پس
فرمایا نہیں جائز ہے نفع اوٹھانا ساتھ اوسکے حرام ہے پھر فرمایا نزدیک اسکے کہ لعنت کرے اللہ یہود کو تحقیق اللہ نے جبکہ حرام کیں چربیاں جانوروں کی
پگھلائے چربی کو پھر بیچا اوسکو پھر کھائے مول اوسکا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** لکھا ہے علما نے کہ شراب وغیرہ کے حکم میں ہے باجا کا اور ڈھول کا
بیچنا درست نہیں اور نقصان یعنے قیمت اوسکی نہیں دینی آتی اوسکے تلف کرنے میں اور نفع اوٹھانا الخ امام شافعی کے نزدیک بیچنا مردار کی چربی کا
جائز نہیں اور نفع اوٹھانا لیکن اوس کام میں جو نہ ہو سوا کھانے اور آدمی کے بدن پر ملنے کے درست ہے خواہ چراغ میں جلاوے خواہ کشتی پر ملے یا کچھ اور
کام میں لاوے اور اسیطرح گھی یا زیت یا اور روغن کہ نجس ہو گیا ہے بسبب پڑنے نجاست کے اوسکو چراغ میں جلانا یا اوسکا صابن بنانا
درست ہے اونکے نزدیک اور جمہور کے نزدیک نہیں جائز نفع اوٹھانا ساتھ مردار کے سوا اسکے جو خاص ہونے کی تصریح ہے چمڑے دباغت کیے گئے

کرنا مکروہ کہا گیا ہے اور جائز رکھا ہے ابو حنیفہ نے اور علماء ہمارے نے بیچنا زیت نجس کا جبکہ بیان کر دے اور جلانا تیل نجس کا چراغ میں مکروہ ہے اور نزدیک
نزدیک شافعی کے نہیں جائز ہے بیچنا اوس کا اور سکا بیچنا گویا قصد انتفاع کا ہے اور چربی نہیں کہ اوس کا بیچنا بلکہ اوس کا کھانا بھی منع ہے اور جلانا تھا
اوسکو بسبب تغیر اور تبدیل کے کہ گویا حقیقت اوسکی بدل گئی اور اس حدیث میں دلیل ہے اوپر بطلان اوس حیلہ کے کہ پہونچائے بسبب اوسکے حرام کو اور دلیل ہے
اسپر کہ حرام ہونا ہر چیز کا حکم اوس چیز کے ثمن کا ہے ع **وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَاتَلَ اللّٰهُ**
الْيَهُوْدَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا مارے اللہ یہود کو حرام کی گئیں اوپر ان کے چربیاں پس پگھلایا اوسکو یعنی تاکہ زائل ہو اوسپر سے نام چربی کا اور بیچا اوسکو نقل کی
بخاری اور مسلم نے **وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ**
اور روایت ہے جابر سے کہ تحقیق رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا مول کتے کے سے اور بلی کے سے نقل کی یہ مسلم نے **ف** کہا علماء نے
یعنی بیچنا بلی کی تنزیہی ہے اور بیچنا اور ہبہ کرنا اور عاریت دینا اوسکا جائز ہے جمہور کے نزدیک مگر ابو ہریرہ اور ایک جماعت تابعین جائز نہیں رکھتے
اوسکو دلیل پکڑتے ہیں اور ظاہر اس حدیث سے **وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ حَجَمَ اَبُوْ طَيْبَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ**
وَسَلَّمَ فَاَمَرَ لَهٗ بِصَاعٍ مِّنْ تَمْرٍ وَّاَمَرَ اَهْلَهٗ اَنْ يُّخَفِّفُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے انس سے کہ پچھنے لگائے
ابو طیبہ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پس حکم کیا حضرت نے اوسکے لیے ساتھ دینے ایک صاع کھجور کے اور حکم فرمایا اوسکے مالکوں
کو کہ تخفیف کریں اوس سے یعنی کم لیوین کمائی اوسکی سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** عادت یہ تھی کہ غلاموں سے روز لیتے تھے کچھ کما کر اپنے
مالکوں کو دیتے ہیں پس مقرر کیا تھا اوسپر باقی تم لیا ہے پس جب ابو طیبہ کے غلام تھے یعنی بیان کیا انہوں نے مدت گذاری حضرت کی تو حضرت اونسے خوش ہوئے
اور اوسکے مالکوں سے فرمایا کہ جسقدر ابو طیبہ کی کمائی سے ہر روز لیا کرتے ہو اوس سے کچھ کم لیا کرو اور اس حدیث میں دلیل ہے اسپر کہ حلال ہے کسب حجام کا
یعنی پاچھنے کشی کا اور حلال ہے اجرت دینا اوسپر اور یہ بھی اس سے معلوم ہوا کہ مباح ہے علاج کا کرنا اور دینا اجرت کا معالجہ پر اور یہ بھی معلوم ہوا
کہ جائز ہے مالک کو کہ غلام سے کچھ کسب کروا دے اور اپنے لیے کچھ اوس میں سے مقرر لے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جائز ہے سفارش کرنی حق والوں اور
دین والوں سے ع **اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ** فصل دوسری **عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ**
اِنَّ اَطْيَبَ مَا اَكَلْتُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ وَاِنَّ اَوْلَادَكُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ
رِوَايَةٍ لِاَبِيْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيِّ اِنَّ اَطْيَبَ مَا اَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهٖ وَاِنَّ وَلَدَهٗ مِنْ كَسْبِهٖ روایت ہے عائشہ
سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہتر پاک اوس چیز کی کہ کھاتے ہو تم وہ چیز ہو کہ حاصل ہو کسب تمہارے سے اور تحقیق اولاد تمہاری
کسب تمہاری سے ہے نقل کی یہ ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور ایک روایت ابو داؤد اور دارمی کی میں یہ ہے کہ بہتر پاک وہ چیز ہے کہ کھاوے
آدمی وہ چیز ہو کہ حاصل ہو کسب اپنے سے اور تحقیق اولاد اوسکی کسب اوسکے سے ہے **ف** اسلیے کہ وہ پیدا ہوتی ہے بیچ جماع کرنے تمہارے کے
پس جائز ہے تمکو کھانا اپنی اولاد کے کسب میں سے جبکہ ہو تم محتاج اور نہیں تو نہیں مگر یہ کہ خوشی معلوم ہو اولاد کو کھانا تمہارا تو ہر حال کھانا درست ہے
اسیطرح کہا ہے علماء نے اور یہی ہے قول ہر کہ نفقہ والدین کا فرض ہے اوپر بیٹے کے جبکہ ہوں وہ محتاج اور عاجز ہوں کسب سے نزدیک شافعی کے اور نزدیک
شافعی کے اور بعض شرط نہیں ہے **وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ**
لَا يَكْسِبُ عَبْدٌ مَالَ حَرَامٍ فَيَتَصَدَّقُ مِنْهُ فَيُقْبَلُ مِنْهُ وَلَا يُنْفِقُ مِنْهُ فَيُبَارَكُ لَهٗ فِيْهِ وَلَا يَتْرُكُهٗ خَلْفَ ظَهْرِهٖ اِلَّا كَانَ زَادَهٗ

بِهٖ اِلَّا کَانَ زَادَهٗ اِلَی النَّارِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَمْحُو السَّیِّئَ بِالسَّیِّئِ وَلٰکِنْ یَمْحُو السَّیِّئَ بِالْحَسَنِ اِنَّ الْخَبِیْثَ لَا یَمْحُو الْخَبِیْثَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَکَذَا فِیْ
شَرْحِ السُّنَّةِ اور روایت ہے عبداللہ ابن مسعود سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں کماتا بندہ مال حرام پھر تصدق کرے
اوس سے پھر قبول کیا جاوے اوس سے یعنی مال حرام میں سے اگر صدقہ دے تو مقبول نہیں ہوتا اور ثواب نہیں ملتا اور نہیں خرچ کرتا مال حرام میں سے یعنی اپنے نفس پر
پھر برکت دیجاوے واسطے اوس کے اوس مال میں یعنی مال حرام میں سے جو کچھ خرچ کرے برکت نہیں ہوتی اوسمیں اور نہیں چھوڑتا مال حرام پیچھے اپنے یعنی بعد مرگ کے
ترکہ ہوتا ہے توشہ اوسکا ہوتا ہے پہنچانے والا طرف آگ کے تحقیق اللہ تعالیٰ نہیں دور کرتا برائی کو ساتھ برائی کے ولیکن دور کرتا ہے برائی کو ساتھ بھلائی کے
تحقیق پلید مال نہیں دور کرتا پلید کو یعنی بلکہ پاکیزہ حلال مال دور کرتا ہے پلید کو یعنی برائی کو نقل کی یہ احمد نے اور اسی طرح شرح السنۃ میں **ف**
توشہ اوسکا آگ ہے اسلئے کہ جب وہ گنہگار ہوا بسبب جمع کرنے مال کے وجہ حرام سے اور پھر مر گیا اور چھوڑ گیا وہ مال جو رکھ لیتے تو ہوگا اوسپر گناہ اوسکا
نیابت کے واسطے کہ اوسکے سبب سے اور مرتکب گناہ کے ہوئے اور تحقیق اللہ تعالیٰ نہیں دور کرتا الخ یہ جملہ مستانفہ یعنی علیحدہ ہے بمنزلہ تعلیل عدم قبول کے
اور معنی یہ ہیں کہ تصدق کرنا مال حرام کو برائی ہے اور نہیں دور کرتا اللہ تعالیٰ جو مال کہ ساتھ برائی ہو بلکہ کہا ہے بعضے علما نے کہ جو کوئی
تصدق کرے مال حرام اور امید رکھے ثواب کی کافر ہوتا ہے اور اگر فقیر لینے والے کو معلوم ہو کہ یہ حرام ہے اور وہ دعا کرے اوسکے لیے تو وہ بھی
کافر ہوتا ہے ولیکن دور کرتا ہے برائی کو ساتھ بھلائی کے یعنی ساتھ صدقہ دینے کے مال حلال سے اسمیں اشارہ ہے اس آیت پر اِنَّ الْحَسَنَاتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّئَاتِ
اور یہ سب جملے مقررہ اور تمیمہ ہیں اس عبارت کے اِنَّ الْخَبِیْثَ الخ **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ وَکُلُّ لَحْمٍ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ کَانَتِ النَّارُ اَوْلٰی بِهٖ رَوَاهُ
اَحْمَدُ وَالدَّارِمِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
نہیں داخل ہوگا بہشت میں وہ گوشت کہ اوگا ہو حرام کھانے سے اور جو گوشت کہ اوگا حرام کھانے سے ہو گی آگ دوزخ کی نزدیک تر
ساتھ اوسکے نقل کی یہ احمد اور دارمی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں **ف** وہ گوشت یعنی جسکا گوشت حرام کھانے سے پیدا ہوا ہو وہ بہشت
میں داخل نہ ہوگا یعنی اول نجات پانیوالوں کے ساتھ نہیں داخل ہوگا بلکہ داخل ہوگا بعد عذاب ہونے کے بقدر کھانے حرام کے یا نہیں داخل
ہوگا جنت کے منازل عالیہ میں یا مراد یہ ہو کہ نہیں داخل ہونگے وہ جو کہ اعتقاد کرتے ہیں حرام کو حلال یا مراد اس سے زجر و تشدید اور وعید
شدید ہے اور جس وقت کہ توبہ کرے یا مغفرت کیا جاوے اوسکی بغیر توبہ کے اور راضی کیے جاویں خصم اوسکے یا پہنچے اوسکو شفاعت کسی کی
پس وہ صحیح ہے اس وعید سے **وَعَنِ** الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَعْ
مَا یَرِیْبُکَ اِلٰی مَا لَا یَرِیْبُکَ فَاِنَّ الصِّدْقَ طُمَاْنِیْنَةٌ وَاِنَّ الْکَذِبَ رِیْبَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ
وَرَوَی الدَّارِمِیُّ الْفَصْلَ الْاَوَّلَ اور روایت ہے حسن بن علی سے کہ کہا یاد رکھی میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے
یہ حدیث چھوڑ دو جو چیز کہ شک میں ڈالے تجھکو اور میل کر طرف اوس چیز کے کہ نہ شک میں ڈالے تجھکو اسواسطے کہ سچ باعث اطمینان کا ہے اور
جھوٹ باعث شک و تردد کا ہے نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور نسائی نے اور روایت کی دارمی نے پہلا جملہ یعنی دع ما یریبک الی ما لا یریبک فقط
ف مقصود یہ ہے کہ پرہیز کرے شبہات سے یا معنی یہ ہیں کہ جب پاوے اپنے دل کو کہ شک کرنے والا ہو ایک چیز میں اقوال و اعمال سے
تو چھوڑ دو اوسکو اور انتقال کرو اوس چیز کی طرف کہ شک نہ کرتا ہو اوسمیں اسلیے کہ شک ہونا ایک چیز میں علامت اوسکی باطل ہونے کی ہے
اور اطمینان علامت حقانیت کی ہے پس سچا دہ ہو واسطے پہچاننے حسن و قبح اور حل و حرمت ایک چیز کے ولیکن یہ تحقیق نہیں ہوتا مگر اچھے نفسوں میں کہ

[illegible]

جو ڈر سے بیچ ساتھ تقوی اور ورع کے **وعن** وابصۃ بن معبد ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یا وابصۃ جئت تسأل عن البر والاثم قلت نعم قال فجمع اصابعہ فضرب بہا صدرہ وقال استفت نفسک استفت قلبک ثلاثا البر ما اطمانت الیہ النفس واطمان الیہ القلب والاثم ما حاک فی النفس وتردد فی الصدر وان افتاک الناس وافتوک رواہ احمد والدارمی اور روایت ہے وابصہ بن معبد سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے وابصہ آیا تو پوچھنے آیا ہے نیکی سے اور گناہ سے کہا میں نے البتہ کہا راوی نے پس جمع کیں حضرت نے انگلیاں اپنی اور مارا ساتھ ان انگلیوں کے سینے اپنے کو اور فرمایا فتوی پوچھ اپنی نفس یعنی ذات سے فتوی پوچھ اپنے دل سے تین بار فرمایا نیکی وہ چیز ہو کہ قرار پکڑے اور مائل ہو طرف اوسکے جی اور آرام پکڑے طرف اوسکے دل اور گناہ وہ چیز ہو کہ کھٹکے دل میں اور شک و تردد کرے سینے میں اگرچہ فتوی دیویں تجھکو لوگ نقل کی یہ احمد اور ترمذی نے **ف** آیا تو پوچھنے آیا یہ دلیل ہے معجزہ کی کہ حضرت نے بغیر اوسکے بیان کرنے کے اور اوسکا منشا کے اوسکے دل کی بات بیان فرما دی اور انگلیاں حضرت نے سینے پر اشارہ کے لئے ماریں کہ یہ دل سادہ بار ہے […] تین بار پوچھنا اور تاکید واسطے […] اور حاصل حدیث کا یہ ہے کہ اپنے دل سے فتوی پوچھ لے نیکی وہ ہے کہ جس سے خاطر جمع رہے اور دل میں خلجان نہ ہو کہ یہ بدی ہے اور گناہ وہ کہ دل میں تردد و خلجان پیدا ہو اوس سے اگرچہ لوگ تجھکو فتوی دیویں کہ حق میں […] مثلاً اگر دیکھے کسی کو کہ اوس کے مال میں حلال اور حرام ملا ہوا ہے شک ہوا […] اوس کے کھانے کا تو وہ لوگ اگرچہ فتوی دیں تجھکو حلت اس لئے کہ فتوی اور ہے اور تقوی اور اور یہ حکم دل سے فتوی پوچھنے کا ایسے لوگوں کے لیے ہے کہ جنکے دل صاف ہیں کدورت خواہشوں نفسانیہ سے اور ساتھ سینہ […] تقوی کے اسلئے کہ اونکے قلوب و نفوس مائل ہوتے ہیں طرف خیر کے اور […] برائی سے وارد بیچ […] لوگ گرفتار ہیں خواہش نفسانی میں اور خیر سے نفرت رکھتے ہیں اور برائی سے رغبت اور جاننا چاہیے کہ دل سے فتوی پوچھنا اوس صورت میں ہو کہ دلیل شرعی موجود نہ ہو […] متعارض ہوں تو وجہ ہو رجوع کرنا طرف […] اور وہ حدیثیں متعارض ہوں تو وجہ ہو رجوع کرنا طرف اقوال صحابہ کے اور اگر اقوال علماء کے متعارض ہوں تو فتوی دل سے پوچھے اور اختیار کرے اونکے قولوں میں سے وہ قول کہ فتوی دے ساتھ اوسکے دل بیچ […] اور آرام پکڑے ساتھ اوسکے […] **وعن** عطیۃ السعدی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یبلغ العبد ان یکون من المتقین حتی یدع ما لا بأس بہ حذرا لما بہ بأس رواہ الترمذی وابن ماجۃ اور روایت ہے عطیہ سعدی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پہنچتا بندہ متقیوں یعنی کامل متقیوں کے درجہ کو یہاں تک کہ چھوڑ دے ایسی چیز کو کہ نہیں قباحت […] واسطے اوس چیز کے کہ اوس میں ہو قباحت نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے **ف** شرع میں متقی وہ ہو کہ بچاوے نفس اپنے کو اوس چیز کے کرنے سے کہ مستحق ہو ساتھ سبب اوسکے عذاب کا خواہ وہ چیز کرنی ہو یا چھوڑنی اور بعضوں نے کہا کہ تقوی تین قسم ہیں ایک تو یہ ہو کہ شرک سے بچ کر […] بچا ہو ہمیشہ کے عذاب سے چنانچہ اس آیت میں یہی مراد ہے والزمہم کلمۃ التقوی اور دوسرا یہ ہے کہ بچے گناہ سے یہاں تک کہ صغائر سے بھی […] نزدیک یہ تقوی متعارف شرع کا ہے اور اس آیت میں یہی مراد ہے ولو ان اہل القری آمنوا واتقوا اور تیسرا تقوی یہ ہو کہ خوب احتیاط کرے […] اور بعض مباح کو بھی ترک کرے […] اور باطن اپنا مشغول غیر اللہ سے بچے […] کر کر رجوع اوسی کی طرف ہو چنانچہ آیت اتقوا اللہ حق تقاتہ میں مراد ہے اور اس حدیث میں بھی یہی مراد ہے اور حاصل حدیث یہ ہو کہ بندہ پورا متقی نہیں ہوتا جب تک کہ مباح چیزیں نہ چھوڑے بخوف گرفتار ہونے کے حرام اور مکروہ اور شبہے میں […] تو بیشک […] اور مشتبہ […] حرام میں اور یہ نہایت تقوی ہے […] پرہیز کریگا حرام اور مکروہات

اور

اور شبہات سے منقول ہو حضرت عمر بن الخطاب سے کہ ہم ترک کرتے تھے حلال کے نو حصے اس خوف سے کہ مبادا حرام میں واقع ہو جاویں اور حضرت ابو بکر صدیق سے منقول ہو کہ کہا ترک کرتے تھے ہم ستر باب مباح سے بخوف پڑنے کے حرام میں شے واحد کے **وعن انس قال لعن رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم فی الخمر عشرۃ عاصرھا ومعتصرھا وشاربھا وحاملھا والمحمولۃ الیہ وساقیھا وبائعھا واٰکل ثمنھا والمشتری لھا والمشتری لہ رواہ الترمذی وابن ماجۃ اور روایت ہے انس سے کہ کہا لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے مقدمہ میں دس شخصوں کو شراب کے نچوڑنے والے کو اور نچڑوانے والے کو اور پینے والے کو اور اوٹھانے والے کو اور اوسکو کہ اوٹھا لے گئے طرف اوسکے یعنی اوسنے حکم کیا کسی کو اوٹھا لانیکا اور پلانے والے کو اور بیچنے والے کو اور اوسکے مول کھانے والے کو اور اوسکے مول لینے والے کو یعنی بیچنے والے کے لیے یا مجاز ہے لیے بطریق وکالت یا ولایت کے مول لے یا سوا اوسکے کہا اور اوسکو کہ مول لی گئی واسطے اوسکے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے **ف** نچوڑنے والا کو یعنی جو کوئی نچوڑے انگور کا پانی شراب بنانے کے لیے خواہ پینے کے لیے خواہ اور کے لیے ایسا ہی نچوڑوانیوالا خواہ اپنے لیے نچڑواوے خواہ غیر کے لیے اور بیچنے والے کو اگر چہ وکیل ہو یا دلال اور جو انگور بیچا نچوڑنے والے کے ہاتھ اور جو مجرد اجرت اوسکی یعنی مول اوسکا بس یہ لائق تر ہیں ساتھ لعنت کے **وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الخمر وشاربھا وساقیھا وبائعھا ومبتاعھا وعاصرھا ومعتصرھا وحاملھا والمحمولۃ الیہ رواہ ابو داؤد وابن ماجۃ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لعنت کی اللہ نے شراب کو اور اوسکے پینے والے کو اور اوسکے پلانے والے کو اور اوسکے بیچنے والے کو اور اوسکے خریدنے والے کو اور اوسکے نچوڑنے والے کو اور نچڑوانیوالے کو اور اوسکے اوٹھانے والے کو اور اوسکو کہ اوٹھائی گئی طرف اوسکے نقل کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** لعنت کی شراب کو سبب اسکا یہ ہے کہ ام الخبائث ہے اور زائل ہو کر عقل اوس شراب سے شراب کا مول کھانیوالا ہو جاتا ہے **وعن محیصۃ انہ استاذن رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم فی اجرۃ الحجام فنھاہ فلم یزل یستاذنہ حتی قال اعلفہ ناضحک واطعمہ رقیقک رواہ مالک والترمذی وابو داؤد وابن ماجۃ اور روایت ہے محیصہ سے کہ تحقیق اوسنے پروانگی چاہی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ مزدوری سینگی کھینچنے والے کے پس منع کیا حضرت نے اوسکو پس ہمیشہ پروانگی مانگتا رہا حضرت سے یہانتک کہ فرمایا کھلا اوسکو اپنے اونٹ کو اور کھلا اوسکو اپنے بردے کو نقل کی یہ مالک اور ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** محیصہ نے پروانگی چاہی بیچ مزدوری سینگی کھینچنے والے کے کہ کھانا اوسکا حلال ہے یا نہیں پس حضرت نے اوسکو منع کیا پھر دوبارہ پوچھے بار بار یہانتک کہ حضرت نے اوسکے کھانے کا حکم دیا اس لیے کہ اکثر صحابہ کے یہاں غلام بہت تھے اور بعضے اونمیں سے سینگی کھینچتے تھے اور صحابہ اونکی کمائی کھایا کرتے تھے وہ جانتے تھے اسکو بہت اچھی کمائی پس جب حضرت نے اس سے منع فرمایا اونپر دشوار ہوا یہ امر پس وہ حاضر ہوئے بار بار اس مقدمہ میں یہانتک کہ حضرت نے فرمایا کہ اوسکی کمائی خرچ کر اپنے اونٹ کو کھلا دے اور لونڈی غلام کو کھلا اس لیے کہ یہ کمائی خون کھینچنے کی تھی حضرت نے کھانا اوسکا اشراف کے لیے مکروہ جانا اور غیرت والی عالی ہمتی پر اور جانور اور لونڈی غلام کو کھلانے کی اجازت دی اسلیے کہ وہ شرف ایسا نہیں رکھتے کہ منافی ہو اوس شرف کے وہ بات نہیں تھی بلکہ خلاف مروت کے ہے پس نہی تنزیہی ہے والا حلال کو یہ ضمیر ہوتا کہ جانور اور لونڈی غلام کو حرام کھلاوے اور حاصل کہ کھانا اوسکا مکروہ تنزیہی ہے نہ حرام **وعن ابی ھریرۃ قال نھی رسول اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم عن ثمن الکلب وکسب الزمارۃ رواہ فی شرح السنۃ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کے مول سے اور کمائی گانیوالی کی یہ نقل کی بیچ شرح السنۃ میں **ف** اور بعضوں نے کہا زمارہ زانیہ خوبصورت ہے اور بعضوں نے کہا کہ لفظ زمارہ ہے زمر سے یعنی اشارہ کے ساتھ ابرو اور آنکھ کے ناز و انداز ات

رد ہو گو ساقط اس شارح کے چشم دا بر کو فریضہ کرلیتی ہیں بعد **وَعَنْ** اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَبِیْعُوا الْقَیْنَاتِ وَلَا تَشْتَرُوْھُنَّ وَلَا تُعَلِّمُوْھُنَّ وَثَمَنُھُنَّ حَرَامٌ وَفِیْ مِثْلِ ھٰذَا اُنْزِلَتْ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْتَرِیْ لَھْوَ الْحَدِیْثِ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَعَلِیُّ بْنُ یَزِیْدَ الرَّاوِیْ یُضَعَّفُ فِی الْحَدِیْثِ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مت بیچو لونڈیوں گانیوالیوں کو اور نہ خرید وانکو اور نہ سکھلاؤ لونڈیوں کو گانا اور مول انکا حرام ہے اور بیچ مانند اسکے کے یعنی خرید نے کے واسطے گانے کے نازل کی گئی ہے یہ آیت اور بعضے آدمیوں میں سے وہ ہیں کہ مول لیتے ہیں کھیل کی بات غافل کرنے والی روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور علی بن یزید راوی ضعیف کیا جاتا ہے حدیث میں **ف** مول انکا حرام ہے کہا بعضوں نے یعنی جس کو کہ بیچا لونڈیوں گانیوالیوں کا موجب ہے یہ حدیث اور جمہور کے نزدیک بیچنا انکا صحیح ہے اور حدیث باوجود ضعیف ہونے کے تاویل کی گئی ہے کہ لینا مول انکا اوپر حرام ہونے مانند لینے مول انگور کے کہ شراب بنانے والے کے ہاتھ بیچے ہیں اسلئے کہ وسیلہ حرام کا ہے اسلئے کہ وہ کہا گیا ہے اور کھیل کی بات یعنی گانا اور آواز حرام کہ باز رکھیں ذکر اللہ سے پس داخل ہیں اس میں کہانیاں اور جھوٹی باتیں اور خرافات بکنا اور ٹھٹھے کی باتیں اور سیکھنا موسیقی کا اور مانند اسکے کے یعنی کلام فضول اور نازل ہوئی یہ آیت نضر بن حارث کے حق میں کہ وہ خرید تا تھا کتابیں ملکوں کی تاکہ گمراہ کرے لوگوں کو اللہ کی راہ سے اور بعضوں نے کہا کہ نضر بن حارث کے حق میں اتری کہ وہ سفر کر تا تھا عجمیوں کی ملک میں اور لاتا تھا کہانیاں قریش کے آگے بیان کرتا تھا اور کہتا کہ محمد بیان کرتے ہیں تمہارے آگے قصے عاد و ثمود کے اور میں بیان کرتا ہوں تمہارے آگے قصے رستم و اسفندیار کے اور بادشاہوں کی داستان کر

حدیث جابر بنی من اکل الهرة باب الحیوان میں لکھی انشاء اللہ تعالی اور ذکر کریگے یہ حدیث جابر کی کہ مراد انکا ہے منع من اکل الهرة یہ باب میں کی کلمہ کے اگر چاہیگا اللہ تعالی

الفصل الثالث

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَلَبُ كَسْبِ الْحَلَالِ فَرِیْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِیْضَةِ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طلب کرنا کمائی حلال کا فرض ہے بعد فرض کے نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں **ف** یعنی طلب کرنا کمائی حلال کا فرض ہے لیکن بعد فرائض کے مثل نماز روزہ اور سوا اسکے کے افضل ہے اور ظاہر ہے مراد اسکے طلب کرنا کمائی حلال کا اور کمائی کرنا فرض اسپر ہے کہ محتاج ہو اور کمانا اپنے نفس کے لیے یا اونکے لیے کہ جنکا نفقہ اسپر فرض ہے اور مراد حلال سے غیر حرام ہے یعنی جو کہ شامل ہو مشتبہ کو بھی اسلئے کہ حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ احتراز کرنا مشتبہ سے مستحب ہے نہ فرض پھر ساقط اس فرضیت کے نہیں خطاب کیا جاتا ہے وہ شخص نہ اسلئے کہ بہت لوگ ایسے ہیں کہ انکا نفقہ اوپر واجب ہوتا ہے **وَعَنْ** ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ سُئِلَ عَنْ اُجْرَةِ كِتَابَةِ الْمُصْحَفِ فَقَالَ لَا بَاْسَ اِنَّمَا ھُمْ مُصَوِّرُوْنَ وَاِنَّھُمْ اِنَّمَا یَاْكُلُوْنَ مِنْ عَمَلِ اَیْدِیْھِمْ رَوَاہُ رَزِیْنٌ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ وہ پوچھے گئے مزدوری لکھنے قرآن کی سے پس فرمایا کچھ مضائقہ نہیں سوا اسکے کہ وہ نقش کھینچنے والے ہیں اور تحقیق وہ نہیں کھاتے مگر اپنے ہاتھوں کے کام سے نقل کی یہ رزین نے **ف** گویا پوچھنے والے نے سبب جانا تھا اسپر مزدوری لینے کو پس جواب دیا کہ کاتب لفظوں کی صورتوں کے نقش کھینچنے ہیں اور محنت کرتے ہیں پس مزدوری لیتے ہیں اپنے کام کی نہ قطع نظر اس سے کہ قرآن ہو یا غیر قرآن ہو **وَعَنْ** رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیُّ الْكَسْبِ اَطْیَبُ قَالَ عَمَلُ الرَّجُلِ بِیَدِہٖ وَكُلُّ بَیْعٍ مَبْرُوْرٍ رَوَاہُ اَحْمَدُ اور روایت ہے رافع بن خدیج سے کہ کہا کہا گیا یا رسول اللہ کونسا کسب پاکیزہ ہے یعنی افضل ہے فرمایا کام کرنا آدمی کا اپنے ہاتھ سے اور ہر بیع جو مقبول نقل کی یہ احمد نے **ف** اپنے ہاتھ سے یعنی افضل کسب وہ ہے کہ ہاتھ سے کیا جاتا ہو جیسے زراعت اور کتابت

وغیرہ لے اور جو بیچنا مقبول ہو یعنی بیع شرعی ہو یعنی اپنی ذات سے کسب کرے تو تجارت کرے کہ اوس میں دیانت و امانت ہو یہی کسب حلال ہے

شرح **وعن** ابی بکر بن ابی مریم قال کانت لمقدام بن معدی کرب جاریۃ تبیع اللبن ویقبض المقدام ثمنہ فقیل لہ سبحان اللہ أتبیع اللبن وتقبض الثمن فقال نعم وما بأس بذلک سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لیأتین علی الناس زمان لا ینفع فیہ الا الدینار والدرہم رواہ احمد اور روایت ہے ابی بکر بن ابی مریم تابعی سے کہ کہا تھی مقدام بن معدیکرب صحابی کی ایک لونڈی بیچتی تھی دودھ یعنی مقدام کے گھر کے جانوروں کا اور قبض کرتا تھا مقدام مول اوسکا پس کہا گیا واسطے مقدام کے سبحان اللہ کیا بیچتی ہے لونڈی دودھ اور لیتا ہے تو مول پس کہا مقدام نے کہ ہاں اور نہیں ہے کچھ مضائقہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے البتہ آویگا لوگوں پر زمانہ نہیں فائدہ دیگا مگر دینار و درہم نقل کی یہ احمد نے **ف** یعنی لوگوں نے مقدام پر طعن کیا کہ تمہاری لونڈی تمہارے سامنے دودھ بیچتی ہے اور تم اوسکا مول لیتے ہو حالانکہ دودھ واسطے تصدق کرنے فقرا کے اور واسطے صرف کرنے دوستوں اور متعلقوں کے ہے بیچنا اور راضی ہونا اسپر اور اوسکا مول لینا مناسب حال تمہارے کے نہیں اونہوں نے جواب دیا کہ اسکا کچھ مضائقہ نہیں ہے کہ اسمیں کچھ نقصان شرعی نہیں مروت ہر چند کہ کراہت اور میں نے حضرت سے سنا ہے کہ فرماتے تھے کہ لوگوں پر ایک زمانہ آویگا کہ اوس میں نہیں نفع دیویگا مگر دینار و درہم یعنی مال اسلئے کہ اوس زمانہ کے لوگوں پر زبسکہ نقصان غالب ہوگا نہیں فکر کرینگے اہل کمال کی اور قدر کرینگے مالداروں کی کہتے تھے صحابہ رضی اللہ عنہم کہ تجارت کرو اور کسب کرو اسلئے کہ تم ایسے زمانہ میں ہو کہ جب محتاج ہوگا ایک تمہارا تو اول چیز جو کہ کھاویگا دین ہے

شرح **وعن** نافع قال کنت اجہز الی الشام والی مصر فجہزت الی العراق فأتیت ام المؤمنین عائشۃ فقلت لہا یا ام المؤمنین کنت اجہز الی الشام فجہزت الی العراق فقالت لا تفعل ما لک ولمتجرک فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا سبب اللہ لاحدکم رزقا من وجہ فلا یدعہ حتی یتغیر لہ او یتنکر لہ رواہ احمد وابن ماجۃ اور روایت ہے نافع سے کہ کہا تھا میں سامان درست کرتا یعنی بھیجتا اپنے وکیلوں کو ساتھ مال و اسباب تجارت کے طرف شام کے اور طرف مصر کے پھر سامان درست کیا میں نے طرف عراق کے پس آیا میں ام المؤمنین عائشہ کے پاس پس کہا میں نے انکو اے ام المؤمنین سامان لیجاتا تھا میں تجارت کا طرف شام کے یعنی پہلے اس سے پس لیجاتا ہوں سامان بیچنے کا اب طرف عراق کے پس فرمایا کہ مت کر کیا ہوا واسطے تیرے اور واسطے تجارت تیری کے یعنی کیوں چھوڑتا ہے تجارت اپنی کو کہ پہلے کرتا تھا پس تحقیق میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جسوقت کہ ایک سبب کرے اللہ واسطے کسی کے تم میں سے روزی کا ایک طرح پر پس نہ چھوڑے اوسکو یہانتک کہ متغیر ہو واسطے اوسکے یا نقصان ہو واسطے اوسکے نقل کی یہ احمد اور ابن ماجہ نے **ف** ایک سبب کرے اللہ یعنی مثلاً کسی ملک میں تجارت کا بھیجنا ہو اور اوسکے نفع سے رزق حاصل ہوتا ہو تو اوسکو چھوڑے نہیں یہانتک کہ متغیر ہو یعنی فائدہ نہ حاصل ہوتا ہو یا نقصان ہو یعنی اصل مال میں تو اس صورت میں اوسکو چھوڑ دے مناسب ہے [illegible] چھوڑ دینا اور کہا طیبی نے کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو کوئی پیشہ اور صناعت میں ہے [illegible] خیر کو تو لازم پکڑے اوسپر ملازمت اور نہ پھیرے منہ اوسکا کہ صادر ہے طرف غیر اوسکے کہ سبب کسی مضرت [illegible]

شرح **وعن** عائشۃ قالت کان لابی بکر غلام یخرج لہ الخراج فکان ابو بکر یأکل من خراجہ فجاء یوما بشیء فأکل منہ ابو بکر فقال لہ الغلام تدری ما ہذا فقال ابو بکر وما ہو قال کنت تکہنت لانسان فی الجاہلیۃ وما احسن الکہانۃ الا انی خدعتہ فلقینی فاعطانی بذلک فہذا الذی اکلت منہ قالت فادخل ابو بکر یدہ فقاء کل شیء فی بطنہ رواہ البخاری اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا تھا واسطے ابو بکر صدیق رضی کے ایک غلام دیتا تھا واسطے ابی بکر کے خراج یعنی کچھ مال کہ مقرر

تھا اوسکے ذمہ اوسکی کمائی میں سے جیسے کہ محصول ہو غرض یہ ہے کہ غلام کی کمائی میں سے کچھ مال لایا کرتا تھا پس ابوبکر کھاتے کمائی اوسکی سے
پس لایا غلام ایکدن ایک چیز پس کھایا اوس میں سے ابوبکر نے پھر کہا واسطے اونکے غلام نے جانتے ہو کیا ہے یہ پس کہا ابوبکر نے کیا ہے یہ کہا غلام نے تھا میں
خبر غیب کی بتاتا واسطے ایک آدمی کے جاہلیت میں یعنی حالت کفر میں حالانکہ نہیں اچھی جانتا تھا میں یہ خبر دینا لیکن میں فریب بتاتا تھا اوسکو
پس ملا مجھسے وہ یعنی اب پس دیا مجھکو بدلے اوس خبر کے بتانے کے یعنی یہ چیز پس یہ وہ چیز ہے کہ کھائی تم نے اس میں سے کہا حضرت عائشہ نے پھر ڈالا
ابوبکر نے ہاتھ اپنا یعنی اپنے حلق میں پس قے کی اور باہر ڈالی ہر چیز کہ اونکے پیٹ میں تھی یعنی از راہ ورع کے نقل کی یہ بخاری نے

ف یعنی ازبسکہ درست دین میں غلطی تھی اسسبب سے کہ بیع ہوئی تھی کہانت اور فریب خوب طرح نکالا اوسکو اور اس سے یہ
نکلا ہے امام شافعی سے کہ جو کوئی کھاوے حرام اور وہ جانتا تھا اوسکو یا نہ جانتا تھا اور پھر جانا تو لازم ہے اوسکو یہ کہ قے کرے جو کچھ کہ کھایا
ہے فی النور اور امام غزالی نے منہاج العابدین میں لکھا ہے کہ یہ ورع کے قبیلہ سے ہے اور کہا کہ حکم ورع کا یہ ہے کہ نہ لیوے تو کچھ کسی سے
یہانتک کہ نہایت تحقیق کرے اوسکو پھر یقین حاصل ہو کہ نہیں ہے شبہہ اوسمیں کسی حال میں والا پھیر دے اوسکو **وعن** ابی بکر ان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یدخل الجنۃ جسد غذی بالحرام اور روایت ہے ابی بکر رض سے کہ تحقیق رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں داخل ہوگا بہشت میں یعنی بغیر عذاب کے اچھے لوگوں کے ساتھ وہ بدن کہ پرورش کیا گیا ساتھ مال حرام کے

وعن زید بن اسلم انہ قال شرب عمر بن الخطاب لبنا واعجبہ فقال للذی سقاہ من این لک ھذا اللبن
فاخبرہ انہ ورد علی ماء قد سماہ فاذا نعم من نعم الصدقۃ وھم یسقون فحلبوا لی من البانھا فجعلتہ
فی سقائی وھو ھذا فادخل عمر یدہ فاستقاہ رواہ البیہقی فی شعب الایمان اور روایت ہے زید بن اسلم سے
کہ مولی تھا حضرت عمر کا کہا اوسنے کہ پیا عمر بن الخطاب رضہ نے دودھ اور اچھا لگا اونکو وہ کہا واسطے اوس شخص کے کہ پلایا تھا اوسے
کہاں سے ہاتھ لگا تجھکو یہ دودھ پس خبر دی اوسکو کہ وہ بیچ میں گیا تھا ایک پانی پر یعنی کنویں یا چشمہ پر کہ نام لیا اوسکا پس ناگہاں
کتنے چارپائے تھے یعنی اونٹ وبکری وغیرہ چارپایوں زکوۃ کے سے اور وہ پلاتے تھے یعنی دودھ وہ لوگ تو پس دوہا اونھوں نے میرے لیے
دودھ اونکے سے پس ڈال لیا میں نے اوسکو بیچ مشک اپنی کے اور یہ دودھ وہی ہے پس ڈالا حضرت عمر نے ہاتھ اپنا یعنی منہ میں پھر قے کی
پس دودھ کو نقل کی بیہقی نے شعب الایمان میں **ف** کہا سید جمال الدین محدث نے یہ حدیث اکثر نسخوں میں نہیں ہے اور تھی یہ اصل حاشیہ
بخاری کے لکھی ہوئی حاشیہ میں اور صواب حذف اسکا ہے انتہی اسلیے کہ کتاب الزکوۃ میں یہ حدیث لکھی جاچکی ہے ساتھ اختلاف ایک لفظ
کے بعض نسخوں میں نہیں ہے تو پہلی حدیث کے بعد لکھا ہے رواہ البیہقی الخ اور جن نسخوں میں ہے اون میں اسکے بعد رواہ البیہقی لکھا ہے

وعن ابن عمر قال من اشتری ثوبا بعشرۃ دراھم وفیہ درھم حرام لم یقبل اللہ تعالی لہ صلوۃ
ما دام علیہ ثم ادخل اصبعیہ فی اذنیہ وقال صمتا ان لم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم سمعتہ
یقولہ رواہ احمد والبیہقی فی شعب الایمان وقال اسنادہ ضعیف اور روایت ہے ابن عمر رض سے
کہ کہا جو شخص کہ خریدے ایک کپڑا دس درہم کو یعنی مثلا اور اوسکے مول میں ہو ایک درہم یعنی کچھ مال حرام کا نہیں قبول کرتا اللہ تعالی
واسطے اوسکے نماز جبتک کہ ہووے کپڑا اوسپر پھر داخل کین ابن عمر نے دو انگلیاں اپنی یعنی شہادت کی اپنے کانوں میں اور کہا بہرے ہوجاویں
دونوں کان اگر نہ سنا ہووے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے اوسکو نقل کی احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا اسناد اسکی ضعیف ہے **ف**

نہیں قبول کرتا ہیں اوسکی نماز اونکی ثواب دینے کے نہیں ہوتی اگرچہ فرضیت قطع ہو جاتی ہے مانند نماز کے زمین غصب کی ہوئی میں اور اخیر عبارت کے یہ معنی ہیں کہ میں نے اپنے کانوں سے یہ حدیث حضرت سے نہ سنی ہو تو بہرے ہوں میرے کان یعنی مقرر سنی ہے

باب المساہلۃ فی المعاملۃ

باب ہے نرمی کرنے کے بیان میں معاملات میں

الفصل الاول

[illegible] **عن** جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحم اللہ رجلا سمحا اذا باع واذا اشتری واذا اقتضی رواہ البخاری روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ اوس شخص کو کہ نرمی کرتا ہو جبکہ بیچتا ہو اور جبکہ خریدتا ہو اور جبکہ تقاضا کرتا ہو نقل کی یہ بخاری نے **وعن** حذیفۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان رجلا کان فیمن کان قبلکم اتاہ الملک لیقبض روحہ فقیل لہ ھل عملت من خیر قال ما اعلم قیل لہ انظر قال ما اعلم شیئا غیر انی کنت ابایع الناس فی الدنیا واجازیھم فانظر الموسر واتجاوز عن المعسر فادخلہ اللہ الجنۃ متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم نحوہ عن عقبۃ بن عامر وابی مسعود الانصاری فقال اللہ انا احق بذا منک تجاوزوا عن عبدی روایت ہے حذیفہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ایک شخص تھا بیچ اون لوگوں کے کہ تھے پہلے تمہارے آیا اوسکے پاس فرشتہ تا کہ قبض روح کرے اوسکی پس کہا گیا واسطے اوسکے آیا کیا تو نے کچھ عمل نیک کہا نہیں جانتا میں یعنی نہیں پاتا اپنے میں کہ کوئی عمل نیک کیا ہو کہا گیا واسطے اوسکے سوچ کہا نہیں جانتا میں کچھ سوا اسکے کہ تحقیق میں معاملات کرتا تھا لوگوں سے دنیا میں اور احسان کرتا تھا اونپر وقت تقاضا کے یعنی وقت لینے مول وغیرہ کے پس مہلت دیتا تھا میں غنی کو اور معاف کرتا تھا میں مفلس کو یعنی سارا حق یا کچھ اوس میں سے پس داخل کیا اوسکو اللہ تعالی نے بہشت میں نقل کی یہ بخاری و مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں مانند اسکے ہے عقبہ ابن عامر اور ابی مسعود انصاری سے یعنی معنی دونوں روایتوں کے ایک ہیں اگرچہ لفظوں میں اختلاف ہے اوس میں یوں ہے کہ پس فرمایا اللہ تعالی نے کہ میں تجھ سے زیادہ لائق ہوں ساتھ اسکے یعنی ساتھ معاف کرنیکے اور فرمایا فرشتوں کو درگذر کرو میرے بندے سے **ف** آیا اوسکے پاس فرشتہ یعنی عزرائیل یا کوئی تابعدار اونکا لیکن صحیح یہی ہے کہ حضرت عزرائیل ہی ارواح قبض کرتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا قل یتوفکم ملک الموت الذی وکل بکم اور پھر ملائکہ رحمت کے یا عذاب کے لیجاتے ہیں ارواح کو اور نہ او حقیقی ارواح قبض کرنیوالا اللہ تعالی ہی ہے جیسے کہ اس آیت میں فرمایا اللہ یتوفی الانفس میں یوں سا اور کہا گیا یعنی اللہ تعالی نے فرمایا یا کسی فرشتہ نے کہا اور ظاہر ہے کہ سوال اسکے روح قبض کرنیکے پہلے ہے جیسا کہ اول حدیث سے معلوم ہوتا ہے اور مظہر نے کہا کہ یہ سوال قبر میں ہے کہا طیبی نے کہ شاید احتمال ہے کہ قیامت کو ہوا ہو اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بڑا ثواب ہے معاف کرنا حق کا مفلس کو اور مہلت دینا غنی کو ۱۲ ع

وعن ابی قتادۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایاکم وکثرۃ الحلف فی البیع فانہ ینفق ثم یمحق رواہ مسلم اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو بہت قسم کھانے سے بیچنے کے بیچ میں اسلیے کہ بہت تحقیق قسم کھانی بیچنے میں رواج دیتی ہے پھر مٹا دیتی ہے برکت کو نقل کی یہ مسلم نے **ف** یعنی اگرچہ بہت قسم کھانے سے فی الحال بکری خوب ہوتی ہے لیکن انجام کار میں باعث کمی برکت وغیرہ کا ہوتی ہے اسلیے کہ جسکی عادت ہوگی بہت قسم کھانے کی اوسکی جھوٹی قسم بھی اکثر ہو جاوینگی ۱۲ ع

وعن ابی ھریرۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الحلف منفقۃ للسلعۃ ممحقۃ للبرکۃ متفق علیہ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے قسم سبب رواج کے واسطے

[illegible]

اسباب کے اور سبب مٹنے برکت کا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** قسم یعنی کثرت قسم کی یا جھوٹی قسم دو سبب ہیں مٹنے برکت کے کمانے میں برکت
نہیں رہتی یا تو سبب تلف ہونے مال کے یا سبب خرچ کرنے ایسی جگہ کہ نہ دنیا میں فائدہ ہو اور نہ آخرت میں ثواب اھ **وَعَنْ**
أَبِي ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ
عَذَابٌ أَلِيمٌ قَالَ أَبُو ذَرٍّ خَابُوا وَخَسِرُوا مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الْمُسْبِلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ
بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تین شخص ہیں کہ نہیں کلام کریگا ساتھ انکے
اللہ تعالیٰ دن قیامت کے یعنی کلام مہربانی و عنایت کا نہیں کریگا اور نہ دیکھے گا اونکی طرف یعنی بنظر رحمت و عنایت کے نہیں دیکھے گا اور نہ پاک
کریگا انکو یعنی گناہوں سے اور واسطے اونکے عذاب ہے درد دینے والا کہا ابوذر نے محروم ہوئے خیر سے اور ٹوٹا پایا کون ہیں وے یا رسول اللہ فرمایا ایک تو نیچے دراز
کرنیوالا دوسرا احسان رکھنے والا یعنی بعد دینے کسی چیز کے تیسرا رواج دینے والا اسباب کا ساتھ جھوٹی قسم کے نقل کی یہ مسلم نے **ف** یعنی نیچے دراز
کرنیوالا یعنی ٹخنوں سے نیچے ازار لٹکانیوالا تکبر سے اور اسمیں داخل ہے دامن دراز کرنیوالا اور جو دیکر احسان جتاتا ہے ثواب سے محروم رہتا ہے اور جو رواج
دینے والا ہے مثلا ایک چیز لی تھی پانچ روپیہ کو اور مول لینے والے سے جھوٹی قسم کھا کر کہا کہ قسم خدا کی یہ چیز دس روپیہ کو میں نے لی ہے تاکہ وہ جلد
خرید لے انکی اسیطرح زیادہ کی **الفصل الثانی** فصل دوسری **عَنْ** أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّاجِرُ الصَّدُوقُ الْأَمِينُ مَعَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالدَّارَ
قُطْنِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هَذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ اور روایت ہے ابی سعید سے کہا فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے سوداگر بہت سچا یعنی قول میں اور فعل میں بڑا امانت دار ساتھ نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں کے ہوگا نقل کی یہ ترمذی اور دارمی
اور دارقطنی نے اور روایت کی یہ ابن ماجہ نے ابن عمر سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے **ف** سوداگری چونکہ شغل اچھا کسب ہے اور اسباب
ہوا اور افضل قسم سوداگری میں کپڑا بیچنا ہے پھر عطاری اور ساتھ نبیوں کے جو سوداگر کہ متصف ساتھ ان دو صفتوں مذکورہ کے ہوگا
وہ متصف ہوگا ساتھ تمام صفتوں کمال کے پس مستحق اسکا ہوگا کہ حشر ہو اوسکا یا جنت میں ہو ساتھ نبیوں کے بسبب طاعت اونکی کے اور ساتھ
صدیقوں کے بسبب موافقت کے بیچ صفت اونکی کے اور ساتھ شہیدوں کے بسبب شہادت اونکی کے اوپر صدق و امانت اوسکی کے اھ
وَعَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي غَرَزَةَ قَالَ كُنَّا نُسَمَّى فِي عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّمَاسِرَةَ فَمَرَّ بِنَا رَسُولُ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمَّانَا بِاسْمٍ هُوَ أَحْسَنُ مِنْهُ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ إِنَّ الْبَيْعَ يَحْضُرُهُ اللَّغْوُ وَالْحَلِفُ فَشُوبُوهُ
بِالصَّدَقَةِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے قیس بن غرزہ سے کہا کہ تھے ہم یعنی گروہ تجار کے
نام رکھے جاتے تھے بیچ زمانہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سماسرہ پس گذرے ہم پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس نام رکھا ہمارا ساتھ ایک
نام کے کہ وہ بہتر تھا پہلے نام سے پس فرمایا اے گروہ تجار یعنی گروہ سوداگروں کے تحقیق بیع حاضر ہوتا ہے اوسکو بیفائدہ اور قسم یعنی درمیان بیع
و شرا کے اکثر باتیں بے فائدہ اور قسم یعنی بہت قسمیں یا جھوٹی قسم پیش آجاتی ہیں پس ملاؤ بیع کو ساتھ صدقہ کے نقل کی یہ ابو داود و ترمذی
و نسائی اور ابن ماجہ نے **ف** سماسرہ جمع سمسار کی ہے یعنی دلال پہلے پہل سوداگروں کو سمسار کہتے تھے حضرت نے اوس سے بہتر
نام رکھا تجار یہ نام بہتر اسلئے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا ہے تجارت کا قرآن میں بسبیل مدح کے کئی جا ایک تو اس آیت میں ہل ادلکم
علی تجارۃ تنجیکم من عذاب الیم اور دوسرے تجارۃ عن تراض اور تیسرے تجارۃ لن تبور اور ملاؤ بیع کو ساتھ صدقہ کے یعنی کچھ

اللہ میں برائی کرو اور نافرمانی کرو۔ سکا سبب یہ ہے کہ کلام میں مبالغہ اور قسم باعث غضب پروردگار کا ہے اور صدقہ دفع کرتا ہے غضب رب کو **وَعَنْ** عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التُّجَّارُ يُحْشَرُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا إِلَّا مَنِ اتَّقَى وَبَرَّ وَصَدَقَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ عَنِ الْبَرَاءِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ اور روایت ہے عبید بن رفاعہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوس نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تاجر حشر کیے جاویں گے دن قیامت کے فاجر یعنی بدعملی اور نافرمان مگر جس شخص نے پرہیزگاری کی یعنی خیانت اور فریب وغیرہ نہ کیا اور نیکی کی یعنی لوگوں سے تجارت میں یا عبادت میں مشغول کرتا رہا اور سچ بولا نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے اور نقل کی بیہقی نے شعب الایمان میں براء سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے

بَابُ الْخِيَارِ

یہ باب ہے بیچ بیان خیار کے **ف** خیار اسم ہے اختیار کا اور معنی اس کے یہ ہیں کہ دونوں میں سے ایک امر طلب کرنا یعنی جائز رکھنا بیع کا یا فسخ کرنا اوسکا اور اختیار بیع میں کئی قسم پر ہے خیار شرط اور خیار عیب اور خیار رویت اور خیار تعیین اور بعض کی کتابوں میں معانی اور احکام انکے اور اختلاف کا انمیں یہ مذکور ہیں اور یہاں ایک قسم اور ہے کہ اوسکو خیار مجلس کہتے ہیں وہ یہ ہے کہ جب عقد تمام ہوا ساتھ ہونے ایجاب و قبول کے ہر ایک بائع اور مشتری کو اختیار باقی ہے جبتک کہ مجلس میں بیٹھے ہیں اور جب اوٹھے اختیار جاتا رہا اور اس اختیار میں خلاف ہے امام شافعی اور بعض عالم قائل ہیں اسکے اور امام ابوحنیفہ اور اور بعضے علماء نہیں قائل ہیں اوسکے کہتے ہیں کہ جب ایجاب و قبول تمام ہوا اختیار نہیں رہا مگر یہ کہ شرط کیا ہو خیار کو اوسکو خیار شرط کہتے ہیں اور وہ تین روز تک ہے زیادہ اس سے نہیں ہے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل پہلی **عَنْ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَبَايِعَانِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ عَلَى صَاحِبِهِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ إِذَا تَبَايَعَ الْمُتَبَايِعَانِ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ مِنْ بَيْعِهِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا أَوْ يَكُونُ بَيْعُهُمَا عَنْ خِيَارٍ فَإِذَا كَانَ بَيْعُهُمَا عَنْ خِيَارٍ فَقَدْ وَجَبَ وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا أَوْ يَخْتَارَا وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ أَوْ يَقُولُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ اخْتَرْ بَدَلَ أَوْ يَخْتَارَا روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے والا اور مول لینے والا ہر ایک دونوں میں سے اختیار رکھتا ہے اوپر صاحب اپنے کے یعنی اسکو ثابت رکھے یا فسخ کرے جبتک کہ جدا نہوں یعنی جب ایک مجلس سے اوٹھ کر جدا ہو گئے اختیار نہ رہیگا مگر بیع خیار یعنی جس بیع میں شرط کی ہو کہ اختیار ہو مجھ کو ایک روز یا دو روز یا تین روز تو اوسمیں بعد جدا ہونے کے بھی خیار باقی رہتا ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور بیچ ایک روایت مسلم کے ہے کہ جب وقت خرید و فروخت کریں بائع و مشتری ہر ایک کو اختیار ہے بیع کا جبتک کہ جدا نہوں یا ہو بیع اونکی شرط خیار سے پس جس وقت کہ ہوئی بیع انکی شرط خیار سے تو ثابت ہوا اختیار اور بیچ روایت ترمذی کے ہے بائع و مشتری با اختیار ہیں جبتک کہ جدا نہوں مگر یہ کہ شرط کریں اختیار کی یعنی اگر شرط کیا اختیار کی بیع کہ اور بیچ ایک روایت بخاری و مسلم کے ہے بعد جدا ہونے کے بھی اختیار باقی رہتا ہے اور بیچ روایت بخاری اور مسلم کے ہے یا کہے ایک ان دونوں میں سے واسطے صاحب اپنے کے شرط کر اختیار کی یعنی یا کہدے دوسرا اپنے قبول یا رد کرنے کا اختیار دیا بدلے اس عبارت کے **ف** ظاہر اس حدیث کا ثابت کرتا ہے خیار مجلس کو اور یہی قائل ہیں وہ جو کہ خیار مجلس کو ثابت رکھتے ہیں کہ مراد جدا ہونے سے جدا ہونا بدن کا ہے یعنی جبتک کہ مجلس میں ہیں اختیار رکھتے ہیں چاہیں لیں اور چاہیں فسخ کریں بیع کو اور جب ایجاب و قبول تمام ہوا یعنی ایک نے کہا بیچا میں نے اور دوسرے نے کہا لیا میں نے خیار نہ رہا اور حنفیہ کہتے ہیں

وان یتفرقا یغن اللہ کلا من سعتہ میں ارادہ ہونے سے جدا ہونا مرد و عورت کا ساتھ طلاق کے نہ جدا ہونا بدن سے وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ
حِزَامٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا فَاِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِيْ
بَيْعِهِمَا وَاِنْ كَتَمَا وَكَذَبَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے حکیم بن حزام سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے بائع اور مشتری ساتھ خیار کے ہیں جب تک کہ نہ جدا ہوں اور اگر سچ کہیں بائع اور مشتری یعنی بیچ صفت مبیع اور ثمن اسکے کے
اور بیان کی عیب مبیع اور ثمن کی برکت دیجاتی ہے واسطے ان دونوں کے بیچ معاملہ بیچنے کو بیچنے اونکے کے اور اگر چھپایا عیب اور جھوٹ
بولے دور کیجاتی ہے برکت اونکے بیچنے کو بیچنے کی نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اُخْدَعُ فِي الْبُيُوْعِ فَقَالَ اِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ لَا خِلَابَةَ فَكَانَ الرَّجُلُ يَقُوْلُهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابن
عمر سے کہ کہا ایک شخص نے واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ تحقیق میں فریب دیا جاتا ہوں بیچ معاملہ بیع کے پس فرمایا جس وقت کہ بیع کرے تو
پس کہہ نہیں ہے فریب یعنی ہمارا بیچ میں پس تھا وہ شخص کہتا اوسکو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف کہ نہیں فریب اختلاف کیا ہے کہ اس سے مقصود اس قول
کہنے سے کیا تھا اور کسی نے کچھ چنانچہ شرح میں وجہ قول مذکور ہیں اور توربشتی نے یہ لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا اوس شخص کو کہ کہے
وقت بیچ کے یہ بات تا آگاہ کرے بیچنے والے کو کہ مجھے واقفیت نہیں ہے بیع میں چاہیے کہ مجکو فریب اور نقصان نہ دیوے اور لوگ اوس وقت میں اپنا
خیر خواہ مانتے تھے ایک دوسرے کے مسلمان بھائیون کے لیے وہ چیز کو دوست رکھتے تھے اپنے لئے خصوصا وقت آگاہ کرنے کے پس اس کہنے سے وہ
خیرخواہی اوسکی ملحوظ رکھے گا میں نے اسی قول کو پسند کیا ہے

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ فصل دوسری

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ صَفْقَةَ خِيَارٍ
وَلَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يُّفَارِقَ صَاحِبَهٗ خَشْيَةَ اَنْ يَّسْتَقِيْلَهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ روایت ہے عمرو بن شعیب
کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیچنے والا اور مول لینے والا مختار ہیں جب تک کہ نہ جدے ہوں
مگر کہ بیع خیار یعنی جب جدا ہوئے تو نہ رہا خیار دونو کو مگر جس بیع میں خیار شرط ہو تو بعد جدا ہونے کے بھی اختیار رہتا ہے اور روا نہیں یعنی درست نہیں
بائع یا مشتری کو یہ کہ جدا ہو صاحب اپنے سے یعنی اوٹھ کھڑا رہے مجلس سے بخوف اسکے کہ طلب کرے اوس سے اقالہ کو یعنی فسخ کرنے بیع کو نقل کی
یہ ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَتَفَرَّقَنَّ اثْنَانِ اِلَّا عَنْ
تَرَاضٍ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ جدا ہوویں بائع اور مشتری آپس میں
مگر رضا سے نقل کی یہ ابوداود نے ف یعنی جب تک بائع اور مشتری آپس میں راضی نہوں ساتھ دینے مول کے اور قبض کرنے
مبیع کے جب تک جدا نہوں والا فریب رسانی ہوگی اور وہ منع ہے شرع میں یا مراد یہ ہے کہ بائع اور مشتری میں سے جسکا ارادہ جدا ہونے کا
ہو وہ مشورہ کرے اپنے صاحب سے کہ آیا تجھکو رغبت ہے بیع میں پھر اگر وہ ارادہ فسخ کرنے بیع کا کرے تو فسخ کرے پس اس صورت میں
یہ حدیث موافق ہے پہلی حدیث کے معنون میں اور یہ نہی تنزیہی ہے اسلیے کہ اجماع ہے اسپر کہ حلال ہے جدا ہونا بغیر اذن دوسرے کے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فصل تیسری

عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَ اَعْرَابِيًّا بَعْدَ
الْبَيْعِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ روایت ہے جابر سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے اختیار دیا ایک اعرابی کو بیچ بیچنے کے نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث صحیح غریب ہے

بَابُ الرِّبٰوا

باب ہے بیچ بیان سود کے **ف** سود شرع میں کہتے ہیں زیادتی کو کہ خالی ہو عوض سے اور شرط کیا جاوے زیادتی درمیان عقد کے **مسئلہ** ربوٰ حرام ہے بیع اور قرض میں گناہ کبیرہ ہے منکر حرمت اوسکے کا کافر ہے **مسئلہ** ربوٰ دو قسم پر ہے ایک تو ربوٰ نسیہ کا یعنی نقد کو ساتھ وعدے کے بیچنا اور دوسرا ربوٰ فضل کا یعنی تھوڑے کو بدلے بہت کے بیچنا پھر اگر دونوں چیزیں پائی جاویں ایک اتحاد جنس اور دوسرے اتحاد قدر تو امام اعظم کے نزدیک دونوں قسمیں ربوٰ کی حرام ہوتی ہیں یعنی ربوٰ نسیہ بھی اور ربوٰ فضل بھی اور قدر عبارت ہے کیل سے یا وزن سے کہ معیار شرعی بھی کیل ہے یا وزن اور جس چیز کو شارع نے کیلی کہا ہے وہ وزنی نہوگی ساتھ عرف لوگوں کے اور جس چیز کو وزنی کہا ہے وہ کیلی نہیں ہوگی ساتھ عرف لوگوں کے پس بیچنا گیہوں کا بدلے گیہوں کے ساتھ وزن کے جائز نہوگا اور اسی طرح بیچنا سونے کا یا چاندی کا ساتھ جنس اپنے کے ساتھ کیل کے اگرچہ برابر ہوں اسلئے کہ نص شارع قوی تر ہے عرف سے اور جس چیز میں نص نہیں ہے یعنی شارع نے اوسکو کیلی کہا اور نہ وزنی کہا پس اوسمیں اعتبار عرف کا ہے اور ابو یوسف سے مروی ہے عمل ساتھ عرف لوگوں کے مطلق روایت کیا گیا ہے اور ترجیح دی ہے اوسکو کمال نے اور ہمارا یہ قول ہے کہ جائز رکھا ہے قرض لینا نقود کا اوسکو گنکر ساتھ گنتی کے اور بیچنا آٹیکا ساتھ وزن کے اور کافی میں فتوی اوپر عادت لوگوں کے دیا ہے مطلقا کذا فی بحر الرائق اور اگر ان دونوں چیزوں میں سے یعنی اتحاد جنس اور اتحاد قدر سے ایک پائی جاوے تو ربوٰ نسیہ کا حرام ہو نہ ربوٰ فضل کا پس اگر گیہوں بیچے گیہوں کے یا چنے بدلے چنوں کے یا چونہ بدلے چونے کے یا سونا عوض سونے کے یا لوہا عوض لوہے کے بیچا جاوے تو تفاضل اور نسیہ دونو حرام ہیں کہ دونو چیزیں اتحاد جنس اور اتحاد قدر موجود ہیں اور اگر گیہوں عوض چنوں کے یا سونا عوض چاندی کے یا لوہا عوض تانبے کے بیچا جاوے تو تفاضل حلال ہے لیکن نسیہ یعنی وعدہ پر بیچنا حرام ہے کہ گیہوں اور چنے ساتھ ایک کیل کے بیچے جاتے ہیں اور لوہا اور تانبا ساتھ ایک ترازو اور بٹوں کے اور سونا اور چاندی ساتھ ایک ترازو و بٹوں کے بیچے جاتے ہیں لیکن جنس ایک نہیں اور اگر ایک گز کپڑے کو ساتھ دو گز کپڑے کے یا گھوڑے کو عوض گھوڑے کے بیچا جاوے تو بھی تفاضل حلال ہے اور نسیہ حرام کہ یہاں اتحاد جنس موجود ہوا اور کیل یا وزن نہیں اسلئے کہ معیار شرعی کیل ہے یا وزن اور گز وغیرہ معیار شرعی نہیں اور اگر دونوں چیزیں یعنی اتحاد جنس اور اتحاد قدر نہ پائی جاویں تو فضل بھی حلال ہوگا اور نسیہ بھی مثلا گیہوں کو عوض چاندی کے یا عوض لوہے کے بیچے تو تفاضل اور نسیہ دونو جائز ہیں اسلئے کہ یہاں نہ اتحاد جنس ہے اور نہ اتحاد قدر ہے کہ گیہوں کیلی ہیں اور چاندی لوہا وزنی اور اسی طرح اگر سونے کو عوض لوہے کے یا انکے سوا کسی کے بیچے یہاں بھی دونوں چیزیں نہیں ہیں نہ اتحاد جنس ہے اور نہ اتحاد قدر کہ ترازو اور بٹ سونے کے اور ہیں اور ترازو اور بٹ لوہے کے اور اسی طرح اگر گیہوں کو عوض چونے کے بیچے کہ کیل گیہوں کا اور ہے اور کیل چونے کا اور ہے کذا فی در مختار

الفصل الاول

عن جابر قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم آكل الربوا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال هم سواء رواه مسلم روایت ہے جابر سے کہا لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے والے اور دینے والے کو اور لکھنے والے اور گواہوں کو اور فرمایا وہ برابر ہیں یعنی اصل گناہ میں اگرچہ مختلف ہوں مقدار میں نقل کی یہ مسلم نے **ف** یعنی لکھنے والے وغیرہ کو لعنت کی بسبب مدد کرنے اوسکے کے امر ناشروع پر اور اس سے صریح معلوم ہوا کہ حرام ہے تمسک لکھنا بیاج کا اور گواہ ہونا اوسکا۔ **وعن** عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الذهب بالذهب والفضة بالفضة والبر بالبر والشعير بالشعير والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل سواء بسواء يدا بيد فاذا اختلفت هذه الاصناف فبيعوا كيف شئتم اذا كان يدا بيد رواه مسلم اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے کہا فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچا جاوے سونا بدلے سونے کے اور چاندی بدلے چاندی کے اور گیہوں بدلے گیہوں کے اور جو بدلے جو کے اور کھجور بدلے کھجور کے اور نمک بدلے نمک کے درحالیکہ مانند ہوں ساتھ مانند کے یعنی برابر ہوں مقدار میں جیسا کہ تاکید و بیان کے لیے کہا کہ برابر ہوں ساتھ برابر کے دست بدست لین جبکہ مختلف ہوں یہ قسمیں پس بیچو جس طرح کہ چاہو بشرطیکہ ہو بیع دست بدست نقل کیا اسکو مسلم نے ف یعنی دونوں مجلس میں پیشتر جدا ہونیکے بائع اور مشتری مجلس کو اور دونوں چیزوں کو قبض کرلیں یہ نہیں درست کہ ایک چیز نقد ہو اور ایک چیز ادھار اس حدیث میں چھ چیزوں سے ربوا کا ذکر ہے سونا چاندی گیہوں جو کھجور نمک سوا انکے اور چیزوں کو مانند لوہے اور تانبے اور اقسام ماکولات کے علماء نے انہیں چھ پر قیاس کیا ہے لیکن ساتھ اختلاف کے اور اختلاف اس سبب سے ہے کہ علت ربوا کی جو چیز دیکھی ہے امام مالک نے علت ربوا کی ان چھ چیزوں میں یہی ہے کہ ثمنیت سونے چاندی میں ہے اور قوت مدخر ہونا باقی چار چیزوں میں ہے پس جس میں قوت مدخر ہونا تحقیق ہوگا یا ثمنیت ہوگی اوس میں ربوا ہوگا امام کے پاس انکے نزدیک ترکاری اور میوہ اور کھانے کی چیزیں کہ ذخیرہ نہیں ہوسکتیں ان میں ربوا نہیں یعنی زیادہ لینا درست ہے مثلا ایک کے بدلے دو یا ایک کے بدلے دو لینا درست ہے اور نزدیک امام شافعی کے علت ربوا کی ثمنیت ہے سونے چاندی میں اور قوت ہونا ہے باقی چار چیزوں میں انکے نزدیک ترکاری اور میوہ اور ادویات میں ربوا جاری ہوگا برابر لینا دینا تو درست ہے اور زیادتی کی جنس میں نادرست اور لوہا اور تانبا اور چونا اور ادویات اور چونا اور مانند انکے میں انکے نزدیک ربوا جاری نہ ہوگا مثلا ایک پیمانہ چونے کا بدلے دو پیمانہ چونے کے لینا دینا درست ہے ایسا ہی جیسے لوہا ایک سیر لیا اور دیا یا دو سیر لیا ایک سیر دیا درست ہے اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک علت ربوا کی قدر مع الجنس ہے قدر سے مراد کیل ہے یا وزن ہے پس علت ربوا کی سونے چاندی میں وزن ہے پس ربوا جاری ہوگا ہر ایک وزنی چیز میں مانند تانبے اور لوہے وغیرہ کے اور باقی چار چیزوں میں علت ربوا کی کیل ہے پس جاری ہوگا ربوا ہر کیلی چیز میں مانند چونے وغیرہ کے اور کیلی اور وزنی ہونا جنکا منصوص ہے تو انہیں کے ساتھ ہے مثلا سونا چاندی میں وزن اور ان چار میں کیل اسکا حکم ہمیشہ ایسا ہی رہیگا اگرچہ عرف بدل جاوے جیسے گیہوں جو کھجور نمک کہ کیلی ہیں اگرچہ عرف میں کیلی نہ ہوں اور جنکا منصوص نہیں ان میں اعتبار عرف کا ہے پس جائز نہیں بیچنا گیہوں کا گیہوں کے ساتھ وزن کر کے اور سونے کو سونے کے ساتھ بیچنے میں برابر وزن چاہیے اور چاندی کو چاندی کے ساتھ بیچنے میں برابر وزن چاہیے کمی بیشی وزن میں درست نہیں اور چاروں چیزوں باقی میں کیل کا اعتبار ہے اگرچہ عرف میں رواج ان چیزوں میں کیل کا متروک ہو گیا ہو پس اگر کوئی من بھر گیہوں بدلے من بھر گیہوں کے بیچے تو درست نہیں جبتک کہ پیمانے میں برابر نہوں اور یہی حکم ہے جو اور کھجور اور نمک کا اور جو چیز کہ وزنی اور کیلی ہونا منصوص نہیں ہوا اوس میں اعتبار عرف کا ہے اگر عرف میں وزنی ہے تو اوسکو حکم وزنی کا ہے وزن میں برابر چاہیے اور اگر عرف میں کیلی ہے تو اسکو حکم کیلی کا ہے کیل میں برابر چاہیے گو کہ وزن میں تفاوت ہو مثلا چونا عرف میں کیلی ہو کیل میں برابر چاہیے زیادتی کیل میں درست نہیں بشرطیکہ بیع بجنس ہو اور ربوا تا با عرف میں وزنی ہے اوسکو حکم وزنی کا ہے وزن میں برابر چاہیے کمی بیشی وزن میں بجنس کے ساتھ موجب ہوگی ربوا کی بیع روا **وعن** ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذھب بالذھب والفضۃ بالفضۃ والبر بالبر والشعیر بالشعیر والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل یدا بید فمن زاد او استزاد فقد اربی الاخذ والمعطی فیہ سواء رواہ مسلم اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سونا بدلے سونے کے اور چاندی بدلے چاندی کے اور گیہوں بدلے گیہوں کے اور جو بدلے جو کے اور کھجور بدلے کھجور کے اور نمک بدلے نمک کے مانند ساتھ مانند کے ہاتھوں ہاتھ بیچنا درست ہے پس جسنے کہ زیادہ دیا یا زیادہ طلب کیا اور لیا پس تحقیق اوسنے معاملہ ربوا کا لینے والا اور دینے والا اوس میں برابر ہے نقل کیا اسکو مسلم نے **وعنہ** قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تبیعوا الذھب بالذھب الا مثلا بمثل

وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ وَلَا تَبِيْعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ وَلَا تَبِيْعُوْا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ اور روایت ہے ابی سعید رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیچو سونا بدلے سونے کے مگر برابر ساتھ برابر کے اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور نہ بیچو چاندی بدلے چاندی کے مگر برابر ساتھ برابر کے اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور نہ بیچو ان میں سے غائب کو بدلے حاضر کے یعنی نہ بیچو وعدہ بدلے نقد کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ایک حدیث میں یوں ہے کہ نہ بیچو سونے کو بدلے سونے کے اور نہ چاندی کو بدلے چاندی کے مگر برابر ہوں تول میں ف اس حدیث میں دلیل ہے اوپر اسکے کہ اگر بیچے زیور سونے کا بدلے سونے کے یا چاندی کا بدلے چاندی کے تو برابر ہی ہوں دونوں تول میں بنوائی اوسکی لینی جائز نہیں اسلیے کہ زیادتی لازم آویگی ۱۲ ع وَعَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے معمر بن عبداللہ سے کہ کہا تھا میں سنتا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے طعام بدلے طعام کے برابر ساتھ برابر کے یعنی بیچنا غلہ کا ساتھ جنس اوس غلہ کے برابر چاہیئے نقل کی یہ مسلم نے وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلذَّهَبُ بِالذَّهَبِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْوَرِقُ بِالْوَرِقِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سونا بدلے سونے کے بیاج ہے لیکن اگر دونوں برابر ہوں اور دست بدست یعنی اگر دونوں برابر ہوں اور بیچ دست بدست ہو تو بیاج نہیں اور چاندی بدلے چاندی کے بیاج ہے مگر دست بدست اور گیہوں بدلے گیہوں کے بیاج ہے مگر دست بدست اور جو بدلے جو کے بیاج ہے مگر دست بدست اور کھجور بدلے کھجور کے بیاج ہے مگر دست بدست نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف بیچنا ایک جنس کا اوسکے ہم جنس کے ساتھ تین طرح سے ہوتا ہے یا تو دونوں طرف وزن میں یا کیل میں برابر ہوں دونوں چیزیں موجود ہوں یا دونوں متفاوت ہوں یا ایک طرف ایک چیز ہو اور دوسری طرف کچھ موجود نہو بلکہ وعدہ ہو قریب کا یا بعید کا پہلی صورت درست ہے شرط یہ کہ برابر ہوں کیل میں یعنی پیمانہ میں یا تول میں کیلی چیز کیل میں برابر ہو اور تولنے کی چیز تول میں برابر ہو اور دو صورتیں اخیر کی یعنی دونوں طرف وعدہ ہی ہو یا ایک طرف ایک چیز موجود ہو اور دوسری طرف وعدہ ہو تو یہ دو صورتیں درست نہیں اگرچہ برابر ہوں دونوں جنس سونا وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلٰى خَيْبَرَ فَجَاءَهُ بِتَمْرٍ جَنِيْبٍ فَقَالَ اَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَنَاْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَيْنِ وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلٰثِ فَقَالَ لَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيْبًا وَقَالَ فِي الْمِيْزَانِ مِثْلَ ذٰلِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عامل کیا ایک شخص کو خیبر پر پس لایا وہ حضرت کے پاس کھجوریں اچھی پس فرمایا حضرت نے کیا سب کھجوریں خیبر کی ایسی ہی ہوتی ہیں کہا کہ نہیں قسم اللہ کی یا رسول اللہ تحقیق ہم البتہ لیتے ہیں ایک صاع اچھی میں سے بدلے دو صاع کے یعنی ناکارہ میں سے اور دو صاع بدلے تین صاع کے پس فرمایا حضرت نے نہ کرو بیچ جمع کو یعنی ہر قسم کی کھجور ملی ہوئی کو کہ جس میں ہر طرح کی کھجور ہو بدلے درموں کے پھر خرید کر بدلے درموں کے اچھی کھجوریں اور فرمایا ترازو میں مانند اسکے اور نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی کھجور اور مانند اوسکے کیل میں کہ پیمانے میں ناپ کر بیچتے ہیں اور جو چیزیں کہ وزن میں تول کر بیچتے ہیں جیسے سونا اور چاندی وغیرہ انکا بھی یہی حکم ہے کہ اچھے کو بدلے برے کے ساتھ زیادتی کے نہ بیچیں بلکہ جس کو بیچے درموں کے بیچیں اور اون درموں سے اچھے لے لے اور گیہوں اور جو عرف شرع میں کیلی ہیں اگرچہ اس دیار میں تول کر بیچتے ہیں اور اچھے اور برے با ب با

مین برابر برابر ۔ **وعن** أبي سعيد قال جاء بلال إلى النبي صلى الله عليه وسلم بتمر برني فقال له النبي صلى الله عليه وسلم من أين هذا قال كان عندنا تمر ردي فبعت منه صاعين بصاع فقال أوه عين الربوا عين الربوا لا تفعل ولكن إذا أردت أن تشتري فبع التمر ببيع آخر ثم اشتر به ۔ متفق عليه اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا لاے بلال طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کھجور اچھی قسم کی پس فرمایا واسطے اوسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں سے لایا یہ کہا تھین ہمارے نزدیک کھجورین ناکارہ پس بیچین مین نے اوس سے دو صاع بدلے ایک صاع کے یعنی اچھی کے پس فرمایا آہ عین سود ہے عین سود ہے نہ کر اسطرح ولیکن جس وقت کہ ارادہ کرے خریدنے کا یعنی اچھی کھجور کا تو نہ کر ایسا بلکہ سالم ہو رہے پس بیچ کھجور یعنی بری ساتھ اور بیچ کے یعنی بعوض درہم کے یا فلوس کے پھر خرید کر بدلے اوسکے اچھی کھجور نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **وعن** جابر قال جاء عبد فبايع النبي صلى الله عليه وسلم على الهجرة ولم يشعر أنه عبد فجاء سيده يريده فقال له النبي صلى الله عليه وسلم بعنيه فاشتراه بعبدين أسودين ولم يبايع أحدا بعده حتى يسأله أعبد هو أم حر ۔ رواه مسلم اور روایت ہے جابر سے کہ کہا آیا ایک غلام پس بیعت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہجرہ پر یعنی عہد کیا حضرت سے کہ اپنے وطن سے نکلکر خدمت بابرکت مین حاضر ہو اور نہ معلوم ہوا حضرت کو کہ یہ غلام ہے پھر آیا مالک اوسکا ڈھونڈھتا ہوا پس فرمایا اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیچ میرے ہاتھ اوسکو پس خریدا اوسکو بدلے دو غلاموں سیاہ رنگ کے اور نہ بیعت کی کسی سے پیچھے اوسکے یہانتک کہ پوچھ لیتے اوس سے کہ غلام ہے یا آزاد نقل کی یہ مسلم نے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیچنا ایک غلام کا بدلے دو غلاموں کے جائز ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بیچنا غیر مال ربوا کا اسطرح کہ ایک دوسرے سے زیادہ ہو جائز ہے اور شرح السنہ مین لکھا ہے کہ اکثر اہل علم نے یہی کہا ہے کہ جائز ہے بیع حیوان کی بدلے حیوان کے نقد برابر ہے کہ ایک جنس کے ہون یا دو جنس کے اور اختلاف کیا ہے علماء نے بیچ بیچنے حیوان کے بدلے حیوان کے ادھار پر پس منع کیا ہے اوسکو ایک جماعت نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے اور قول عطا ابن ابی رباح اور ابی حنیفہ اور علماء کوفہ کا بھی یہی ہے اور دلیل اونکی یہ کہ منقول ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ منع کیا بیچنے حیوان کے سے بدلے حیوان کے ادھار پر اور بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے اوسکو جائز رکھا ہے اور یہی قول شافعی کا ہے **وعنه** قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الصبرة من التمر لا يعلم مكيلها بالكيل المسمى من التمر ۔ رواه مسلم اور روایت ہے جابر سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے تودہ کھجور کے سے کہ نہ معلوم ہو مقدار اوسکی بدلے پیمانہ معین کے کھجور سے نقل کی یہ مسلم نے **ف** ایسی طرح کے بیچنے سے منع فرمایا کہ ایکطرف تو وہ کھجور کا تودہ ہو کہ اوسکی مقدار نہ معلوم ہو اور دوسری طرف چند پیمانے معین ہون مثلا بیس یا دس پیمانے کہ اوس تودہ کا حال نہیں معلوم کہ کسقدر ہے شاید کہ ان پیمانون سے زیادہ ہو یا کم پس ربوا لازم آوے اور یہ حکم اوس صورت مین ہے کہ دونون طرف ایک جنس کی چیزین ہون اور اگر دونون مختلف جنس کی چیزین ہون تو جائز ہے اسطرح بیچنا اسلیے کہ اوسمین زیادتی حرام نہین ہے جب **وعن** فضالة بن عبيد قال اشتريت يوم خيبر قلادة باثني عشر دينارا فيها ذهب وخرز ففصلتها فوجدت فيها أكثر من اثني عشر دينارا فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال لا تباع حتى تفصل ۔ رواه مسلم اور روایت ہے فضالہ بن عبید سے کہ کہا خریدا مین نے دن خیبر کے یعنی سال خیبر کے ایک ہار بارہ دینار کو اوسمین تھا سونا اور نگینے پس جدا کیا مین نے اوس ہار کو یعنی سونے کو نگینون سے پس پایا مین نے اوسمین سونا زیادہ بارہ دینار سے پس ذکر کیا مین نے یہ سب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا نہ بیچا جاوے ایسا ہار یہانتک کہ جدا کیا جاوے یعنی سونا اوسکا جدا کیا جاوے نگینون وغیرہ سے نقل کی یہ مسلم نے **ف** اسمین دلیل ہے اسپر کہ اگر بیچے مال ربوا ساتھ جنس اوسکے

کے

اور بیچ اور ثمن کے ساتھ یا ایک کے ساتھ ان میں سے کوئی اور چیز ہو تو نہیں جائز پس اگر بیچے سونے کا جڑاؤ زیور وغیرہ بدلے سونے کے خواہ اشرفیاں ہوں یا اور کچھ تو نگینہ وغیرہ اوسکے جدا کر کر برابر سونے کے تول کر بیچے اسیطرح اگر بیچے چاندی کی چیز بدلے چاندی کے خواہ روپے ہوں یا اور کچھ تو اوسکا بھی یہی حکم ہے تاکہ زیادتی سے ربوٰ لازم نہ آوے اور اگر بیچے سونے کی چیز جڑاؤ بدلے چاندی کے خواہ روپے ہوں خواہ اور کچھ یا چاندی کی جڑاؤ چیز بدلے سونے کے خواہ اشرفیاں ہوں خواہ اور کچھ تو اوسکا نگینہ وغیرہ کا جدا کرنا ضروری نہیں اسلئے کہ خلاف جنس میں کمی بیشی درست ہے اسمیں کمی زیادتی سے ربوٰ لازم نہیں آتا ہے مگر ہاتھوں ہاتھ

الفصل الثانی

عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیَاْتِیَنَّ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یَبْقٰی اَحَدٌ اِلَّا اٰکِلُ الرِّبٰوا فَاِنْ لَّمْ یَاْکُلْہُ اَصَابَہٗ مِنْ بُخَارِہٖ وَیُرْوٰی مِنْ غُبَارِہٖ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا البتہ آویگا آدمیوں پر ایک زمانہ کہ نہیں باقی رہیگا کوئی مگر کھانیوالا سود کا پس اگر نہ کھاوے سود پہنچیگا اوسکو بخار اوسکا یعنی تھوڑا اثر پہنچیگا اوسکو یا بخار اوسکا تو پہنچیگا اور روایت کیا جاتا ہے یعنی بجائے من بخارہ کے من غبارہ یعنی غبار اوسکا نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے **ف** بخار اور غبار سے یہ مراد ہے کہ وکیل ہوگا یا گواہ ہوگا یا منشی لکھنے والا ہوگا یا درمیان میں پڑیگا ربوٰ کے معاملہ میں یا معاملہ کریگا ساتھ سود خوروں کے اور لیگا مال اونکا ساتھ طول اسکے بیع

وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِیْعُوا الذَّہَبَ بِالذَّہَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ وَلَا الْبُرَّ بِالْبُرِّ وَلَا الشَّعِیْرَ بِالشَّعِیْرِ وَلَا التَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَلَا الْمِلْحَ بِالْمِلْحِ اِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ عَیْنًا بِعَیْنٍ یَدًا بِیَدٍ وَلٰکِنْ بِیْعُوا الذَّہَبَ بِالْوَرِقِ وَالْوَرِقَ بِالذَّہَبِ وَالْبُرَّ بِالشَّعِیْرِ وَالشَّعِیْرَ بِالْبُرِّ وَالتَّمْرَ بِالْمِلْحِ وَالْمِلْحَ بِالتَّمْرِ یَدًا بِیَدٍ کَیْفَ شِئْتُمْ رَوَاہُ الشَّافِعِیُّ اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے یہ کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ بیچو سونا بدلے سونے کے اور نہ چاندی بدلے چاندی کے اور نہ گیہوں بدلے گیہوں کے اور نہ جو بدلے جو کے اور نہ کھجور بدلے کھجور کے اور نہ نمک بدلے نمک کے مگر برابر ساتھ برابر کے نقد بدلے نقد کے ہاتھوں ہاتھ اور لیکن بیچو سونے کو بدلے چاندی کے اور چاندی کو بدلے سونے کے اور گیہوں کو بدلے جو کے اور جو کو بدلے گیہوں کے اور کھجور کو بدلے نمک کے اور نمک کو بدلے کھجور کے ہاتھوں ہاتھ جسطرح چاہو نقل کی یہ شافعی نے **ف** حاصل یہ کہ دونوں چیزیں ایک جنس کی ہوں تو برابر ہوں اور دست بدست اور اگر مختلف ہوں تو جسطرح چاہئے بیچے چاہے کم زیادہ چاہے برابر لیکن ہوں دست بدست بیع

وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ شِرَاءِ التَّمْرِ بِالرُّطَبِ فَقَالَ اَیَنْقُصُ الرُّطَبُ اِذَا یَبِسَ فَقَالَ نَعَمْ فَنَہَاہُ عَنْ ذٰلِکَ رَوَاہُ مَالِکٌ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھے گئے کھجور خشک کے بیچنے سے کھجور تازی کو فرمایا کیا کم ہو جاتی ہے کھجور تازی جس وقت کہ خشک ہو کہا ہاں پس منع کیا اوسکو اس سے نقل کی یہ مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے **ف** منع کیا اوسکو اسلئے کہ دونوں برابر نہیں ہو دینگی پس ربوٰ لازم آویگا اور یہی قول ہے مالک اور ابو یوسف اور محمد اور شافعی اور احمد اور اکثر علماء کا اور جائز رکھا اوسکو ابو حنیفہ نے جبکہ دونوں برابر ہوں پیمانے میں اور حمل کیا اوس منع کو بیع نسیہ پر یعنی جو منع فرمایا تو واسطے اس کے کہ ایک جانب سے ادھار ہے بلکہ وعدہ کر کے اسلئے کہ روایت کیا گیا ہے اس راوی سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا بیچنے کھجور تر کے سے بدلے کھجور خشک کے ادھار اور اسی قیاس پر ہے بیع انگور تر کی بدلے خشک کے اور گوشت تازے کی بدلے گوشت خشک کے

وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ مُرْسَلًا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَہٰی عَنْ بَیْعِ اللَّحْمِ بِالْحَیَوَانِ قَالَ

سَعِیْدٌ کَانَ مِنْ مَیْسِرِ اَھْلِ الْجَاھِلِیَّۃِ رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ اور روایت ہے سعید بن مسیب سے بطریق ارسال کے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا بیچنے گوشت کے سے بدلے حیوان کے کہا سعید نے تھا بیچنا گوشت کا بدلے حیوان کے جوئے جاہلیت کے سے نقل کی شرح السنہ میں **ف** جوئے جاہلیت کے سے مراد یہ ہے کہ بیچے جیسے اہل لوگوں کا ساتھ باطل کے کھایا جاتا ہو ویسے اسمیں اگرچہ طریقہ کھانے کا دوسرا مختلف ہے اور اسمیں سبب تحصیل کے کھایا جاتا ہے اور اسمیں سبب عقد کے اور کہا شافعی نے کہ یہی دلیل ہے اوپر حرمت بیچ گوشت کے بدلے حیوان کی برابر ہے کہ وہ گوشت جنس سے اس حیوان کی ہے یا غیر جنس اسکی سے اور وہ حیوان کھایا جاتا ہو یا نہ کھایا جاتا ہو اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک جائز ہے اور دلیل انکی یہ ہے کہ بیع موزون کی ساتھ غیر موزون کی ہے اور مراد ساتھ نہی کے حدیث میں یہ ہے کہ ہو ایک ان دونوں میں سے ادھار یعنی بوعدہ پر **وَعَنْ** سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنْ بَیْعِ الْحَیَوَانِ بِالْحَیَوَانِ نَسِیْئَۃً رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا بیچنے حیوان کے سے بدلے حیوان کے بطریق وعدہ کے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے **ف** تحقیق اسکی اوپر گذر چکی **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَہٗ اَنْ یُّجَھِّزَ جَیْشًا فَنَفِدَتِ الْاِبِلُ فَاَمَرَہٗ اَنْ یَّاْخُذَ عَلٰی قَلَائِصِ الصَّدَقَۃِ فَکَانَ یَاْخُذُ الْبَعِیْرَ بِالْبَعِیْرَیْنِ اِلٰی اِبِلِ الصَّدَقَۃِ رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوسکو کہ تیار کرے لشکر کا یعنی سواری وغیرہ سامان وغیرہ پس ختم ہو گئے اونٹ یعنی اکثر لوگوں کو اونٹ دیئے اور بعضی لوگ بغیر سواری کے رہ گئے پس حکم کیا اوسکو کہ لیوے اونٹ عوض اونٹ کے پس تھے عبد اللہ لیتے ایک اونٹ بدلے دو اونٹوں کے تا زمانہ آنے اونٹوں زکوٰۃ کے نقل کی یہ ابو داؤد نے **ف** اونٹ عوض اونٹ کے یعنی اس شرط پر اونٹ قرض لیے کہ جب آویں گے اونٹ زکوٰۃ کے تو ادا کریں گے کذا ذکرہ علی جانا چاہیے کہ مختار مذہب حنفیہ کا اور امام اعظم کے نزدیک قرض لینا غیر مثلی کا جائز نہیں اور اونٹ بھی غیر مثلی ہے پس اس حدیث کا وہ یہ جواب دیتے ہیں کہ یہ حکم پہلے تھا پھر منسوخ ہوا اور حضرت شیخ نے نقل کیا ہے اسکو بیع پر لکھا ہے کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جائز ہے بیع حیوان کی بدلے حیوان کے وعدہ پر اور جواب حنفیہ کا اسکو سبب پہلی حدیث کے کیا ہے یعنی یہ کہ حدیث عبد اللہ بن عمرو کی ضعیف ہے اور حدیث پہلی سمرہ بن جندب کی قوی ہے یا یہ حکم پہلے حرام ہونے ربوٰ کے کیا ہو پھر منسوخ ہوا

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری **عَنْ** اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الرِّبٰوا فِی النَّسِیْئَۃِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ لَا رِبًا فِیْمَا کَانَ یَدًا بِیَدٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ روایت ہے اسامہ بن زید سے یہ کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ربا ہے وعدہ میں اور ایک روایت میں فرمایا نہیں ربا اوس چیز میں کہ ہو دست بدست نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** یعنی ہو وعدہ میں یعنی ربا متحقق ہوتا ہے وعدہ میں اگرچہ دونوں جنسیں مختلف ہوں یا برابر ہوں مثلاً بیچنا گیہوں کا بدلے جو کے ساتھ زیادتی کے درست ہے اگر دست بدست ہو اور اگر بطریق وعدہ کے ہو تو نہیں درست اور نہیں ربا الخ یعنی اگر دونوں چیزیں ایک جنس کی ہوں اور برابر ہوں اور قبض کیا دونوں نے ایک ہی مجلس میں تو ربا نہیں اور خلاف جنس میں ساتھ کی زیادتی کے بھی ربا نہیں لازم آتا ہے **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ حَنْظَلَۃَ غَسِیْلِ الْمَلٰئِکَۃِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دِرْھَمُ رِبًا یَاْکُلُہُ الرَّجُلُ وَھُوَ یَعْلَمُ اَشَدُّ مِنْ سِتَّۃٍ وَّثَلٰثِیْنَ زِنْیَۃً رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالدَّارَقُطْنِیُّ وَرَوَی الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَزَادَ وَقَالَ مَنْ نَبَتَ لَحْمُہٗ مِنَ السُّحْتِ فَالنَّارُ اَوْلٰی بِہٖ اور روایت ہے عبد اللہ بن حنظلہ سے کہ حنظلہ کو غسیل الملائکہ کہتے تھے یعنی فرشتوں نے اوسکو غسل دیا تھا کہا عبد اللہ نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک درہم سود کا کہ کھاوے اوسکو آدمی اور وہ جانتا ہو کہ یہ سود کا ہے بہت زیادہ ہے گناہ میں ...

ثابت نقل کی یہ احمد اور دارقطنی نے اور نقل کی بیہقی نے شعب الایمان میں ابن عباسؓ سے اور زیادہ کیا بیہقی نے ابن عباسؓ سے
اس عبارت کو کہا حضرت نے جو شخص کہ پیدا ہو گوشت اوسکا مال حرام سے یعنی سود اور رشوت وغیرہ سے پس آگ دوزخ کی لائق تر ہے
ساتھ اوسکے **ف** اور وہ جانتا ہو اور اسیطرح اگر جانتا نہ ہو لیکن اوسنے تقصیر کیا اوسکے معلوم کرنے میں یہ دلیل ہے اوپر کہ سود اشد زنا سے ہے
اسلئے ہے کہ سود کھانیوالے کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے فاذنوا بحرب من اللہ ورسولہ یعنی خبردار ہو ساتھ لڑائی کے اللہ اور رسول کی اور
اور جو بیت اللہ اور رسول سے لڑے یا وہ اللہ اور رسول اوس سے لڑے تو اوسکا کیا ٹھکانا ہے اور اسیسبب سے یہ ہے کہ جو جانتا ہے وہ شخص کہ
حلال جانتے ہیں اوسکو جاہل لوگ بخلاف امر زنا کے کہ وہ مشہور ہے جاہلیت اور اسلام میں اور سود میں یہ نہیں
معلوم ہوتا ہے **وعن** ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الربا سبعون جزءا أيسرها
أن ينكح الرجل أمه اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گناہ بیاج کا ستر جز ہے ادنی
اون میں سے یہ ہے کہ صحبت کرے آدمی اپنی ماں سے **وعن** ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الربا
وإن كثر فإن عاقبته تصير إلى قل رواهما ابن ماجة والبيهقي في شعب الإيمان وروى أحمد الأخير اور
روایت ہے ابن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق سود یعنی مال کہ حاصل ہو ساتھ سود کے اگرچہ بہت ہو
لیکن انجام اوسکا رجوع کرتا ہے طرف کمی کے یعنی بے برکتی ہوتی ہے نقل کیں یہ دونوں حدیثیں ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں
اور روایت کی احمد نے اخیر کی **وعن** أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أتيت ليلة أسري بي على
قوم بطونهم كالبيوت فيها الحيات ترى من خارج بطونهم فقلت من هؤلاء يا جبرئيل قال هؤلاء أكلة الربا رواه أحمد
وابن ماجة اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا میں شب معراج میں ایک قوم پر کہ پیٹ اونکے
مانند گھروں کے تھے اون میں سانپ تھے معلوم ہوتے تھے باہر پیٹوں اونکے سے پس کہا میں نے کون ہیں یہ لوگ اے جبرئیل کہا یہ کھانیوالے سود کے ہیں نقل کی
یہ احمد اور ابن ماجہ نے **وعن** علي أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم لعن آكل الربا وموكله وكاتبه ومانع
الصدقة وكان ينهى عن النوح رواه النسائي اور روایت ہے علیؓ سے کہ اونہوں نے سنا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم لعنت
کرتے تھے سود کے لینے والے کو اور سود دینے والے کو اور سود کے تمسک اور حساب لکھنے والے کو اور منع کرنے والے زکوٰۃ کو اور تھے حضرت منع فرماتے نوحہ کرنے سے
نقل کی یہ نسائی نے **ف** صدقہ منع کرنیوالا یعنی جو شخص کہ صدقہ دینے سے منع کرے اور ملامت کی یا منع کرنیوالا صدقہ کا
صدقہ واجب سے مراد زکوٰۃ ہے اور نوحہ کہتے ہیں چلا کر رونے اور ساتھ بیان کرنے اوصاف میت کے **وعن** عمر بن الخطاب أن آخر ما نزلت آية
الربا وإن رسول الله صلى الله عليه وسلم قبض ولم يفسرها لنا فدعوا الربا والريبة رواه ابن ماجة والدارمي
اور روایت ہے عمر بن الخطاب سے کہ آخر چیز کہ اوتری آیت ربا کی ہے اور تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات کی اور نہیں کھولا اوسکو واسطے
ہمارے پس چھوڑ دو ربوا کو اور ریبہ کو یعنی جس چیز میں شک شبہ ہو ربوا کا وہ بھی حکم ربوا کا رکھتی ہے اوسکو بھی چھوڑ دو نقل کی یہ ابن ماجہ اور دارمی نے
ف آخر اوس چیز کی کہ اوتری ہے یعنی معاملات میں جو آیتیں اوتریں ان میں سے یہ سب سے پیچھے اوتری ہے مطلق آخر مراد نہیں اسلئے کہ سب
آیتوں کے بعد آیت اوتری ہے الیوم اکملت لکم دینکم اور نہیں کھولا یعنی بعد اسکے اور زیادہ حضرت زندہ نہیں رہے اگر تھوڑے عرصہ زندہ رہے
مشغول رہے اور امور ضروری میں پس بیان مفصل اوسکا نہیں کیا کہ تمام جزئیات ربوا کی ذکر کرتے بلکہ بیان کیا چند چیزوں کا اور سود لینے کے

کو موقوف رکھا تھا اور بعضوں پر یہ حجاب ہے کہ ترک کر دیا اوس کو اور اوسی پر ذکر کرلو یعنی شبہ ربوا کا ہو واسطے تورع اور احتیاط کے ۔ ع ۔

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْرَضَ اَحَدُکُمْ قَرْضًا فَاَھْدٰی اِلَیْہِ اَوْ حَمَلَہٗ عَلَی الدَّابَّۃِ فَلَا یَرْکَبْہُ وَلَا یَقْبَلْہَا اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ جَرٰی بَیْنَہٗ وَبَیْنَہٗ قَبْلَ ذٰلِکَ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ

اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ دیوے ایک تمہارا قرض کسی کو پھر تحفہ بھیجے قرض لینے والا طرف اوسکے یعنی قرض دینے والے کے یا سواری کو دے اوسکو جانور پر نہ سوار ہو اوسپر اور نہ قبول کرے تحفہ مگر یہ کہ جاری ہو تحفہ بھیجنا اور سواری دینی بیچ قرض لینے والے اور درمیان قرض دینے والے کے پہلے اوس سے نقل کی ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں ف نہ قبول کرے تحفہ قرض خواہ اسلیے کہ جو قرض کہ حاصل کرے منفعت کو پس وہ ربوا ہے مگر جگہ عادت ہو قرض لینے کی پہلے سے تحفہ بھیجنے کی تو کچھ مضائقہ نہیں اسلیے کہ وہ قرض کے جہت سے نہیں ہے بلکہ بسبب عادت پہلے کے ہے منقول ہے امام ابو حنیفہ رح سے کہ ایک شخص کو دیا تھا قرض پس گئے امام واسطے تقاضا کے اوسکے یہاں اور اوس وقت گرمی بہت تھی اوسکے دیوار کا سایہ میں نہ ٹھہرے دھوپ میں کھڑے رہے تاکہ نہ حاصل ہو کرام دین کی جہت سے کراہت خلاصہ یہ ہے کہ یہ بات امام صاحب کی بسبب کمال احتیاط کے تھی ف حدیث شریف میں آیا ہے جو قرض کہ قرض دینے والے کو باعث نفع ہو حکم ربوا کا رکھتا ہے پس قرض دینے والا قرض لینے والے سے ضیافت نہ قبول کرے مگر بسبب عادت قدیم کے بلکہ اوسکی دیوار کے سایہ میں بھی نہ بیٹھا کرے ۔ ع ۔

اور روایت وَعَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَقْرَضَ الرَّجُلُ فَلَا یَاْخُذْ ھَدِیَّۃً رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ ھٰکَذَا فِی الْمُنْتَقٰی

اور روایت ہے انس سے نقل کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسوقت کہ قرض دیوے کوئی کسیکو پس نہ لیوے اوس سے ہدیہ نقل کی بخاری نے بیچ تاریخ کے اسی طرح ہے منتقی میں

وَعَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِیْنَۃَ فَلَقِیْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ سَلَامٍ فَقَالَ اِنَّکَ بِاَرْضٍ فِیْہَا الرِّبٰوا فَاشٍ فَاِذَا کَانَ لَکَ عَلٰی رَجُلٍ حَقٌّ فَاَھْدٰی اِلَیْکَ حِمْلَ تِبْنٍ اَوْ حِمْلَ شَعِیْرٍ اَوْ حِمْلَ قَتٍّ فَلَا تَاْخُذْہُ فَاِنَّہٗ رِبٰوا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

اور روایت ہے ابی بردہ بن ابی موسی سے کہ کہا آیا میں مدینہ میں پس ملا میں عبداللہ بن سلام سے پس کہا اوسنے کہ تحقیق تو بیچ ایسی زمین کے ہے کہ اوسمیں بہت رواج ہے سود کا پس جسوقت کہ ہو واسطے تیرے کسی پر حق یعنی قرض پھر تحفہ بھیجے وہ طرف تیرے ایک بوجھ بھس کا یا بوجھ جو کا یا گھاس کا پس نہ لے تو اوسکو اسلیے کہ تحقیق وہ سود کا حکم رکھتا ہے نقل کی بخاری نے

بَابُ الْمَنْہِیِّ عَنْہَا مِنَ الْبُیُوْعِ

یہ باب بیچ بیان بیعوں کے ہے کہ منع کیا گیا ہے اونسے ف نہی بیع سے کبھی تو بیع کی ذات پر ہوتی ہے واسطے ورستی کے جیسے بیع باطل اور فاسد ہے اور کبھی ہوتی ہے نہی بسبب کسی امر کے کہ خارج ہے جیسے نہی بیچنے سے وقت اذان جمعہ کے اور بیع حرام حنفیہ کے نزدیک تین قسم پر ہے فاسد اور باطل اور مکروہ ف کچھ مسائل متعلق اس باب کے لکھے جاتے ہیں تاکہ ظاہر ہو جاوے اور حاجت ہے کہ لکھے جاتے ہیں یہاں مسائل ذکر کئے جاتے ہیں مسئلہ اگر بیع مال نہ ہو مانند مردار یا خون یا حر یا ام الولد یا مکاتب یا مدبر کے بیع اوسکی باطل ہے اور اسیطرح اگر مال ہو لیکن متقوم نہ ہو مانند شراب اور سور کے اگر عوض روپے کے بیچے جاویں بیع باطل ہوگی اور اگر عوض اسباب کے بیچے جاویں بیع اسباب کی فاسد ہوگی اور بیع شراب اور سور کی باطل ہے بیع باطل سے مشتری مالک مبیع کا نہیں ہوتا اور فاسد سے مالک بعد قبض کے ہو جاتا ہے اور قیمت اوسکی ہوتی ہے واسطے واجب ہوگی لیکن فسخ اوسکا واجب ہے مسئلہ بیچنا دودھ کا تھن میں باطل ہے کہ شک ہے اور اوسکے ہونے کا احتمال ہے کہ ہو یا نہ ہو مسئلہ نہیں جائز بیچنا جانور کا جو پیٹ میں ہے اور عادت پھر ایسی رکھتا ہو اور اگر عادت بھی رکھتا ہو تو بھی جائز نہیں اور بچہ کی حالت میں بھی بہت بڑ نہیں جائز بیچنا مچھلی کا دریا میں پکڑنے سے پہلے لیکن پھر ایسے حوض میں کہ اوس میں سے بغیر جال کے پکڑی جاتی ہو سے

بدون جال کے اور نہیں جائز بیچنا دل لونڈی یا جانور کا اور روئی کا سیپ میں اور گوشت کا بکری میں اور بیچنا سور کے بالوں کا درست
نہیں لیکن استعمال اور نفع اٹھانا اس سے مانند سینے کی کے جائز ہے اور بیچنا آدمی کے بالوں کا اور نفع اٹھانا اونسے جائز نہیں **مسئلہ** جو بیع درباب
نزاع آپس کی ہو فاسد ہے جیسے کہ بیع پشم کی اوپر پیٹھ بکری وغیرہ کے یا بیع کڑی کے چھت میں یا بیع ایک گز کا جو کپڑے میں سے یا بیع
کرنی ساتھ مدت مجہول کے مثلاً مشتری کہے بس روز جمعہ یا جسدن مانند ہوا چلے گی اوس روز مول اسکا دونگا پس اگر مشتری نے بیع کو فسخ کیا
اور بائع نے کڑی چھت میں سے جدا کر دی اور گز بھر کپڑا اس کپڑے میں سے پھاڑ کر دیا یا مدت مجہول کو مول لینے والے نے برطرف کیا بیع صحیح ہو جاتی
مسئلہ بیع ساتھ شرط فاسد کے فاسد ہے اور شرط فاسد وہ ہے کہ مقتضای عقد نہ ہو اور اوسمیں منفعت ہو بیچنے والے کو یا مول لینے والے
کو یا مبیع کو کہ مستحق نفع کا ہو شرط کرنا کہ مشتری کا مقتضای عقد ہے پس فاسد نہیں اور یہ شرط کرنا کہ اس کپڑے کو مول لینے والا بیچے نہیں اگرچہ
مقتضای عقد نہیں لیکن اسمیں منفعت کسی کی نہیں پس فاسد نہیں اور یہ شرط کرنی کہ اس گھوڑے کو مشتری فربہ کرے اسمیں منفعت مبیع کی ہے لیکن
مبیع انسان نہیں کہ مستحق نفع کا ہو پس فاسد نہیں ایسی شرط کرنی خواہ اور بیع صحیح اور یہ شرط کرنی کہ بیچنے والا ایک مہینہ تک گھر بیچے گئے میں
سکونت کرے اسمیں نفع بائع کا ہے پس شرط فاسد ہے اور یہ شرط کرنی کہ بیچنے والا اس کپڑے کی پوشاک سیدے اسمیں نفع مول لینے والے کا ہے یہ بھی
فاسد ہے اور یہ شرط کرنی کہ غلام بیچے گئے کو مشتری آزاد کرے اسمیں نفع مبیع کا ہے یہ بھی فاسد ہے ایسی شرطوں سے بیع فاسد ہو جاتی ہے اور زیادہ
تفصیل بیع فاسد و باطل کی فقہ کی بڑی کتابوں میں ہے ایسے بیچنے پر ہم کرنا واجب ہے **مسئلہ** کم کرنا بائع کا بیچ وزن بیچنے یا کم کرنا مشتری کا
قیمت میں حرام ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ویل للمطففین الخ اور نہ ادا کرنے قیمت مبیع کے اور دیون کے بعد بلکہ مزدوری مزدور کے بلا عذر
تاخیر کرنی حرام ہے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیر کرنا غنی کا ظلم ہے اور مزدور کو مزدوری دو پہلے اس سے کہ عرق اوسکا خشک ہو اور پیغمبر خدا
صلی اللہ علیہ وسلم جب دین ادا کرتے تو زیادہ قدر دین سے دیتے بجائے اسقدر شتر کے ایک دوسرا ادا کیا ایک سن کے بجائے دو سن کے دیتا اور فرماتے
کہ اسقدر حق تیرا ہے اور اسقدر زیادتی میری طرف سے ہے یہ زیادہ دینا بغیر شرط کے ربو نہیں جائز ہے بلکہ مستحب ہے اور غش کی اور فریب اور جھوٹ کسب
حلال کو حرام کر دیتے ہیں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم بازار میں تھے ڈھیر گیہوں کا دیکھا جب دست مبارک اون گیہوں میں ڈالا تو اندر سے تر تھے فرمایا کہ یہ کیا ہے
بیچنے والے نے کہا کہ مینہ اوسکو پہنچا تھا فرمایا کہ تر گیہوں اوپر تو دکھے کیوں نہ کیے تو نے جو کوئی فریب دے مسلمانوں کو وہ ہم میں سے نہیں ہے **مسئلہ**
بیع مرابحہ کہ بائع خریدے سے ساتھ اضافہ سودے کے مثلاً بیچے اور بیع تولیہ کہ ساتھ قیمت پہلے کے بیچے قیمت پہلی بلا تفاوت کہہ دینی واجب ہے
اور اگر مبیع پر سوا قیمت کے مانند مزدوری یا شمار یا رنگائی یا دھلائی کی خرچ ہوا ہو اوسکو قیمت کے ساتھ ملا اور کہے کہ اسقدر روپیہ اس اسباب پر میرے
خرچ ہوئے ہیں اور یہ نہ کہے کہ اتنے روپوں کو میں نے خریدا ہے تا جھوٹا نہ ہو **مسئلہ** اگر ایک شخص نے ایک کپڑا مثلاً دس روپیہ کو بیچا اور مول لینے والے نے روپے بیچنے والے
کو نہیں دیے تھے کہ بیچنے والے نے پھر وہی کپڑا مول لینے والے سے پانچ روپے کو خرید لیا اور کپڑے کو ساتھ ایک روپیہ کے دس روپیہ کو خریدا یہ بیع نہ ہوگی
کہ بیع حکم ربو کا ہے **مسئلہ** بیچنا منقول کا پہلے قبض کے نہیں بیچنا **مسئلہ** اگر ایک پیمانہ کیلی بشرط کیل کے خریدے اور مول لینے والے نے بیچنے والے سے کیل
کر لیا پھر اوس کے ہاتھ بشرط کیل کے بیچے دوسرے مول لینے والے کو طعام بیچ گئے جس کو اوس نے مول لیا اور کہ ہاتھ بیچنا جائز نہیں جب تک کہ پھر کیل نہ کرے اور
کیل سابق کافی نہیں ہے احتیاط اسلیے کہ مبادا کیل میں کچھ زیادہ نکلے اور مال بائع کا ہو **مسئلہ** اگر ایک مسلمان کچھ خریدتا ہے اور دوسرا شخص کہتا ہے
یا پیغام ایک عورت کا کسی نے دیا تو دوسرے کو ویسا پیغام دینا مکروہ ہے تاوقتیکہ معاملہ پہلے شخص کا درست ہو یا موقوف کرے **مسئلہ**
بیچنا وقت اذان جمعہ کے مکروہ ہے **مسئلہ** اگر دو بردے بچے تو اسمیں قرابت محرمیت کی رکھتے ہوں بیچنا اونکو جدا جدا مکروہ ہے بلکہ وہ دونوں ایک جگہ بیچے

اگر ایک دونوں میں سے چھوٹا ہو اور دوسرا بڑا اور بعضوں کے نزدیک یہ بیع جائز نہیں مسئلہ بیچنا مردار کی ہڈیوں کا جائز نہیں اور بیچنا دانتوں کا امام ابو حنیفہ کے نزدیک جائز ہے اور امام شافعی کے نزدیک جائز نہیں اور بیچنا انسان کے گندگی کا اگرچہ اوس میں مٹی ملی ہو نزدیک امام اعظم کے مکروہ ہے اور اگر ملی ہو تو جائز ہے اور بعضے علما کے نزدیک جائز ہے اور بیچنا گوبر کا بھی انکے نزدیک جائز ہے اور اکثر علما کے نزدیک بیچنا کسی چیز کا نجس ہے جائز نہیں اور بیچنا بیل کا نطفہ اوٹھانا بھی اوس کے بیچنا جائز نہیں مسئلہ بادشاہ یا حاکم کو نرخ مقرر کرنا مکروہ ہے مگر جبکہ بیچنے والے گرانی غلہ کی بہت تعدی کریں تو اوس صورت میں ساتھ مشورہ داناؤں کے نرخ مقرر کرے

الفصل الاول

فصل پہلی **عن** ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن المزابنة أن يبيع ثمر حائطه إن كان نخلا بتمر كيلا وإن كان كرما أن يبيعه بزبيب كيلا أو كان عند مسلم وإن كان زرعا أن يبيعه بكيل طعام نهى عن ذلك كله متفق عليه وفي رواية لهما نهى عن المزابنة قال والمزابنة أن يباع ما في رؤس النخل بتمر بكيل مسمى إن زاد فلي وإن نقص فعلي روایت ہے ابن عمر سے کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مزابنہ سے اور مزابنہ یہ کہ بیچے میوہ اپنے باغ کا اگر ہو میوہ کھجور بدلے خشک کھجور کے بطریق پیمانے کے یعنی مثلا دس پانچ بھر تازی کھجوریں درخت پر اندازہ کر کے دس پیمانے بھر خشک کھجور نقد کر لینے والے پاس میں تب اور اگر ہو میوہ انگور بیچنا اوسکو بدلے انگور خشک کے اندازہ پیمانے کے حاصل یہ کہ بیچے میوہ تر کہ درختوں پر ہو بدلے چیز خشک کے کہ زمین پر رکھا ہو اور کتاب مسلم میں ہے اور اگر ہو باغ کھیتی بیچنا اوسکو بدلے پیمانے غلے کے یعنی بیچے گیہوں اور جو وغیرہ کہ کھیتی میں ہوں بدلے گیہوں وغیرہ کے کہ لینے والے پاس ہو منع فرمایا اس سب سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ایک روایت بخاری اور مسلم کے میں یوں ہے کہ منع کیا حضرت نے مزابنت فرمایا اور مزابنت یہ ہے کہ بیچا میوہ کا کہ درختوں پر کھجور کے ہو بدلے کھجوروں خشک کے ساتھ پیمانہ معین کے بیچنے والا کہے کہ اگر زیادہ نکلے یہ دو درخت کا پھل پیمانہ معین سے پس میرے ہیں اور اگر کم نکلے پس پورا کرنا مجھ پر ہے کر دونگا اوسکو تیرے پیمانہ مشتری **ف** مزابنہ مشتق ہے زبن سے اور زبن کے معنی ہیں دفع کرنا چونکہ بنا اس بیع کی قیاس اور اندازہ پر ہے اور احتمال زیادتی اور نقصان کا رکھتی ہے تو جاہی اسکی بدولت مشتری اور بائع میں نزاع پڑے اور ایک دوسرے کو دفع کرے اور فرق ان دونوں روایتوں میں یہ ہے کہ پہلی روایت میں ثمر ساتھ ثاء مثلثہ کے ہے اور دوسری میں ساتھ تاء فوقانی کے اور مقصود بیان بھی عام ہے اور تخصیص بطریق تمثیل کے ہے

وعن جابر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن المخابرة والمحاقلة والمزابنة والمحاقلة أن يبيع الرجل الزرع بمائة فرق حنطة والمزابنة أن يبيع التمر في رؤس النخل بمائة فرق والمخابرة كراء الأرض بالثلث والربع رواه مسلم اور روایت ہے جابر سے کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مخابرہ سے اور محاقلہ سے اور مزابنت سے اور محاقلہ یہ ہے کہ بیچے آدمی کھیتی کو بدلے سو فرق گیہوں کے اور مزابنت یہ ہے کہ بیچے کھجور کو درختوں پر بدلے سو فرق کے اور مخابرہ کرایہ کو دینا زمین کا بعوض حصہ معین جیسے تہائی یا چوتھائی پیداوار کے نقل کی یہ مسلم نے **ف** فرق ساتھ زبر رے کے نام ہے پیمانہ کا کہ اوس میں سولہ رطل غلہ آتا ہے یعنی آٹھ سیر اور فرق ساتھ جزم رے کے اوسمیں ایک سو بیس رطل غلہ آتا ہے اور مراد سو فرق کا بطریق تمثیل کے ہے مقصود بیچنا کھیتی کا ہے بالیوں میں بدلے گیہوں صاف کئے ہوئے کے مزابنت گذرا لیکن مزابنت عام ہے اور استعمال اسکا میووں میں بھی آتا ہے اور کھیتی میں اور کبھی خاص میووں ہی میں آتا ہے اور استعمال محاقلہ کا کھیتی ہی میں آتا ہے اور مخابرہ کرایہ کو دینا ہے یعنی ایک شخص دوسرے کسی کو زمین بشرط اسکے دے کہ اوس میں جوتے بوئے اور جو اوس میں پیدا ہو اوس میں سے تہائی یا چوتھائی مجھکو دینا اس سے منع فرمایا واسطے جہالت اجرت کے اور واسطے ہونے اوسکے کے معدوم اور مخابرت کو مزارعت بھی کہتے ہیں لیکن مخابرت میں تخم بیج والے کا ہوتا ہے اور مزارعت میں مالک کا اور مزارعت درست نہیں ابوحنیفہ کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک

حرام ہونا ثابت ہو جیسا کہ بیع نابالغ اور مجنون کو اور کسی شے غیر **وَعَنْهُ** قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ وَعَنِ الثُّنْيَا وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے جابر سے کہ منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مخابرہ سے اور محاقلہ سے اور مزابنہ سے اور معاومت سے اور ثنیا سے اور رخصت دی بیع عرایا کے بیچ میں پہلے تینوں کا بیان ہو چکا اور **ف** مخابرہ اور محاقلہ اور مزابنہ کے معنی پہلے معلوم ہو چکے اور معنی معاومت کے یہ ہیں کہ بیچنا میوے کا درخت کے ایک سال کا یا دو سال کا یا تین سال کا یا زیادہ اس سے پہلے ظاہر ہونے میوے کے اور ثنیا یہ ہے کہ میوہ درخت پر موجود ہو اور اوسکو بیچے اور ایک قدر غیر معین اوس میں سے استثنا کرے یعنی نہ بیچے اور معنی رخصت دینے کے عرایا میں یہ ہیں کہ بعض شخص اپنے باغ میں سے ایک درخت یا دو درخت کسی محتاج کو میوہ کھانے کے لیے دیتے اور معمول تھا کہ اپنے اہل و عیال کے ساتھ اکثر باغ میں رہتے تھے پس اس فقیر کے آنے سے اونکو رنج ہوتا تو اوسکو اپنے پاس سے میوہ اوسکے بدلے میں دیتے اور درخت پر کا میوہ آپ لیتے اور اسکو درست رکھا اور یہ پانچ وسق سے کم میں درست ہے اور اس سے زیادہ میں نہیں درست جیسا کہ حدیث ابی ہریرہ کی میں آگے مذکور ہوگا **وَعَنْ** سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ بِالتَّمْرِ إِلَّا أَنَّهُ رَخَّصَ فِي الْعَرِيَّةِ أَنْ تُبَاعَ بِخَرْصِهَا تَمْرًا يَأْكُلُهَا أَهْلُهَا رُطَبًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے سہل بن ابی حثمہ سے کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے سے درخت پر کے میوے خشک کھجور کے بدلے مگر یہ کہ رخصت دی عریہ میں یہ کہ بیچا جاوے میوہ درخت پر کا اندازہ کر کے بیچنے کے بعد خشک ہونے کے یعنی اندازہ کرے کہ بعد خشک ہونیکے کس قدر رہیگا اوس قدر خشک کھجوریں بدلے لیں کھاویں اوس میوے کو اوس کے مالک تر تر نقل کیا یہ بخاری اور مسلم نے **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْخَصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا مِنَ التَّمْرِ فِيمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ أَوْ فِي خَمْسَةِ أَوْسُقٍ شَكَّ دَاوُدُ بْنُ الْحُصَيْنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی بیچ بیچنے عرایا کے یعنی پھلوں عرایا کے ساتھ اندازہ کرنے اوسکے کے خشک کھجوروں سے بیچ اوس چیز کے کہ کم ہو پانچ وسق سے ہو یا بیچ پانچ وسق کے شک کیا داؤد بن حصین راوی نے نقل کیا یہ بخاری اور مسلم نے **ف** یہ کہ پانچ وسق بیچے اسلیے کہ اجازت اوسکی بحکم ضرورت اور احتیاج کے تھی اور اسقدر کافی ہے اور پانچ وسق سے کم میں بیچنا بالاتفاق مستحب ہے اور پانچ وسق سے زیادہ میں بیچنا جائز نہیں اور پانچ وسق میں اختلاف ہے صحیح مذہب ... اور یہ بیع بحیثیت ... ... اوسکے ... اور ... میں خلاف ہے ... ... سبب ... ... مجبور ہوکر دونوں بیچتے ہیں اور وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور صاع کا بیان پہلے ہو چکا ہے ... **وَعَنْ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى تَزْهُوَ وَعَنِ السُّنْبُلِ حَتّٰى يَبْيَضَّ وَيَأْمَنَ الْعَاهَةَ روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے پھل کے سے یہانتک کہ ظاہر ہو پختگی اوسکی منع کیا بیچنے والے کو اور لینے والے کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں ہے منع فرمایا بیچنا کھجور کے سے یہانتک کہ سرخ یا زرد ہو اور منع کیا بیچنے خوشہ گیہوں کے سے یہانتک کہ پختہ ہو اور امن میں ہو آفت سے **ف** بیچنے والے کو اسلیے منع کیا تا مال مسلمان کا بیچنے والے کے ہاتھ سے ناحق نہ لیوے اور مول لینے والے کو اسلیے منع کیا تا مال ضائع نکرے بسبب ہونے خوف ہلاک کے **وَعَنْ** أَنَسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ

صلی اللہ علیہ وسلم عن بیع الثمار حتی تزہی وقیل وما تزہی قال حتی تحمر وقال ارأیت اذا منع اللہ الثمرۃ
بم یاخذ احدکم مال اخیہ متفق علیہ اور روایت ہے انس سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے میوے
کے سے یہاں تک کہ خوش رنگ ہو کہا گیا کیا معنی ہیں خوش رنگ ہونیکے فرمایا یہاں تک کہ سرخ ہو اور فرمایا خبر دو جس وقت کہ منع کرے اللہ تعالیٰ میوے
کو یعنی پکنے سے کس سبب لیوے ایک تمہارا مال بھائی اپنے کا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** یعنی پہلے پختہ ہونیکے محل خطر ہو شاید کہ پھٹ
پھوپچھا اور میوہ جھڑ جاوے پس اگر بیچنے والا لیوے گا مول لینے والے سے مفت لیگا پس چاہئے کہ پکنے تک صبر کرے ۱۲ ح **وعن جابر**
قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن بیع السنین وامر بوضع الجوائح رواہ مسلم روایت ہے جابر سے
کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے سالیانہ کے سے یعنی میوہ درخت کا ایک سال کا یا دو سال کا یا تین سال کا یا زیادہ
اس سے بیچا اور حکم کیا ساتھ موقوف کر دینے آفتوں کے نقل کی یہ مسلم نے **ف** یعنی اگر مثلا میوہ خریدا اور اسکو آفت پہونچی کہ جھڑ گیا یا کچھ
رہا چاہئے کہ کچھ مول میں سے کم کرے یا مشتری کو پھیر دے اگرچہ بیع تمام ہوئی اور یہ امر استحباب کیلئے ہے کہ جو آفت مبیع کو پہونچے بعد قبض کے
وہ بیع ضمان مشتری کے ہے یعنی بعد قبض کرنیکے جو کسی آفت سے مبیع ہلاک ہوگی تو مشتری ہی کی ہلاک ہوگی بائع پر کچھ نہیں ہے ۱۲ ح
وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو بعت من اخیک ثمرا فاصابتہ جائحۃ فلا یحل لک
ان تاخذ منہ شیئا بم تاخذ مال اخیک بغیر حق رواہ مسلم اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے اگر بیچا تو نے اپنے بھائی کے ہاتھ میوہ پس پہونچی اسکو آفت کہ ہلاک کیا اسکو پس نہیں حلال ہے تجھکو لینا اوس سے کچھ کس سبب
لیتا ہے مال بھائی اپنے کا بغیر حق کے یعنی ناحق لیتا ہے نقل کی یہ مسلم نے **ف** نہیں حلال ہے الخ یہ حکم ہے تقدیر خلق ہلاک ہونیکی پر اور اگر قبض
ایسی پہونچی کہ کچھ ہلاک ہو تو کچھ مول میں چھوڑ دے جیسے کہ اوپر گذرا کہا ابن مالک نے کہ اگر میوہ ہلاک پہلے سپرد کرنیکے مشتری کو تو ہلاک بائع کی
کا ہوا اور اگر ہلاک ہو بعد سپرد کرنیکے تو معنی یہ ہیں کہ نہیں حلال ہے بحکم تقوی اور ورع کے ۱۲ ح **وعن** ابن عمر قال کانوا یبتاعون
الطعام فی اعلی السوق فیبیعونہ فی مکانہ فنھاھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن بیعہ فی مکانہ
حتی ینقلوہ رواہ ابوداؤد ولم اجدہ فی الصحیحین اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا خریدتے تھے لوگ غلہ بیچ جانب
بلندی بازار کے پھر بیچ ڈالتے اوسکو اوسی جگہ یعنی بے قبض کرنیکے پس منع کیا انکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے اوسکے
سے اوسی جگہ میں یہاں تک کہ نقل کریں اوسکو نقل کی یہ ابوداؤد نے اور نہیں پایا میں نے اسکو صحیحین میں **ف** نقل کریں یعنی قبض کریں
اور قبض کہنا منقولات کا یہ ہے کہ اسکو اسکی جگہ سے اوٹھا کر اور جگہ رکھے اگرچہ پاس ہی سے ہو اگر بشرط کیل کے لیا ہو کیل کر کے اوٹھالے اور
اگر بغیر شرط کیل کے لیا ہو تو یہی نہیں اوٹھا کر اور جگہ رکھے اور نہیں پایا میں نے اسکو صحیحین میں یعنی بیچ ایک کے اون دونو میں سے یہ اعتراض
ہے صاحب مصابیح پر کہ اس حدیث کو اول فصل میں ذکر کیا باوجودیکہ صحیحین میں نہیں ہے ۱۲ ح **وعنہ** قال قال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ابتاع طعاما فلا یبیعہ حتی یستوفیہ وفی روایۃ ابن عباس حتی یکتالہ متفق
علیہ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ خریدے غلہ پس نہ بیچے اوسکو یہاں تک کہ پورا لے
اوسکو اور بیچ روایت ابن عباس کے یہاں تک کہ کیل کرے اوسکو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** پورا لے یعنی قبض کرے اور
بیچنا کسی چیز کا پہلے قبض کے جائز نہیں نزدیک شافعی اور محمد کے خواہ وہ چیز منقول ہو یا عقار یعنی زمین اور امام مالک کے نزدیک علاوہ

نہیں بیچنا غلہ کا اور اور چیزوں کا بیچنا جائز ہے اور امام ابوحنیفہ اور ابویوسف کے نزدیک بیچنا عقار کا جائز ہے سوا منقول کا اور ظاہر مذہب امام احمد کا بھی یہی ہے اور بیچنا تک کیل کرے دلیل پکڑی ہے بعضوں نے ساتھ اس حدیث کے اسپر کہ بائع اگر کیل کرے غلہ کو روبرو مشتری کے تو نہیں کفایت کرتا ہے بلکہ ضرور ہے مشتری کو کیل اور کرے بعد قبض کے لیکن مختار یہ ہے کہ کفایت کرتا ہے جبکہ کیل بائع کا روبرو مشتری کے اسکا بھی کیل ہو ۔ ۲ ۔ **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَمَّا الَّذِي نَهَى عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ الطَّعَامُ أَنْ يُبَاعَ حَتَّى يُقْبَضَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَا أَحْسِبُ كُلَّ شَيْءٍ إِلَّا مِثْلَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا وہ چیز کہ منع کیا اوس سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس وہ غلہ ہے کہ منع کیا ہے بیچنے اوسکے سے یہاں تک کہ قبض کیا جاوے کہا ابن عباس نے اور نہیں گمان کرتا ہوں ہر چیز کو مگر مانند غلہ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** یعنی پہلے قبض کرنیکے بیچنا کسی چیز کا درست نہیں مانند غلہ کے اور یہ قیاس ابن عباس کا ہے کہ قیاس کیا ہے غیر غلہ کو غلہ پر ۔ ۳ ۔ **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ لِبَيْعٍ وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ وَلَا تَنَاجَشُوا وَلَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَا تُصَرُّوا الْإِبِلَ وَالْغَنَمَ فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ أَنْ يَحْلُبَهَا إِنْ رَضِيَهَا أَمْسَكَهَا وَإِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ مَنِ اشْتَرَى شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ فَإِنْ رَدَّهَا رَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ آگے جاملو تم قافلہ سے کہ غلہ وغیرہ لایا ہو واسطے مول لینے کے اور نہ بیچے بعض تمہارا اوپر بیچنے بعض کے اور نہ نجش کرو اور نہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے اور نہ جمع کرو دودھ اونٹ اور بکری کے تھنوں میں اور جو شخص خریدے اوس جانور کو بعد دودھ جمع کرنیکے پس وہ مختار ہے رکھنے اور پھیرنے میں بعد دوہنے کے اسکے اگر راضی ہوا اوس سے تو رکھے اور اگر ناراض ہو تو پھیر دے اوسکو اور دیوے چار سیر کھجور نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور بیچ ایک روایت مسلم کے یوں ہے کہ جو کوئی خریدے بکری مصراۃ کو یعنی جسکے تھنوں میں دودھ جمع ہو پس وہ اختیار رکھتا ہے تین دن تک پھر اگر پھیر دے اوسکو تو پھیرے ساتھ اوسکے چار سیر کھجور نہ گیہوں **ف** نہ ملاقات کرو تم الخ یعنی اگر خبر سنو کہ ایک قافلہ غلہ وغیرہ لایا ہے تو نہ جاملو اونسے سستا خریدنیکے لئے پہلے اسکے کہ شہر و بازار میں آویں اور نرخ معلوم کریں بازار کا اس سے منع اسلئے کیا کہ اسمیں فریب دینا ہے اور ضرر پہونچانا ہے بیچنے والے کو اور نہ بیچے الخ یعنی ایک شخص نے ایک چیز بیع خیار کر لی ۔ ایک شخص کہے بیچنے والے کو کہ فسخ کر اس بیع کو میں تیرے ہاتھ ایسی چیز اس سے سستی مول کو دونگا اس سے منع فرمایا ہے بعضوں نے کہ یہی مخصوص ہے ساتھ اوس بیع کے کہ نہ ہو اوسمیں غبن اور اگر غبن ہو تو جائز ہے کہ اوسکو فسخ کروا دینا اس بیع کا اور بیچنا اوسکے ہاتھ سستے مول کو واسطے دفع ضرر کے اور نہ نجش کرو الخ یعنی ایک شخص کچھ خریدتا ہے اور بیچنے والا اور لینے والا راضی ہیں ایک مول پر اور ایک شخص آکر زیادہ مول لگا کر اونکے معاملہ کو بگاڑ دے اور آپ لیوے یہ برا ہے اور اگر قصد خریدنے کا نہ رکھتا ہو بلکہ معاملہ بگاڑنا ہی انکا منظور ہو تو یہ اوس سے بھی برا ہے اور نجش اسکو کہتے ہیں کہ ایک شخص کچھ خریدتا ہے اور ایک آیا اور اوسنے تعریف کی اوس جنس کی یا مول زیادہ لگایا اوسکا اور خریدنا منظور نہیں منظور یہی ہے کہ لینے والا اوسکو دیکھا دیکھی زیادہ رغبت کرے اسکے لینے میں اس سے منع فرمایا کہ لینے والے کو فریب دینا ہے اور نہ بیچے شہری الخ یعنی ایک گنوار غلہ وغیرہ لایا شہر میں اس ارادے سے کہ آجکی نرخ بیچ جاؤں ایک شخص شہر کے نے آکر کہا کہ چھوڑ دے اس غلہ کو میں بمہولت مہنگا بیچ دونگا اس سے منع فرمایا کہ اسمیں ہوتا ہے نفع کا مخلوق خدا سے اور یہ حرام ہے امام شافعی کے نزدیک اور مکروہ ہے حنفیہ کے نزدیک اور نہ جمع کرو

دودھ باندھ یعنی بیچنے سے پہلے ایک دو روز دودھ اونٹنی کا یا بکری کا نہ دوہے تاکہ دودھ بہت سا جمع ہو جاوے تھنوں میں اور [illegible]
پینے والا کہ بہت دودھ کی ہے پس زیادہ مول دے اس سے منع فرمایا کہ فریب ہے اسمیں اور اگر کوئی اس طرح جانور لیوے [illegible]
معلوم ہو کہ کم دودھ ہے تو تمکو اختیار ہے اور چاہے پھیر دے اور پھیرے تو اوسکے ساتھ چار سیر [illegible]
دودھ پیدا ہوا ہے بیچ ملک مشتری کے اور کچھ تھا تھا پچھا گیا پس واسطے نہ تمیز ہونے اسکے حکم ہوا پھیر دینا دودھ کا [illegible]
کیمشت چار سیر کھجوریں واسطے دفع خصومت کے اور قلت کی طرف قلت دودھ کے اور کثرت اوسکے کے جیسے کہ مقرر کی دیت نفس کی [illegible]
باوجود تفاوت نفوس کے اور عمل کیا شافعی نے اسی حدیث پر اور ثابت کیا ہے خیار اس طرح کے جانوروں میں اور کہا ابو حنیفہ نے کہ نہیں خیار اسمیں اور اس
حدیث پر عمل کرنا ترک کیا گیا ہے اسلیے کہ یہ حکم پہلے حرام ہونے ربوٰ کے تھا کہ اس طرح کی چیزیں جائز تھیں معاملات میں پھر منسوخ کیا گیا اور بعضوں نے کہا کہ
شافعی نے کہا اس سے معلوم ہوا کہ نہیں جائز کچھ دینا اس جگہ سوا کھجور کے اگرچہ راضی ہو ساتھ اوسکے بیچنے والا اسلیے کہ [illegible]
اور دودھ میں قائم کیا کھجور کو مقام دودھ کے اور بعضوں نے کہا کہ جائز ہے دینا سوا کھجور کے بھی ساتھ رضا بیچنے والے کے [illegible] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ فَمَنْ تَلَقَّاهُ فَاشْتَرٰى مِنْهُ فَاِذَا اَتٰى سَيِّدُهُ السُّوْقَ فَهُوَ بِالْخِيَارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آگے جا کر نہ ملو قافلے سے کہ لایا ہو غلہ وغیرہ پس جو ملا اوس سے اور خریدا
اوس سے پس جو وقت کہ آوے مالک اوسکا بازار میں پس وہ مختار ہے درمیان [illegible] روایت کیا اسکو مسلم نے ف [illegible]
[illegible]
[illegible]
خریدا اور نرخ چھپا دے [illegible] فریب ہے اوسکو تو [illegible] خیار [illegible] شافعیہ کہتے ہیں کہ جب مالک شہر کو
آوے اور دیکھے کہ مشتری نے بہ نسبت شہر کے سستا لیا تو اوسکو خیار ہوگا اور اگر دیکھے کہ ارزاں لیا شہر کے بھاؤ یا شہر کے بھاؤ لیا تو خیار
بائع کو نہیں ہوگا اور مذہب حنفی کی فقہ کی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر بائع بعد آنے کے شہر میں غبن فاحش معلوم کریگا تو خیار ہوگا اور نہیں
تو نہیں [illegible] وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَقَّوُا السِّلَعَ حَتّٰى يُهْبَطَ بِهَا
اِلَى السُّوْقِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آگے جا کر [illegible]
[illegible] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيْعُ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ اَخِيْهِ وَلَا يَخْطُبُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ اِلَّا اَنْ يَّاْذَنَ لَهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت
ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیچے آدمی اوپر بیچنے بھائی اپنے کے اور نہ بھیجے نکاح کا اوپر پیغام نکاح بھائی
اپنے کے مگر یہ کہ پروانگی دے واسطے اوسکے نقل کی یہ مسلم نے ف نہ بیچے الخ بیان اسکا حدیث ابو ہریرہ کی میں اوپر ہو چکا اور
نہ بھیجے پیغام نکاح کا الخ یعنی ایک شخص نے کسی عورت کو پیغام نکاح کا بھیجا تھا اوس پر اور کوئی نہ بھیجے پیغام اور ایسی صورت میں [illegible]
کہ طرفین ایک قدر معلوم مہر کے پر راضی ہو گئے تھے اور کچھ باقی نہ تھا مگر عقد ہونا مگر یہ کہ اوس کا بھائی اوسکو کہے میں نہیں لیتا یہ چیز تو
لے یا میں نہیں نکاح کرونگا اس عورت سے تو پیغام بھیج تو اس صورت میں لینا [illegible] یا پیغام نکاح کا بھیجا درست ہوگا [illegible]
وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسُمِ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھاؤ پر بھاؤ کرنے سے اپنے بھائی مسلمان کے نقل کی مسلم نے **ف**
یہ کہ جس صورت میں کہ بائع اور مشتری راضی ہو گئے تھے ایک مول پر اور کوئی چاہے کہ زیادہ دینے کا کہہ کر اور زیادہ مول لگا کر بگاڑ
دیا بھاؤ پس یہ مکروہ اور منع ہے اور کہا ابن حجر نے کہ مسلمان کے حکم میں ذمی اور معاہد اور مستامن بھی ہیں **وَعَنْ** جَابِرٍ
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِّبَادٍ دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقُ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے چھوڑ دو لوگوں کو کہ روزی دے اللہ
بعض ان کے کو بعض سے نقل کی اسکو مسلم نے **ف** یعنی چھوڑ دو جنگلیوں کو کہ غلہ باہر سے لاویں اور شہر میں سستے مول کو بیچیں اور باعث فراخی
رزق کا ہو شہر والوں پر اور باقی بیان اسکا ابو ہریرہ کی حدیث میں گذر چکا ہے **وَعَنْ** أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لِبْسَتَيْنِ وَعَنْ بَيْعَتَيْنِ نَهٰى عَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ فِي الْبَيْعِ وَالْمُلَامَسَةُ
لَمْسُ الرَّجُلِ ثَوْبَ الْاٰخَرِ بِيَدِهِ بِاللَّيْلِ أَوْ بِالنَّهَارِ وَلَا يَقْلِبُهُ إِلَّا بِذٰلِكَ وَالْمُنَابَذَةُ أَنْ يَّنْبِذَ الرَّجُلُ إِلَى
الرَّجُلِ بِثَوْبِهِ وَيَنْبِذَ الْاٰخَرُ ثَوْبَهُ وَيَكُوْنُ ذٰلِكَ بَيْعَهُمَا عَنْ غَيْرِ نَظَرٍ وَّلَا تَرَاضٍ وَاللِّبْسَتَيْنِ اشْتِمَالُ
الصَّمَّاءِ وَالصَّمَّاءُ أَنْ يَّجْعَلَ ثَوْبَهُ عَلٰى أَحَدِ عَاتِقَيْهِ فَيَبْدُوْ أَحَدُ شِقَّيْهِ لَيْسَ عَلَيْهِ ثَوْبٌ وَاللِّبْسَةُ الْأُخْرٰى
احْتِبَاؤُهُ بِثَوْبِهِ وَهُوَ جَالِسٌ لَيْسَ عَلٰى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا منع کیا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو طرح کے پہناوے سے اور دو طرح کے بیچنے سے منع کیا ملامست سے اور منابذت سے بیچنے میں اور ملامست
یہ ہے کہ آدمی کا ہاتھ لگانا دوسرے کے کپڑے کو رات میں یا دن میں اور نہ الٹے اوسکو مگر اسیقدر اور دوسری بیع منابذت وہ یہ ہے کہ
پھینکے ایک شخص طرف دوسرے شخص کے کپڑا اپنا اور پھینکے دوسرا بھی کپڑا اپنا اور ہووے بیع اونکے بغیر دیکھے اور تامل کے اور بغیر رضامندی کے اسطرح کی بیع
بھی جاہلیت میں کرتے تھے اسکو بھی منع فرمایا حضرت نے اور دو طرح کے پہناوے جو منع کیا ایک تو پہننا کپڑا کا بطریق صما اور صما یہ ہے کہ ڈالے
کپڑا ایک مونڈھے پر اور ظاہر ہووے ایک جانب اسکی نہ ہو اوسپر کوئی کپڑا اور دوسرا پہناوا یہ ہے کہ گوٹ مار لے کپڑے سے اس حال میں کہ وہ بیٹھا
ہو اور اسکی شرمگاہ پر اوس کپڑے میں سے کچھ نہ ہو نقل کی یہ بخاری و مسلم نے **ف** نہ الٹے اوسکو مگر اسیقدر یعنی نہ جھاڑے اوسکو مگر اسی سبب سے
بیع ہو جاوے کہ جاری ہو درمیان بائع اور مشتری کے ایجاب و قبول لفظوں میں اور تعاطی فعل میں یعنی نہ تو منہ سے کہے بائع کہ یہ چیز میں نے بیچی اور مشتری
کہے میں نے لی اور نہ لین دین واقع ہو کہ بائع خوشی سے کپڑا دے اور مشتری مول دے اور کہا طیبی نے کہ نہ الٹے کپڑے کو اور نہ کھولے اسکو مگر ساتھ چھونے کے
یعنی حق یہ تھا کہ کھولتا کپڑے کو اور دیکھتا اوسکو اور اس نے نہ کھولا اور نہ دیکھا سوا چھونے کے اور چھونے سے کھولنا اور دیکھنا حاصل نہیں ہوتا حاصل
یہ ہے کہ بیع ملامست ایام جاہلیت میں یہ تھی جہاں ایک نے دوسرے کے کپڑے کو ہاتھ لگایا پس وہی بیع ہو گئی دیکھنے جاننے کو اسکو کچھ ضرورت نہ یار کی
کرتے تھے کہ بعد دیکھنے کے چاہیں رکھیں اور چاہیں پھیر دیں اور بیع منابذت یہ ہے کہ جہاں ایک نے دوسرے کی طرف کپڑا ڈال دیا بیع ہو چکی
ہو گئی حاجت دیکھنے کی اور رضامندی کی کچھ نہ تھی اور صما کے معنی ایک تو یہ ہیں جو مذکور ہوئے اور مشہور معنی یہ ہیں کہ ایک کپڑا سر سے پاؤں تک اپنے
لپیٹ کر ہاتھ بھی اوسمیں لپیٹ لیوے یہاں تک کہ کہیں سے کھلا نہ رہے اور دوسرا معنی گوٹ مارنے کا یہ ہے کہ کولون پر بیٹھے اور دونوں پانوں کو کھڑا کر کے پنڈلیوں کو
اور کمر کے گرد لپیٹے اسطرح کہ ستر کھلا رہے پس اسطرح کے لباس سے اسلیے منع کیا کہ ستر کھلا رہتا ہے اور اگر اسطرح لپیٹے کہ ستر ڈھکا رہے تو کچھ حرج
نہیں اور ہاتوں سے کمر اور زانو کے حلقہ کر کے بیٹھنا سنتوں میں سے ہے **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الْحَصَاۃِ وَعَنْ بَیْعِ الْغَرَرِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے بیع حصاۃ کے سے اور بیع غرر کے سے نقل کی یہ مسلم نے ف بیع حصاۃ یہ ہے کہ مول لینے والا بیچنے والے سے کہے کہ جب میں کنکری پھینکوں
تو جب سو بیع ہے یا کہے بیچنے والا لینے والیکو کہ یہی تیرے ہاتھ سے اسباب ہے وہ چیز کہ پڑے اوسپر کنکری میری جب پھینکے تو اوسکو یا زمین سے بیچ
ہی کہ جہاں تک پہونچے کنکر جاوے یہ بیع ایام جاہلیت میں کیا کرتے تھے اس سے منع فرمایا اور بیع غرر کی یہ ہے کہ بیع مجہول ہو یا بیچنے والے کی قدرت
میں نہو جیسے مچھلی دریا میں یعنی پانی اور جانور ہوا میں اور غلام بھاگے ہوئے کو بیچنا ع وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ حَبَلِ الْحَبَلَۃِ وَکَانَ بَیْعًا یَتَبَایَعُہٗ اَھْلُ الْجَاھِلِیَّۃِ کَانَ الرَّجُلُ یَبْتَاعُ الْجَزُوْرَ اِلٰی اَنْ تُنْتَجَ النَّاقَۃُ
ثُمَّ تُنْتَجُ الَّتِیْ فِیْ بَطْنِھَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے حمل حمل کے سے
اور تھی یہ بیع ایک بیع کہ کرتے تھے اوسکو اہل جاہلیت تھا آدمی کہ خریدتا اونٹ کو یہاں تک کہ بچہ جنے اونٹنی پھر جنے بچہ وہ کہ بیچ پیٹ
اوسکے کے ہے یعنی اوس وقت پر اونٹ خریدتا تھا کہ جب اونٹنی کا بچہ بچہ جنے یہاں تک ہو گا تب مول دوں گا نقل کی یہ بخاری و مسلم نے
ف بیچنے حمل حمل کے سے یعنی ایک اونٹنی کے پیٹ میں بچہ تھا ایک شخص نے بیع کی کہ اگر وہ بیان مادہ پیدا ہوگی اور وہ بچہ جنے اوس بچہ کو
بیچا اس قباحت سے منع فرمایا اسلئے کہ بیع معدوم اور مجہول ہے ابھی پیدا نہیں ہوا اور اگر پیٹ کے بچے کو بیچے اوسکا بھی یہی حکم ہے بچہ کہ پیٹ میں ہے
بچے کو بیچنا اور یہ صورت بھی ہے کہ مراد بیچنے حمل حمل کے سے یہ ہے کہ بیچے ساتھ تاخیر مول کے یہاں تک کہ بچہ جنے وہ بچہ کہ پیٹ میں اونٹنی کے ہے پھر جنے
ابن عمر نے بھی یہی تفسیر اسکی کی ہے ساتھ اس عبارت کے وکان بیعا الخ ع وَعَنْہُ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جفت کرانے کی اجرت سے نقل کی
یہ بخاری نے ف یعنی نر خواہ اونٹ ہو خواہ گھوڑا ہو خواہ اور کچھ ہو کسی کی مادہ پر چھوڑنے کے لیے اور اوسکی اجرت لے اس سے منع فرمایا اسلئے کہ اس میں جہالت
ہے کہ کبھی جفت کرتا ہے اور کبھی نہیں اور مادہ کبھی حاملہ ہوتی ہے اور کبھی نہیں اور اکثر صحابہ اور فقہا کے نزدیک حرام ہے اور اگر عاریت دے نر اپنا
مادہ پر چھوڑنے کے لئے مستحب ہے اور اگر بعد عاریت دینے کے کچھ دے اپنی طرف سے بطریق انعام کے تو درست ہے قبول کرنا اوسکا ع وَ
عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ ضِرَابِ الْجَمَلِ وَعَنْ بَیْعِ الْمَاءِ وَالْاَرْضِ لِتُحْرَثَ رَوَاہُ مُسْلِمٌ اور
روایت ہے جابر سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جفت کرانے اونٹ کے سے یعنی اجرت لینے سے اور بیچنے پانی اور زمین کے سے تاکہ کھیتی
کیجاوے نقل کی یہ مسلم نے ف یعنی دیوے کوئی زمین اپنی اور پانی کہ متعلق اوس زمین کے ہے کسی کو تاکہ بوے زمین میں اور پانی لگاوے اور تخم اور محنت کھیتی
کرنیکی اوسکی ہو اور لیوے زمین والا بعض غلہ کہ اوسکو مخابرت کہتے ہیں اس سے منع فرمایا اور حکم اسکا مع فائدہ حدیث باب کے اوپر ذکر کیا گیا ع
وَعَنْہُ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ فَضْلِ الْمَاءِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا منع فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے پانی کے سے کہ زیادہ ہو حاجت سے نقل کی یہ مسلم نے ف یعنی اگر پانی اپنے حاجت سے زیادہ ہو اور لوگوں کو
احتیاج ہو تو جائز نہیں ہے روکنا اوسکا اور نہ اوسکا بیچنا اور کہ ہاتھ مالک کے تصرف میں نہیں اوسکو ... رات میں ہے کوئی آپ پیا چاہے یا جانور کو
پلایا چاہے یا کھیتی میں یا درختوں میں کھلی پانی دیا چاہے تو نہیں جائز ہو پانی کے مالک کو کہ نہ دیوے اوسکو مگر بعوض ع وَعَنْ اَبِیْ
ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُبَاعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِیُبَاعَ بِہِ الْکَلَاُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اور روایت ہے
ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیچا جاوے زیادہ پانی تاکہ بیچی جاوے ساتھ اوسکے گھاس نقل کی یہ بخاری و مسلم نے

ف یعنی لازم آتا ہے بیچنے پانی کے سے جیسا کہ گھاس بیچنے کو کوئی چاہتا ہے جب کہ جانور کے پانی کے گرد اور وہ جانوروں کو پانی پینے
دیتا بغیر عوض کے تو ظاہر ہو گا ساتھ خوب سے اوسکے پس بیچنا پانی کا بیچنا گھاس کا ہو گا اور گھاس کا بیچنا منع ہے ہو اختلاف کیا ہے
تحقیق کہ یہ بھی ... اور ... وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰی
صُبْرَةِ طَعَامٍ فَاَدْخَلَ یَدَهُ فِیْهَا فَنَالَتْ اَصَابِعُهُ بَلَلًا فَقَالَ مَا هٰذَا یَا صَاحِبَ الطَّعَامِ قَالَ اَصَابَتْهُ السَّمَاءُ
یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَفَلَا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ حَتّٰی یَرَاهُ النَّاسُ مَنْ غَشَّ فَلَیْسَ مِنِّیْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گذرے اوپر تودہ غلہ کے پس داخل کیا اپنا ہاتھ اوس میں پس پایا
انگلیوں حضرت کی نے تراوٹ کو پس فرمایا کیا ہے یہ تری اے مالک غلہ کے یعنی کیا سبب ہے تری پہونچی اور کیوں تر کیا کہا پہونچا تھا اسکو
مینہ یا رسول اللہ یعنی میں نے تر نہیں کیا مینہ سے تر ہو گیا فرمایا کیوں نہ کیا تو نے تر کو اوپر کے جانب غلہ کے تاکہ دیکھتے اسکو لوگ جو فریب دے
پس نہیں ہے مجھ سے یعنی میرے طریقہ پر نقل کی یہ مسلم نے **اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ** عَنْ جَابِرٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنِ الثُّنْیَا اِلَّا اَنْ تُعْلَمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ روایت ہے جابر سے کہا تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا
استثنا کرنے سے مگر یہ کہ جانا جاوے نقل کی یہ ترمذی نے ف یعنی کوئی بیچے یہ چیز مگر بعض اس میں سے نہیں بیچتا ہوں تو منع فرمایا ہے جہالت
بعض کے مگر اس صورت میں معلوم ہو کہ مقدار نہیں بیچی مثلا تہائی یا چوتھائی یا اس کے سوا تو درست ہے وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الْعِنَبِ حَتّٰی یَسْوَدَّ وَعَنْ بَیْعِ الْحَبِّ حَتّٰی یَشْتَدَّ هٰكَذَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ اَنَسٍ
وَالزِّیَادَةُ الَّتِیْ فِی الْمَصَابِیْحِ وَهِیَ قَوْلُهُ نَهٰی عَنْ بَیْعِ التَّمْرِ حَتّٰی تَزْهُوَ اِنَّمَا ثَبَتَتْ فِیْ رِوَایَتِهِمَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰی عَنْ بَیْعِ
النَّخْلِ حَتّٰی تَزْهُوَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ اور روایت ہے انس سے کہ منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے بیچنے انگور کے سے یہانتک کہ سیاہ ہو جاوے یعنی پک جاوے اور منع کیا بیچنے غلہ کے سے یہانتک کہ سخت ہو جاوے یعنی قابل انتفاع
ہو اسی طرح روایت کیا اسکو ترمذی اور ابو داؤد نے انس سے اور زیادتی کہ مصابیح میں ہے وہ قول اوسکا کہ منع کیا بیچنے کھجور کے سے
یہانتک کہ خوش رنگ ہو یہ زیادتی ثابت نہیں ہوئی ہے بیچ روایت ترمذی اور ابو داؤد کے مگر ابن عمر سے یعنی نہ انس سے اسطرح کہ کہا ابن
عمر نے منع کیا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے کھجور کے سے یہانتک کہ خوش رنگ ہو اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے ف
اس میں اعتراض ہے بغوی صاحب مصابیح پر ایک تو یہ کہ زیادتی مذکورہ انس سے روایت کی ہے اور وہ ابن عمر سے ہے اور دوسرا اعتراض یہ
کہ بیع الثمر نقل کیا اور ... نقل ہے وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ بَیْعِ الْكَالِئِ بِالْكَالِئِ
رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِیُّ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا بیچنے ادھار کے ساتھ ادھار کے نقل کی یہ دارقطنی نے ف
یعنی بیچنا ادھار کا ساتھ ادھار کے ... بیچنے والے کے بھی آیا ہے ... اور یہ ... ساتھ ادھار کے یہ ... ایک آدمی
... جب ... اور ... زیادہ ... مثلا
دس روپیہ کو دو چیز ... ایک برس ... منع
فرمایا ہے ... نہیں کی ... کہ ... زید ... بکر کو بیچا
... نہیں ... کہ بیع ادھار ... کی

ہو کر قبض نہیں کی ہے ۔ وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن
بيع العربان رواه مالك وابو داود وابن ماجة ۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے وہ نقل کرتے ہیں اپنے باپ سے اور وہ نقل کرتے ہیں اپنے دادا سے کہ منع
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعانہ کی بیع سے نقل کی یہ مالک نے اور ابوداود اور ابن ماجہ نے ۔ ف تفسیر اس کی یہ ہے کہ خریدے کوئی ایک چیز اور دیوے
بیچنے والے کو ایک پیسہ یا کچھ کم زیادہ اس شرط پر کہ اگر پوری ہوئی بیع تو وہ پیسہ قیمت میں محسوب ہوگا اور اگر پوری نہ ہوئی بیع تو رہیگا اسکے پاس نہیں لوٹائیگا
اسکو فارسی میں بیعانہ اور بیعانی کہتے ہیں شریعت میں یہ بیع باطل ہے اسواسطے کہ اسکی شرط ہی فاسد ہے اور اس میں دھوکا ہے اسواسطے کہ معلوم نہیں بیع ہو یا نہ ہو
اور اگر بیع ہوئی تو حق مول لینے والے کا ہی وہ پیسہ ہے اور جائز رکھا ہے اسکو امام احمد نے اور امام اعظم نے ۔ وعن علي قال نهى
رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع المضطر وعن بيع الغرر وعن بيع الثمرة قبل ان تدرك رواه ابو داود ۔ اور روایت ہے
حضرت علی سے کہ منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے مضطر کے سے اور بیچنے غرر سے اور بیچنے میوے کے سے پہلے پختہ ہونے کے نقل کی یہ ابوداود
نے ۔ ف بیچنے مضطر کے سے مراد بیچنے سے بیان فروخت یعنی منع فرمایا اس کو کہ کسی سے زبردستی کچھ خریدے اور یہ بیع فاسد ہے نہیں منعقد ہوتی یا مضطر
مضطر سے محتاج ہو کر ساتھ بیچنے کے بسبب ضرورت کے یا سبب کے کہ اوس پر پہنچا ہو اور بیچے کوئی چیز اپنے اموال میں ارزان یہ بیع جائز ہے لیکن مکروہ
ہے پس ہو کہ اوس سے خرید نہ کرے مستحب ہے لیکن اسکو کوئی کہے ساتھ اور قرض دیوے یا اسکی چیز کو ساتھ قیمت کے خریدے اور یہ بیع صحیح ہے لیکن ساتھ کراہت
کے اور بیع غرر کا بیان اوپر ہو چکا ہے اس باب میں ۔ وعن انس ان رجلا من كلاب سال النبي صلى الله عليه وسلم
عن عسب الفحل فنهاه فقال يا رسول الله انا نطرق الفحل فنكرم فرخص له في الكرامة رواه الترمذي ۔ اور روایت ہے
انس سے کہ ایک شخص نے قوم کلاب میں سے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اجرت جفتی نر کے سے اور ... کے لیے پس منع فرمایا اوسکو پس عرض کیا
اوسنے یا رسول اللہ ہم عاریت دیتے ہیں نر کو پھر انعام دیا جاتا ہے ہم کو یعنی کچھ اجرت ہم نہیں ٹھہراتے ہیں بلکہ اپنی خوشی سے انعام دیتے ہیں پس اجازت دی
حضرت نے اوسکو بیچ لینے انعام کے نقل کی یہ ترمذی نے ۔ وعن حكيم بن حزام قال نهاني رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ابيع ما
ليس عندي رواه الترمذي وفي رواية له ولابي داود والنسائي قال قلت يا رسول الله ياتيني الرجل فيريد مني
البيع وليس عندي فابتاع له من السوق قال لا تبع ما ليس عندك ۔ اور روایت ہے حکیم بن حزام سے کہ منع کیا مجھکو رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ بیچوں میں وہ چیز کہ جو نہیں نزدیک میرے نقل کی یہ ترمذی نے اور بیچ ایک روایت ترمذی اور ابی داود و نسائی کے یوں ہے کہ کہا
حکیم نے کہا میں نے یا رسول اللہ آتا ہے میرے پاس ایک شخص پس ارادہ کرتا ہے مجھ سے خریدنے ایک چیز کا اور نہیں ہوتی وہ نزدیک میرے پس بیچتا ہوں میں
اوسکے ہاتھ یعنی اوسکے ہاتھ ایک چیز بیچتا ہوں اور بازار سے مول لا کر حوالے کر دیتا ہوں فرمایا مت بیچ اوس چیز کو کہ نہیں نزدیک تیرے ۔ ف نہیں
نزدیک تیرے یعنی وہ چیز تیرے ملک میں نہیں وقت بیچنے کے پھر اس کی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ وہ چیز ملک میں نہ ہو اور نہ پاس ہو جو دوسرے کی ملک کی
بیچے یہ بیع نہیں دوسری صورت یہ کہ ملک میں ہو لیکن اسکے پاس نہیں ہو یا اسکو بیچنا چاہے بغیر اذن مالک کے لیکن اگر بیچیگا
بغیر اسکے اذن کے تو ہوگی وہ بیع موقوف مالک کے اذن پر نزدیک حنفیہ اور مالک رحمہما اللہ کے اور نزدیک امام شافعی کے اسکی بیع صحیح نہیں اور یہ کل پہلی
صورت کے حکم میں داخل ہے یا وہ چیز کہ قبض نہیں کی ہو یا گم ہو گئی ہو یا بھاگ گئی ہو مانند غلام کے یا قادر نہیں اوسکے حوالے کرنے پر مانند
ہوا میں پرند اور جل میں مچھلی اور یہ بیع غرر ہے اور حکم سلم کا کہ وہ جائز ہے بالاتفاق ساتھ شرطوں معلومہ کے بیان اونکا باب سلم میں آویگا انشاء اللہ تعالیٰ
۔ وعن ابي هريرة قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيعتين في بيعة رواه مالك والترمذي ١١

وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بیعوں سے ایک بیع میں نقل کی مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے **ف** اس حدیث کی دو تفسیریں ہیں ایک یہ کہ ایک شخص کسی سے کہے بیچا میں نے تیرے ہاتھ اپنا غلام یہ ہزار روپیہ کو بشرطیکہ اسے بیچے تو میرے ہاتھ اپنا گھر اتنے کو عوض سو روپیہ کے یہ درست نہیں اور دوسری یہ کہ کہے بیچا میں نے غلام اپنا تیرے ہاتھ دس روپیہ نقد کو یا بیس روپیہ ادھار کو یہ بھی نادرست ہے **وَعَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعَتَیْنِ فِیْ صَفْقَةٍ وَّاحِدَةٍ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ یعنی شعیب سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادے یعنی عبداللہ بن عمرو سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بیعوں سے بیچ ایک سودے کے نقل کی شرح السنۃ میں **ف** اس حدیث کے معنی اور اس سے پہلی حدیث کے معنی ایک ہیں **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ سَلَفٌ وَّبَیْعٌ وَلَا شَرْطَانِ فِیْ بَیْعٍ وَلَا رِبْحُ مَا لَمْ یُضْمَنْ وَلَا بَیْعُ مَا لَیْسَ عِنْدَكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حلال قرض اور بیع اور نہیں درست ہیں دو شرطیں کسی بیع میں اور نہیں درست نفع اوس مال کا جو کہ نہیں ضمان میں آیا اوسکے اور نہیں درست بیچنا اوس چیز کا کہ نہیں ہے پاس تیرے یعنی نہیں تیرے ملک میں نقل کی یہ ترمذی نے اور ابوداؤد اور نسائی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث صحیح ہے **ف** نہیں حلال قرض اور بیع یعنی کسی کے ہاتھ بیچنا اور اوس سے شرط کرنی کہ اسقدر روپیہ وغیرہ مجھکو قرض دینا پڑیگا درست نہیں یا معنی یہ ہیں کہ ایک شخص کسی کو قرض دے اور کچھ چیز اپنی اوسکے ہاتھ بیچے اوسکی قیمت سے زیادہ کو یہ بھی حرام ہے اسلئے کہ اوسکے قرض دینے سے وہ زیادہ قیمت دیتا ہے اور جو قرض کہ حاصل کرے منفعت کو وہ حرام ہے پس حیلہ سود خوروں کا نکالا ہوا ہے بچے اس سے اور نہیں درست ہیں دو شرطیں کسی بیع میں یعنی ایک بیع میں دو شرطیں نہ کرے جیسا کہ بیان ہو چکا اوپر بیچا ہزار کو جیسے کہ کہیں بیچی ایک چیز ساتھ دو شرطوں کے مثلاً کہے کہ بیچا میں نے تیرے ہاتھ یہ کپڑا اتنے کو بایں شرط کہ دھلا بھی دونگا اور سلا بھی دونگا اور کہا ہے کہ یہ دو شرطوں کی اتفاق ہے ایک شرط والی بیع میں بھی جائز نہیں اسلئے کہ وہ لوٹ جاتی ہے بیع اور شرط کی اور درست نہیں نفع اوس مال کا یعنی مثلاً ایک شخص نے ایک چیز مول لی اور ابھی اوسکو قبض نہیں کیا اور بیچ ڈالا نفع سے اوسکو کرایہ لیا اور جس چیز کو مول لینے والا کہ بیچنے والے کے ہاتھ کرایہ پر دے تو درست نہیں ہو اسلئے کہ اگر وہ چیز ضائع ہو جاوے تو بیچنے والے کی ضائع ہوتی ہے مول لینے والے کی کچھ نہیں جاتی پس نفع اوسکا حاصل ہوا تو حق بیچنے والے کا ہے مول لینے والے کا نہیں **وَعَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ اَبِیْعُ الْاِبِلَ بِالنَّقِیْعِ بِالدَّنَانِیْرِ فَاٰخُذُ مَكَانَهَا الدَّرَاهِمَ وَاَبِیْعُ بِالدَّرَاهِمِ فَاٰخُذُ مَكَانَهَا الدَّنَانِیْرَ فَاَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لَا بَاْسَ اَنْ تَاْخُذَهَا بِسِعْرِ یَوْمِهَا مَا لَمْ تَفْتَرِقَا وَبَیْنَكُمَا شَیْءٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا تھا میں بیچتا اونٹوں کو بیچ دیناروں کے نقیع میں کہ نام ایک جگہ کا ہے قریب مدینہ کے پھر لیتا میں بدلے دیناروں کے درہم اور بیچتا میں اونٹوں کو بیچ درہموں کے اور لیتا میں بدلے درہموں کے دینار پھر آیا میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ذکر کیا میں نے یہ واسطے اونکے پس فرمایا نہیں مضائقہ کہ لیوے تو دیناروں کو بدلے درہموں کے یا درہموں کو بیچ دیناروں کے موافق نرخ اوس دن کے یعنی وقت لینے کے جبتک نہ جدا ہو تم ایک دوسرے سے اس حال میں کہ درمیان تمہارے ہو کوئی چیز نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے **ف** درہم چاندی کے ہوتے ہیں اور دینار سونے کے اور اس سے معلوم ہوا کہ اگر ایک چیز بیچے روپیوں سے اور لیوے بدلے اونکے اشرفیاں تو یہ یا بدلے اشرفیوں کے روپیہ تو درست ہے اور نرخ اسی دن کی جو قیمت لانے کا ہے بنابر اسکے کہ ہو جاتا ہے نرخ عیب بیچ ہو اور درمیان تمہارے ہو کوئی چیز یعنی قبض نہ کیا ہو بیع اصل کو یا عوض کو یعنی یہ بدل کہ نقد یا درہم کا ہے اس میں پایا جانا شرط ہے

اور کسی مجلس کے قبض آپس میں کریں بیع نقد کے ساتھ نسیہ میں وصف سود کے لازم نہ آوے اور ربوا نہ متحقق ہو کہ حضرت شیخ علی متقی کہ
مطلع ہیں جب غلام کو بازار میں بھیجتے تو نصیحت کر دیتے کہ ہشیار رہنا معاملہ دست بدست کرنا آپس کے قبض کر لینے میں فرق نہ رہنا درمیان میں ورنہ واقع ہو اور کہا
ابن ہمام کہ درہم میں متعین نہیں ہوتی یہاں تک کہ اگر کہا دینے والے کو ایک درہم جو ہے اسکے بدلے یہ چیز لیتا ہوں [illegible] وہ چیز [illegible] دے اور اسکو اور درہم
جائز ہے جدا ہوں دونوں بالبیت میں یکساں ہیں۔ وَعَنِ الْعَدَّاءِ بْنِ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ أَخْرَجَ كِتَابًا هٰذَا مَا اشْتَرَى الْعَدَّاءُ بْنُ
خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرٰى مِنْهُ عَبْدًا أَوْ أَمَةً لَا دَاءَ وَلَا غَائِلَةَ وَلَا خِبْثَةَ بَيْعَ الْمُسْلِمِ
الْمُسْلِمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ اور روایت ہے عداء بن خالد بن ہوذہ سے کہ نکالا ایک خط کہ اس میں لکھا تھا کہ یہ وہ ہے جسکو خریدا عداء بن
خالد بن ہوذہ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خریدا اونسے غلام یا لونڈی نہیں بیماری اور نہیں بری عادت [illegible] یہ مانند خریدنے مسلمان کے
مسلمان سے نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے ف یا لونڈی میں شک راوی ہے کہ کسی راوی کو شک ہوا ہو کہ غلام لکھا تھا یا لونڈی
اور نہیں بیماری مراد بیماری سے یہاں جنون اور جذام اور کوڑھ اور مانند اسکے کے ہے اور مراد بدی سے وہ عیب ہے کہ موجب [illegible] مشتری کا ہو
مانند ہونے غلام کے چور یا بھگوڑا اور نہیں برائی اوسکی اصل میں کہ پیدا ہوتی ہے اوس سے افعال و اخلاق برے مانند ہونے اوسکے ولد الزنا یا فاسق یا
حرامی یا جھوٹا اور خریدنا [illegible] اشارہ ہے ساتھ رعایت خیر خواہی در حقوق اسلام اس بیع میں طرفین سے حاصل یہ کہ یہ غلام اچھا ہے عیب دار نہیں
اور اس بیع میں طرفین سے دغا اور فریب نہیں اور یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہیں ہم اسکو مگر حدیث عباد بن لیث سے اور عباد ضعیف ہے اور کچھ
نہیں اور کہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہجرت کے بیع نہیں واقع ہوئی مگر اور پہلے ہجرت کے بیع اور شرا دونوں ہوئے ہیں [illegible] بخاری میں
یہ حدیث [illegible] ہے اشتری محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من العداء بن خالد [illegible] حضرت نے [illegible] عکس اسکا
معلوم ہوا ہے۔ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاعَ حِلْسًا وَقَدَحًا فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِي هٰذَا الْحِلْسَ وَالْقَدَحَ
فَقَالَ رَجُلٌ أَخَذْتُهُمَا بِدِرْهَمٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَزِيدُ عَلٰى دِرْهَمٍ فَأَعْطَاهُ رَجُلٌ دِرْهَمَيْنِ فَبَاعَهُمَا مِنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ اور روایت ہے انس سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچا ٹاٹ اور پیالہ یعنی ارادہ کیا بیچنے کا پس فرمایا کون خریدتا ہے
اس ٹاٹ اور پیالہ کو پس کہا ایک شخص نے لیتا ہوں میں ان دونوں کو ایک درہم کو پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کون ہے کہ زیادہ دے
ایک درہم پر پس دیے اونکو ایک شخص نے دو درہم پس بیچا اون دونوں کو حضرت نے اوس شخص کے ہاتھ نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن
ماجہ نے ف منقول ہے کہ ایک شخص انصار سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سوال کرنے کو آیا حضرت نے اوسکو کہا کیا ہے تیرے گھر میں کہا نہیں ہے میرے
پاس مگر ٹاٹ اور ایک پیالہ پس لایا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچا ان دونوں کو [illegible] ایک [illegible] پر وہ
لے آیا اور حضرت نے اوسکو [illegible] کیا [illegible] بیع [illegible] میں درست ہے اور یہ جو کہا ہے
کہ ایک کے چلنے پر دوسرا نہ چلے [illegible] لینے والا ایک مول پر راضی ہو گئے ہوں [illegible]
ہو [illegible]
کرنا [illegible] الْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ بَاعَ عَيْبًا لَمْ يُنَبِّهْهُ لَمْ يَزَلْ فِي مَقْتِ اللّٰهِ أَوْ لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِكَةُ تَلْعَنُهُ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ اور روایت ہے
واثلہ بن اسقع سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص کہ بیچے عیب دار چیز کہ نہ خبر دار کیا ہو اوسکے عیب پر ہمیشہ رہتا ہے غضب

اُس کے یا فرمایا ہمیشہ فرشتے لعنت کرتے ہیں اُسکو نقل کیا ابن ماجہ نے

باب یہ باب متعلق ہے پہلے باب کے

الفصل الاول

فصل پہلی عَنْ ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ابتاع نخلا بعد ان تؤبر فثمرتها للبائع الا ان یشترط المبتاع ومن ابتاع عبدا وله مال فماله للبائع الا ان یشترط المبتاع رواہ مسلم وروی البخاری المعنی الاول وحده۔ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص خریدے درخت کھجور کا بعد تابیر کے پس میوہ اُسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنے والا اور جو شخص کہ خریدے غلام واسطے اُسکے ہو مال پس مال اُسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنے والا نقل کیا یہ مسلم نے اور روایت کیا بخاری نے پہلا جز فقط یعنی من ابتاع نخلا الخ ف تابیر اُسکو کہتے ہیں کہ رکھتے ہیں پھول نر کھجور کے درخت کا بیچ پھول مادہ درخت کھجور کے اور اس سبب سے میوہ زیادہ ہوتا ہے حکم الٰہی سے پس یا اگر کوئی بعد تابیر کے درخت کھجور کا مول لے تو میوہ اُس کا پھل ایک بیچنے والے ہی کا ہوتا ہے مگر جس صورت میں کہ مول لینے والا شرط کرے یعنی کہہ کر لیا میں نے درخت کھجور کا ساتھ اس پھل کے تو مول لینے والے کا ہوتا ہے اور یہی حکم بغیر تابیر کے ہو لیگا ہمارے نزدیک اور کہا مالک اور شافعی اور احمد نے کہ بغیر تابیر کیے ہوئے کا ہوتا ہے پھل مول لینے والے کا مگر یہ کہ شرط کرے بیچنے والا اپنے لیے تو اُسکا ہوتا ہے اور جو کوئی غلام اور اُسکے لیے مال ہو یعنی بسبب ظاہر کے کہ اُسکے ہاتھ میں ہو وہ تو غلام مالک نہیں ہوتا پس وہ مال بائع کا ہے مگر جس صورت میں کہ شرط کرے مول لینے والا تو اُسکا ہوتا ہے اور اس حدیث میں دلیل ہے اُس پر کہ کپڑے غلام کے جو پہنے ہوتا ہے نہیں داخل ہوتے بیچ میں مگر جبکہ شرط کرے لینے والا اور بعض ہمارے عالموں نے کہا ہے کہ داخل ہوتے ہیں اور بعضوں نے کہا کہ کپڑا بقدر ستر ڈھکنے کے داخل ہے اور زیادہ نہیں اور صحیح یہی ہے کہ نہیں داخل ہوتا کپڑا بموجب ظاہر حدیث کے ۲ وعن جابر انه كان يسير على جمل له قد اعيا فمر النبي صلى الله عليه وسلم به فضربه فسار سيرا ليس يسير مثله ثم قال بعنيه بوقية قال فبعته فاستثنيت حملانه الى اهلي فلما قدمت المدينة اتيته بالجمل ونقدني ثمنه وفي رواية فاعطاني ثمنه ورده علي متفق عليه وفي رواية للبخاري انه قال لبلال اقضه وزده فاعطاه وزاده قيراطا

اور روایت ہے جابرؓ سے یہ کہ وہ چلتے تھے اپنے اونٹ پر کہ تھک گیا تھا یعنی بہت [illegible] پھر گذرے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جابر پر پس مارا حضرت نے اونٹ کو یعنی چھڑی سے یا کوڑے سے پس چلا وہ اونٹ ایسا چلنا کہ نہیں چلتا تھا مانند اُسکے یعنی دست مبارک کی برکت سے ایسا تیز رفتار ہو گیا کہ پہلے ویسا نہ تھا پھر فرمایا حضرت نے کہ بیچ میرے ہاتھ اسکو ساتھ وقیہ کے اور وقیہ چالیس درہم کا ہے بیچا میں نے اونٹ کو اور مستثنی کی میں نے سواری اُسکی اپنے گھر تک پس جب آیا میں مدینہ میں لایا میں حضرت کے پاس اونٹ کو اور دیا مجھکو مول اُسکا اور ایک روایت میں ہے کہ پس دیا مجھکو مول اُسکا اور پھیر دیا اونٹ مجھ پر یعنی مول بھی دیا اور اونٹ بھی عطا کیا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ایک روایت بخاری کی میں ہے کہ فرمایا حضرت نے بلال کو کہ ادا کر مول اونٹ کا اور زیادہ دے پس دیا بلال نے اُنکو اور زیادہ دیا اُنکو ایک قیراط کہ نام حصے درہم کا ہے ف اور یہ جو ذکر ہوا کہ مستثنی کی میں نے سواری مراد اُس سے یہ ہے کہ استثنا کی جابر نے یعنی شرط کر لی جابر نے کہ مدینہ تک اُس اونٹ پر سوار چلونگا اور یہ ایک دلیل ظاہر ہے جس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے بیچنا جانور کا ساتھ شرط کرنے بائع کے سواری لینے کو اپنے لیے ایک مدت تک چنانچہ امام احمد کا مذہب یہی ہے اور امام مالک کے نزدیک جائز ہے اگر شرط کی ہو مسافت نزدیک کی چنانچہ یہاں ایسا ہی تھا اور امام ابو حنیفہ اور امام شافعی جائز نہیں کہتے ہیں اسلیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے بیع سے کہ جسمیں شرط ہو [illegible] مسافت سبب ہو خواہ لمبی [illegible] کیونکہ حدیث میں ہے کہ منع کیا حضرت نے بیع اور شرط سے اور اس حدیث کا وہ جواب ہے [illegible] یہ بات خاص جابر کی [illegible] جائز [illegible] بعد بیع کے بطور [illegible] ۳ وعن عائشة قالت جاءت بريرة فقالت اني كاتبت على تسع اواق في كل

عام وقية فأعينيني فقالت عائشة إن أحب أهلك أن أعدها لهم عدة واحدة وأعتقك فعلت ويكون
ولاؤك لي فذهبت إلى أهلها فأبوا إلا أن يكون الولاء لهم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم خذيها فأعتقيها
ثم قام رسول الله صلى الله عليه وسلم في الناس فحمد الله وأثنى عليه ثم قال أما بعد فما بال رجال
يشترطون شروطا ليست في كتاب الله ما كان من شرط ليس في كتاب الله فهو باطل وإن كان مائة شرط
فقضاء الله أحق وشرط الله أوثق وإنما الولاء لمن أعتق متفق عليه اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا آئی بریرہ اور کہا کہ
مکاتبت کی تھی میں نے نو اوقیہ پر کہ ہر سال میں ایک اوقیہ دونگی پس مدد کرو میری پھر کہا عائشہ نے بریرہ کو کہ اگر چاہیں مالک تیرے یہ کہ دوں میں
اور گنوں اونکو ایک مرتبہ سب کے سب اور آزاد کروں میں تجھکو تو کروں میں اور ہو حق ولا تیرا مجھکو پس گئی بریرہ طرف مالکوں اپنے کے پس چاہا
اونہوں نے اور کہا کہ نہیں چاہتے ہیں ہم مگر اس طرح سے کہ ہو حق ولا کا ہمارے لیے پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عائشہ صدیقہ کو کہ لے اوسکو اور
آزاد کر اوسکو یعنی اور ولا تجھکو پہونچے گی پھر خطبہ فرمایا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں میں پس حمد کی اللہ کی اور تعریف کی اوسکی پھر فرمایا
پیچھے اسکے کیا حال ہے اون لوگوں کا کہ کرتے ہیں شرطیں کہ نہیں ہے وہ کتاب اللہ میں یعنی نامشروع ہیں جو شرط کہ نہیں کتاب اللہ میں پس وہ باطل ہے
اگرچہ ہوں سو شرطیں یعنی اگر سو شرط کرے تو بھی پس حکم اللہ کا لائق تر ہے کہ عمل کیا جاوے اور شرط اللہ کی مضبوط تر ہے اور سوا اسکے نہیں کہ ولا واسطے
اوسکے ہے کہ آزاد کرے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** بریرہ حضرت عائشہ کی لونڈی کا نام ہے پہلے وہ ایک یہودی کی لونڈی تھیں اونہوں نے کتابت
کی اپنے مالکوں سے اور کتابت اوسکو کہتے ہیں کہ مالک آزاد کرے بردہ کو اس شرط پر کہ اسقدر روپیہ مجھکو ادا کرے گا اور وہ قبول کرے پھر اگر ادا کرے
اوسکو تو وہ آزاد ہو اور نہیں تو جیسا اوس کے ملک میں تھا پس وہ حضرت عائشہ پاس آئیں اور کہا کہ میں نے کتابت کی ہے نو اوقیہ پر کہ ہر سال ایک اوقیہ
دیا کرونگی اور اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے پس میرے پاس کوئی چیز نہیں کچھ مدد کریں آپ میری بیچ کتابت میرے ادا کرنے میں حضرت عائشہ نے کہا کہ تیرے مالک اگر
چاہیں یکمشت نو اوقیہ دوں یعنی تیری قیمت میں یا خریدلوں تجھکو اور آزاد کروں تو کروں یہ اور جواز کتابت یعنی صورت مذکور میں بیچ ڈالنا مکاتب کے ادا کرنے
بدل کتابت سے جائز ہے اور ولا کہتے ہیں حق آزادی کو کہ کوئی شخص اپنے غلام کو آزاد کرے اور غلام آزاد مرجاوے اور مال چھوڑ جاوے اور وارث اوسکا کوئی عصبہ نہ ہو تو آزاد
کرنیوالا اوس مال کا وارث ہو پس بریرہ کے مالکوں نے چاہا کہ عائشہ خریدیں بریرہ کو اور ولا اوسکا ہمارے لیے ہو یہ شرط لگائی اونکی غرض تھی اونہوں نے شرط کی کہ عائشہ آزاد
کریں اور ولا اونکے لیے ہو اور ولا اوسکے لیے ہوا کرے کہ جو آزاد کرے پس یہ بات حضرت عائشہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی اور پھر حضرت نے خطبہ
پڑھا اور کلام مذکور فرمایا ۔ **وعن** ابن عمر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الولاء وعن هبته
متفق عليه اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے ولا سے اور ہبہ کرنے اوسکے سے نقل کی یہ بخاری اور
مسلم نے **ف** یعنی اگر ایک شخص نے غلام اپنا آزاد کیا اور حق ولا اوسکے لیے ثابت ہوا اب بیچا چاہے کہ اور حق کو اسکے اور ہبہ کیا چاہے تو درست نہیں ہے کیونکہ
ولا قابل نقل نہیں ہے کہ اوسکو بیچے یا بخشے سب علما کا مذہب یہی ہے

الفصل الثاني

عن مخلد بن خفاف قال
ابتعت غلاما فاستغللته ثم ظهرت منه على عيب فخاصمت فيه إلى عمر بن عبد العزيز فقضى لي برده وقضى علي برد
غلته فأتيت عروة فأخبرته فقال أروح إليه العشية فأخبره أن عائشة أخبرتني أن رسول الله صلى الله عليه
وسلم قضى في مثل هذا أن الخراج بالضمان فراح إليه عروة فقضى لي أن آخذ الخراج من الذي قضى به علي
له رواه في شرح السنة روایت ہے مخلد بن خفاف سے کہ کہا خریدا میں نے ایک غلام پس حاصل کی میں نے کمائی اوسکی پھر مطلع ہوا میں ایک عیب پر اوسکے

بیچ والے پہ پس جھگڑا لیگیا میں اس غلام کے مقدمہ میں طرف عمر بن عبدالعزیز کے کہ خلیفہ تھے پس حکم کیا واسطے میرے ساتھ پھیرنے غلام کے اور حکم
کیا پھیرنے ساتھ پھیرنے کمائی لڑکے کے پس آیا میں عروہ بن زبیر کے پاس کہ کبار تابعین اور فقہائے سبعہ سے تھے اور خبر دی میں نے اونکو پس عمر بن عبدالعزیز کے
اس حکم کرنے کی پس کہا عروہ نے جاؤنگا میں طرف عمر بن عبدالعزیز کے آخر روز یا وقت شام کے اور خبر دونگا میں اونکو یہ کہ حضرت عائشہؓ نے خبر دی مجھکو
یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا بیچ مانند اس قصے کے یہ کہ منفعت بعوض ضمان یعنی تاوان بھرنے کے پس گئے طرف عمر بن عبدالعزیز کے عروہ پس حکم
کیا عمر بن عبدالعزیز نے واسطے میرے یہ کہ لوں میں کمائی غلام کی اوس شخص سے کہ حکم کیا تھا ساتھ اوسکے پھیرنے واسطے اوسکے نقل کی یہ شرح السنۃ میں
ف بعوض ضمان بھرنے کے یعنی اگر غلام اس حالت میں مرجاتا یا ناقص ہوجاتا تو مول لینے والے کا نقصان ہوتا ہے اور یہ کہ تھا پس اگر منفعت حاصل
تو بھی مول لینے والے کی ہوئی مولانا مرآۃ **وعن** عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اختلف
البیعان فالقول قول البائع والمبتاع بالخیار رواہ الترمذی وفی روایۃ ابن ماجۃ والدارمی قال البیعان اذا اختلفا
والمبیع قائم بعینہ ولیس بینھما بینۃ فالقول ما قال البائع او یترادان البیع اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے
کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ اختلاف کریں بائع و مشتری پس قول قول بیچنے والے کا ہے اور لینے والا مختار ہے نقل کی
یہ ترمذی نے اور بیچ روایت ابن ماجہ اور دارمی کے کہا ہے کہ فرمایا حضرت نے بیچنے والا اور لینے والا جس وقت کہ خلاف کریں اور وہ چیز کہ بکی ہے قائم ہو
جوں کی توں اور شہود درمیان ان دونوں کے نہ ہو پس قول معتبر ہے کہا بیچنے والے نے یا پھیر دیں دونوں بیع کو ف جس وقت کہ اختلاف کریں بائع
مشتری بیچ قدر مول میں یا شرط خیار میں یا مدت میں شہادت نہ ہو اور شرط میں تو قول قول بیچنے والے کا ہے مع ساتھ قسم کے کہ قسم دیجاوے کہ نہیں بیچا واسطے اتنے کو
اور مول لینے والا اختیار رکھتا ہے اگر چاہے راضی ہو ساتھ اوس چیز کے کہ قسم کھائی ہے اوسپر بائع نے اور اگر چاہے قسم کھاوے کہ نہیں لیا ہے میں نے اتنے میں بلکہ
مگر اتنے کو پھر اگر دونوں نے قسم کھائی پس اگر راضی ہو ایک دونوں میں سے ساتھ قول دوسرے کے تو بہتر اور اگر راضی نہ ہو فسخ کرے قاضی عقد کو خواہ مبیع
قائم ہو یا نہ قائم ہو یہ مذہب شافعی کا ہے اور نزدیک امام ابی حنیفہ کے اور مالک کے نہ قسم کھاویں یہ دونوں وقت ہلاک ہونے مبیع کے بلکہ قول مشتری کا
قول معتبر ہو ساتھ قسم کے اور بعد بیع قائم ہونے کے پس ان دونوں مذہب کے اور قول وہ ہے کہ کہا بیچنے والے نے یعنی جس صورت میں کہ مبیع قائم
تو بیچنے والے قسم کھاوے کہ نہیں بیچا میں نے سوا اس کے اور لینے والے کو اختیار ہے کہ اوسے لے یا رد کرے یا دونوں فسخ کریں بیع کو اور اگر ہو مبیع قائم وقت نزاع کے تو قول
قول مشتری کا ہے ساتھ قسم کے اور یہ قسم دیجاوے بیچنے والے کو یہ مذہب ابی حنیفہ اور مالک کا ہے ذکر کیا طیبی نے [illegible]
فصل ہے جسکو تفصیل اسکی دیکھنی چاہو تو ہدایہ میں دیکھے **وعن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اقال
مسلما اقالہ اللہ عثرتہ یوم القیامۃ رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ وفی شرح السنۃ بلفظ المصابیح عن شریح الشامی
مرسلا اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پھیر دے بیع مسلمان کی تو معاف کرے اللہ تعالیٰ گناہ اوسکے دن
قیامت کے نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور شرح السنہ میں یہ حدیث ہے ساتھ ان الفاظ کے کہ مصابیح میں ہے شریح شامی سے بطریق ارسال کے
ف شرح السنہ میں لکھا ہے کہ اقالہ بیع میں [illegible] پہلے قبض کرنے کے اور بعد اسکے اور اقالہ کہتے ہیں فسخ کرنے بیع کو اور ابن ماجہ میں [illegible]
متصل ہے اسکی [illegible] حاکم نے ابی ہریرہ سے اور مصابیح میں یہ حدیث یوں ہے من اقال نادما بیعتہ اقال اللہ عثرتہ یوم القیامۃ
اور بطریق ارسال کے [illegible] مصنف بغوی [illegible] ترک کیا اولی [illegible] متصل [illegible]

الفصل الثالث

فصل تیسری **عن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ادخل اللہ رجلا کان قبلکم الجنۃ [illegible]

الَّذِی اشْتَرَی الْعَقَارَ فِی عَقَارِہٖ جَرَّۃً فِیْہَا ذَہَبٌ فَقَالَ لَہُ الَّذِی اشْتَرَی الْعَقَارَ خُذْ ذَہَبَکَ مِنِّیْ اِنَّمَا اشْتَرَیْتُ مِنْکَ الْاَرْضَ وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْکَ الذَّہَبَ فَقَالَ بَائِعُ الْاَرْضِ اِنَّمَا بِعْتُکَ الْاَرْضَ وَمَا فِیْہَا فَتَحَاکَمَا اِلٰی رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِیْ تَحَاکَمَا اِلَیْہِ اَلَکُمَا وَلَدٌ فَقَالَ اَحَدُہُمَا لِیْ غُلَامٌ وَقَالَ الْاٰخَرُ لِیْ جَارِیَۃٌ فَقَالَ اَنْکِحُوا الْغُلَامَ الْجَارِیَۃَ وَاَنْفِقُوْا عَلٰی اَنْفُسِہِمَا مِنْہُ وَتَصَدَّقَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص نے ان لوگوں میں سے کہ تھے پہلے زمین ایک شخص سے مول لی اوس شخص نے کہ خریدی تھی زمین بیچ زمین اپنی کے ایک ٹھلیا کہ اوس میں تھا سونا پس کہا بیچنے والے کو اوس شخص نے کہ مول لی تھی زمین لے سونا اپنا مجھ سے نہیں خریدی میں نے تجھ سے مگر زمین اور نہیں خریدا میں نے سونا پس کہا بیچنے والے زمین کے نے کہ نہیں بیچی میں نے تیرے ہاتھ مگر زمین اور جو چیز کہ اوس میں ہے پس مقدمہ لے گئے دونوں طرف ایک شخص کے پس کہا اوس شخص نے کہ قصہ لیکے تھے طرف اوسکے کیا ہے تم دونوں کی اولاد پس کہا ایک نے کہ میرا لڑکا ہے اور کہا دوسرے نے کہ میری لڑکی ہے پس کہا اوس شخص نے کہ نکاح کر دو لڑکی کا لڑکے سے اور خرچ کرو اوپر اون دونوں کے اوس سے اور خیرات کرو بھی نقل کی ہے بخاری اور مسلم نے ف کہا بعضوں نے کہ یہ فیصلہ کرنیوالے حضرت داؤد تھے اور کہا نووی نے کہ اس حدیث میں دلیل ہے اوپر فضیلت صلح کرا دینے کے درمیان جھگڑنے والے اور لینے والے کے اور قاضی کو مستحب ہے صلح کروا دینی دونوں جھگڑنے والوں میں جیسے کہ مستحب ہے غیر قاضی کو

باب السلم والرہن

باب سلم اور بیان حکم اور گروی کے ف سلم نام ہے اوس بیع کا کہ بالفعل نقد مول روپیہ یا اشرفی دی اور مبیع یعنی ایک جنس ٹھہرا لے کہ اتنی مدت میں مثلاً ایک مہینے میں یا دو مہینے میں مثلاً ایک روپیہ ایک شخص کو دیدے اور اوس سے ٹھہرا لیا کہ دو مہینے میں گیہوں سو من اس کے مجھ کو دینگے اسکو عربی میں بیع سلم کہتے ہیں اور کبھی سلف بھی کہتے ہیں اور ہندی میں دھنی بھی کہتے ہیں جو اسکی شرطیں پائی جاویں تو یہ بیع درست ہو اور شرطیں اوسکی سولہ ہیں چھ بیچ المال میں اور دس مسلم فیہ میں چھ شرطیں راس المال میں یہ ہیں بیان کرنا جنس کا کہ درہم ہیں یا دینار ہیں یا اور جنس ہے اور بیان کرنا نوع کا کہ دینار مصری ہیں یا درہم یا دینار ہیں یا سمرقندی یا کلدار یا حالی یا ذنب کے اور بیان کرنا صفت کا کہ روپیہ کھرے ہیں یا کھوٹے اور معلوم کرنا مقدار راس المال کا مثلاً سو ہیں یا دو سو ہیں اور یہ شرط فی نقد دینا وقت پر رکھنا اور قبض کرنا اوسی مجلس میں یعنی مجلس عقد میں اور دس شرطیں مسلم فیہ میں یہ ہیں بیان کرنا جنس مسلم فیہ کا مثلاً گیہوں ہیں یا جو ہیں اور بیان کرنا نوع کا کہ گیہوں کس دیس کے ہیں اور بیان کرنا صفت کا کہ اچھے ہیں یا برے اور بیان کرنا مسلم فیہ کے قدر کا مثلاً دس من یا بیس من اور مسلم فیہ اوس قسم سے ہو کہ تعیین ہو جاتی ہے تعیین کرنے سے پس نہیں درست سلم نقود میں اور بیان کرنا مدت کا کہ اتنی مدت میں لیں گے دو مہینے میں یا چار مہینے میں اور ادنی درجہ مدت کا ایک مہینہ ہے اور نہ موقوف ہو وہ چیز عالم میں جس وقت سے عقد کیا ہے اوس وقت سے لیکے وقت تک وہ چیز موجود ہو اگر اوس عرصہ میں نہ موجود ہوا تو اوس میں سلم نہیں درست اور یہ ہو کہ عقد بیع سلم کا بعدل خیار کے یعنی شرط کرنا خیار کا اس میں نہیں چاہیے اور بیان کرنا مکان کا کہ اس جگہ مسلم فیہ دینگے اگر وہ مسلم فیہ بوجھ اور بار والا ہو اور مسلم فیہ ایسی چیز ہو کہ بیان کرنے جنس اور صفت کے سے وہ چیز معلوم ہو جاوے پس جو چیز ایسی ہو کہ بیان کرنی جنس اور نوع اور صفت کے سے معلوم اور متعین نہ ہو جیسے جواہرات اور بعض اقسام کپڑوں کے تو اوس میں سلم نہیں درست اور باقی تفصیل اوسکی فقہ میں دیکھنی چاہیے واللہ اعلم

الفصل الاول

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَۃَ وَہُمْ یُسْلِفُوْنَ فِی الثِّمَارِ السَّنَۃَ وَالسَّنَتَیْنِ وَالثَّلٰثَ فَقَالَ مَنْ سَلَّفَ فِیْ شَیْءٍ فَلْیُسْلِفْ فِیْ کَیْلٍ مَعْلُوْمٍ وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ اِلٰی اَجَلٍ مَعْلُوْمٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ روایت ہے ابن عباس سے کہا تشریف لائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں ہجرت کر کے اور مدینہ کے لوگ بیع سلم کرتے تھے ایک سال کی میعاد پر اور دو سال کی اور تین سال کی یعنی میوہ جات میں اوسکی میعاد کرتے تھے کبھی ایک سال کی اور کبھی دو سال اور کبھی تین سال پس فرمایا حضرت نے کہ جو شخص بیع سلم کرے کسی چیز میں پس چاہیے کہ سلم کرے بیچ کیل معلوم میں یعنی مثلاً اوس کیل کا پیمانہ

کیل معلوم اور وزن معلوم میں مدت معلوم تک نقل کیا اسکو بخاری اور مسلم نے ف وزن معلوم میں یعنی جو کوئی بیع سلم کرے اور چیزیں کہ بیچی جاتی ہیں تول کر
جیسے زعفران وغیرہ تو سلم کرے وزن معلوم میں مثلاً چار تولہ یا پانچ تولہ اور مدت معلوم تک جیسے ایک مہینہ یا ایک برس یا مانند اسکے کہا اور ظاہر
اس حدیث کا دلالت کرتا ہے اس پر کہ مدت معلوم کا ہونا اس میں شرط ہے اور یہی مذہب ہے ابو حنیفہ اور مالک اور احمد کا اور امام شافعی کے نزدیک مدت
معلوم کا ہونا اس میں شرط نہیں وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اشْتَرَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا مِنْ يَهُودِيٍّ إِلَى أَجَلٍ وَرَهَنَهُ
دِرْعًا لَهُ مِنْ حَدِيدٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا خریدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ غلہ ایک یہودی سے بوعدہ ایک مدت
معلوم کے اور گرو رکھی اسکے پاس اپنی زرہ لوہے کی نقل کیا یہ بخاری اور مسلم نے ف اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے کچھ مول لینا نسیئہ یعنی بوعدہ اور جائز ہے
پھر گرو رکھنا بیچ دین کے اور جائز ہے گرو رکھنا حضر یعنی شہر میں اگرچہ کتاب اللہ میں قید سفر کی ہے یعنی وان کنتم علی سفر ولم تجدوا کاتبا فرہان مقبوضۃ قید سفر کی
اس میں اتفاقی ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جائز ہے معاملہ کرنا ساتھ اہل ذمہ کے اسلئے کہ اجماع ہے مسلمانوں کا اس پر کہ جائز ہے معاملہ کرنا اہل ذمہ سے اور ان کا مال جبکہ
نہ ثابت ہو حرام ہونا اوس مال کا کہ اون کے پاس ہے لیکن نہیں جائز ہے مسلمان کو بیچنا ہتھیار کا اور اسباب لڑائی کا حربیوں کے ہاتھ اور نہیں جائز ہے مطلق کافر کے
ہاتھ بیچنا اوس چیز کا کہ باعث تقویت اونکے دین کی ہے اور نہیں جائز ہے بیچنا مصحف کا اور غلام مسلمانوں کا اونکے ہاتھ اور کہا نووی نے کہ اس میں بیان
ہے اسکا کہ حضرت دنیا میں قلت مال کی رکھتے تھے اور یہ بھی اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے گرو کرنا اسباب اور ہتھیار کا اہل ذمہ کے پاس اور حضرت نے جو معاملہ
گرو کا یہودی سے کیا اور صحابہ سے نہ کیا تو کہا ہے بعضوں نے کہ شاید بیان جواز کے لئے کیا اور بعضوں نے کہا کہ اسلئے کیا کہ وہاں غلہ زیادہ حاجت سے کسی پاس نہ تھا
سوا یہودی کے وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهُ مَرْهُونَةٌ عِنْدَ يَهُودِيٍّ بِثَلَاثِينَ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ
رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا وفات کئے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس حالت میں کہ زرہ اونکی گرو تھی نزدیک
یہودی کے بعوض تیس صاع جو کے نقل کیا یہ بخاری نے وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظَّهْرُ يُرْكَبُ
بِنَفَقَتِهِ إِذَا كَانَ مَرْهُونًا وَلَبَنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ بِنَفَقَتِهِ إِذَا كَانَ مَرْهُونًا وَعَلَى الَّذِي يَرْكَبُ وَيَشْرَبُ النَّفَقَةُ رَوَاهُ
الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور سواری کا سواری لیجاوے بدلے خرچ کرنے اوسکے کے جس وقت کہ
ہو وہ گرو اور دودھ جانور شیردار کا پیا جاوے بدلے خرچ کرنے اوسکے کے جس وقت کہ ہو وہ گرو اور جو سواری کرے اور دودھ پیوے اوسپر خرچ ہے نقل کیا
یہ بخاری نے ف ملا علی قاری نے اول حدیث کے تحت میں لکھا ہے کہ یعنی جائز ہے گرو رکھنے والے کو سوار ہونا بسبب اٹھانے خرچ کے اوپر گرو کیا ہے
بسبب کہ اس پر ہونا خرچ کا ہے مسئلہ اور یہی مذہب ہے ابو حنیفہ اور شافعی کا انتہی اور حضرت شیخ نے اخیر حدیث کے تحت میں لکھا ہے کہ یعنی جو کوئی سوار ہووے
اور دودھ پیا اوسپر نفقہ ہے راہن ہو یا مرتہن یعنی اگر مرتہن گرو کے جانور کو اپنے مالک کی اجازت سے سوار ہو اور دودھ پیوے اور اگر راہن یا مالک اجازت دے اسکو
جائز ہے سوار ہونا اور دودھ پینا اور یہ حدیث دلالت کرتی ہے اس پر کہ جائز ہے مرتہن کو نفع اٹھانا ساتھ گرو کے اور خرچ کرنا اوسپر اور جمہور علما نے
اسکے برخلاف ہدایہ میں لکھا ہے کہ نہیں جائز ہے مرتہن کو کہ نفع لے ساتھ گرو کے اور نہ خرچ کرنا راہن پر ہے اسلئے کہ جو قرض حاصل کرے نفع کو حرام ہے اور
کہا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے ساتھ حدیث آئندہ کے الفصل الثانی عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ رَسُولَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَغْلَقُ الرَّهْنُ الرَّهْنَ مِنْ صَاحِبِهِ الَّذِي رَهَنَهُ لَهُ غُنْمُهُ وَعَلَيْهِ غُرْمُهُ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ مُرْسَلًا
وَرُوِيَ مِثْلُهُ أَوْ مِثْلُ مَعْنَاهُ لَا يُخَالِفُ عَنْهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ مُتَّصِلًا روایت ہے سعید بن مسیب سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ و
سلم نے فرمایا نہیں بند کرتا گرو رکھنا چیز گرو کی کو مالک اوسکے سے کہ جس نے گرو کی ہے اسکو یعنی گرو کی ہوئی کے رکھنے سے وہ چیز اوس کے ملک سے

نہیں نکل جاتی اوسکے لئے ہے فائدہ اور زیادتی اوسکی اور اوسپر ہے تاوان اوسکا نقل کیا یہ شافعی نے بطریق ارسال کے اور روایت کی گئی مثل اس حدیث کے یعنی موافق اسکے لفظاً بعضوں میں یا مثل اسکے یعنی موافق معنوں میں اور مخالف لفظوں میں کچھ مخالف نہیں ہے اسکے معنوں میں سعید بن مسیب سے متصل اور روایت کی ابی ہریرہ سے بطریق اتصال کے ف فائدہ اوس کا یعنی گروی چیز کا کرایہ لینا اگر وہ گروی کی جانور پر سوار ہونا اور زیادتی اوسکی یعنی اگر بچے وغیرہ ہوں گروی چیز کے تو حق راہن کا ہے اور اگر ہلاک ہو مرتہن کے ہاتھ میں تو تاوان راہن پر ہے یعنی نقصان راہن کا ہوا مرتہن کا حق یعنی ہے کہ ساقط نہیں ہوگا راہن کو قرض سے منہ دینا ہوگا اور بعض نسخوں میں لفظ دین کا ساتھ صیغہ معروف کے بھی آیا ہے اس صورت میں فاعل شافعی کا اور لفظ مثلہ اور مثل منصوب ہی ہوگی ع وعن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المکیال مکیال اہل المدینۃ والوزن وزن اہل مکۃ رواہ ابو داود والنسائی اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پیمانہ پیمانہ اہل مدینہ کا ہے اور تول تول اہل مکہ کی نقل کیا یہ ابو داود اور نسائی نے ف یعنی حقوق شرعیہ میں مانند زکوٰۃ اور مانند اسکے کے اعتبار مدینہ والوں کے پیمانوں کا ہے اور مکہ والوں کے تول کا بیان اس حال کا یہ کہ نہیں واجب ہوتی زکوٰۃ درہموں میں جب تک کہ نہ ہو دو سو درہم بحساب تول مکہ کے اور صدقہ فطر اور اور صدقات واجبہ میں جو صاع معتبر ہے اہل مدینہ کا ہے اسلئے کہ مدینہ والے اہل حرث ہیں وہ خوب جانتے ہیں احوال پیمانوں کا اور مکہ والے اہل تجارت ہیں احوال تول کا خوب جانتے ہیں کذا قال القاضی والطیبی ع وعن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاصحاب الکیل والمیزان انکم قد ولیتم امرین ہلکت فیہما الامم السابقۃ قبلکم رواہ الترمذی اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے ماپنے والوں اور تولنے والوں کے کہ تحقیق تم والی کئے گئے ہو دو کاموں کے یعنی ماپنے اور تولنے کے کہ ہلاک ہوئیں بیچ ان کے امتیں گذری ہوئی پہلے تمہارے نقل کی یہ ترمذی نے ف مانند قوم شعیب کے کہ لیتے تھے لوگوں سے پورا اور دیتے تھے کم تو حاصل یہ ہے کہ تم لینے اور دینے میں تولنے میں بہت پرہیز کرو تا اونکی طرح تم بھی ہلاک نہ ہو جاؤ ع

الفصل الثالث فصل تیسری عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اسلف فی شیء فلا یصرفہ الی غیرہ قبل ان یقبضہ رواہ ابو داود وابن ماجۃ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بیع سلم کرے کسی چیز میں پس نہ پھیرے اوسکو طرف غیر اسکے پہلے قبض کرنے اوسکے کے نقل کی یہ ابو داود اور ابن ماجہ نے ف یعنی جو چیز بیع سلم کی ٹھہری ہے اوسکو پہلے قبض کرنے کے یا یہ کہ تبدیل کرے اوس چیز کو ساتھ غیر اوسکے یعنی جو چیز ٹھہری ہے اوسکے بدلے اور چیز لے پہلے قبض کرنیکے ع

باب الاحتکار باب ہے بیچ بیان احتکار کے ف شرح میں احتکار کہتے ہیں بند کر رکھنے غلوں کو بانتظار گرانی کے باین طریق کہ وقت گرانی کے کہ لوگ محتاج غلہ وغیرہ کے ہوں مول لیکر بند رکھے اس نیت سے کہ جب اور زیادہ گرانی ہوگی تو بیچوں گا یہ حرام ہے ہاں اگر اوسکی زمین میں پیدا ہوا ہو یا وقت ارزانی کے خرید کر رکھا ہو اور گرانی میں بیچے تو یہ حرام نہیں اسیطرح حرام نہیں ہے بند کر رکھنا اون چیزوں کا کہ قوت نہیں ہیں ع اور ہدایہ میں لکھا ہے کہ مکروہ ہے احتکار بیچ قوتوں آدمیوں اور جانوروں کے جبکہ ہو یہ احتکار بیچ ایسے شہر کے کہ ضرر کرے شہر والوں کو یعنی شہر چھوٹا ہو کہ اسکے احتکار سے گرانی زیادہ ہو جائیگی اور ضرر پہنچیگا لوگوں کو اور اگر شہر بڑا ہو یہ احتکار کریگا تو ضرر لوگوں کو نہ پہنچیگا وہاں کچھ مضائقہ نہیں اور جسنے احتکار کیا غلہ زمین اپنی کا یا لایا ہے غلہ کو اور شہر سے پس نہیں ہے وہ احتکار کرنیوالا

الفصل الاول فصل پہلی عن معمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احتکر فہو خاطئ رواہ مسلم روایت ہے معمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ احتکار کرے پس وہ گنہگار نقل کی یہ مسلم نے وسنذکر حدیث عمر کانت اموال بنی النضیر فی باب الفیء ان شاء اللہ تعالیٰ اور ذکر کریں گے ہم حدیث عمر رضی اللہ عنہ کی

عَنْ عُمَرَ فصل دوسری **اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ** اللہ تعالیٰ کا گرچاہے کے بیع باب التغییر بی سوال امانت کا یہ ہے وسکا بھرنا

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَالِبُ مَرْزُوْقٌ وَالْمُحْتَکِرُ مَلْعُوْنٌ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ روایت ہے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوداگر رزق دیا گیا ہے اور احتکار کرنیوالا ملعون ہے نقل کی یہ ابن ماجہ اور دارمی نے **ف** یعنی جو کوئی غلہ وغیرہ شہر میں لاوے تاکہ بیچے بموجب نرخ حال کے برخلاف احتکار کرنیوالے کے وہ رزق دیا گیا ہے یعنی حاصل ہوتا ہے منفعت بغیر گناہ کے اور برکت دیجاتی ہے اسکے رزق میں اور احتکار کرنیوالا کہ معنی اسکے اوپر مذکور ہوئے گنہگار اور دور خیر سے ہے بیشک اس فعل میں نہیں ہے اسکو برکت دیجے

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ غَلَا السِّعْرُ عَلٰی عَہْدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ سَعِّرْ لَنَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ ہُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الرَّازِقُ وَاِنِّیْ لَاَرْجُوْ اَنْ اَلْقٰی رَبِّیْ وَلَیْسَ اَحَدٌ مِنْکُمْ یَطْلُبُنِیْ بِمَظْلِمَۃٍ بِدَمٍ وَّلَا مَالٍ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ اور روایت ہے انس سے کہا مہنگا ہوا نرخ غلہ کا زمانے نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں پس کہا صحابہ نے یا رسول اللہ نرخ مقرر کیجئے واسطے ہمارے یعنی حکم کیجئے لوگوں کو کہ اس بھاؤ بیچا کریں کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ وہی ہے نرخ مقرر کرنیوالا تنگی کرنیوالا فراخی کرنیوالا روزی دینیوالا اور تحقیق میں البتہ امید رکھتا ہوں یہ کہ ملوں پروردگار اپنے سے اس حالت میں کہ نہ کوئی تم میں سے کہ طلب کرے مجھ سے کچھ حق بسبب ظلم کے خون یا مال کے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے **ف** وہی ہے نرخ مقرر کرنیوالا یعنی نرخ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہوتا ہے کہ ساتھ اسکے روزی لوگوں پر تنگ یا فراخ کرتا ہے جو کہتے ہیں کہ نرخ آسمانی ہے اسکے یہی معنی ہیں امید رکھتا ہوں میں الخ اسمیں نہی ہے نرخ مقرر کرنے سے اسلئے کہ وہ تصرف کرنا ہے لوگوں کے مال میں بغیر اذن انکے کے اور ظلم کرنا ہے اور تحقیق اور نرخ مقرر کرنے سے کبھی لوگ بیچنا چھوڑ دیتے ہیں اور یہ باعث ہوتا ہے قحط کا اور مراد یہ ہے کہ تکلیف نہ دیجائے لوگوں پر ساتھ نرخ مقرر کرنے کے اور لازم کیا جاوے اوپر نرخ کے لیکن حکم کیجئے جاوے ساتھ انصاف اور شفقت کے خلق پر واسطے خیرخواہی خلق کی نہ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ تیسری فصل

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنِ احْتَکَرَ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ طَعَامَہُمْ ضَرَبَہُ اللّٰہُ بِالْجُذَامِ وَالْاِفْلَاسِ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَزِیْنٌ فِیْ کِتَابِہٖ روایت ہے عمر بن الخطاب سے کہ کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو کوئی بند کر رکھے مسلمانوں سے غلہ انکا پہونچاتا ہے اللہ اسکو جذام اور افلاس نقل کی یہ ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں **ف** اس سے معلوم ہوا کہ جو کوئی ارادہ کرتا ہے ضرر پہونچانے کا مسلمانوں کو مبتلا کرتا ہے اسکو اللہ تعالیٰ بلا جان اور مال میں اور جو کوئی ارادہ کرتا ہے نفع پہونچانے کا انکو پہونچاتا ہے اللہ تعالیٰ اسکے نفس اور مال میں خیر و برکت دے

وَعَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَکَرَ طَعَامًا اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا یُرِیْدُ بِہِ الْغَلَاءَ فَقَدْ بَرِئَ مِنَ اللّٰہِ وَبَرِئَ اللّٰہُ مِنْہُ رَوَاہُ رَزِیْنٌ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ بند کر رکھے غلہ چالیس دن ارادہ رکھتا ہو اسکے مہنگے ہونیکا پس تحقیق بیزار ہوا اللہ سے اور اللہ بیزار ہوا اس سے نقل کی یہ رزین نے **ف** بیزار ہوا اللہ سے یعنی توڑا عہد اسکا کہ بجا آوری احکام اور شفقت کرنے کے خلق پر بانعطاء اور بیزار ہوا خدا اس سے یعنی حفظ و عنایت اپنی اٹھا لی اور تعالیٰ ہے

وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ بِئْسَ الْعَبْدُ الْمُحْتَکِرُ اِنْ اَرْخَصَ اللّٰہُ الْاَسْعَارَ حَزِنَ وَاِنْ اَغْلَاہَا فَرِحَ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَزِیْنٌ فِیْ کِتَابِہٖ اور روایت ہے معاذ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے برا ہے بندہ احتکار کرنیوالا اگر سستا کرے اللہ نرخوں کو تو غمگین ہو اور اگر مہنگا کرے خوش

ترغیب ہو نقل کی بیہقی نے شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں ۔ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَكَرَ طَعَامًا اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهٖ لَمْ يَكُنْ لَهٗ كَفَّارَةً رَوَاهُ رَزِيْنٌ اور روایت ہے ابی امامہ سے یہ کہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ بند کر رکھے غلہ چالیس دن پھر اللہ دے اوسکو تو نہ ہوگا وہ بدلا اوسکے گناہ کا نقل کی یہ رزین نے ۔ ف چالیس دن کی
غلہ بند کر رکھنے کا یہ حکم ہے اور زیادہ اگر کم اس سے رکھے اوسکے لیے بھی برا ہے لیکن کمتر اس سے ۔

بَابُ الْاِفْلَاسِ وَالْاِنْظَارِ

باب بیچ بیان مفلس کے اور مہلت دینے کے معاملہ میں ۔ ف یعنی اگر کسی پر حق اپنا ہو اور وہ مفلس ہو گیا ہو اور وہ ادا نہیں کر سکتا اوسکو مہلت دینے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فصل پہلی

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ اَفْلَسَ فَاَدْرَكَ
رَجُلٌ مَالَهٗ بِعَيْنِهٖ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ مِنْ غَيْرِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ
مفلس ہو جاوے پس پایا ایک شخص نے مال اپنا بعینہ یعنی اوسکے پاس سو وہ لائق تر ہے ساتھ اوس مال کے غیر اپنے سے نقل کی یہ بخاری و مسلم نے ۔ ف یعنی
مثلاً ایک شخص نے کچھ خریدا اور مول ادا نہ کیا تھا کہ وہ مفلس ہو گیا حاکم شرع نے حکم اوسکے مفلس ہونے کا کر دیا اور بائع نے وہ چیز بعینہ یعنی بلا کم و بیشی
تغیر وہ پایا یعنی ساتھ تصرفات بیچ مانند ہبہ و وقف کے تو اوسکو پہونچتا ہے کہ فسخ کرے بیع کو اور لے لیوے چیز اپنی نسبت قرضخواہوں کے
وہ مقدم ہے اور اگر کچھ مول لے لیا تھا بائع نے اوس مشتری سے پہلے اوسکے کہ مفلس ہو گیا تو لیوے مال اپنا بقدر حصہ کے باقی رہا اوس مول میں یہی مذہب
ہے امام شافعی اور مالک کا اور ہمارے نزدیک نہیں پہونچتا ہے بائع کو فسخ کرنا بیع کا اور لے لینا اوسکا بلکہ وہ شامل ہے قرضخواہوں کے اور بر
محمول کیا ہے انہوں نے حدیث کو اوس پر کہ عقد بالخیار ہوئی تھی کہ خیار بائع کے لیے تھا پھر ظاہر ہوا اوسکو پیچھے مدت خیار کے کہ مول لینے والا مفلس ہو گیا پس
فسخ بیع کو کیا اوسنے اور یہ انسب ہے ۔ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ اُصِيْبَ رَجُلٌ فِیْ عَهْدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ثِمَارٍ
ابْتَاعَهَا فَكَثُرَ دَيْنُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوْا عَلَيْهِ فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَيْنِهٖ
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِغُرَمَائِهٖ خُذُوْا مَا وَجَدْتُّمْ وَلَيْسَ لَكُمْ اِلَّا ذٰلِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے ابی سعید
سے کہا پہونچایا گیا نقصان ایک شخص کو بیچ زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ میووں کے کہ خریدا تھا اوسکو پس بہت ہوا دین اوسکا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے لوگوں کو صدقہ دو اوسکو یعنی تاکہ دین اپنا ادا کرے پس صدقہ دیا لوگوں نے اوسکو پس نہ پہونچا وہ صدقہ موافق دین اوسکے کے پس فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے قرضخواہوں کو لو جو پاؤ تم اور نہیں واسطے تمہارے مگر یہ نقل کی یہ مسلم نے ۔ ف پہونچایا گیا نقصان یعنی حضرت کے زمانہ میں
ایک شخص نے درخت میوہ کا لیا اور درخت پر میوہ خوب طرح سے نہ پکا تھا آفت کے سبب سے جھڑ گیا اور مول ادا نہ کیا تھا پھر قرضخواہوں نے طلب کیا مول اوسکا
لینے والے نے لوگوں سے قرض لیکر ادا کیا مول اوسکا پس اوسکے ذمہ پر دین بہت سا ہو گیا اور جب صدقہ کسی نے دیا کہ نہیں پہونچا تو حکم کیا
اور قبضہ کر لیا اوسکو جب ظاہر ہو گیا افلاس اوسکے کے پس واجب ہے مہلت دینی اوسکو جب کچھ اوس پاس ہو لینا نہ یہ کہ حق بخشنا کا اوسکے ذمہ سے ساقط ہو
جو ملا ۔ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ رَجُلٌ يُّدَايِنُ النَّاسَ فَكَانَ يَقُوْلُ لِفَتَاهُ اِذَا اَتَيْتَ مُعْسِرًا
فَتَجَاوَزْ عَنْهُ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَّتَجَاوَزَ عَنَّا قَالَ فَلَقِیَ اللّٰهَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا تھا ایک شخص معاملہ کرتا لوگوں سے قرض کا اور تھا کہتا واسطے نوکر اپنے کے کہ جب تو آوے تنگدست کے پاس تو درگذر کر اوس سے شاید کہ
اللہ تعالی درگذر کرے ہم سے فرمایا حضرت نے پس ملاقات کی اوسنے اللہ تعالی سے یعنی مر گیا پس درگذر کیا اللہ تعالی نے اوس سے یعنی گناہوں سے
مواخذہ نہ کیا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ۔ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يُّنْجِيَهُ

اللہ من كرب يوم القيامة فلينفس عن معسر او يضع عنه رواه مسلم اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش لگے یہ کہ نجات دے اوسکو اللہ تعالیٰ سختیوں دن قیامت کے سے تو چاہیے کہ تاخیر کرے طلب قرض میں مفلس سے یا معاف کرے اوس سے یعنی سارا حق یا معاف کرے کچھ اوس میں سے نقل کی یہ مسلم نے ف فرض افضل ہے نفل سے مگر چند مسائل میں ایک تو معاف کرنا حق کا کہ تنگدست پر مستحب ہے لیکن وہ افضل ہے اسکے مہلت دینے سے کہ وہ واجب ہے دوسرا ابتدا سلام سنت ہے لیکن افضل ہے اسکے جواب سے کہ فرض ہے تیسرا وضو پہلے وقت کے مستحب ہے لیکن افضل ہے وضو سے کہ بعد داخل ہونے وقت کے کیے کہ وہ فرض ہے **وعنه** قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من انظر معسرا او وضع عنه انجاه الله من كرب يوم القيامة رواه مسلم اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص کہ مہلت دے مفلس کو یا معاف کرے اوس سے یعنی سب یا کچھ نجات دیگا اوسکو اللہ سختیوں دن قیامت کے سے نقل کی یہ مسلم نے **وعن** ابی الیسر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من انظر معسرا او وضع عنه اظله الله في ظله رواه مسلم اور روایت ہے ابی الیسر سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ مہلت دے تنگدست کو یا معاف کرے اوس سے جگہ دیگا اوسکو اللہ تعالیٰ اپنے سایہ عنایت اپنی کے یعنی محفوظ رکھے گا گرمی روز قیامت سے اور آسان کریگا اوسپر شدت اوسکی نقل کی یہ مسلم نے ف اس حدیث کی احمد اور ابن ماجہ اور حاکم نے بطریق مرفوع کے کہ جو کوئی مہلت دے تنگدست کو پس واسطے اوسکے ہر روز کے مانند اوسکے ثواب صدقہ کا ہے پہلے اسکے کہ وقت آوے ادا دین کا پس جب آوے وقت ادا دین کا پھر مہلت دے اوسکو پس واسطے اوسکے ہر روز کے مانند دوگنے ثواب صدقہ کا ہے پہلے اسکے کہ آوے وقت ادا دین کا پھر جب آوے وقت ادا دین کا پس مہلت دے اوسکو پس واسطے اوسکے ہر روز کے دو مثل اوسکے ثواب صدقہ کا ہوتا ہے **وعن** ابی رافع قال استسلف رسول الله صلى الله عليه وسلم بكرا فجاءته ابل من الصدقة قال ابو رافع فامرني ان اقضي الرجل بكره فقلت لا اجد الا جملا خيارا رباعيا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعطه اياه فان خير الناس احسنهم قضاء رواه مسلم اور روایت ہے ابی رافع سے کہ کہا قرض لیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اونٹ جوان پس پہنچے حضرت پاس اونٹ زکوٰۃ کے کہا ابو رافع نے پس حکم فرمایا مجھکو یہ کہ دوں میں اوس شخص کو مانند اونٹ اوسکے کہ قرض لیا تھا حضرت نے اوس سے پس کہا میں نے نہیں پاتا میں مگر اونٹ اچھا کہ ساتویں برس میں لگا ہے یعنی اونٹ اوسکا جوان تھا اچھا اوسکے یہ کیونکر دوں کہ فضل ہے یہ بس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دے اوسکو اونٹ اچھا پس بہتر ہیں لوگوں کا وہ کہ بہت اچھا ہو ادا دینے میں ادا قرض میں نقل کی یہ مسلم نے ف اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ قرض لینا حیوان کا جائز ہوا اور یہی مذہب امام شافعی اور امام مالک اور اکثر علما کا اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ جائز نہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث منسوخ ہو اور نیز اس سے یہ معلوم ہوا کہ دینا قرض میں اچھی چیز کا نسبت اسکے کہ قرض لی ہو مستحب ہے اور حلال ہے قرض دینے والے کو بشرطیکہ اصل عقد میں شرط نہ کی ہو **وعن** ابي هريرة ان رجلا تقاضى رسول الله صلى الله عليه وسلم فاغلظ له فهم اصحابه فقال دعوه فان لصاحب الحق مقالا واشتروا له بعيرا فاعطوه اياه قالوا لا نجد الا افضل من سنه قال اشتروه فاعطوه اياه فان خيركم احسنكم قضاء متفق عليه اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ ایک شخص نے تقاضا کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنی اونٹ کا کہ قرض لیا تھا پس سخت کہا حضرت کو پس قصد کیا صحابہ نے یعنی اوسکے ایذا دینے کا پس فرمایا حضرت نے چھوڑ دو اوسکو اسلئے کہ صاحب حق کو جگہ ہے کہنے کی اور خرید کرو اوسکے لیے اونٹ پس دو اوسکو اونٹ کہا صحابہ نے نہیں پاتے ہیں ہم مگر عمر کا

اونٹ کہ اوس سے لیا تھا مگر زیادہ تر اوس کی عمر سے یعنی اوسکا اونٹ چھوٹا اور حقیر تھا اور یہ اچھا فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خرید و اوسکو یعنی
اوسی اونٹ کو کہ پاتے ہو اگرچہ اوس سے زیادہ عمر کا ہو پھر دو اوسکو اونٹ اسلیے کہ تحقیق بہتر تم میں وہ ہے جو اچھا ہو تم میں از روی ادا کرنے قرض کے
نقل کی بخاری و مسلم نے ف اور تقاضا کرنا اوسکا فرمایا بہ سبب اسکے کہ بغیر لوٹنے کے دین کے ہو اور بعضوں نے کہا کہ شاید وہ حاجت کو اور دینے سے تھا
اور صاحب حق کو جگہ ہے کہنے کی کہا ابن ملک نے مراد حق سے یہاں دین ہے یعنی جسکا کسی پر قرض ہو اور پھر وہ تاخیر کرے ادا کرنے میں تو پہونچتا
ہے قرض خواہ کو یہ کہ شکوہ کرے اوس سے اور لیجاوے اوسکو حاکم کے پاس اور ضد کرے اوس سے **وعن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ** ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم قال مطل الغنی ظلم فاذا اتبع احدکم علی ملی فلیتبع متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا تاخیر کرنا غنی کا ظلم ہے پس جب حوالہ کیا جاوے ایک تمہارا غنی پر پس چاہیے کہ قبول کرے حوالہ نقل کی بخاری و مسلم نے **ف**
تاخیر کرنا الخ یعنی جسکو مقدور ہو ادا کرنے کا اور پھر وہ ٹالا کرے قرض خواہ کو مقدور ہو قرض کے ادا کرنے کا اور وہ تاخیر کرتا ہے ظلم ہے
اور علما نے کہا فسق ہے اور بعد کیجاتی ہے اسکے سبب گواہی اگرچہ ایک بار ہو اور بعضوں نے کہا کہ اگر مکرر کرے اور عادت کرے اوسکی اور
جسوقت کہ حوالہ کیا جاوے الخ یعنی ایک شخص پر قرض ہو کسیکا اور وہ مقدور نہیں رکھتا ادا کرنے کا اور وہ کسی غنی کو کہے کہ تو میری
طرف سے ادا کر پس چاہیے قرض خواہ کو کہ اس بات کو جلدی سے قبول کرے تاکہ اوسکا مال ضائع نہو اور یہ امر مستحب ہے نزدیک جمہور اور بعضوں
کے واجب ہے اور بعضوں نے کہا اباحت کے لیے ہے **وعن** کعب بن مالک انہ تقاضی ابن ابی حدرد دینا لہ علیہ
فی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی المسجد فارتفعت اصواتہما حتی سمعہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو
فی بیتہ فخرج الیہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی کشف سجف حجرتہ ونادی کعب بن مالک قال یا کعب قال لبیک
یا رسول اللہ فاشار بیدہ ان ضع الشطر من دینک قال کعب قد فعلت یا رسول اللہ قال قم فاقضہ متفق علیہ
اور روایت ہے کعب بن مالک سے یہ کہ اونہوں نے تقاضا کیا ابن ابی حدرد سے اپنے دین کا کہ تھا اوسپر بیچ زمانہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
مسجد میں پس بلند ہوئیں آوازیں دونوں کی یہانتک کہ سنا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آوازوں کو اور حضرت تھے گھر میں پس
ارادہ نکلنے کا کیا طرف دونوں کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہانتک کہ کھولا پردہ اپنے حجرے کا اور پکارا کعب بن مالک کو فرمایا اے کعب عرض
کیا کعب نے حاضر ہوں یا رسول اللہ پس اشارہ کیا حضرت نے اپنے ہاتھ سے کہ موقوف کر آدھا اپنے دین سے کہا کعب نے تحقیق کیا میں نے یا رسول اللہ
فرمایا حضرت نے ابن ابی حدرد کو کھڑا ہو پس ادا کر باقی نقل کی بخاری و مسلم نے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جائز ہے تقاضا کرنا دین کا
مسجد میں اور سفارش کرنی صاحب حق سے اور صلح کرا دینی جھگڑنے والوں میں اور قبول کرنا سفارش کا غیر معصیت میں **وعن** سلمۃ بن
الاکوع قال کنا جلوسا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ اتی بجنازۃ فقالوا صل علیہا فقال ھل علیہ دین قالوا لا فصلی علیہا ثم اتی بجنازۃ اخری
فقال ھل علیہ دین قیل نعم قال فھل ترک شیئا قالوا ثلثۃ دنانیر فصلی علیہا ثم اتی بالثالثۃ فقال ھل علیہ دین قالوا ثلثۃ دنانیر
قال ھل ترک شیئا قالوا لا قال صلوا علی صاحبکم قال ابو قتادۃ صل علیہ یا رسول اللہ وعلی دینہ فصلی علیہ رواہ البخاری
اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے کہ کہا تھے ہم بیٹھے نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ناگاہ لایا گیا جنازہ پس کہا صحابہ نے نماز پڑھیے اوسپر پس پوچھا حضرت نے آیا
اوسپر کچھ قرض ہے کہا صحابہ نے کہ نہیں پھر نماز پڑھی اوسپر پھر لایا گیا ایک جنازہ دوسرا پس فرمایا آیا اوسپر قرض ہے کہا گیا ہان فرمایا آیا چھوڑ گیا ہے کچھ عرض کیا صحابہ نے تین دینار پھر
نماز پڑھی اوسپر پھر لایا گیا تیسرا جنازہ پس فرمایا آیا اوسپر قرض ہے کہا صحابہ نے تین دینار فرمایا آیا چھوڑ گیا ہے کچھ عرض کیا کہ نہیں فرمایا

فرمایا پڑھو نماز اپنے یار پر کہا ابو قتادہ نے کہ نماز پڑھئے یا رسول اللہ اور میرے ذمہ ہے قرض اوسکا پس نماز پڑھی حضرت نے اوسپر نقل کیا یہ
بخاری اور مسلم نے ف اختلاف ہو کہ یہ تینوں جنازے ایک ہی دن اور ایک مجلس میں آئے تھے یا الگ الگ دنوں اور کئی مجلسوں میں اور حدیث سے معلوم
ہوتی یہ بات کہ قرض ہوگا جو اوسکے پاس نہ تھے اسلیے حضرت نے اوسپر نماز نہ پڑھی بعد اسکے جب مال آیا اور فتوحات ہوئیں اور حضرت نے اوسپر نماز نہ
پڑھی تاکہ اپنے قرضے ادا کریں لوگ پھر اوسکے بعد حضرت ادا کرنے لگے اور ایسا ہی کہا امام شافعی نے کہ یہ ادا کرنے کے لیے اور ادا
موقوف کرنے کو ہوا پس ہے کہ پس حق لوگوں کا ہے اور ضمانت میت کی طرف سے جائز ہے برابر ہے کہ چھوڑا ہو مال یا
نہ چھوڑا ہو اور یہی مذہب ہے امام شافعی اور اکثر علما کا بخلاف امام ابوحنیفہ کے کہ اونکے نزدیک نہیں درست ذکر کیا ہے صاحبین نے
کہا ہے کہ دلیل اسکی اور ساتھ اسکے ہیں ابو یوسف اور محمد اور مالک اور شافعی اور احمد اسپر کہ صحیح ہے کفالت اوس میت کی طرف سے جس نے نہیں
چھوڑا مال اور اسپر دلیل ہے کہ اگر صحیح نہ ہوتی کفالت تو حضرت نماز نہ پڑھتے اور امام ابوحنیفہ نے کہا کہ نہیں صحیح ہے کفالت میت مفلس کی طرف
سے اسلیے کہ کفالت میت مفلس کی طرف سے کفالت ہے دین ساقط کی اور کفالت دین ساقط کی باطل ہے اور حدیث میں احتمال ہے کہ ہو اقرار ساتھ
کفالت پہلی کے اور احتمال یہ بھی ہے کہ ہو وعدہ نہ کفالت وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَخَذَ
أَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيدُ أَدَاءَهَا أَدَّى اللّٰهُ عَنْهُ وَمَنْ أَخَذَ يُرِيدُ إِتْلَافَهَا أَتْلَفَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے ابی ہریرہ
سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ لے مال لوگوں کا ارادہ رکھتا ہو اوسکے ادا کا یعنی قرض لیا احتیاج سے اور ارادہ رکھتا ہو
ادا کا اور کوشش کرتا ہو اسمیں ادا کریگا اللہ تعالی اوسکی طرف سے یعنی مدد کریگا اوسکی اوسکے ادا کرنے میں دنیا میں یا راضی کریگا حق والے کو عقبی میں اور جو شخص کہ لے مال ارادہ
رکھتا ہو ضائع کرنے کا اوسکے یعنی قرض لے بغیر احتیاج کے اور نہ قصد ہو اوسکے ادا کرنے کا ضائع کریگا اوسکو اللہ یعنی نہیں ملیگا اوسکی نیت
فراخ کریگا اوسپر رزق اوسکا بلکہ تلف کریگا مال اوسکا اسلیے کہ قصد کیا اوسنے مسلمان کے مال تلف کرنے کا نقل کیا بخاری نے وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ
قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنِّي خَطَايَايَ فَقَالَ
رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَلَمَّا أَدْبَرَ نَادَاهُ فَقَالَ نَعَمْ إِلَّا الدَّيْنَ كَذٰلِكَ قَالَ جِبْرِيلُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے
ابی قتادہ سے کہ کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ خبر دو مجھکو اگر مارا جاؤں میں بیچ راہ اللہ کے اس حال میں کہ ہوؤں میں صبر کرنیوالا ڈھونڈھنیوالا ثواب کا یعنی
قصد کرنیوالا ثواب کا اور منہ کرنیوالا متوجہ ہونیوالا نہ پیٹھ دینیوالا کیا مٹا دیگا اللہ تعالی مجھسے گناہ میرے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں
پس جب پیٹھ پھیری اوس شخص نے پکارا حضرت نے اوسکو پھر فرمایا ہاں یعنی اللہ تعالی سب گناہ بخشتا ہے لیکن دین یعنی قرض نہیں بخشتا اسیطرح سے کہا جبرئیل
نے اور روایت نقل کی یہ مسلم نے ف اس سے معلوم ہوا کہ بندوں کے حقوق میں بڑی سختی اور دشواری ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت جبرئیل حضرت
سے کچھ باتیں سوا قرآن کے بھی کہجاتے تھے وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُغْفَرُ لِلشَّهِيدِ
كُلُّ ذَنْبٍ إِلَّا الدَّيْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخشے جاتے ہیں واسطے
شہید کے تمام گناہ مگر دین نقل کی یہ مسلم نے ف تمام گناہ صغیرہ اور کبیرہ اور دین سے مراد ہیں حقوق آدمیوں کے خواہ مال کسیکا اوسکے ذمہ ہو خواہ خون
کسیکا کیا ہو خواہ آبرو ریزی کی ہو کسیکی یعنی برا کہا ہو کسیکو یا غیبت کی ہو کسیکی وغیرہ ذلک یہ نہیں بخشے جاوینگے سبب شہادت کے اور کہا ابن ملک نے
کہ یہ محمول ہے اوسپر کہ یہ حق شہید کے سوائے شہید بحر کے ہے اسلیے کہ روایت کیا ہے ابن ماجہ نے بطریق مرفوع کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شہید
دریا کے بخشے جاتے ہیں تمام گناہ اور دین بھی وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ

الْمُتَوَفَّى عَلَيْهِ الدَّيْنُ فَيَسْأَلُ هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهِ قَضَاءً فَإِنْ حُدِّثَ أَنَّهُ تَرَكَ وَفَاءً صَلَّى وَإِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِينَ صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ
فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوحَ قَامَ فَقَالَ أَنَا أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ
وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَهُوَ لِوَرَثَتِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم لایا جاتا اونکے پاس آدمی
مردہ اس حال میں کہ ہوتا اوسپر دین پس پوچھتے کہ کیا چھوڑا ہے واسطے ادای دین اپنے کے مال اگر بیان کیا جاتا یہ کہ چھوڑ گیا ہے مال بقدر کہ دین
ادا ہو جاوے تو نماز پڑھتے اوسپر اور اگر نہ چھوڑ گیا ہوتا کچھ فرماتے واسطے مسلمانوں کے کہ پڑھو نماز اپنے یار پر یعنی آپ نہ پڑھتے اور دوسروں کو فرماتے کہ تم پڑھو
پس جب کھولیں اللہ تعالی نے حضرت پر فتوحیں یعنی غنیمتیں ہاتھ لگیں کھڑے ہوئے یعنی خطبہ کے لیے پس فرمایا کہ میں لائق تر ہوں ساتھ مسلمانوں کے
اونکی جانوں سے پس جو کوئی مرے مسلمانوں سے اور چھوڑ جاوے دین یعنی قرض اور نہ چھوڑ جاوے مال پس مجھ پر ہے ادا کرنا دین اوسکے کا اور جو شخص کہ چھوڑ
جاوے مال پس وہ واسطے وارثوں اوسکے کے ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف لائق تر ہوں الخ یعنی ہر چیز میں امور دین اور دنیا سے پس
واجب ہے مومنوں پر کہ ہوں حضرت محبوب تر طرف اونکی جانوں اونکی سے اور حضرت کے حکم کو مقدم کریں اپنے نفسوں کے حکم سے اور حضرت کے
حق کو مقدم جانیں اپنی نفسوں کے حق سے اور شفقت اونکی حضرت پر زیادہ تر ہے شفقت اونکی کے اپنی نفسوں پر اور اسیطرح شفقت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم لائق تر ہے شفقت اونکی سے اپنی نفسوں پر پس جب حاصل ہوئی حضرت کو غنیمت تو ہوئے لائق ساتھ ادا کرنے دین اونکے کے جیسا
کہ فرمایا فمن توفی الخ اور واسطے وارثوں اوسکے کے یعنی بعد ادا کرنے دین اوسکی کے اور کہا بعضوں نے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ادا کرتے
قرض مردوں کا بیت المال سے اور یہی ظاہر ہے اور بعضوں نے کہا کہ حضرت اپنے پاس سے ادا کرتے تھے پھر کہا بعضوں نے کہ تھا ادا کرنا دین کا واجب حضرت پر
اور بعضوں نے کہا کہ تھا یہ تبرع یعنی از راہ احسان کے

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ أَبِي خَلْدَةَ الزُّرَقِيِّ قَالَ جِئْنَا
أَبَا هُرَيْرَةَ فِي صَاحِبٍ لَنَا قَدْ أَفْلَسَ فَقَالَ هٰذَا الَّذِي قَضَى فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا رَجُلٍ مَاتَ
أَوْ أَفْلَسَ فَصَاحِبُ الْمَتَاعِ أَحَقُّ بِمَتَاعِهِ إِذَا وَجَدَهُ بِعَيْنِهِ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ . روایت ہے ابی خلدہ زرقی
سے کہ کہا آئے ہم پاس ابو ہریرہ کے بیچ مقدمہ ایک یار اپنے کے کہ تحقیق مفلس ہو گیا تھا یعنی اور اوسکے پاس اسباب لوگوں کا تھا کہ نہیں دیا تھا
مول اوسکا پس پوچھا ہمنے کیا حکم ہے اوسکا پس کہا ابو ہریرہ نے کہ یہ مانند وہ شخص ہے کہ حکم فرمایا اوسکے مقدمہ میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ جو شخص مرے یا مفلس ہو جاوے پس مالک اسباب کا لائق تر ہے ساتھ اسباب اپنے کے جبکہ پاوے جوں کا توں نقل کی یہ شافعی اور ابن ماجہ نے
ف بیان اسکا اسی باب کی پہلی فصل میں گذرا ہے وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسُ الْمُؤْمِنِ
مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهِ حَتَّى يُقْضَى عَنْهُ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَأَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ اور روایت ہے
ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے روح مومن کی لٹکائی جاتی ہے بسبب دین اپنے کے یعنی نہیں داخل ہوتی جنت میں یا نہیں پہنچتی
بیچ جماعت بندگان صالح کے یہانتک کہ ادا کیا جاوے دین اوسکا نقل کی یہ شافعی اور احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ف کہا ہے
بعضوں نے کہ دین جو جنت سے روکتا ہے یہانتک کہ ادا کیا جاوے وہ وہ دین ہے کہ قرض لیا ہے بغیر ضرورت کے یا خرچ کیا ہو اوسے بیچ اسراف کے اور جسنے قرض
لیا حق واجب کے ادا کرنے کے لیے بقدر ضرورت کے اور مال اوسقدر ادا کرنے کے چھوڑا تو اللہ تعالی اوسکو بہشت سے نہیں روکیگا انشاء اللہ تعالی کہ سلطان
بیت المال کو چاہیے کہ ادا کرے اوسکی طرف سے اور وہ نہ ادا کرے گا تو اللہ تعالی اوسکے قرض خواہ کو راضی کردیگا وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ
قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبُ الدَّيْنِ مَأْسُورٌ بِدَيْنِهِ يَشْكُو إِلَى رَبِّهِ الْوَحْدَةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَوَاهُ

شرح السنة وروي أنّ معاذًا كان يدّان فأتى غرماؤه إلى النبي صلى الله عليه وسلم فباع النبي صلى الله عليه وسلم ماله كله في دينه حتى قام معاذ بغير شيء مرسل هذا لفظ المصابيح ولم أجده في الأصول إلا في المنتقى وعن عبد الرحمن بن كعب بن مالك قال كان معاذ بن جبل شابا سخيا وكان لا يمسك شيئا فلم يزل يدّان حتى أغرق ماله كله في الدين فأتى النبي صلى الله عليه وسلم فكلمه ليكلم غرماءه فلو تركوا لأحد لتركوا لمعاذ لأجل رسول الله صلى الله عليه وسلم فباع رسول الله صلى الله عليه وسلم لهم ماله حتى قام معاذ بغير شيء رواه سعيد في سننه مرسلا اور روایت ہے براء بن عازب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قرضدار قید کیا جاوے گا بسبب اپنی قرض کے یعنی جنت کے داخل ہونے سے اور صالحین کی صحبت میں پہونچنے سے روکا جاویگا شکوہ کریگا طرف پروردگار اپنے کے تنہائی کا دن قیامت کے نقل کی شرح سنہ میں اور روایت کی گئی ہے کہ معاذ بن جبل تھے لیتے قرض پس آئے قرضخواہ انکے طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پس بیچ ڈالا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مال انکا سارا انکے دین میں یعنی ادا کرنے کے لیے یہاں تک کہ رہ گئے معاذ خالی یہ حدیث مرسل ہے اور یہ لفظ مصابیح کے ہیں اور نہیں پایا میں نے یہ حدیث اصول میں یعنی صحاح ستہ وغیرہ میں مگر منتقی میں اسی طرح اور روایت ہے عبدالرحمن بیٹے مالک کے سے کہ کہا تھے معاذ بن جبل جوان سخی اور تھے نہ باقی رکھتے اپنے کوئی چیز یعنی مال میں سے بسبب سخاوت کے پس ہمیشہ قرض لیا کرتے تھے یہاں تک کہ ڈبو دیا مال اپنا سارا قرض میں پس آئے معاذ نبی خدا صلی اللہ علیہ وسلم پاس پس بات کی حضرت نے انکے لینے والے قرض خواہوں سے یعنی یہ کہ قرض چھوڑ دیں سب یا بعض پس نہ مانا حضرت کا اور قرضخواہوں نے کچھ نہ چھوڑا پس اگر چھوڑتے قرض کسی کے لیے تو البتہ چھوڑتے معاذ کے لیے واسطے خاطر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس بیچا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قرض خواہوں کے لیے مال معاذ کا یہاں تک کہ رہ گئے معاذ خالی نقل کی یہ سعید نے اپنے سنن میں بطریق ارسال کے ف شکوہ کریگا یعنی اپنے پروردگار سے شکوہ کریگا اپنی تنہائی و بہشت میں جانے [illegible] اور لوگوں کے پاس پہنچنے سے محروم رہیگا اور نہ کوئی سفارشی نظر آویگا اگرچہ دلوں میں تنہائی سے یہاں تک حق [illegible] کہ قرضخواہ کو راضی کرنے کے لئے کیا ہوں قرض خواہ کے اوسپر اسواسطے رحمت نے اللہ تعالی کے قرضخواہ کو اپنے فضل سے پس [illegible] عذاب ہوگی کہ بڑا رنج پاویگا اور یہ حیا و ابالتہ منہ اور ایک حدیث میں آیا کہ قرضدار قید کیا جاویگا بیچ اپنے دین کے اپنی قبر میں شکوہ کریگا طرف اللہ تعالی کی تنہائی کا اور نہیں پائی یہ حدیث اصول میں یعنی اصول اون کتابوں کو کہتے ہیں جنمیں حدیثیں سند سے لکھی گئی ہیں اور منتقی نام ہے کتاب کا پس مولف مشکوۃ کا کہنا ہے کہ یہ لفظ مصابیح کے ہیں اور نہیں پایا میں نے اسکو اصول میں مگر منتقی میں ساتھ ان الفاظ کے وعن عبد الرحمن الخ کہ لکھی ہے یہ عبارت بکتاب منتقی لایا اسکو تاکہ معلوم ہو کہ یہ حدیث اگرچہ ان اصول میں نہیں ہے کہ دیکھا اونکو مولف نے لیکن موجود ہے منتقی میں پس معلوم ہوا کہ بعض اصول میں ہے جو نہ لایا اسکو صاحب منتقی اپنی کتاب میں پس چاہئے کہ لفظ وعن بیچ عبارت وعن عبد الرحمن کے سیاہی سے لکھا جاوے نہ سرخی سے فتامل ح وعن الشريد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لَيُّ الواجد يحل عرضه وعقوبته قال ابن المبارك يحل عرضه يغلظ له وعقوبته يحبس له رواه أبو داود والنسائي اور روایت ہے شرید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیر کرنا غنی کا حلال کرتا ہے آبرو اوسکی کو اور سزا یعنی قید اوسکی کو کہا ابن مبارک نے حلال کرنا آبرو اوسکی کا یہ ہے کہ سخت کہا جاوے اوسکو اور سزا یہ ہے کہ قید کیا جاوے اسکو نقل کی یہ ابوداود اور نسائی نے ف یعنی غنی ہو کر جو قرض خواہ کا قرض نہ ادا کرے [illegible] کہا جاوے اسکو اور قید کرے اسکو حاکم کہ حکم ہے اسکے لیے [illegible]

بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا فَقَالَ هَلْ عَلَى صَاحِبِكُمْ دَيْنٌ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ هَلْ تَرَكَ لَهُ مِنْ وَفَاءٍ قَالُوْا لَا قَالَ صَلُّوْا عَلَى صَاحِبِكُمْ قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيَّ دَيْنُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَتَقَدَّمَ فَصَلَّى عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَعْنَاهُ وَقَالَ فَكَّ اللّٰهُ رِهَانَكَ مِنَ النَّارِ كَمَا فَكَكْتَ رِهَانَ أَخِيْكَ الْمُسْلِمِ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَقْضِيْ عَنْ أَخِيْهِ دَيْنَهُ إِلَّا فَكَّ اللّٰهُ رِهَانَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ لایا گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس ایک جنازہ کہ نماز پڑھیں اوس پر پوچھا آیا اوپر تمہارے یار کے قرض تھا لوگوں نے کہا ہاں فرمایا کیا چھوڑ گیا ہے واسطے قرض کے یعنی مال بقدر ادائے قرض کیا کہ نہیں فرمایا پڑھو نماز اپنے یار پر یعنی میں نہیں پڑھتا کہا علی ابن ابی طالب نے میرے ذمہ ہے قرض اوسکا یا رسول اللہ پس آگے بڑھے حضرت اور نماز پڑھی اوس پر اور ایک روایت میں معنی اس حدیث کے ہیں جو مذکور ہوا اور زیادہ ہے کہ فرمایا حضرت نے یعنی حضرت علی کو کہ خلاص کیا یا خلاص کرے اللہ تعالی رہن تیرا آگ سے جیسا کہ خلاص کیا تو نے رہن اپنے بھائی مسلمان کا نہیں کوئی بندہ مسلمان کہ ادا کرے اپنے بھائی کی طرف سے دین اوسکا مگر خلاص کریگا اللہ تعالی رہن اوسکا دن قیامت کے نقل کی شرح السنۃ میں وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ وَهُوَ بَرِيْءٌ مِنَ الْكِبْرِ وَالْغُلُوْلِ وَالدَّيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ اور روایت ہے ثوبان سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مرے اس حال میں کہ وہ پاک ہو تکبر سے اور خیانت سے اور قرض سے داخل ہوگا جنت میں یعنی ساتھ سابقوں کے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے وَعَنْ أَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَعْظَمَ الذُّنُوْبِ عِنْدَ اللّٰهِ أَنْ يَلْقَاهُ بِهَا عَبْدٌ بَعْدَ الْكَبَائِرِ الَّتِيْ نَهَى اللّٰهُ عَنْهَا أَنْ يَمُوْتَ رَجُلٌ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ لَا يَدَعُ لَهُ قَضَاءً رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ اور روایت ہے ابو موسی سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تحقیق بہت بڑا گناہ ہونے نزدیک اللہ کے یہ ہے کہ ملے اللہ تعالی ساتھ گناہوں کے بندہ پیچھے کبیرہ گناہوں کے کہ منع کیا اللہ تعالی نے اون سے یہ ہے کہ مرے آدمی اس حال میں کہ اوسپر ہو دین کہ نہ چھوڑ گیا ہو مال واسطے اوسکے ادا کے نقل کی یہ احمد اور ابو داؤد نے ف یہ کبیرہ گناہوں سے کہنا اسکا کہ قرض جب کبائر سے نہیں ہے بلکہ وہ مشتبہ ہے جیسا کہ آیا ہے بعض احادیث میں اور نہی جو آئی ہے وہ بسبب عارض کے ہے کہ وہ ضائع کرنا حقوق لوگوں کا ہے بخلاف کبائر کے کہ وہ منع کیے گئے لذاتہا یعنی ایک توجیہ خوب ہے اور کہا بعض نے کہ کبیرہ گناہ کہ مشہور ہیں مانند شرک اور زنا وغیرہ کے انکے بعد درجہ اوسکا ہے سبب اوسکے یہ بھی بعد کبیرہ گناہوں میں داخل ہے وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ إِلَّا صُلْحًا حَرَّمَ حَلَالًا أَوْ أَحَلَّ حَرَامًا وَالْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى شُرُوْطِهِمْ إِلَّا شَرْطًا حَرَّمَ حَلَالًا أَوْ أَحَلَّ حَرَامًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَانْتَهَتْ رِوَايَتُهُ عِنْدَ قَوْلِهِ شُرُوْطِهِمْ اور روایت ہے عمرو بن عوف مزنی سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا صلح جائز ہے درمیان مسلمانوں کے مگر وہ صلح کہ حرام کرے حلال کو یا حلال کرے حرام کو اور مسلمان اپنی شرطوں پر ہیں یعنی شرطیں کہ آپس میں کی ہیں صلح وغیرہ میں وفا اون کا اونپر لازم ہے اور رعایت اونکی مگر وہ شرط کہ حرام کرے حلال کو یا حلال کرے حرام کو نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور ابو داؤد نے اور تمام ہوئی روایت ابو داؤد کی لفظ شروطہم تک ف کہ صلح حرام کو حلال کرے مثلاً صلح کرے اسپر کہ نہیں صحبت کریگا اپنی سوکن سے تو یہ صلح نہیں درست کہ اسمیں حرام کیا حلال کو اور ایسی صلح بھی نہیں درست ہے کہ حلال کرے حرام کو مثلاً صلح کرے کسی شے پر شراب اور سور کے اور شرط کہ حرام کرے حلال کو مثلاً شرط کرے اپنی بیوی کیساتھ کہ نہیں صحبت کریگا اپنی لونڈی سے اور یا حلال کرے حرام کو مثلاً یہ شرط کرے کہ نکاح کروں گا بیوی کی بہن سے ساتھ بیوی کے تو ایسی شرطیں نہیں درست ہیں مناسبت اس حدیث کے ساتھ عنوان باب کے غیر ظاہر ہے مگر یہ کہ کہا جاوے

کہ سوا بیع وشرا میں وقت افلاس کے مہلت دینا [illegible] **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** فصل تیسری **عَنْ** سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ
قَالَ جَلَبْتُ اَنَا وَمَخْرَفَةُ الْعَبْدِيُّ بَزًّا مِنْ هَجَرَ فَاَتَيْنَا بِهٖ مَكَّةَ فَجَاءَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ فَسَاوَمَنَا
بِسَرَاوِيْلَ فَبِعْنَاهُ وَثَمَّ رَجُلٌ يَزِنُ بِالْاَجْرِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زِنْ وَاَرْجِحْ رَوَاهُ اَحْمَدُ
وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ روایت ہے سوید بن قیس سے
کہ کہا لایا میں اور مخرفہ عبدی کپڑا بیچنے کے لیے ہجر سے کہ نام ہے ایک مکان کا قریب مدینہ کے پس لائے ہم اوسکو مکہ میں پھر آئے
ہمارے پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس حال میں کہ پیادہ پا چلتے تھے یعنی سوار نہ تھے پس چکایا ہم سے پائجامہ پس بیچا ہم نے اوسکو اور وہاں تھا
ایک شخص تولتا تھا مول بدلے مزدوری کے یعنی تولنے پر مزدوری لیتا تھا پس فرمایا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تول اور زیادہ تول
اور زیادہ تول یعنی جتنا مول ٹھہرا ہے اوس سے کچھ زیادہ دے نقل کی یہ احمد اور ابوداود اور ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی
نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **ف** [illegible] ابو ہریرہ سے لایا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پائجامہ چار درہم کو خرید [illegible]
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت نے پائجامہ خریدا اور پہننا پائجامہ کا سنت ہوا [illegible] واضح ہو کہ
[illegible] حضرت کی [illegible] سب [illegible] حدیث [illegible]
[illegible] **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ كَانَ لِيْ عَلَى النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فَقَضَانِيْ وَزَادَنِيْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ روایت ہے جابر سے کہ تھا قرض میرا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پس
ادا کیا اوسکو اور زیادہ دیا مجھکو نقل کی یہ ابوداود نے **ف** [illegible] سے معلوم ہوا [illegible] کچھ زیادہ دینا اپنی طرف
[illegible] **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ قَالَ اسْتَقْرَضَ
مِنِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ اَلْفًا فَجَاءَهٗ مَالٌ فَدَفَعَهٗ اِلَيَّ وَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ اِنَّمَا
جَزَاءُ السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْاَدَاءُ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
[illegible] برکت دے تجھکو اللہ تعالیٰ بیچ
اہل تیرے کے [illegible] شکر وثنا کرنی اور ادا کرنا نقل کی یہ نسائی نے **وَعَنْ** عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ عَلٰى رَجُلٍ حَقٌّ فَمَنْ اَخَّرَهٗ كَانَ لَهٗ بِكُلِّ يَوْمٍ صَدَقَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ روایت ہے عمران بن حصین
سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہو واسطے اوسکے کسی شخص پر حق پس جو شخص تاخیر کرے اوسکو یعنی حق کے
طلب کرنے میں تاخیر کرے ہوگا واسطے اوسکے ہر روز کے صدقہ نقل کی یہ احمد نے **وَعَنْ** سَعْدِ بْنِ الْاَطْوَلِ قَالَ مَاتَ اَخِيْ وَتَرَكَ
ثَلٰثَمِائَةِ دِيْنَارٍ وَتَرَكَ وَلَدًا صِغَارًا فَاَرَدْتُ اَنْ اُنْفِقَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخَاكَ مَحْبُوْسٌ
بِدَيْنِهٖ فَاقْضِ عَنْهُ قَالَ فَذَهَبْتُ فَقَضَيْتُ عَنْهُ ثُمَّ جِئْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ قَضَيْتُ عَنْهُ وَلَمْ يَبْقَ
اِلَّا امْرَاَةٌ تَدَّعِيْ دِيْنَارَيْنِ وَلَيْسَتْ لَهَا بَيِّنَةٌ قَالَ اَعْطِهَا فَاِنَّهَا صَادِقَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ روایت ہے سعد بن اطول سے
کہ کہا مر گیا بھائی میرا اور چھوڑ گیا تین سو دینار اور چھوڑ گیا لڑکے چھوٹے پس چاہا میں نے یہ کہ خرچ کروں اون پر پس فرمایا مجھکو رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بھائی تیرا قید کیا گیا ہے بدلے قرض اپنے کے یعنی عالم برزخ میں قید ہے کہ نہیں

پہونچ سکتا واسکی نسبت کہا دو سالکین کے پاس پس لا کر اوسکی طرف کہا کہ سبقت لے گیا میں اور ادا کیا میں نے قرض اوسکی طرف سے پھر آؤ میں اور دفن
کیا میں نے کہ یارسول اللہ تحقیق ادا کیا میں نے اوسکی طرف سے اور نہیں باقی رہی مگر ایک عورت کہ دعویٰ کرتی ہے چھ درہم کا اور نہیں ہے واسطے
اوسکے گواہ فرمایا دے اوسکو سبب اسکے کہ تحقیق وہ سچی ہے روایت کی یہ احمد نے ف یا تو حضرت کو حال اوسکے قرض کا بغیر دیے کے معلوم ہوا پس حکم کیا اوسکو
دینے کا اسلیے کہ جائز ہے حاکم کو یہ کہ حکم کرے ساتھ علم اپنے کے اور یا حضرت کو وحی سے حال اوسکے قرض کا معلوم ہوا ہو اور اس حدیث سے معلوم ہوا
کہ دین میراث پر مقدم ہوا ہے **وعن** محمد بن عبد اللہ بن جحش قال کنا جلوسا بفناء المسجد حیث یوضع الجنائز و
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جالس بین ظہرینا فرفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بصرہ قبل السماء فنظر
ثم طأطأ بصرہ ووضع یدہ علی جبہتہ قال سبحان اللہ سبحان اللہ ماذا نزل من التشدید قال فسکتنا یومنا و
لیلتنا فلم نرہا الا خیرا حتی اصبحنا قال محمد فسألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما التشدید الذی نزل قال
فی الدین والذی نفس محمد بیدہ لو ان رجلا قتل فی سبیل اللہ ثم عاش ثم قتل فی سبیل اللہ ثم عاش ثم قتل فی سبیل
اللہ ثم عاش وعلیہ دین ما دخل الجنۃ حتی یقضی دینہ رواہ احمد وفی شرح السنۃ نحوہ اور روایت ہے محمد بن عبد اللہ بن
جحش سے کہ کہا تھے ہم بیٹھے ہوئے بیچ صحن مسجد کے جہاں کہ رکھے جاتے تھے جنازے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے
درمیان ہمارے پس اوٹھائی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر اپنی طرف آسمان کی پس دیکھا پھر جھکائی نظر اپنی اور رکھا ہاتھ اپنا اوپر پیشانی اپنی
کے کہا سبحان اللہ سبحان اللہ یعنی مانند تعجب کے کس قدر اوتری ہے سختی کہا راوی نے پس چپ رہے ہم یعنی سوال سے اوس دن اور رات پس نہ دیکھی
ہمنے کوئی بلا یعنی سختی اور عذاب یہ دیکھا ہے یعنی اوس سختی کو خیال کیا تھا ہم نے کہ اوس سختی سے عذاب ہے کہ بالفعل نازل ہوگا سو نہ دیکھا یہانتک
کہ صبح کی ہمنے کہا محمد بن عبد اللہ راوی نے پس پوچھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا سختی ہے جو کہ اوتری فرمایا بیچ قرض کے سختی
اوتری ہے قسم ہے اوس ذات کی کہ جان محمد کی بیچ ہاتھ اوسکے ہے اگر کوئی شخص مارا جاوے اللہ کی راہ میں پھر زندہ ہو پھر مارا جاوے اللہ کی راہ میں
پھر زندہ ہو پھر مارا جاوے اللہ کی راہ میں پھر زندہ ہو اور اوسپر ہو دین نہیں داخل ہوگا بہشت میں یہانتک کہ ادا کیا جاوے دین اوسکا
یعنی اگرچہ کئی بار اللہ کی راہ میں مارا جاوے تو بھی کفارہ دین کا نہیں ہوتا نقل کی یہ احمد نے اور شرح السنۃ میں مانند اسکے ہے یعنی مطلب یہی ہے
اور لفظ اوسکے اور ف اس میں دلیل ہے اسپر کہ جنازوں پر نماز مسجد میں نہ پڑھتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ

باب الشرکۃ والوکالۃ

باب ہے بیچ بیان شرکت اور وکالت کے ف شرکت دو قسم ہے شرکت ملک اور شرکت عقد شرکت
ملک تو یہ ہے کہ مالک ہوں دو شخص عین چیز کے یعنی ایک چیز کے بطور میراث کے یا خریدنے کے یا کوئی ہبہ کرے اون دونوں کو کچھ مال یا غالب ہوں دو شخص
مباح پر مثلاً شکار کریں دو شخص وغیرہ ذلک یا ملا جاوے مال دو شخص کا اس طرح کہ نہ تمیز ہو سکے یعنی ایک شخص کا مال دوسرے کے مال سے مل گیا ہے وہ ایک
دوسرے کا دور ہو جاوے یا دونوں قصداً اوس مال کو ملاویں پس حکم اس شرکت کا یہ ہے کہ ہر ایک شریک کے حصہ میں اجنبی ہے اور جائز ہے بیچنا اپنے حصے کا
اپنے شریک کے ہاتھ اور غیر شریک کے ہاتھ بھی بیچنا جائز ہے حصہ کا بغیر اذن شریک کے سوا ان دونوں قسم اخیر کے یعنی جو دونوں نے مال ملا دیا ہو یا
آپسے مل گیا ہو تو اوسکا بیچنا بغیر اذن شریک کے درست نہیں اور شرکت عقد یہ ہے کہ کہے ایک دوسرے سے کہ شریک کیا میں نے تجھکو فلانی چیز
میں اور دوسرا قبول کرے اور رکن شرکت کا ایجاب و قبول ہے اور شرط اوسکی یہ ہے کہ نہو اوس میں کوئی چیز ایسی کہ قطع کرے شرکت کو مانند
شرط کرنے معین بعضے روپیوں کی فائدہ میں سے واسطے ایک کے اون دونوں میں سے یعنی اگر دو شریک ہوں ایک یہ شرط کرے کہ جو فائدہ ہوگا اوسمیں سے

پانچ روپے میں سے اوسکا نفع ایسی شرط شرکت کو قطع کرتی ہو تو نا اسکا شرط ہوا شرکت کی اور یہ شرکت عقد چار قسم پر ہے شرکت
مفاوضہ اور شرکت عنان اور شرکت صنائع و تقبل اور شرکت وجوہ شرکت مفاوضہ تو یہ ہے کہ شریک ہوں دو شخص کہ برابر ہوں دونوں
تصرف میں اور دین میں اور مال میں اور اعتقاد میں اور متضمن ہوتی ہے یہ شرکت وکالت اور کفالت کو یعنی ایک دوسرے کا وکیل اور کفیل ہوتا ہے پس
نہیں جائز ہے یہ شرکت درمیان مسلمان اور ذمی کے اس لیے کہ دین میں مساوی نہیں اور نہ درمیان غلام اور آزاد کے اور نہ درمیان بالغ اور لڑکے کے
اس لیے کہ تصرف میں مساوی نہیں اور ضرور ہے ذکر لفظ مفاوضہ کا یا بیان کرنا تمام مقتضیات اسکے کا اور نصیب ہر ایک کا جو اسمیں دیا مال کا اوس
مال وقت عقد کے اور اون دونوں میں سے جو کوئی کچھ حاصل کریگا سوا طعام اور لباس اپنے اہل کے پس وہ دونوں کا ہوگا اور نہیں صحیح شرکت
مفاوضہ اور عنان مگر ساتھ روپیہ یا اشرفی یا پیسوں کے کہ جنکا چلن ہو نزدیک امام محمد کے اور ساتھ ڈلے سونے اور چاندی کے اگر معاملہ کرتے ہوں
لوگ ساتھ اوسکے اور اگر ایک دونوں شریکوں میں سے مالک ہو بسبب ارث کے یا اور جہت کے ایسے مال کا کہ جسمیں شرکت مفاوضہ درست ہو سکتی ہے یعنی نقد
روپیہ اشرفی کے تو شرکت مفاوضہ جاتی رہی اور شرکت عنان ہو گئی اور اگر وارث ہو ایک شریک دونوں میں سے ایسی چیز کا کہ جسمیں شرکت مفاوضہ
نہیں ہو سکتی مانند اسباب اور مکان وغیرہ کے باقی رہی شرکت مفاوضہ اور شرکت عنان یہ ہے کہ شریک ہوں دو شخص کسی ایک چیز میں اور کسی میں نہ
یعنی تصرف وغیرہ میں برابر نہ ہوں اور یہ شرکت متضمن ہوتی ہے وکالت کو نہ کفالت کو اور شرکت صنائع و تقبل یہ ہے کہ شریک ہوں دو درزی یا دو سنار یا دو
دھوبی یا ایک رنگریز اور دوسرا دھوبی اور شرط یہ کریں کہ قبول کریں کام دونوں اور ہو کسب درمیان دونوں کے یعنی دونوں مل کر کسب کریں اور اگر شرط
کریں دو تہائی کام کرنے میں آدھوں آدھ کی اور نفع میں شرط کریں کہ دو تہائی ایک کے اور ایک تہائی ایک کو تو جائز ہے اور جو کام کہ ایک کا دونوں
سے لازم ہوگا دونوں پر کرنا اوسکا پس ہر ایک سے طلب کرنا کام کا پہونچتا ہے اور ہر ایک کو مزدوری مانگنی اور بری ہوگا دینے والا مزدوری کا
ساتھ دینے کے ایک کو اون دونوں میں سے اور کمائی درمیان دونوں کے ہوگی اگرچہ کام کرے ایک اون دونوں میں سے فقط اور شرکت وجوہ یہ ہے کہ
دو شخص کہ اون کے پاس مال نہ ہو شریک ہوں اس طرح کہ اپنی وجاہت و عزت سے اسباب مول لیکر بیچیں گے اور نفع درمیان دونوں کے ہو
جس قدر شرط کریں پس اگر شرط کریں دونوں اسمیں بطور مفاوضہ کے تو صحیح ہے اور اگر مطلق رکھیں تو بطور شرکت عنان کے ہوگی اور متضمن ہے یہ شرکت
وکالت کو بیچ اوس چیز کے کہ مول لیں یعنی ایک دوسرے کا وکیل ہوتا ہے پس اگر شرط کریں دونوں آدھوں آدھ ملک خریدی ہوئی چیز کی اسمیں یا تہائی ایک کے
لیے اور دو تہائی ایک کے لیے تو نفع بھی اسی طرح ہوگا اور شرط زیادتی کی باطل ہے اور نہیں جائز ہے شرکت اوس چیز میں کہ نہیں صحیح ہے وکالت
اوس میں مانند لکڑی چننے کے اور گھاس لانے اور شکار کرنے اور پانی لانے کے جو جمع کریگا وہ اوسی کا ہوگا اور اگر مدد کی دوسرے نے تو مزدوری اسی کے
بسبب مول ... اور وکالت کے معنی ہیں قائم کرنا غیر کا جگہ اپنی تصرف میں اور شرط وکالت کی یہ ہے کہ موکل مالک تصرف کا ہو اور وکیل جانتا ہو
عقد کو یہ تھوڑا سا مختصر لکھا ہے جسکو مفصل دیکھنا منظور ہو مسائل کو وہ حقیقی ہیں یہ اور فقہ کی کتابوں میں دیکھے

الفصل الاول فصل اول

عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ أَنَّهُ كَانَ يَخْرُجُ بِهِ جَدُّهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ إِلَى السُّوقِ فَيَشْتَرِي الطَّعَامَ
فَيَلْقَاهُ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ فَيَقُولَانِ لَهُ أَشْرِكْنَا فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ دَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ فَيُشْرِكُهُمْ فَرُبَّمَا
أَصَابَ الرَّاحِلَةَ كَمَا هِيَ فَيَبْعَثُ بِهَا إِلَى الْمَنْزِلِ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ ذَهَبَتْ بِهِ أُمُّهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَمَسَحَ رَأْسَهُ وَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ روایت ہے زہرہ بن معبد سے کہ وہ نکلتے تھے یعنی لیجاتے اونکو اونکے دادا عبداللہ بن ہشام
طرف بازار کے پس خریدتے غلہ اور ملتے اونکو عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن زبیر پس کہتے وہ دونوں اونکو کہ شریک کرے ہمکو اسلیے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

نے دعا کی ہو واسطے بیع کے ساتھ برکت کے پس ایک کرتے تھے وہ اجہے اونکو پس اکثر نفع لاتے ہیں فائدہ مقدار ہو جاوے تو بیع بے نقصان یعنی
بہت ماحضر سکے پھر بھیجے اوسکو طرف مکان اپنے کے اور تھے عبداللہ بن ہشام کہ لیگئی تھی اونکو ماں اونکی یعنی زینب بنت حمید طرف حضرت نبی خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کے پس ہاتھ پھیرا سر پر اوسکے اور دعا کی واسطے اوسکے ساتھ برکت کے نقل کی یہ بخاری نے **ف** اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے شرکت
عقود میں ع **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَتِ الْأَنْصَارُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْسِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ إِخْوَانِنَا النَّخِيلَ
قَالَ لَا تَكْفُونَنَا الْمَئُونَةَ وَنُشْرِكُكُمْ فِي الثَّمَرَةِ قَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا انصار
نے واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تقسیم کر دو درمیان ہمارے اور درمیان بھائیوں ہمارے کے درخت کھجور کے فرمایا نہیں بلکہ تم کفایت
کرو ہم سے یعنی مہاجروں سے محنت کو یعنی فقط تمہیں محنت کرو ہم نہیں کرتے اور شریک سمجھے ہم تمکو میوے میں کہا انصار نے سنا ہم نے اور مانا ہم نے نقل
کی بخاری نے **ف** یعنی جب مہاجر ہجرت کر کے مدینہ میں آئے اور مال انکا مکہ میں چھوٹ گیا تو وہ محتاج تھے پاس انصار کی درخت کھجور کے
تھے کہ ہم میں اور ہمارے بھائیوں مہاجروں میں تقسیم کر دیجئے اوسکے جواب میں حضرت نے فرمایا کہ میں درخت نہ تقسیم کرونگا تم میں محافظت کرو اور اونکی اپنی
وجود دینے کی محنت اپنے ذمہ رکھو ہمارے لوگ محنت نہیں کر سکتے جب میوہ تیار ہو گا تو وہ نصف تمہیں ہو گا اور نصف انکا اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحب ہے مدد کرنی بھائی مسلمان کی اور یہ کہ مشقت کا اوٹھانا اور یہ بیان ہے شرکت کا ع **وَعَنْ** عُرْوَةَ
بْنِ أَبِي الْجَعْدِ الْبَارِقِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهُ دِينَارًا لِيَشْتَرِيَ بِهِ شَاةً فَاشْتَرَى لَهُ شَاتَيْنِ فَبَاعَ إِحْدَاهُمَا بِدِينَارٍ
وَأَتَاهُ بِشَاةٍ وَدِينَارٍ فَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ فِي بَيْعِهِ فَكَانَ لَوِ اشْتَرَى التُّرَابَ لَرَبِحَ فِيهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ
اور روایت ہے عروہ بن ابی الجعد بارقی سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا اوسکو ایک دینار تاکہ خریدے واسطے اونکے ایک بکری پس خریدی
اوس نے واسطے حضرت کے دو بکریاں پھر بیچی ایک اون میں سے ایک دینار کو اور آیا حضرت کے پاس ایک بکری اور ایک دینار لیکر پس دعا کی واسطے اوسکے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع میں اوسکے ساتھ برکت کے پس تھے وہ کہ اگر خریدتے مٹی البتہ فائدہ اوٹھاتے بیچ اوس کے نقل کی یہ بخاری نے **ف**
کہا ابن مالک نے اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے وکیل کرنا معاملات میں اور تمام ایسی چیزوں میں کہ جاری ہوتی ہے اوس میں نیابت اور جو کوئی بیچے مال
غیر کا بغیر اذن اوسکے کے منعقد ہو جاتی ہے بیع لیکن موقوف ہوتی ہے صحت اوسکی اوپر اذن مالک کے اور یہی مذہب ہے ابو حنیفہ اور مالک کا اور کہا شافعی نے کہ نہیں جائز
ہر گز اگرچہ راضی ہو مالک بعد اوسکے ع **الْفَصْلُ الثَّانِي** فصل دوسری **عَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ أَنَا
ثَالِثُ الشَّرِيكَيْنِ مَا لَمْ يَخُنْ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ فَإِذَا خَانَهُ خَرَجْتُ مِنْ بَيْنِهِمَا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَزَادَ رَزِينٌ وَجَاءَ الشَّيْطَانُ
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ پہونچایا ابی ہریرہ نے حدیث کو حضرت تک کہ فرمایا حضرت نے تحقیق اللہ عزوجل فرماتا ہے میں تیسرا ہوں دو شریکوں کا جب تک
نہیں خیانت کی ایک نے دونوں میں سے ساتھی اپنے سے پس جب خیانت کرتا ہے ایک تو نکل جاتا ہوں میں درمیان اون دونوں کے سے نقل کی یہ ابو داؤد نے
اور زیادہ کیا رزین نے اور آتا ہے شیطان **ف** تیسرا ہوں ان کا یعنی مددگار اونکا ہوں ساتھ برکت کے حفاظت کرتا ہوں مال اونکا اور دیتا ہوں نفع اونکو
اونکو روزی اور خیر انکے معاملات میں اور جب خیانت کرتا ہے کوئی دونوں میں سے نکل جاتی ہے برکت اونکے معاملے سے بسبب خیانت کے اور اس سے
معلوم ہوا کہ مستحب ہے شرکت کرنی اسلئے کہ برکت اوترتی ہے اللہ تعالی کی طرف سے اور اس میں بخلاف اوسکے کہ ایک دوسرے کی
بسبب محافظت مال شریک اپنے کا اور اللہ تعالی مددگار ہوتا ہے بندہ کا جبتک کہ بندہ اپنے بھائی مسلمان کی مدد میں ہوتا ہے ع **وَعَنْهُ** عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ اور روایت ہے

ہے

ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہنچا امانت کو طرف اوس شخص کے کہ امانت دار کرے تجھکو اور نہ خیانت کر تو اوس شخص کی کہ خیانت کرے تیری ساتھ کی یہ ترمذی نے اور ابوداود اور دارمی نے ف کہا قاضی نے کہ مراد یہ ہے کہ نہ معاملہ کر خائن سے ساتھ معاملہ اوسکے کہ برا ہووے نزدیک اوسکے اور نہیں داخل ہوا ہے یعنی اوسکے کہ جو مستحق اپنے مال کا ہو لینی سکے کہ کے ایسے کہ حق اپنا لیتا ہو اوسکے مصداق یہ بات ہے اور وہ عیب صاحب ہوا اور مذہب امام شافعی کا یہ ہے کہ اگر کسیکا کچہ کسیکے ذمہ آتا ہو اور وہ منکر ہو اور اوسکے مال پر قادر ہو تو اوسکا مال لینا درست ہے بقدر اپنے حق کے اور اگر جنس مال پر قادر ہو تو وہ جنس میں سے ہو کہ اوسکے ذمہ مثلا روپے اوسکے کسیکے ذمہ تھے اور روپے اوسکے لے سکے تو پیسے پر قادر ہو تو موافق حق کے لے لے کذا فی المرقات وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَرَدْتُ الْخُرُوْجَ اِلٰى خَيْبَرَ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ اِنِّيْ اَرَدْتُ الْخُرُوْجَ اِلٰى خَيْبَرَ فَقَالَ اِذَا اَتَيْتَ وَكِيْلِيْ فَخُذْ مِنْهُ خَمْسَةَ عَشَرَ وَسْقًا فَاِنِ ابْتَغٰى مِنْكَ اٰيَةً فَضَعْ يَدَكَ عَلٰى تَرْقُوَتِهِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا ارادہ کیا میں نے نکلنے کا طرف خیبر کے پس آیا میں حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس یعنی بارادہ رخصت ہونے کے پس سلام کیا اونپر اور کہا میں نے تحقیق میں چاہتا ہوں نکلنا طرف خیبر کے پس فرمایا جس وقت کہ پہنچے تو میرے وکیل کے پاس پس لے اوس سے پندرہ وسق پھر اگر مانگے تجھسے کوئی نشانی پس رکہ ہاتھ اپنا اوپر حلق اوسکے کے نقل کی یہ ابوداود نے ف پندرہ وسق یعنی کھجوریں اور وسق ہوتا ہے ساٹھ صاع کا اور حضرت نے اوس وکیل کو تعلیم کر دیا ہوگا کہ جو کوئی میری طرف سے مانگنے آوے اور تو اوس سے نشان لے اور نشان لینا طلب کرے اور وہ ہاتھ رکھے حلق پر تو جانے کہ سچا ہے یعنی بھیجا ہوا میرا ہے پس جو شخص وہی نشانی بتلاوے اوسکو دیا کر وکیل کو یہی حکم دیا ہے مقرر کیا

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ فِيْهِنَّ الْبَرَكَةُ الْبَيْعُ اِلٰى اَجَلٍ وَالْمُقَارَضَةُ وَاِخْلَاطُ الْبُرِّ بِالشَّعِيْرِ لِلْبَيْتِ لَا لِلْبَيْعِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ روایت ہے صہیب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزیں ہیں کہ اون میں برکت ہے یعنی خیر کثیر ہوتی ہے اور وہ یعنی بیچنا ساتھ دینے مدت کے یعنی ادہار اور مضاربت اور ملانا گیہوں کا ساتھ جو کے واسطے خرچ گہر کے نہ واسطے بیچنے کے نقل کی یہ ابن ماجہ نے ف مضاربت یہ ہے کہ ایک شخص اپنا مال سوداگری کے لیے کسیکو دے اور وہ محنت کرے اور آپس میں نفع ٹھہرا لیں آدھوں آدہ یا کم و بیش اور جو ملاوے گیہوں میں گہر کے خرچ کے لیے تو بہت ہو جاویں اور بیچنے کے لیے نہ ملاوے کہ یہ گناہ و فریب ہے وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مَعَهُ بِدِيْنَارٍ لِيَشْتَرِيَ لَهُ بِهِ اُضْحِيَّةً فَاشْتَرٰى كَبْشًا بِدِيْنَارٍ وَبَاعَهُ بِدِيْنَارَيْنِ فَرَجَعَ فَاشْتَرٰى اُضْحِيَّةً بِدِيْنَارٍ فَجَاءَ بِهَا وَبِالدِّيْنَارِ الَّذِي اسْتَفْضَلَ مِنَ الْاُخْرٰى فَتَصَدَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالدِّيْنَارِ فَدَعَا لَهُ اَنْ يُّبَارَكَ لَهُ فِيْ تِجَارَتِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ اور روایت ہے حکیم بن حزام سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ساتھ اون کے ایک دینار کو واسطے حضرت کے ساتھ اوس دینار کے قربانی پس خریدا حکیم نے ایک مینڈھا ایک دینار کو اور بیچا وہ دو دینار کو پس پھرا یعنی گہر کو یا پھر اوس جگہ سے اور شروع کیا معاملہ میں پس خریدی قربانی ایک دینار کو پھر لایا اوسکو اور دینار کو کہ بچ رہا دوسرے سے یعنی قیمت اوس قربانی کے سے کہ بیچا اوسکو پس تصدق دیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ دینار اور دعا کی واسطے حکیم کے یہ کہ برکت دیجاوے واسطے اوسکے بیچ سوداگری اوسکے کے نقل کی یہ ترمذی نے اور ابوداود نے

بَابُ الْغَصْبِ وَالْعَارِيَةِ

باب بیچ بیان غصب اور عاریت کے ف غصب لینا مال کسیکا از راہ ظلم کے بغیر پوچہے اور عاریت کی طلب ہیں جاننا چاہیے بیان میں

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل پہلی عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِّنَ الْاَرْضِ ظُلْمًا فَاِنَّهُ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہے

سعید بن زید سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ لے بالشت بھر زمین ازراہ ظلم کے پس تحقیق بعد اس کے بطور طوق کے
پہنائی جاویگی اوسکے گردن میں دن قیامت کے ساتوں زمینوں سے نقل کی بخاری اور مسلم نے ف یعنی وہ ٹکڑا زمین کا ساتوں طبق تک طوق کر کے اوسکی
الی سبع ارضین اور شرح السنۃ میں لکھا ہے کہ معنی طوق پہنانے کے یہ ہیں کہ دھنسا دیگا اوسکو اللہ تعالیٰ زمین میں پس ہوگا کہ غصب کی ہوئی اوسکی
گردن میں مانند طوق کے ۔ ع وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یحلبن احد ماشیۃ امرئ بغیر
اذنہ ایحب احدکم ان یؤتی مشربتہ فتکسر خزانتہ فینتقل طعامہ وانما تخزن لھم ضروع مواشیھم اطعماتھم
رواہ مسلم اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ دودھ دوہے کوئی شخص کسی شخص کے جانور کا بغیر اذن اوسکے
یعنی بدون حکم اسکے کیا دوست رکھتا ہر ایک تمہارا یعنی نہیں دوست رکھتا یہ کہ آوے کوئی خزانہ اوسکے میں پس توڑا جاوے خزانہ اوسکا اور
اوٹھا لیجاوے غلہ اوسکا اور سوا اسکے نہیں کہ حفاظت کرتے ہیں پستان اونکے تھن مواشی اونکے کے طعام اونکے کے نقل کی مسلم نے ف یعنی تھن ان کے
مواشی کے بہ حفاظت کر رکھتے ہیں دودھ کو بمنزلہ خزانوں تمہارے کے ہیں جن میں غلہ رکھتے ہیں پس تمہارے کو ہر جو شخص اونکے مواشی کا دودھ دوہ لے گویا اوسنے توڑا خزانہ
اونکا اور چرا لیا اونکا غلہ اور شرح السنۃ میں لکھا ہے کہ اسپر عمل ہے اکثر اہل علم کا کہ نہیں جائز ہے دودھ دوہنا کسی کے مواشی کا بغیر اذن اوسکے
مگر جبکہ بے قرار ہو بھوک سے تو بقدر ضرورت کے پی لے اور ضامن ہو یعنی قیمت اوسکی دے اگر اوسکے پاس ہو اور بعض کہتے ہیں کہ واجب نہیں ہے
ع وعن انس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم عند بعض نسائہ فارسلت احدی امہات المؤمنین
بصحفۃ فیھا طعام فضربت التی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی بیتھا ید الخادم فسقطت الصحفۃ فانفلقت فجمع
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلق الصحفۃ ثم جعل یجمع فیھا الطعام الذی کان فی الصحفۃ ویقول غارت
امکم ثم حبس الخادم حتی اتی بصحفۃ من عند التی ھو فی بیتھا فدفع الصحفۃ الصحیحۃ الی التی کسرت صحفتھا
وامسک المکسورۃ فی بیت التی کسرت رواہ البخاری اور روایت ہے انس سے کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نزدیک بعض
بیبیوں اپنے کے یعنی حضرت عائشہ کے پس بھیجی ایک نے بیبیوں میں سے یعنی زینب یا صفیہ یا ام سلمہ نے رکابی کہ اوس میں تھا کھانا پس مارا اون بی بی نے
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے اونکے گھر میں یعنی عائشہ نے خادم کے ہاتھ کو پس گر پڑی رکابی اور ٹوٹ گئی پس جمع کئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ٹکڑے رکابی کے
پھر لگے جمع کیا ٹکڑوں میں کھانا کہ تھا رکابی میں اور فرمایا کہ غیرت کی ماں تمہاری نے پھر ٹھہرا رکھا خادم کو یہاں تک کہ لائی گئی رکابی اوس بی بی کے
پاس سے کہ حضرت اونکے گھر میں تھے پس بھیجی رکابی ثابت اوس بی بی کے کہ توڑی گئی تھی رکابی اوسکی اور رکھ لی ٹوٹی ہوئی رکابی اون کے
گھر میں کہ توڑی تھی جنہوں نے نقل کی یہ بخاری نے ف خادم لونڈی کو بھی کہتے ہیں اور غلام کو بھی اور یہاں لونڈی مراد ہے اور حضرت نے
جو کہا کہ غیرت کی ہے اس سے معلوم ہوا حضرت کا کمال حسن اخلاق اور تواضع اور خوش گذرانی بیبیوں کے ساتھ اور تعلیم کرنی امت پر سلوک کے
اور ماں تمہاری یہ خطاب عام ہے اس قصہ کے حاضرین کو یا حضرت نے عذر بیان کیا اون بی بی کی طرف سے کہ یہ بات صادر ہوئی غیرت کے سبب
کہ جبلت میں ہو عورت کے کہ اپنی سوکن پر رشک لیجاتی ہو اس طرح کا رشک نہیں دفع کر سکتی ہے اسکو اپنی نفس سے پس اسلئے بیان فرمایا کہ
وہ اس فعل کو حمل بد پر نہ کریں بلکہ جانیں یہی کہ اقتضائے بشریت سے صادر ہوا اور کہا قاضی نے اس حدیث کو باب غصب میں اسلئے لائے کہ
ایک طرح کا غصب تھا توڑنا رکابی کا اسلئے کہ تلف کرنا مال غیر کا ہے اگرچہ کسی سبب سے ہوا بلکہ بھیجنا طعام کا بطور تحفہ کے تھا
اور اس رکابی میں کہ طعام آیا تھا وہ بطریق عاریت کے تھی ۔ ع وعن عبداللہ بن یزید عن النبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى عَنِ النُّهْبَةِ وَالْمُثْلَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے عبداللہ بن یزید سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا منع کیا لوٹ سے اور مثلہ کرنے سے نقل کی یہ بخاری نے ف لوٹنا مال مسلمان کا حرام ہے اور مثلہ ہے کاٹنا ناک اور کان کا اور مانند اسکے کا اور یہ حرام ہے

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ سِتَّ رَكَعَاتٍ بِاَرْبَعِ سَجَدَاتٍ فَانْصَرَفَ وَقَدْ آضَتِ الشَّمْسُ وَقَالَ مَا مِنْ شَيْءٍ تُوعَدُونَهُ اِلَّا قَدْ رَأَيْتُهُ فِي صَلَاتِي هٰذِهِ لَقَدْ جِيءَ بِالنَّارِ وَذٰلِكَ حِينَ رَأَيْتُمُونِي تَأَخَّرْتُ مَخَافَةَ اَنْ يُصِيبَنِي مِنْ لَفْحِهَا وَحَتّٰى رَأَيْتُ فِيهَا صَاحِبَ الْمِحْجَنِ يَجُرُّ قُصْبَهُ فِي النَّارِ كَانَ يَسْرِقُ الْحَاجَّ بِمِحْجَنِهِ فَاِنْ فُطِنَ لَهُ قَالَ اِنَّمَا تَعَلَّقَ بِمِحْجَنِي وَاِنْ غُفِلَ عَنْهُ ذَهَبَ بِهِ وَحَتّٰى رَأَيْتُ فِيهَا صَاحِبَةَ الْهِرَّةِ الَّتِي رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ جُوعًا ثُمَّ جِيءَ بِالْجَنَّةِ وَذٰلِكَ حِينَ رَأَيْتُمُونِي تَقَدَّمْتُ حَتّٰى قُمْتُ فِي مَقَامِي وَلَقَدْ مَدَدْتُ يَدِي وَاَنَا اُرِيدُ اَنْ اَتَنَاوَلَ مِنْ ثَمَرِهَا لِتَنْظُرُوا اِلَيْهِ ثُمَّ بَدَا لِي اَنْ لَا اَفْعَلَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے جابر سے کہا گہن لگا سورج بیچ عہد رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جس دن کہ ابراہیم بیٹے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کر گئے پس نماز پڑھائی حضرت نے لوگوں کو چھ رکوع ساتھ چار سجدوں کے یعنی دو رکعتیں پڑھیں ہر رکعت میں تین تین رکوع کئے پھر فارغ ہوئے اس حال میں کہ ہو گیا تھا آفتاب جیسا کہ تھا اور فرمایا نہیں کوئی چیز کہ وعدہ دیئے جاتے ہو تم مگر تحقیق دیکھی میں نے وہ بیچ اس نماز اپنی کے البتہ تحقیق لائی گئی دوزخ اور یہ اس وقت تھا کہ دیکھا تم نے مجھ کو پیچھے ہٹا اس ڈر سے کہ پہنچے مجھ کو گرمی اوسکی یہاں تک کہ دیکھا میں نے اوس میں لکڑی والے کو کھینچتا تھا آنتیں اپنی دوزخ میں اور تھا چراتا حاجیوں کی چیزیں ساتھ لکڑی کے پس اگر جان لیتا کہتا کہ اٹک گئی تھی میری لکڑی میں یعنی آپ سے اور اگر غافل ہوتا لے جاتا ساتھ اوسکے یہاں تک کہ دیکھا میں نے اوس میں بلی والی عورت کو کہ باندھا تھا اوسنے بلی کو پس نہ کھلاتی تھی اوسکو اور نہ چھوڑتی تھی اوسکو کہ کھاتی کیڑوں اور حشرات الارض سے یہاں تک کہ مر گئی بھوکی پھر لائی گئی بہشت یعنی حضرت کے پاس اور یہ اس وقت تھا کہ دیکھا تم نے مجھ کو آگے بڑھا یہاں تک کہ کھڑا ہوا میں اپنی جگہ میں اور البتہ تحقیق دراز کیا میں نے ہاتھ اپنا اس حال میں کہ ارادہ رکھتا تھا میں کہ لوں میوے اوسکے سے تاکہ دیکھو تم پھر ظاہر ہوا میرے لئے کہ نہ کروں یعنی نہ لاؤں کیونکہ ایمان تمہارا ساتھ غیب کے ہے نقل کی یہ مسلم نے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بہشت اور دوزخ پیدا ہو چکے ہیں اور موجود ہیں اور یہی مذہب ہے اہلسنت کا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بلی کا مارنا ہلاک و عذاب کی جگہ ہے اور تھوڑا سا عمل نماز کو باطل نہیں کرتا اور بعض لوگ عذاب دیئے جاتے ہیں دوزخ میں اب بھی

وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُولُ كَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِينَةِ فَاسْتَعَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا مِنْ اَبِي طَلْحَةَ يُقَالُ لَهُ الْمَنْدُوبُ فَرَكِبَ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ مَا رَأَيْنَا مِنْ شَيْءٍ وَاِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے قتادہ سے کہا سنا میں نے انس سے کہتے تھے مدینہ میں گھبراہٹ و خوف یعنی اس سبب سے کہ لشکر کفار کا قریب آگیا تھا پس عاریت لیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑا ابو طلحہ سے کہ کہا جاتا تھا اوس گھوڑے کو مندوب یعنی نام تھا پس سوار ہوئے حضرت یعنی اوس پر نکلے واسطے تحقیق خبر کے لئے پس جبکہ پھرے فرمایا نہیں دیکھی میں نے کچھ خوف کی چیز اور تحقیق پایا میں نے اوس گھوڑے کو کشادہ قدم نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف ابو طلحہ کا گھوڑا پہلے نہایت سست تھا حضرت کی سواری کی برکت سے تیز رو ہو گیا اور اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے عاریۃً مانگ لینا جانور کا اور جائز ہے نام رکھنا جانور کا اور جائز ہے نام رکھنا سامان اسباب کا اور جائز ہے کوشش کرنی بیچ دریافت کرنے خبر دشمن کے اور مستحب ہے خوشخبری دینی لوگوں کو بعد خوف کے جاتا رہے خوف اور اسمیں بیان ہے حضرت کی شجاعت کا

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَنْ اَحْيٰى اَرْضًا مَيْتَةً فَهِيَ لَهُ وَلَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ مَالِكٌ

مرسلاً وقال الترمذی ھذا حدیث حسن غریب روایت ہے سعید بن زید سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرمایا جو شخص کہ آباد کرے زمین مردہ کو پس وہ واسطے اسکے ہے اور نہیں ہے واسطے رگ ظالم کے حق کوئی نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور ابوداؤد نے یعنی شخص کی روایت کی واسطے عروہ کے بطریق ارسال کے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے **ف** مطلب یہ ہے کہ جو شخص کہ آباد کرے زمین ویران کو یعنی بنا کرے بشرطیکہ کسی مسلمان کی ملک نہ ہو اور نہ متعلق ہو ساتھ کاموں مسلمانوں کے بالاتفاق جیسے کہ مواشی کے بیٹھنے کی جگہ یا مقبرہ وغیرہ ذلک اور امام اعظم کے نزدیک اذن ہونا امام کا بھی شرط ہے اور صاحبین اور شافعی اور احمد کے نزدیک شرط نہیں اور یہ جو کہا کہ نہیں ہے واسطے رگ ظالم کے حق یعنی جو کوئی کہ بوئے یا درخت لگاوے بیچ زمین کسی کی بغیر اجازت اسکے پس مستحق نہیں ہوتا ہے

وَعَنْ أَبِي حُرَّةَ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عَمِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا لَا تَظْلِمُوا أَلَا لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِئٍ إِلَّا بِطِيبِ نَفْسٍ مِنْهُ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَالدَّارَقُطْنِيُّ فِي الْمُجْتَبَى اور روایت ہے ابی حرہ رقاشی سے کہ نقل کی اپنے چچا سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردار ہو ظلم کرو خبردار ہو نہیں حلال مال کسی شخص کا مگر ساتھ خوشی اسکے نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں اور دارقطنی نے مجتبیٰ میں **وَعَنْ** عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہے عمران ابن حصین سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کہا نہیں ہے جلب اور نہ جنب اور نہیں ہے شغار بیچ اسلام کے اور جو شخص کہ لوٹے لوٹنا پس نہیں ہے ہم میں سے یعنی ہماری جماعت میں نہیں یا ہمارے طریقہ پر نہیں نقل کی یہ ترمذی نے **ف** جلب اور جنب کے معنی باب زکوٰۃ میں بعد ایک صفحہ کے اور سباق والوں کے بیچ میں جو شخص آگے ہو اپنے گھوڑے کے دوڑانے کو اور دیکھیں کون آگے نکلا ہے پس سباق میں جلب یہ ہے کہ گھوڑے دوڑانے والا ایک آدمی اپنے گھوڑے کے پیچھے رکھے کہ گھوڑے کو مارے اور آواز کرے اور ہانکے اور جنب یہ ہے کہ پہلو میں گھوڑے کے دوسرا گھوڑا رکھے کہ اگر سواری کا گھوڑا تھک جاوے تو اوس پر سوار ہو کر آگے نکل جاوے اور صدقہ میں جلب یہ ہے کہ صدقہ لینے والا کہ صدقات اور زکوٰۃ لینے کو جاوے تو ایک جگہ اوترے اور مال والوں کو اپنے پاس آنے کی تکلیف دے اور جنب یہ ہے کہ مال والا اپنے مکان سے دور کہیں چلا جاوے اور زکوٰۃ دینے والے کو تکلیف دے کہ وہاں جاکر زکوٰۃ لے چنانچہ بیان اسکا کتاب الصدقات میں گذرا پس منع فرمایا کہ یوں نہ چاہیے اور شغار یہ ہے کہ ایک شخص نکاح کرے اپنی بیٹی یا بہن کا کسی کے ساتھ اس شرط پر کہ وہ اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح کرے اسکے ساتھ اور مہر کچھ نہ ہو یہ شرط ہو بجائے مہر کے ہو اور یہ عقد فاسد ہے اکثر علماء کے نزدیک مگر ابو حنیفہ اور سفیان کہتے ہیں کہ صحیح ہے اور مہر مثل واجب ہوتا ہے لیکن یوں نہ چاہیے کہ گنہگار ہوتا ہے نہ کرنا چاہیے **وَعَنِ** السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَأْخُذْ أَحَدُكُمْ عَصَا أَخِيهِ لَاعِبًا جَادًّا فَمَنْ أَخَذَ عَصَا أَخِيهِ فَلْيَرُدَّهَا إِلَيْهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَرِوَايَتُهُ إِلَى قَوْلِهِ جَادًّا اور روایت ہے سائب بن یزید سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اونسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ لیوے ایک تمہارا لاٹھی اپنے بھائی کی کھیلتے ہوئے قصد کرتا ہوا پس جو شخص کہ لیوے لاٹھی بھائی اپنے کی پس چاہیے کہ پھیر دے اسکو طرف اوسکے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت ابوداؤد کی لفظ جادا تک ہے **ف** یعنی ہنسی سے لاٹھی لے جاوے ظاہر میں مزاح اور قصد ہو اوسکا اسمیں کہ رکھ چھوڑے گا اسکو منع فرمایا اور ذکر کرنا عصا کا بطور تمثیل کے ہے کہ ایسی چیز حقیر کیلئے منع فرمایا تو دوسری زیادہ بطریق اولیٰ منع ہوگا **وَعَنْ** سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَجَدَ عَيْنَ مَالِهِ عِنْدَ رَجُلٍ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ وَيَتَّبِعُ الْبَيِّعُ مَنْ بَاعَهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ اور روایت ہے سمرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص کہ پاوے عین اپنا مال نزدیک کسی کے پس وہ زیادہ لائق ہے ساتھ اوسکے اور پیچھا کرے مول لینے والا اوس شخص کا کہ بیچا ہو اوسکو نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد اور نسائی نے **ف** حاصل معنی حدیث کے یہ ہیں کہ اگر کسی شخص کا کچھ مال کسی نے چرا لیا یا غصب کیا اور وہ دوسرے کے ہاتھ پڑا اور اوس سے

اور اوس سے کسی اور نے خریدا پس معاملہ کا مال اپنا خریدنے والے کے پاس پاوے اور وہ خریدنے والا بیچنے والے کا پیچھا کرے روایت کیا اسکو احمد اور ابو داؤد اور نسائی نے **وعنہ** عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال علی الید ما اخذت حتی تؤدی رواہ الترمذی وابو داؤد وابن ماجہ اور روایت ہے سمرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوپر ہاتھ کے ہے وہ چیز کہ لیا ہے یہانتک کہ ادا کرے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** اوپر ہاتھ کے یعنی صاحب ہاتھ کے یعنی لینے والے کے ہے پہونچانا اوس چیز کا کہ لی ہے یہانتک کہ ادا کرے وہ چیز کہ لی ہے حاصل یہ کہ جو مال کسی کا بطریق چھین لینے کے یا بغیر لینے کے یا امانت کے یا عاریت کے اوس پر اوس کا پہونچانا واجب ہے اور چاہیے کہ جو مال کسی کا لے وہ مالک کو دے جب تک کہ پورا نہ ہووے تب تک اوسکے ذمہ پر ہے یا اودا کرے جب تک کہ نہ دے تب تک اوسکا مال ہے **وعن** حرام بن سعد بن محیصۃ ان ناقۃ للبراء بن عازب دخلت حائطا فافسدت فقضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان علی اھل الحوائط حفظھا بالنھار وان ما افسدت المواشی باللیل ضامن علی اھلھا رواہ مالک وابو داؤد وابن ماجہ اور روایت ہے حرام بیٹے محیصہ کے سے کہ اونٹنی براء بن عازب کی گئی ایک باغ میں اور نقصان کیا پس حکم کیا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ باغ والوں پر نگہبانی باغ کی ہے دن کو اور جو باغ کو خراب کریں مواشی رات کو سو ضامن ہیں اونکے مالک نقل کی یہ مالک اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** حاصل یہ کہ اگر مواشی تلف کریں باغ کسی کا رات کو تو مالک پر اوسکا بدلا دینا ہوگا کہ اونکو رات کو حفاظت کرنا چاہیے اور باغ والے پر دن کو حفاظت کرنا باغ کی ہے اور اگر دن کو نقصان کرے تو بدلا نہیں ہے اور اگر رات کو تلف کرے تو بدلا ہے کہ مالک کا قصور ہے اور دن کو باغ والے کا قصور ہے کہ اوسکو حفاظت کرنی جانور کی دن کو چاہیے اور یہ مذہب امام شافعی کا ہے کہ مالک جانور کا ضامن ہے رات کو اور دن کو نہیں اور مذہب امام ابو حنیفہ کا یہ ہے کہ اگر مالک جانور کا ہمراہ ہو تو ضامن ہے اور اگر ہمراہ نہ ہو تو ضامن نہیں خواہ دن ہو یا رات **وعن** ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الرجل جبار والنار جبار رواہ ابو داؤد اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پاؤں جو پاؤں ہے معاف ہے اور آگ بھی معاف ہے نقل کی یہ ابو داؤد نے **ف** یعنی جانور کے پاؤں سے کوئی چیز تلف ہو تو اوسکا بدلا نہیں ہے اور آگ سے نقصان ہو تو بدلا نہیں ہے اور آگ سے یہ مراد ہے کہ آگ جلائی کسی نے اپنے گھر میں اور ہوا سے اوڑ کر کسی کے گھر میں گئی اور جلا دیا تو جلانے والے پر ضمان نہیں ہے بشرطیکہ جس وقت آگ جلائی تھی اوس وقت ہوا ٹھہری ہوئی تھی اور اگر ہوا چلنے کے وقت جلائی تھی تو ضمان دینا ہوگا **وعن** الحسن عن سمرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اتی احدکم علی ماشیۃ فان کان فیھا صاحبھا فلیستاذنہ فان لم یکن فیھا فلیصوت ثلاثا فان اجاب احد فلیستاذنہ وان لم یجبہ احد فلیحتلب ولیشرب ولا یحمل رواہ ابو داؤد اور روایت ہے حسن سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت کہ آوے کوئی تم میں سے مواشی کے پاس پس اگر ہووے اونمیں مالک اونکا پس چاہیے کہ اجازت لیوے دودھ پینے کی اور اگر نہ ہو مالک اونکا اونکے پاس پس چاہیے کہ آواز کرے تین بار پس اگر جواب دیوے کوئی تو اوس سے اجازت لیوے اور اگر جواب نہ دیوے تو دودھ نکال لیوے اور پی لیوے اور نہ اوٹھا لیجاوے نقل کی یہ ابو داؤد نے **ف** یہ دودھ پینا اوس وقت درست ہے کہ حالت اضطرار ہو یعنی بھوک کے مارے جان جاتی ہو اور یا یہ محمول ہے عادت پر یعنی جہاں یہ رسم عادت ہو کہ مسافر کو دودھ پینے کو منع نہ کرتے ہوں اونکو دودھ پینا درست ہے **وعن** ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من دخل حائطا فلیاکل ولا یتخذ خبنۃ رواہ الترمذی وابن ماجہ وقال الترمذی ھذا حدیث غریب اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ جاوے کسی باغ میں پس چاہیے کہ کھاوے اور نہ باندھ لیجاوے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے **ف** یہ حکم بھی مضطر کے لیے ہے یا بطریق عادت کے ہے **وعن** امیۃ بن صفوان عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم استعار منہ

ادراعًا یوم حنین فقال أغصبًا یا محمد قال بل عاریۃ مضمونۃ رواہ ابو داود اور روایت ہے امیہ بیٹے صفوان کے سے کہ نقل کی اپنے باپ سے
یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عاریت لیں ان سے کئی زرہیں دن جنگ حنین کے پس کہا صفوان نے کیا چھینے کی راہ لیتے ہو اے محمد فرمایا بلکہ عاریت
لیتا ہوں کہ پھیر دیا جاوے گا نقل کی یہ ابو داود نے **ف** صفوان اوس زمانہ میں کافر تھا پھر مسلمان ہوا ... اور ابو حنیفہ کے نزدیک
عاریت امانت ہوتی ہے عاریت لینے والے پاس اگر تلف ہو ... اور امام شافعی اور احمد کے نزدیک
دینا اوسکی قیمت ... لفظ مضمونہ کے معنی ... **وعن ابی امامۃ قال**
سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول العاریۃ مؤداۃ والمنحۃ مردودۃ والدین مقضی والزعیم غارم رواہ الترمذی
وابو داود اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے عاریت ادا کیجاوے یعنی جسسے عاریت لی ہے اوسے پہنچا دی جاوے
اور منحہ ... پھیری جاوے ... اور قرض ادا کیا جاوے ... ضامن ...
اوسکو ادا کرنا ... نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود نے **ف** منحہ ...
... **وعن رافع بن عمرو**
الغفاری قال کنت غلامًا ارمی نخل الانصار فأتی بی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا غلام لم ترمی النخل قلت آکل قال فلا ترم وکل
مما سقط فی اسفلها ثم مسح رأسه فقال اللهم اشبع بطنه رواه الترمذی وابو داود وابن ماجه اور روایت ہے رافع بن عمرو غفاری سے
کہا تھا میں لڑکا پھینکتا تھا پتھر درخت کھجور پر انصار کے پس لایا گیا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس ... اور فرمایا اے لڑکے کیوں پھینکتا ہے
پتھر کھجور پر کہا میں نے کھاتا ہوں ... فرمایا مت پھینک ... اور کھا جو گرے ... پھر
اوسکے پھر ہاتھ پھیرا میرے سر پر اور کہا الٰہی بھر دے پیٹ اوسکا نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ نے **ف** اور کہا جو گرا ہوا ...
... اگر عادت جاری ہو ...
... اجازت دیتے **وسنذکر حدیث عمرو بن شعیب فی باب اللقطۃ ان شاء اللہ تعالٰی**
اور ذکر کرینگے ہم حدیث عمرو بن شعیب کی بیچ باب لقطہ کے اگر چاہا اللہ نے

الفصل الثالث

عن سالم
عن ابیه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اخذ من الارض شیئًا بغیر حقه خسف به یوم القیامۃ الی سبع
ارضین رواہ البخاری روایت ہے سالم سے کہ نقل کی اپنے باپ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص لے زمین سے کچھ ناحق یعنی
از راہ ظلم دھنسایا جاویگا اوسکو دن قیامت کے سات زمینوں تک نقل کی یہ بخاری نے **وعن یعلی بن مرۃ** قال سمعت رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم یقول من اخذ ارضًا بغیر حقها کلف ان یحمل ترابها المحشر رواہ احمد اور روایت ہے یعلی بن مرہ سے کہا سنا
میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص لے زمین ناحق ... تکلیف دیا جاویگا ... اوسکو کہ اوٹھاوے مٹی اوسکی سر پر ...
ف ... دھنسایا جاویگا ...
... **وعنه** قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یقول ایما رجل ظلم شبرًا من الارض کلفه اللہ عز وجل ان یحفره حتی یبلغ آخر سبع ارضین ثم یطوقه الی یوم القیامۃ
حتی یقضی بین الناس رواہ احمد اور روایت ہے یعلی بن مرہ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے

جو شخص کسی کی بالشت بھر زمین ظلم سے لے لیگا اسکو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن یعنی قبر میں ساتوں زمین تک
پھر طوق کر کے ڈالی جاویگی وہ زمین اسکے گلے میں یہاں تک کہ حکم کیا جاوے درمیان لوگوں کے

باب الشفعۃ

یہ بیان شفعہ کے ف شفعہ ساتھ ضمہ شین کے مشتق ہے شفع سے بمعنی جفت اور جفت کرنیکے ہیں نام اسکا اسلیے رکھا کہ ملاتا ہے زمین خریدی ہوئی ساتھ زمین شفیع کے اور شفعہ ثابت ہوتا ہے شریک کے لیے تینوں اماموں کے نزدیک اور ہمسایہ کے لیے نہیں اور نزدیک امام ابو حنیفہ کے ثابت ہوتا ہے ہمسایہ کے لیے بھی اور حدیثیں بیچ شفعہ ہمسایہ کے وارد ہوئی ہیں اور صحت کو پہنچی ہیں جیسے کہ اس میں کلام کیا ہے

الفصل الاول

صحیح عن جابر قال قضى النبي صلى الله عليه وسلم بالشفعة في كل ما لم يقسم فإذا وقعت الحدود وصرفت الطرق فلا شفعة رواه البخاري روایت ہے جابر سے کہا حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ شفعہ کے بیچ ہر چیز کے کہ نہ بانٹی گئی ہو یعنی غیر منقول کہ شراکت ہو اس میں پس جس وقت کہ واقع ہوں حدیں یعنی تقسیم کیجاوے اور پھیر دیے جاویں راستے یعنی ہر ایک حصہ کی راہ علیحدہ ہو جاوے پس نہیں شفعہ نقل کیا بخاری نے ف یعنی ہمسایہ کو شفعہ نہیں اور یہ حدیث دلالت کرتی ہے اوپر اسکے کہ شفعہ نہیں ہے ہمسایہ کے لیے اور یہی مذہب ہے شافعی کا اور امام اعظم کے نزدیک شفعہ ہمسایہ کے لیے بھی ہے اور دلیل انکی وہ حدیثیں ہیں جو آگے آتی ہیں اور اس حدیث میں نفی شفعہ کی ہے ساتھ شرکت کے نہیں ہے بلکہ نفی شفعہ جوار کی یعنی ہمسائی کی نہیں ہے

وعنه قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم بالشفعة في كل شركة لم تقسم ربعة أو حائط لا يحل له أن يبيع حتى يؤذن شريكه فإن شاء أخذ وإن شاء ترك فإذا باع ولم يؤذنه فهو أحق به رواه مسلم اور روایت ہے جابر سے کہ حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ شفعہ کے بیچ ہر زمین شراکت کے کہ نہ تقسیم کی گئی ہو گھر ہو یا باغ ہو نہیں حلال ہے مالک کو یہ کہ بیچے یہاں تک کہ خبر کرے اپنے شریک کو پس اگر چاہے لے اور اگر چاہے چھوڑ دے پس جس وقت کہ بیچا اور خبر نہ کی اسکو پس وہ لائق تر ہے ساتھ اسکے نقل کیا مسلم نے

ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شفعہ نہیں ہے مگر اس چیز میں کہ ممکن نہ ہو نقل اسکا مانند زمین اور مکان اور باغ کے اور جو چیز کہ ممکن ہو نقل کرنا اسکا مانند اسباب اور جانوروں کے اور یہی مذہب ہے سب علماء کا پھر شفعہ خاص نہیں ہے ساتھ مسلمان کے بلکہ مسلمان اور ذمی برابر ہیں اور حلال نہیں بیچنا اس سے معلوم ہوا کہ واجب ہے اطلاع کرنا شریک کو جبکہ ارادہ کرے بیچنے کا

وعن أبي رافع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الجار أحق بسقبه رواه البخاري روایت ہے ابی رافع سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمسایہ زیادہ تر نزدیک ہے ساتھ نزدیک ہونے کے نقل کیا بخاری نے ف یعنی ہمسایہ لائق تر ہے ساتھ شفعہ کے واسطے شفعہ اسکو پہنچتا ہے جس وقت کہ نزدیک متصل ہو اور یہ حدیث دلالت کرتی ہے اوپر ثابت ہونے شفعہ کے ہمسایہ کے لیے

وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يمنع جار جاره أن يغرز خشبة في جداره متفق عليه اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کرے ہمسایہ اپنے ہمسایہ کو لکڑی گاڑنے سے بیچ دیوار اپنی کے نقل کیا بخاری اور مسلم نے ف یعنی جس صورت میں کہ ضرر نہ ہو اسکا اور لا یمنع نہی وجوب کے لیے ہے نزدیک امام احمد اور محدثین کے اور استحباب کے لیے نزدیک امام ابو حنیفہ اور مالک اور شافعی کے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا اختلفتم في الطريق جعل عرضه سبع أذرع رواه مسلم اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ اختلاف کرو تم بیچ راہ کے تو ٹھہرایا جاوے چوڑاؤ اسکا سات ہاتھ کا نقل کیا مسلم نے ف یعنی اگر ہو درمیان زمین کے ایک قوم کی راہ اور چاہیں عمارت بنانی اور نہیں اتفاق کریں ایک مقدار پر تو فیصلہ اوپر سات ہاتھ کے ہے اور اگر اس سے زیادہ سات ہاتھ ہوں پس مراد حدیث سے وہ راہ ہے جو ڈالی گئی اور اگر ہو ایک راہ چلتی ہوئی زیادہ سات ہاتھ سے تو روکنا نہ چاہیے

پکڑا دو جیسے اور بیچنا سکروہ سات حکم کا ثانی ہونا **اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ** فصل دوسری **عَنْ** سَعِیْدِ بْنِ حُرَیْثٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ بَاعَ مِنْکُمْ دَارًا اَوْ عَقَارًا قَمِنٌ اَنْ لَّا یُبَارَکَ لَہٗ اِلَّا اَنْ یَّجْعَلَہٗ فِیْ مِثْلِہٖ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ اور روایت ہے سعید بن حریث سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص کہ بیچے تم میں سے گھر یا زمین لائق ہے کہ نہ برکت دیجاوے واسطے اوسکے بیچ اوسکے مول میں مگر یہ کہ کر دیوے اوسکو بیچ مانند اوسکے نقل کیا ابن ماجہ اور دارمی نے **ف** یعنی بیچنا گھر اور مکان کا بلا ضرورت اور صرف کرنا مول اوسکا منقولات میں غیر مستحب ہے اسلیے کہ غیر منقولات میں منافع بہت ہیں اور آفت کم ہو کر نہیں چرائی جاتی اوسکو بخلاف منقولات کے پس اولیٰ یہ ہے کہ نہ بیچے غیر منقولات کو اور اگر بیچے تو خرچ کرے مول اوسکا زمین اور مکانات میں **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْجَارُ اَحَقُّ بِشُفْعَتِہٖ یُنْتَظَرُ بِہَا وَاِنْ کَانَ غَائِبًا اِذَا کَانَ طَرِیْقُہُمَا وَاحِدًا رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمسایہ لائق تر ہے ساتھ شفعہ اپنے کے انتظار کیا جاوے واسطے شفعہ کے اگرچہ ہو وہ غائب جس وقت کہ ہو راہ اون دونوں کی ایک نقل کیا احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ اور دارمی نے **وَعَنِ** ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّرِیْکُ شَفِیْعٌ وَالشُّفْعَۃُ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ قَالَ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا وَہُوَ اَصَحُّ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا شریک یعنی زمین وغیرہ کا بھی جانی ہے شفیع اور شفعہ ہے ہر چیز کے بیچ یعنی غیر منقولات میں مانند زمین اور باغ اور مانند اوسکے نقل کیا یہ ترمذی نے کہا ترمذی نے اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بطریق ارسال اور وہ صحیح تر ہے **وَعَنْ** عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ حُبْشِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَطَعَ سِدْرَۃً صَوَّبَ اللّٰہُ رَاْسَہٗ فِی النَّارِ رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَقَالَ ہٰذَا الْحَدِیْثُ مُخْتَصَرٌ یَعْنِیْ مَنْ قَطَعَ سِدْرَۃً فِیْ فَلَاۃٍ یَسْتَظِلُّ بِہَا ابْنُ السَّبِیْلِ وَالْبَہَائِمُ عَبَثًا وَّظُلْمًا بِغَیْرِ حَقٍّ یَکُوْنُ لَہٗ فِیْہَا صَوَّبَ اللّٰہُ رَاْسَہٗ فِی النَّارِ اور روایت ہے عبد اللہ بن حبشی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کاٹے درخت بیری کا اوندھا ڈالیگا اللہ تعالیٰ سر اوسکا دوزخ میں نقل کیا یہ ابوداؤد نے اور کہا یہ حدیث مختصر ہے یعنی جو شخص کہ کاٹے بیری کو جنگل میں کہ سایہ پکڑتے ہیں ساتھ اوسکے مسافر اور جانور از راہ ظلم و زیادتی کے ساتھ بغیر حق کے کہ ہووے واسطے اوسکے اوس درخت میں تو اوندھا ڈالیگا اللہ تعالیٰ سر اوسکا آگ میں **ف** لفظ ظلم اور بغیر حق تاکید ہے بعض لفظ کے یا حق مراد شفعہ ہے اور ابوداؤد کے مرقاۃ الصعود میں لکھا ہے کہ طبرانی نے اپنی کتاب اوسط میں زیادہ کیا ہے کہ جو درخت بیری کا حرم میں ہے اوسپر وعید ہے اور بعضوں نے کہا کہ بیری مدینہ کی مراد ہے اور بعضوں نے کہا کہ مراد بیری جنگل کی ہے کہ مسافر اور حیوانات اوسکے سایہ میں آرام پاتے ہیں اور بعضوں نے کہا کہ مراد وہ بیری ہے کہ ملک کسی کی ہو اور بیجا اوسکو از راہ ظلم کاٹ ڈالے ہر جا **اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ** فصل تیسری **عَنْ** عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ اِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ فِی الْاَرْضِ فَلَا شُفْعَۃَ فِیْہَا وَلَا شُفْعَۃَ فِیْ بِئْرٍ وَّلَا فَحْلِ النَّخْلِ رَوَاہُ مَالِکٌ روایت ہے عثمان بن عفان سے کہا جس وقت کہ واقع ہوں حدیں بیچ زمین کے پس نہیں شفعہ یعنی شرکت کا اوسمیں اور نہ شفعہ ہے بیچ کوئیں کے اور نہ بیچ درخت کھجور نر کے نقل کیا یہ مالک نے **ف** نہ شفعہ ہے کوئیں میں اسلیے کہ شفعہ اوس چیز میں ہے کہ احتمال تقسیم کا رکھے اور کوآں احتمال تقسیم کا نہیں رکھتا اور یہی ہے مذہب شافعی کا اور ہمارے نزدیک شفعہ ثابت ہے ہر زمین میں اگرچہ احتمال تقسیم کا نہ رکھے مانند کوئیں اور حمام اور چکی کے اور دلیل ہماری یہ حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی الشفعۃ فی کل شیء یعنی شفعہ ہر چیز میں ہے یعنی غیر منقول میں اور نہ بیچ درخت کھجور نر کے یعنی جس وقت کہ وارث ہوتے ہیں شخص کھجور کے

درختوں کو اور آپس میں ٹھہرا لے درخت اور زمین پر لگے درخت ترکاریاں ہیں جیسے بیلیں کہ انگور وغیرہ پھل دکھائی دیں جس وقت کہ بیچے ایک شخص اپنے
اُس کا حصہ جو حق ہو اُس کا درخت پر وغیرہ کے سے تو زمین پر شخص کو دے تخم زمین میں جیسے گیہوں زمین میں ہو اور غلہ پیدا ہو اُس کا آدھا

باب المساقاۃ والمزارعۃ یہ باب ہے بیچ بیان مساقات کے اور مزارعت کے مساقات یہ ہے کہ ایک شخص اپنے درخت دوسرے کو دے کہ انہیں پانی دیا اور اصلاح کرتا رہے جو حاصل ہو اُس کو آپس میں بانٹ لیں گے آدھوں آدھ یا تہائی یا چوتھائی یا جتنا ٹھہرا ہو اور مزارعہ یہ کہ کسی کو اپنی زمین دے کہ تخم بوئے جو کچھ پیدا ہو اس میں بانٹ لیں گے آدھوں آدھ وغیرہ لکھا ہے کہ مساقاۃ نخلستان میں ہوتی ہے اور مزارعت زمین میں اور مساقاۃ اور مزارعہ فاسد ہیں نزدیک امام ابو حنیفہ کے اور نزدیک صاحبین کے جائز ہیں اور دلیل صاحبین کی حدیث خیبر کی ہے اور فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے

الفصل الاول عن عبد الله بن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم دفع إلى يهود خيبر نخل خيبر وأرضها على أن يعتملوها من أموالهم ولرسول الله صلى الله عليه وسلم شطر ثمرها رواه مسلم وفي رواية البخاري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أعطى خيبر اليهود أن يعملوها ويزرعوها ولهم شطر ما يخرج منها

روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیے یہودِ خیبر کو درخت کھجور خیبر کے اور زمین اُس کی اس شرط پر کہ محنت کریں اُس میں اپنے مالوں سے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہو آدھا میوہ اُس کا نقل کیا اس کو مسلم نے اور بیچ روایت بخاری کی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا خیبر یعنی درخت و زمین خیبر کے یہود کو اس شرط پر کہ محنت کریں اُس میں اور کھیتی کریں اُس میں اور واسطے یہود کے ہو آدھا وہ چیز کہ نکلے اُس سے **ف** خیبر نام ایک جگہ کا ہے قریب مدینہ کے اور یہ حدیث دلیل ہے صاحبین کی سوا امام ابو حنیفہ کے کہ جائز کہتے ہیں مساقات کو اور مزارعت کو اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ یہ اور قصہ خیبر کا نہیں ہے بطریق مساقات اور مزارعت کے بلکہ زمین خیبر کی ملک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی اور یہود پر خراج مقرر کیا اور خراج دو قسم پر ہے خراج موظف اور خراج مقاسمت خراج موظف یہ کہ ہر سال کچھ مقرر کر دیں اور خراج مقاسمت یہ کہ تقسیم کر لیں پیداوار کو جیسے کہ اہل خیبر کا بیان ہے

وعنه قال كنا نخابر ولا نرى بذلك بأسا حتى زعم رافع بن خديج أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عنها فتركناها من أجل ذلك رواه مسلم

اور روایت ہے عبد اللہ سے کہا کہ تھے ہم مخابرہ کرتے اور نہیں دیکھتے تھے ساتھ اس کے کچھ ڈر یہاں تک کہ کہا رافع بن خدیج نے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا اس سے پس چھوڑ دیا ہم نے مخابرت کو اس سبب سے نقل کی یہ مسلم نے **ف** مخابرہ مزارعہ کو کہتے ہیں اور یہ حدیث دلیل امام ابو حنیفہ کی ہے

وعن حنظلة بن قيس عن رافع بن خديج قال أخبرني عماي أنهم كانوا يكرون الأرض على عهد النبي صلى الله عليه وسلم بما ينبت على الأربعاء أو شيء يستثنيه صاحب الأرض فنهانا النبي صلى الله عليه وسلم عن ذلك فقلت لرافع فكيف هي بالدراهم والدنانير فقال ليس بها بأس وكأن الذي نهي عن ذلك ما لو نظر فيه ذو الفهم بالحلال والحرام لم يجيزوه لما فيه من المخاطرة متفق عليه

اور روایت ہے حنظلہ بن قیس سے وہ نقل کرتے ہیں رافع بن خدیج سے کہا خبر دی مجھ کو دو چچاؤں میرے نے یہ کہ صحابہ کرایہ کو دیتے تھے زمین بیچ زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس چیز کے کہ پیدا ہوتی تھی نالیوں پر یعنی کرایہ کو دیتے تھے زمین اس شرط پر کہ جو کچھ پیدا ہو کنارے نالیوں کے وہ مالک زمین کا ہو یا کسی چیز کے کہ مستثنیٰ کرے اُس کو مالک زمین کا یعنی کرایہ کو دیتے تھے زمین اس شرط پر کہ جو کچھ پیدا ہو فلانے ٹکڑے میں وہ مالک کا ہو پس منع کیا ہم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پس کہا

کہ اسمیں جاہلوں کو فریب تھا پر کہ وہاں نہ جانتے تھے کما حقہٗ پس کہا ہمنے واسطے رافع کے پس حکم کیا مزارعت کا بدلے درہموں اور دیناروں کے
پس کہا نہیں ساتھہ اسکے مضائقہ ہے اور بدلے اس چیز کے منع کیا گیا ہے وہ چیز جو کہ نادر دیکھے اوسمین صاحب فہم کا ساتھ حلال و حرام کے تو نہ جائز
رکھا اسکو واسطے اس چیز کے کہ اوسمین ہر خاطرہ سے کہ ہوا یا نہ ہو ویسی جیسی صورتوں ذکر کی گئی مین نقل کیا اسکو مسلم نے ف
پس منع کیا اسکو انہیں صورتوں ذکر کی گئی مین یعنی کی بابت نزدیک جائز رکھنے والوں مزارعت کے اور جاننا چاہیے کہ حدیث نہی مزارعت کی تاویل
اوسمین بہت سوا اس کے ابن ماجہ نے کہا ہوا اور جمہور انکے نزدیک مزارعت جائز ہے فتوی اسی پر ہے سب مین بھی جواز ہی پر ہے حضرت
صاحبین کے وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ كُنَّا أَكْثَرَ أَهْلِ الْمَدِينَةِ حَقْلًا وَكَانَ أَحَدُنَا يُكْرِي أَرْضَهُ فَيَقُولُ هٰذِهِ الْقِطْعَةُ
لِي وَهٰذِهِ لَكَ فَرُبَّمَا أَخْرَجَتْ ذِهْ وَلَمْ تُخْرِجْ ذِهْ فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے رافع بن خدیج سے
کہا تھے ہم اکثر مدینہ والوں مین کھیتی کرنے والے اور تھا ایک ہمارا کرایہ کو دیتا تھا زمین اپنی اور کہتا تھا یہ ٹکڑا زمین کا واسطے میرے ہے اور یہ ٹکڑا اسمین
میرے لیے ہے اور یہ واسطے تیرے ہے پس اکثر ہوتی کھیتی اس قطعہ زمین مین یعنی دونوں مین سے ایک قطعہ مین کھیتی ہوتی اور نہ نکلتی اور قطعہ میں یعنی دوسرے
قطعہ میں پس منع فرمایا انکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس معاملہ سے اسلیے کہ ایک کا تمام حاصل میں ہوگا اور دوسرے کا حق بالکل ضائع ہوگا نقل
کی بخاری اور مسلم نے وَعَنْ عَمْرٍو قَالَ قُلْتُ لِطَاوُسٍ لَوْ تَرَكْتَ الْمُخَابَرَةَ فَإِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى
عَنْهُ قَالَ أَيْ عَمْرُو إِنِّي أُعْطِيهِمْ وَأُعِينُهُمْ وَإِنَّ أَعْلَمَهُمْ أَخْبَرَنِي يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَنْهَ عَنْهُ
وَلٰكِنْ قَالَ أَنْ يَمْنَحَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهِ خَرْجًا مَعْلُومًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہے عمرو بن دینار تابعی سے کہ کہا
کہا مین نے واسطے طاؤس تابعی کے اگر چھوڑ دیتا تو مزارعت کو تو بہتر تھا اسلیے کہ کہتے ہین علما یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے اوس سے
کہا طاؤس نے اے عمرو تحقیق مین دیتا ہوں لوگوں کو یعنی زمین کھیتی کرنیکے لیے اور مدد کرتا ہوں مین انکی اور تحقیق بڑے عالم اونکے نے یعنی
ابن عباس نے خبر دی مجھکو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں منع فرمایا اس سے ولیکن یہ فرمایا ہے کہ دینا ایک تمہارا زمین کو اپنے بھائی کے تئین بہتر
ہے واسطے اوسکے اس سے کہ لیوے اوسپر کرایہ معین کر کر نقل کی بخاری اور مسلم نے ف یعنی مزارعت مین یہ ہوتا ہے کہ کچھ دیتے ہین اور کچھ
لیتے ہین پس اگر احسان کرے بغیر کچھ لینے کے زمین یعنی بطریق عاریت کے دے کہ اوس سے لینے والا فائدہ اوٹھاوے تو بہتر ہو وَعَنْ
جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا أَوْ لِيَمْنَحْهَا أَخَاهُ فَإِنْ أَبَى فَلْيُمْسِكْ أَرْضَهُ
مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ہو واسطے اوسکے زمین پس چاہیے کہ کھیتی کرے اوسمین
یا دیوے اپنے بھائی کو عاریت پس اگر نہ مانے مالک دونوں باتین پس چاہیے کہ رکھے اپنے پاس زمین اپنی نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف کہا
علما نے کہ یعنی لائق ہے آدمی کو کہ حاصل کرے نفع اپنے مال سے پس جس کے پاس زمین ہو چاہیے کہ کھیتی کرے اوسمین تا حاصل ہو اوسکو نفع اوس
سے یا دیوے اوسکو اپنے بھائی مسلمان کے تئین تا کہ حاصل ہو اوسکو ثواب پس اگر دونوں چیزیں نہ کرے تو چاہیے کہ رکھے زمین اپنی بیکار تو گویا تنبیہ ہے
ہو اوپر ترک کرنے دونوں امر ذکر کیے گئے کے اور اختیار کرنے مزارعت کے اور تنبیہ ہے اوس شخص پر کہ اپنے مال سے نہ آپ منتفع ہوا اور نہ اوروں کو
نفع پہنچاوے اور بعضوں نے کہا کہ معنی یہ ہین کہ اگر انکار کرے بھائی اوسکا قبول کرنے عاریت سے تو نہ دیوے زمین پس پچھ اجرا کے لیے بھی
ہے وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ وَرَأَى سِكَّةً وَشَيْئًا مِنْ آلَةِ الْحَرْثِ فَقَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَدْخُلُ
هٰذَا بَيْتَ قَوْمٍ إِلَّا أَدْخَلَهُ الذُّلَّ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے ابی امامہ سے اس حال میں کہ دیکھا انہوں نے پھال اور کچھ اسباب کھیتی کا

روز کیا کہ سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں داخل ہوتا یہ کسی کے گھر میں مگر کہ داخل کرتا ہے اللہ اس گھر میں ذلت کو
نقل کی بخاری نے ف یعنی یہ بات وقتی ہے جبکہ مشغول ہوں زراعت میں مشغول ہو کر جہاد کو ترک کر دیں اور اگر بقدر حاصل کرنے قوت
عیال کے زراعت کریں تو ظاہر ہے کہ اس وعید میں داخل نہ ہوگا اور بعضوں نے کہا کہ مراد اوس کے حقیر ہونے کو ہے [illegible] اگر مشغول ہوئے زراعت
میں اور ترک کریں جہاد کو تو ذلیل ہونگے بسبب غالب ہونے دشمن کے اوپر ان کے **الفصل الثانی** عن رافع بن خدیج عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم قال من زرع فی ارض قوم بغیر اذنہم فلیس لہ من الزرع شیء ولہ نفقتہ رواہ الترمذی وابو داود وقال
الترمذی ہذا حدیث غریب روایت ہے رافع بن خدیج سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص کھیتی کرے کسی قوم کی زمین میں
اون کی بغیر حکم اور رضا اون کے کے پس نہیں واسطے اوس کے کھیتی میں کچھ اور واسطے اوس کے خرچ ہے اوس کا نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود نے اور کہا ترمذی نے
کہ یہ حدیث غریب ہے ف یعنی کھیتی زمین کے مالک کی ہوگی اور تخم والے کے لیے کچھ نہیں سوا اوسکے تخم کے اور یہی مذہب ہے امام احمد کا اور
کہا کہ کھیتی تخم والے کے لیے ہوگی اور اوس کو نقصان زمین کا دینا ہوگا [illegible] اور کہا ابن ملک نے اور یہ صورت زمین کی [illegible]
کہ [illegible] جو کچھ کہ حاصل ہوا کھیتی سے پس تخم والے کے لیے ہوگا **الفصل الثالث** عن
قیس بن مسلم عن ابی جعفر قال ما بالمدینۃ اہل بیت ہجرۃ الا یزرعون علی الثلث والربع وزارع علی وسعد بن مالک وعبد اللہ
بن مسعود وعمر بن عبد العزیز والقاسم وعروۃ وآل ابی بکر وآل عمر وآل علی وابن سیرین وقال عبد الرحمن بن الاسود کنت اشارک
عبد الرحمن بن یزید فی الزرع وعامل عمر الناس علی ان جاء عمر بالبذر من عندہ فلہ الشطر وان جاؤا بالبذر فلہم کذا رواہ
البخاری روایت ہے قیس بن مسلم سے نقل کی ابی جعفر سے یعنی امام محمد باقر سے کہ کہا نہیں ہے مدینہ میں کوئی اہل بیت ہجرت کا مگر کہ زراعت
کرتے تھے تہائی اور چوتھائی پر اور زراعت کی حضرت علی اور سعد بن مالک یعنی سعد بن ابی وقاص نے اور عبد اللہ بن مسعود اور عمر بن عبد العزیز
اور قاسم اور عروہ اور اولاد ابی بکر اور اولاد عمر اور اولاد علی اور ابن سیرین نے اور کہا عبد الرحمن بن اسود تابعی نے تھا میں شریک کرتا عبد الرحمن بن یزید
کو زراعت میں اور معاملہ کیا حضرت عمر نے لوگوں سے یعنی ساتھ مزارعت کے اس شرط پر کہ اگر لاوے عمر بیج اپنے پاس سے پس واسطے اوس کے آدھا اور اگر لاویں
لوگ بیج [illegible] نقل کی بخاری نے ف [illegible]
[illegible]
[illegible] **باب الاجارۃ** باب ہے بیچ بیان اجارہ کے ف اجارہ کے معنی [illegible] اور شرع میں اجارہ کے معنی
مالک کرنا منفعت کا اور قیاس چاہتا تھا کہ اجارہ جائز نہ ہو واسطے ہونے منفعت کے معدوم ولیکن جائز کیا اوسکو لوگوں کی حاجت کے لیے
اور ثابت ہے اجارہ احادیث و آثار سے **الفصل الاول** عن عبد اللہ بن مغفل قال زعم ثابت بن الضحاک
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن المزارعۃ وامر بالمؤاجرۃ وقال لا باس بہا رواہ مسلم روایت ہے عبد اللہ بن مغفل سے کہ کہا
ثابت بن ضحاک نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا مزارعت سے اور حکم کیا ساتھ اجارہ کے اور کہا نہیں مضائقہ ساتھ اوسکے نقل کی یہ مسلم نے ف
منع کیا مزارعت [illegible] وعن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم احتجم فاعطی
الحجام اجرہ واستعط روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے پس دی حجام کو مزدوری [illegible]
اوسکی اور ناک میں دوا ڈالی نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مباح ہے اجارہ اور کسب [illegible] کا اور

جانور چرواکر ن وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا بَعَثَ اللّٰهُ نَبِیًّا اِلَّا رَعَی الْغَنَمَ فَقَالَ اَصْحَابُهٗ وَاَنْتَ
فَقَالَ نَعَمْ كُنْتُ اَرْعٰی عَلٰی قَرَارِیْطَ لِاَهْلِ مَكَّةَ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں بھیجا
کوئی نبی مگر چرائی ہیں بکریاں اس نے کہا لوگوں نے صحابہ میں سے اور آپ نے بھی چرائی ہیں فرمایا کہ ہاں تھا میں چراتا اوپر اجرت چند قیراط کے واسطے اہل مکہ کے
نقل کیا اس کو بخاری نے ف یعنی نوکر رکھا مجھ کو اہل مکہ نے اور چرایا میں نے بکریوں کو ایک قیراط روز کو اور چند قیراط جو کہا باعتبار مہینے کے اور قیراط
کہتے ہیں آدھے دانق کو اور دانق چھٹا حصہ درہم کا اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بکریاں چراتے تھے واسطے اس کے کہ حاصل ہو شفقت و نگہبانی امت کی
اور صبر کرنا ان کی مشقت پر اور حاصل ہو خلوت اور نسبت پادشاہ کو رعیت کے ساتھ الٰہی اور جیسے چرواہے کو ساتھ بکریوں کے ہے وَعَنْهُ قَالَ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی ثَلٰثَةٌ اَنَا خَصْمُهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رَجُلٌ اَعْطٰی بِیْ ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَكَلَ ثَمَنَهٗ وَرَجُلٌ
اسْتَأْجَرَ اَجِیْرًا فَاسْتَوْفٰی مِنْهُ وَلَمْ یُعْطِهٖ اَجْرَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے
تین شخص ہیں کہ میں جھگڑنے والا ہوں ان سے دن قیامت کے ایک وہ کہ دیا عہد ساتھ نام میرے کے اور سوگند پھر توڑ ڈالا اور دوسرا وہ شخص کہ بیچا اس نے
ایک آزاد کو پھر کھایا مول اس کا اور تیسرا وہ شخص کہ مزدور رکھا ایک مزدور پھر کام لیا اس سے پورا یعنی جس کام کے لیے رکھا تھا وہ تمام کروایا اور نہ دی
اس کو مزدوری اس کی نقل کی بخاری نے ف پھر کھایا مول اس کا یہ قید واسطے زیادتی تقبیح کے ہے اگر نہ کھا دیتا تو بھی گناہ اور داخل وعید
ہے وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَفَرًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرُّوْا بِمَاءٍ فِیْهِمْ لَدِیْغٌ اَوْ سَلِیْمٌ فَعَرَضَ لَهُمْ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ
الْمَاءِ فَقَالَ هَلْ فِیْكُمْ مِنْ رَاقٍ اِنَّ فِی الْمَاءِ رَجُلًا لَدِیْغًا اَوْ سَلِیْمًا فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ عَلٰی شَاءٍ فَبَرَأَ فَجَاءَ
بِالشَّاءِ اِلٰی اَصْحَابِهٖ فَكَرِهُوْا ذٰلِكَ وَقَالُوْا اَخَذْتَ عَلٰی كِتَابِ اللّٰهِ اَجْرًا حَتّٰی قَدِمُوا الْمَدِیْنَةَ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخَذَ عَلٰی
كِتَابِ اللّٰهِ اَجْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَقَّ مَا اَخَذْتُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا كِتَابُ اللّٰهِ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَفِیْ رِوَایَةٍ اَصَبْتُمْ
اقْسِمُوْا وَاضْرِبُوْا لِیْ مَعَكُمْ سَهْمًا اور روایت ہے ابن عباس سے کہ ایک جماعت صحابہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی گذری ایک پانی پر کہ ان میں تھا ڈسا ہوا بچھو
کا یعنی کاٹا ہوا بچھو کا یا سانپ کا پس عرض کیا واسطے ان کے ایک شخص نے بستی والوں میں سے پس کہا آیا ہے تم میں کوئی منتر پڑھنے والا کہ بستی میں
ایک شخص کاٹا ہوا بچھو کا یا ڈسا ہوا سانپ کا پڑا ہے پس گیا ایک شخص ان میں سے یعنی صحابہ میں سے اور پڑھی سورۃ فاتحہ اوپر لینے بکریوں کے یعنی اس
شخص نے وعدہ کیا کہ میں منتر پڑھتا ہوں اس شرط پر کہ دو تم مجھ کو اتنی بکریاں پس جب راضی ہوئے پھر اس شخص نے پڑھی فاتحہ تب اچھا ہو گیا وہ کاٹا ہوا
شفا دی اس کو پس اچھا ہو گیا وہ پھر لایا بکریاں اپنے یاروں کے پاس پس مکروہ جانا یعنی اچھا نہ سمجھا ان لوگوں نے اور کہا تو نے لی کتاب اللہ پر مزدوری
یہاں تک کہ آئے وہ صحابہ مدینے میں اور کہا یا رسول اللہ لی اس شخص نے کتاب اللہ پر مزدوری پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق لائق تر ان
چیزوں میں کہ لو تم اس پر مزدوری کتاب اللہ کی ہے نقل کی یہ بخاری نے اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا تم نے ٹھیک کیا اچھا کیا تم نے تقسیم کر لو یعنی
بکریوں کو آپس میں اور حصہ لگاؤ واسطے میرے ساتھ اپنے ف لفظ او سلیم شک راوی کا ہے لغت میں کاٹے ہوئے کو کہا سلیم واسطے نیک فال کے یعنی
معنی میں کہ سانپ کا ڈسا ہوا اور سلیم کہا کہ اکثر اطلاق لدیغ کا بچھو کے کاٹے ہوئے پر آتا ہے اور سلیم کا سانپ کے ڈسے ہوئے پر اس حدیث سے معلوم ہوا
اور ترمذی میں اور بعض نے لکھا ہے کہ نام ان صحابی منتر پڑھنے والے کا ابو سعید خدری تھا اور جماعت صحابہ کی تیس آدمی تھی اور بکریاں بھی تیس
پڑھنے والے نے لیں اور حضرت نے اپنا حصہ لگانا اس واسطے فرمایا کہ ان کو خوش کریں اور جانیں کہ بیشک یہ سب حلال ہے اور اس سے معلوم ہوا کہ منتر
ساتھ قرآن اور ذکر اللہ کے کرنا اور اس پر مزدوری لینی درست ہے اور فرقان کو پڑھ کر مزدوری لینی نہیں درست اور متقدمین نے منع کیا ہے کہ نماز اور عبادت

اور عبادت پر مزدوری لینی نہیں درست ہے اور کسی کی پیروی کرنا اور دوسرے اچھے ہو جانا اوسکا عبادت نہیں ہے پس اس لئے درست ہے اور یہ بھی بات معلوم ہو کہ بیچنا مصحف کا اور خریدنا اوسکا اور لکھوائی کو لکھنا مصحف اور اور کتابوں دین کا جائز ہے اور متاخرین نے تعلیم کتاب اللہ کو بھی جائز کہا ہے کہا ہے کہ جائز ہے اجرت لینی واسطے اور متقدمین نے امام ابو حنیفہ وغیرہ کے تعلیم قرآن پر اجرت لینی کو حرام کہا ہے

... محروم ... نسب ... وارث ... [illegible]
... اللہ تعالیٰ ... [illegible]
... اور گناہ ... حساب اس کا اللہ پر ہے ... [illegible]
... **وَعَنْ** أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ وَالْمَرْأَةُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ سِتِّيْنَ سَنَةً ثُمَّ
يَحْضُرُهُمَا الْمَوْتُ فَيُضَارَّانِ فِي الْوَصِيَّةِ فَتَجِبُ لَهُمَا النَّارُ ثُمَّ قَرَأَ أَبُو هُرَيْرَةَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوْصٰى بِهَا أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ إِلٰى قَوْلِهِ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ
الْعَظِيْمُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق مرد اور عورت
اللہ بندگی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی ساٹھ برس ... پھر آتی ہے ان کو موت ... وصیت ... [illegible]
پھر پڑھی ابوہریرہ نے آیت میراث ... وصیت ... [illegible]
... نقل کی احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ... [illegible]
تمام مال ... وارث ... اور اللہ کے حکم ... [illegible]
... وصیت ... معلوم ہوا کہ وصیت کرنے
میں ... **الفصل الثالث** عن جابر قال قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه
عليه وسلم من مات على وصية مات على سبيل وسنة ومات على تقى وشهادة ومات مغفورا له رواه ابن ماجه روایت ہے جابر سے
کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مرا وصیت پر ... [illegible]
... نقل کی ابن ماجہ نے **وَعَنْ** عمرو بن شعيب
عن أبيه عن جده أن العاص بن وائل أوصى أن يعتق عنه مائة رقبة فأعتق ابنه هشام خمسين رقبة فأراد ابنه عمرو أن يعتق
عنه الخمسين الباقية فقال حتى أسأل رسول الله صلى الله عليه وسلم فأتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله إن أبي
أوصى أن يعتق عنه مائة رقبة وإن هشاما أعتق عنه خمسين وبقيت عليه خمسون رقبة أفأعتق عنه فقال رسول الله صلى الله
عليه وسلم إنه لو كان مسلما فأعتقتم عنه أو تصدقتم عنه أو حججتم عنه بلغه ذلك رواه أبو داؤد اور روایت ہے عمرو بن شعیب

[illegible]

عمرو بن شعیب نے نقل کی اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے یعنی عبداللہ سے کہ عاص بن وائل نے وصیت کی کہ آزاد کیے جاویں میری طرف سے سو بردے سو آزاد کیے اُسکے بیٹے ہشام نے پچاس بردے پھر ارادہ کیا بیٹے اُسکے عمرو نے کہ آزاد کرے اُسکی طرف سے پچاس بردے باقی جو رہے تھے پھر کہا عمرو نے یہاں تک کہ پوچھ لوں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر آئے عمرو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ تحقیق باپ میرے نے وصیت کی تھی کہ آزاد کیے جاویں اُسکی طرف سے سو بردے اور تحقیق ہشام نے پچاس آزاد کیے اور باقی رہ گئے اُسکی طرف سے پچاس بردے پس آزاد کروں اُسکی طرف سے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر مسلمان ہوتا اور آزاد کرتے تم اُسکی طرف سے یا صدقہ دیتے اُسکی طرف سے یا حج کرتے اُسکی طرف سے پہنچتا اُسکو ثواب ف عاص بن وائل نے زمانہ اسلام کا پایا لیکن مسلمان نہیں ہوا اور اُسکے دو بیٹے ہشام اور عمرو دونوں مسلمان ہوئے تھے اور صحابی تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور حاصل حدیث کا یہ ہے کہ اگر عاص مسلمان ہوتا تو عبادات مذکورہ کا ثواب اُسکو پہنچتا چونکہ وہ مسلمان نہیں تھا اُسکو کچھ ثواب نہ ہوگا پس اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صدقہ وغیرہ مفید نہیں کافر کو اور اُسکو کچھ ثواب نہیں ہوتا اور مسلمان کے لیے مفید ہوتے ہیں وعن انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من فر من میراث وارثہ قطع اللہ میراثہ من الجنۃ یوم القیامۃ ... روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بھاگے میراث سے اپنے وارث کی کاٹیگا اللہ تعالیٰ میراث اُسکی بہشت میں سے دن قیامت کے تخریج کی ابن ماجہ نے اور نقل کی بیہقی نے شعب الایمان میں ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ف یعنی جو شخص کوئی وصیت کرے اپنے وارث کو محروم کرنے کے واسطے اللہ تعالیٰ دن قیامت کے بہشت کی وراثت سے محروم کریگا یعنی بہشت میں نہ داخل کریگا اول مرتبہ میں ان باتوں سے بچو

کتاب النکاح

کتاب ہے بیان میں نکاح کے ف نکاح کے معنی لغت میں ملانا اور جمع ہونا اور شرع میں اطلاق نکاح کا عقد پر ہے اور حقیقت میں نکاح کا اثر یعنی جمع ہونا پایا جاتا ہے اور ابو حنیفہ کے نزدیک نکاح کرنا واجب ہے وقت توقان کے یعنی غلبہ شہوت کے اور گمان غالب ہو کہ بغیر نکاح کے زنا میں گرفتار ہو جاویگا تو فرض ہے اور یہ واجب اور فرض اُس صورت میں ہے کہ مالک ہو مہر اور نفقہ کا اور اگر مالک نہ ہو مہر و نفقہ کا تو گناہ نہیں ہے ترک کرنے سے اور سنت مؤکدہ ہے حالت اعتدال میں یعنی قدرت رکھتا ہو اوپر جماع کے اور مہر اور نفقہ دینے کی پس گنہگار ہوتا ہے ساتھ ترک کے نکاح کے اور ثواب پاتا ہے اگر نیت کرے بچنے کی زنا سے اور بچے ہونے کی اور کوئی عبادت ایسی نہیں ہے کہ مشروع ہو حضرت آدم کے وقت سے ابتک اور پھر جنت میں بھی باقی رہے سوا نکاح اور ایمان کے اور نکاح مکروہ ہے وقت خوف ظلم کے یعنی خوف ہو اسکا کہ مزاج میرا برا ہے بیوی پر زیادتی کروں گا اور خبرگیری اُسکی نہیں کرسکے گا تو مکروہ ہے اور یقین ہو ظلم کرنے کا تو حرام ہے نکاح کرنا اور مستحب ہے اعلان کرنا نکاح کا اور پڑھنا خطبہ کا پہلے نکاح کے اور ہونا نکاح کا مسجد میں اور دن جمعہ کے اور مستحب ہے کہ نکاح باندھنے والا نیک ہو اور گواہ عادل ہوں اور دیکھنا بیوی کو پہلے نکاح کے مستحب ہے کہ ہو بیوی کم عمر میں نسبت خاوند کے اور حسب میں اور عزت میں اور مال میں اور زیادہ ہو خلق میں اور ادب میں اور جمال میں اور تقویٰ میں اور منعقد ہوتا ہے نکاح ساتھ ایجاب قبول کے اور دونوں ساتھ لفظ ماضی کے ہوویں جیسے عورت کہے کہ نفس اپنا میں نے تیرے بیوی کیا یعنی میں نے بیاہ دیا اور مرد کہے قبول کیا میں نے یا کہے میں نے نکاح کیا اور عورت کہے قبول کیا یا ایجاب ہووے ساتھ لفظ ماضی کے اور دوسرا ساتھ لفظ امر کے جیسے مرد کہے کہ نکاح کر میرے ساتھ اور وہ کہے نکاح کیا میں نے یعنی جب کہا میں نے اور اگر مرد نے کہا کہ دیا تو نے نفس اپنا یا قبول کیا تو نے اور عورت نے کہا دیا یا قبول کیا بغیر لفظ میرے کے تو بھی درست ہے اور اگر کہا آگے گواہوں کے کہ ہم جورو خاوند ہیں تو نہیں نکاح ہوتا اور نکاح منعقد ہوتا ہے ساتھ لفظ نکاح اور تزویج کے اور ان الفاظ کے کہ موضوع ہیں واسطے تملیک عین فی الحال کے جیسے ہبہ اور صدقہ اور تملیک کے نہ ساتھ اجارہ اور اعارہ اور اباحت اور وصیت کے اور شرط ہے نکاح کی یہ کہ سنے ہر ایک

عاقدین ہی سے ہو نکاح درست ہوگا اور گواہ ہوں دو مرد آزاد یا ایک مرد آزاد اور دو آزاد عورتیں یہ ہوں اور دونوں گواہ مکلف مسلمان ہوں عاقدین
گواہ ساتھ عاقدین کی بات سنیں صحیح ہوگا نکاح اگر دونوں گواہ [illegible] اور جائز ہوتا دونوں گواہ فاسق یا [illegible] کے مذہب میں
ہو [illegible] عاقدین کے دونوں بیٹے ہوں یا ایک [illegible] اور دونوں نہیں [illegible] اگر ایک [illegible] کا نکاح ایک شخص کر دے
پس [illegible] نکاح کیا [illegible] ایک مرد کو اور باپ کے تو جائز ہوگا اور باپ کے [illegible] نہیں [illegible] **ف**
فوائد نکاح [illegible] شہوت کا اور [illegible] ہو [illegible] کا [illegible] نفس کا [illegible] اور پیدا ہونا فرزند کا
کا اور [illegible] بہن بھائی [illegible] حرام [illegible] حقوق عورتوں [illegible] عورت کی یا نکاح
اور [illegible] عورت سے اور [illegible] اور اولاد حقوق اللہ تعالیٰ کے پس اگر [illegible] نکاح [illegible] افضل ہے اور اگر
مقابل [illegible] نکاح [illegible] دین کی [illegible] نکاح [illegible] شہوت [illegible]
دینی [illegible] نکاح [illegible] افضل [illegible]
[illegible] نسب [illegible]

الفصل الاول [illegible] عن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا معشر الشباب
من استطاع منکم الباءۃ فلیتزوج فانہ اغض للبصر واحصن للفرج ومن لم یستطع فعلیہ بالصوم فانہ لہ وجاء متفق علیہ
ابن مسعود سے [illegible] فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے جوانوں کی جماعت جو کوئی تم میں سے [illegible] نکاح کی [illegible]
نکاح کرے [illegible] اور [illegible] حرام [illegible] اور جو شخص [illegible] کی
[illegible] روزہ رکھنے [illegible] شہوت [illegible]
ف [illegible] امام شافعی [illegible] امام اعظم [illegible] **وعن**
سعد بن ابی وقاص قال رد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی عثمان بن مظعون التبتل ولو اذن لہ لاختصینا متفق علیہ
[illegible] عثمان بن مظعون [illegible] خصی [illegible]
ف تبتل [illegible] عثمان بن مظعون [illegible] تبتل [illegible]
[illegible] خصی [illegible]
[illegible] خصی [illegible]
[illegible] خصی [illegible]
[illegible] امام شافعی [illegible] افضل [illegible]
[illegible] امام ابو حنیفہ [illegible] افضل [illegible] نووی [illegible]
[illegible] **وعن** [illegible]
[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] متفق علیہ [illegible]

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا جاتا ہے عورت سے بسبب چار چیزوں کے بسبب مال اوسکے کے اور بسبب حسب اوسکے کے اور بسبب جمال اوسکے کے اور بسبب
دین اوسکے کے پس مطلب ہو ساتھ دین والی کے خاک آلودہ ہوں دونوں ہاتھ تیرے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** حسب وہ ہے کہ بیان کیا جاوے بزرگی اور شرف
اوسکی ذات میں یا اوسکی قوم میں یعنی لوگ طالب ہوتے ہیں اسکے کہ بیٹی عورت ہو قوم اشراف سے کہ پہنچے فرزندوں کو اوس سے شرف حاصل ہو اور حاصل یہ ہے
یہ ہے کہ عادت ہو گئی ہے کہ عورتوں سے نکاح کرنے میں رغبت کرتے ہیں بسبب چار چیزوں مذکور کی کے اور ہیں بندہ کو لائق یہ ہے کہ عورت دیندار کا طالب ہو اور کہا
آلودہ ہوں تیرے ہاتھ یعنی خوار ہو جیو کہ اصل میں بد دعا ہے لیکن بیان دعا کا مقصود نہیں ہے بلکہ مراد رغبت دلانی ہے اور کوشش کرنے پر طلب عورت دیندار کے ہے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدُّنْيَا كُلُّهَا مَتَاعٌ وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا تمام متاع ہے اور بہتر متاع دنیا کی عورت نیک بخت ہے نقل کی یہ مسلم نے **ف** متاع
یعنی دنیا فائدہ اوٹھانا تھوڑا ہے اور نفع ہے جلد جانے والا [illegible] اور بہتر متاع دنیا کی یعنی بہتر چیزوں کی فائدہ اوٹھانے میں ساتھ اوسکے دنیا میں عورت نیک بخت
ہے اسلیے کہ مددگار ہوتی ہے امور آخرت پر **وَعَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الْاِبِلَ
صَالِحُ نِسَاءِ قُرَيْشٍ اَحْنَاهُ عَلٰى وَلَدٍ فِيْ صِغَرِهِ وَاَرْعَاهُ عَلٰى زَوْجٍ فِيْ ذَاتِ يَدِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر عورتوں کی کہ سوار ہوتی ہیں اونٹوں پر نیک بخت عورتیں قریش کی ہیں بہت شفیق ہوتی ہیں بچوں پر جب کہ ہوتے ہیں چھوٹے اور بہت نگاہ رکھنے والی
اور بہت حفاظت کرنے والی ہیں شوہروں کی بیچ خاوند کے یعنی مال اوسکے کے کہ اوسکے قبضہ میں ہوتا ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** سوار ہوتی ہیں یعنی مراد عورتیں
عرب کی ہیں کیونکہ عادت اونٹ کے سواری کی نہیں ہے سوا اونکے پس گویا کہ فرمایا بہتر عورتوں سب کی نیک بخت عورتیں قریش کی ہیں **وَعَنْ** اُسَامَةَ
بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَرَكْتُ بَعْدِيْ فِتْنَةً اَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے اسامہ
بن زید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں چھوڑا میں نے پیچھے اپنے کوئی فتنہ کہ زیادہ ضرر کرنے والا ہو مردوں کو عورتوں سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف**
اسلیے کہ طبیعت مردوں کی اکثر خواہش رکھتی ہیں طرف عورتوں کے اور پیچھے اونکے پڑتے ہیں [illegible] کے بیچ قتال و عداوت [illegible] اور ادنی درجہ [illegible] رغبت
دلانی ہے [illegible] دنیا [illegible] اور کونسی چیز [illegible] حدیث میں آیا ہے حب النساء [illegible] خطیئۃ اور جو فرمایا کہ پیچھے میرے
اس سے معلوم ہوا کہ ضرر عورتوں کی فتنہ کا بعد حضرت کے [illegible] نہیں پایا تھا اسلیے کہ اوس وقت میں غلبہ حق کا تھا اور بعد [illegible]
ہوا ہے **وَعَنْ** اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيْهَا
فَيَنْظُرُ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ فَاِنَّ اَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ كَانَتْ فِي النِّسَاءِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا شیریں ہے سبز اور تحقیق اللہ خلیفہ کرنے والا ہے تمکو بیچ اوسکے پس دیکھتا ہے کس طرح عمل کرتے ہو پس بچو دنیا سے اور بچو عورتوں سے پس تحقیق
اول فتنہ بنی اسرائیل کا تھا بیچ عورتوں کے نقل کی یہ مسلم نے **ف** دنیا شیریں ہے یعنی جیسے شیرینی مرغوب الطبع ہے اور سبز چیز آنکھوں میں اچھی معلوم ہوتی ہے ایسی ہی دنیا
والوں میں پیاری ہے اور اونکی آنکھوں میں اچھی معلوم ہوتی ہے اور اللہ خلیفہ کرنے والا ہے یعنی تمکو خلیفہ بنایا دنیا میں یعنی تم مثل اللہ کے ہو اونکے اوپر جو تصرف کروگے یا یہ
کہ حقیقت میں دنیا ملک اللہ تعالی کی ہے پس گویا اللہ تعالی نے تمکو نائب کیا تصرف کرنے ہو یا معنی یہ ہے کہ بنایا اللہ تعالی نے تمکو خلیفہ اون لوگوں کا جو تھے
پہلے تمسے پس دیکھتا ہے کہ کیا کرو گے آیا عبرت پکڑتے ہو ساتھ حال اونکے اور کیونکر توجہ کرتے ہو طرف مال اونکے [illegible]
[illegible] فریفتہ [illegible] ہونے والا ہے اور اوسکے حرام پر عذاب ہے اور اوسکے حلال پر حساب ہے اور [illegible] عورتوں [illegible]
[illegible] بنی اسرائیل کا منقول ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام کے وقت میں [illegible] مستجاب الدعوات تھا اور اسم اعظم [illegible] جانتا تھا

حضرت موسیٰ پر مسلط ہو یہ بات سدی نے روایت کی ہے کہ جب کہ قوم بلعم کی اس کے پاس آئی اور کہا کہ موسیٰ علیہ السلام بہت سا لشکر
ہمارے نکالنے اور قتل کرنے کے لیے لائے ہیں آپ بد دعا کریں ... بلعم نے کہا ... پوچھ لوں ... اجازت نہیں ... اور موسیٰ ...
بد دعائیں کرو ... اگر میں بد دعا کروں تو دنیا اور آخرت میری دونوں جاتی رہیں ... قوم نے بہت الحاح ... بلعم نے استخارہ کیا
اللہ تعالیٰ سے دیکھوں کیا حکم ہوتا ہے ... استخارہ کیا تو خواب میں ... دیکھا کہ ... بد دعا مت کر ... بلعم اپنی
قوم سے کہنے لگے یہ خواب ظاہر کیا قوم ... تحفہ لائی اور بہت الحاح و تکرار اور تضرع و زاری کی ... اور ... بلعم ... بیٹھ کے
گدھے پر سوار ہو کر متوجہ ہوا طرف پہاڑ ... جب ... گدھا ... کئی بار ... گر ... اور ... بہت مارکر ... دعا کا
... [illegible] ... جب بلعم ... جانب ... بد دعا ... پہاڑ پر چڑھا
اور ... بد دعا ... کرتا ... قدرت الٰہی سے ... بلعم کی زبان ... قوم ... کہا کہ ...
... [illegible] ... اور ... دنیا اور آخرت میری دونوں برباد
ہوگئیں ... [illegible] ... اور ... اگر کوئی شخص
... [illegible] ...
... [illegible] ...
... حضرت موسیٰ علیہ السلام ... [illegible] ...
... [illegible] ... ستر ہزار آدمی ...
... حضرت ہارون ... [illegible] ... وعن ابن
... [illegible] ...
عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشؤم فی ثلاث فی المرأۃ والدار والفرس ... [illegible]
... [illegible] ... نحوست ... [illegible] ...
نحوست ... [illegible] ...
اور ... نحوست ... [illegible] ...
دراز ہو اور ... نحوست ... [illegible] ...
... نحوست ... [illegible] ...
... [illegible] ...
... [illegible] ...
... [illegible] ...
... [illegible] ... وعن جابر قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوۃ
فلما قفلنا کنا قریبا من المدینۃ ... [illegible] ... قال أتزوجت قلت نعم قال أبکر أم ثیب قلت بل ثیب قال

قال فہلا بکرا تلاعبہا وتلاعبک فلما قدمنا ذہبنا لندخل فقال امہلوا حتی ندخل لیلا ای عشاء لکی تمتشط الشعثۃ وتستحد المغیبۃ
متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا کہ تھے ہم ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک جہاد میں پس جبکہ پھرے ہم آئے ہم نزدیک مدینہ کے کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میں نیا بیاہ ہوا ہوں یعنی اگر حکم ہو تو میں آگے جاؤں گھر میں فرمایا حضرت نے نکاح کیا ہے تو نے کہا میں نے ہاں فرمایا کنواری سے یا خاوند کی ہوئی سے کہا میں نے کنواری نہیں بلکہ خاوند کی ہوئی ہے فرمایا کیوں نہ نکاح کیا تو نے کنواری سے کہ کھیلتا تو اوس سے اور کھیلتی وہ تجھ سے پس جب آئے ہم یعنی مدینہ میں ارادہ کیا ہم نے کہ داخل ہوں ہم اپنے گھروں میں فرمایا حضرت نے ٹھہر جاؤ تاکہ داخل ہوویں ہم رات کو یعنی وقت شام کے تاکہ کنگھی کرے عورت پراگندہ بالوں والی اور بال زیر ناف کے دور کرے وہ عورت کہ غائب تھا خاوند اوس کا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** کہنا تو کنواری سے کمال الفت اور دلی تعلق ہوتی ہے اس میں جیسے کہ عورت خاوند کی ہوئی ہو وہ دل اوس کا بھی متعلق ہو اوس کے ساتھ پہلے خاوند کے اور تکلف کرتی ہو محبت اور رضا الفت میں اگر نسبت اپنی ہو دوسرے خاوند کو مانند اول کے خلاف کنواری کے کہ اوس میں یہ باتیں نہیں ہوتیں اور اخیر حدیث کا حاصل یہ ہے کہ ٹھہر رہو تاکہ عورتیں بناؤ اور سنگار کریں اور تمہاری محبت کریں … اگر کہا جاوے کہ دو حدیث میں منع فرمایا ہے اس سے کہ آؤ تم رات کو گھر میں … پس جواب اس کا یہ ہے کہ منع اس میں ہے کہ بغیر خبر کیے ایک گھر میں چلا جاوے اور یہ کہ اب جو جاوے جیسا کہ آنے میں مجلہ تو منع نہیں ہے

الفصل الثانی

عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ثلثۃ حق علی اللہ عونہم المکاتب الذی یرید الاداء والناکح الذی یرید العفاف والمجاہد فی سبیل اللہ رواہ الترمذی والنسائی وابن ماجۃ روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہیں کہ لازم ہے اللہ تعالیٰ پر مدد دینا ان کی یعنی بمقتضائے وعدہ اپنے کے ایک تو مکاتب جو ارادہ رکھتا ہو ادا کرنا بدل کتابت کا اور دوسرے وہ نکاح کرنے والا جو ارادہ رکھتا ہو بچنے کا زنا سے اور تیسرے جہاد کرنے والا اللہ کی راہ میں نقل کی یہ ترمذی نسائی … نے **ف** مکاتب وہ غلام کہتے ہیں کہ مالک اوس کا کہدے کہ اسقدر روپیہ تو مجھ کو ادا کر تو آزاد ہے …

وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خطب الیکم من ترضون دینہ وخلقہ فزوجوہ الا تفعلوہ تکن فتنۃ فی الارض وفساد عریض رواہ الترمذی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ پیغام بھیجے نکاح کا طرف تمہارے وہ شخص کہ راضی ہو تم دین اوس کے سے اور خلق اوس کے سے پس نکاح کرو اوس سے اگر نہ کرو گے تم نکاح تو ہوگا فتنہ زمین میں اور فساد بڑا نقل کی یہ ترمذی نے **ف** یعنی خطاب ہے اولیا عورتوں کو کہ جب پیغام نکاح کا بھیجے اور طلب نکاح کی کرے تمہاری بیٹی یا بہن یا مانند اوس کے سے کوئی شخص دیندار اور اچھے خلق والا تو اوس سے نکاح کر دو اور اگر ایسے شخص سے نہ نکاح کرو گے بلکہ نظر کرو گے مال و جاہ پر جیسے کہ عادت دنیاداروں کی ہے تو اکثر عورتیں رہیں گی بغیر خاوند کے اور اکثر مرد بغیر بیبیوں کے تب بہت ہوگا زنا اور لاحق ہوگی عار … اور بہت بے اولاد ہلاک کرینگے … اور واقع ہوگا فتنہ اور جنگ و جدل کہا طیبی نے اس حدیث میں دلیل ہے واسطے امام مالک کے وہ کہتے ہیں کہ نہ رعایت کریں کفائت میں مگر دین کی فقط اور مذہب جمہور کا یہ ہے کہ رعایت کریں چار چیزوں کی دین اور حریت اور نسب اور صنعت کی پس نہ نکاح کیا جاوے مسلمان عورت کا کافر سے اور نہ نیک بخت کا فاسق سے اور نہ حرہ کا غلام سے اور نہ مشہورۃ النسب کا کم نام سے اور نہ سوداگر اور امیر … کی بیٹی کا … اگر راضی ہو عورت اور ولی اوس کا ساتھ نکاح کرنے کے … صحیح ہو جاتا نکاح ہے

وعن معقل بن یسار قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تزوجوا الودود الولود فانی مکاثر بکم الامم رواہ ابو داود والنسائی اور روایت ہے معقل بن یسار سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کرو اوس عورت سے کہ دوست رکھے خاوند کو اور بہت جننے والی ہو پس تحقیق میں فخر کرنے والا ہوں سبب کثرت تمہاری کے اور امتوں پر نقل کی یہ ابو داود اور نسائی نے **ف** دو قیدیں ذکر کی گئیں ہیں … اگر عورت بہت جننے والی خاوند کو دوست نہ رکھتی ہو تو خاوند کو اوس سے رغبت نہیں ہوتی اور دوست رکھنے والی اگر بہت جننے والی نہ ہو تو حاصل نہیں ہوگا

معلوم ہوئے وہ کثرت نسل کا سبب بہت ہونے بچوں کے اور یہ دونوں صفتیں اکثر کنواریوں میں کہ انکی قربت بھی جوانی پائی جاتی ہیں پس چاہیے کہ بیبیاں ایسی
لی جاویں اور یہ بھی ظاہر ہے کہ نبی کی مراد عبادت اور خیر میں ایک دوسرے کا شریک ہونا ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر چاہے نکاح کرنا عورت بہت جننے
والی اور محبت والی سے اور بہت ہونا اولاد کا بہتر ہے اسلئے کہ حاصل ہوتا ہے اس سے مقصود حضرت کا کہ وہ فخر کرینگے سبب امت کے اور احتمال ہے کہ مراد فخر
کرنے سے یہ ہو کہ جنس منتقل ہوتی ہے اور ثابت ہوا کہ نکاح پر اللہ سے مراد یہی ہے ۔ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ عُوَيْمِ بْنِ
سَاعِدَةَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالْأَبْكَارِ فَإِنَّهُنَّ أَعْذَبُ أَفْوَاهًا وَأَنْتَقُ أَرْحَامًا
وَأَرْضَى بِالْيَسِيرِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ مُرْسَلًا اور روایت ہے عبدالرحمن بیٹے سالم کے بیٹے عتبہ کے بیٹے عویم کے بیٹے ساعدہ انصاری کے کہ نقل کی اپنے باپ سے یعنی سالم سے
انہوں نے نقل کی دادا عبدالرحمن کے سے یعنی عتبہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو نکاح کرنا ساتھ کنواریوں کے اسلئے کہ وہ بہت میٹھی ہیں
اعتبار منہ کے یعنی خوش کلام ہوتی ہیں اور بد زبان اور فحش گو نہیں ہوتیں اور بہت بچے جنتی ہیں اور بہت راضی ہوتی ہیں ساتھ تھوڑے کے یعنی تھوڑے سے
مال پہننا اور جماع کرنے سے راضی ہوتی ہیں نقل کی ابن ماجہ نے بطریق ارسال کے ف کواری عورت کا رحم نطفہ اکثر قبول کرتا ہے اسلئے کہ حرارت اسکے رحم میں بہت
ہوتی ہے لیکن اسباب کو تاثیر نہیں ہوتی بدون حکم الٰہی کے اور تھوڑے سے مال وغیرہ پر راضی رہتی ہیں اور خاوند کا کچھ دیکھا نہیں ہوتا کہ زیادہ طلبی کریں

الْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ نَرَ لِلْمُتَحَابَّيْنِ مِثْلَ النِّكَاحِ
روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں دیکھی ہم نے یعنی درست نہیں واسطے دو شخصوں کے کہ آپس میں محبت کرتے ہوں کوئی چیز
مانند نکاح کے ف یعنی جیسی کہ درمیان خاوند اور بیوی کے بسبب نکاح کے محبت ہوتی ہے بغیر ماہ و قرابت کے ایسی کہیں نہیں دیکھا ہو گا وَعَنْ
أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَرَادَ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ طَاهِرًا مُطَهَّرًا فَلْيَتَزَوَّجِ الْحَرَائِرَ روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ارادہ کرے یہ کہ ملاقات کرے اللہ سے پاک یعنی نجاست زنا سے اور پاکیزہ کیا گیا پس چاہیے کہ نکاح کرے آزاد بیبیوں سے
ف اسلئے کہ آزاد بیبیاں پاکیزہ ہوتی ہیں بہ نسبت لونڈیوں کی اور اسکی بیاہ کی لڑکی بسبب محبت کے نجاسات ذہنی کے اور آزاد بیبیاں
اچھی تعلیم کرتی ہیں اولاد کو اور لونڈیوں میں یہ بات نہیں ہوتی وہ خود ذلیل اور کم حوصلہ ہوتی ہیں اور یہ بات باعتبار اکثر کے ہے ۔ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ
عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ مَا اسْتَفَادَ الْمُؤْمِنُ بَعْدَ تَقْوَى اللّٰهِ خَيْرًا لَهُ مِنْ زَوْجَةٍ صَالِحَةٍ إِنْ أَمَرَهَا أَطَاعَتْهُ وَإِنْ نَظَرَ
إِلَيْهَا سَرَّتْهُ وَإِنْ أَقْسَمَ عَلَيْهَا أَبَرَّتْهُ وَإِنْ غَابَ عَنْهَا نَصَحَتْهُ فِي نَفْسِهَا وَمَالِهِ رَوَى ابْنُ مَاجَةَ الْأَحَادِيثَ الثَّلَاثَةَ اور روایت ہے ابی امامہ سے
نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ نہیں حاصل کی مومن نے بعد تقویٰ اللہ تعالیٰ کے کوئی چیز بہتر واسطے اپنے بیوی نیک بخت خوبصورت سے ایسی
بیوی کہ اگر حکم کرے اسکو فرمانبرداری کرے اسکی اور اگر دیکھے طرف اسکی خوش کرے اسکو اور اگر قسم کھاوے اسکو پورا کرے اسکی اور اگر غائب ہووے تو خاوند سے
خیر خواہی کرے اسکی بیچ نفس اپنے کے کہ نگاہ رکھے زنا اور فسق سے اور خیر خواہی کرے بیچ مال خاوند کے کہ ضائع نہ کرے اور خیانت نہ کرے اسمیں نقل کیں
ابن ماجہ نے تینوں حدیثیں ف تقویٰ کہتے ہیں احکام الٰہی کے بجا لانیکو اور بچنے کو منہیات سے اور فرمانبرداری ہے یعنی اور جو چیز کہ گناہ نہیں ہو
اسمیں چاہیے کہ وہ ماننا اسلئے کہ نہیں طاعت واسطے مخلوق کی بیچ معصیت خالق کے اور خوش کرے اسکو ساتھ خوبصورتی اور خوش سیرتی اپنی کے اور اگر قسم
اسکو دے ایک امر کے کہ وہ صورت دیکھے کرنے یا نہ کرنے کو وہ جانتی ہو اور یہ چاہتا ہو دیکھے کرنے یا نہ کرنے کو تو وہ اسکی قسم کو پورا کرے یعنی جسکے واسطے قسم
دی ہے اسکو کرے یا ترک کرے ۔ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَزَوَّجَ الْعَبْدُ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ نِصْفَ الدِّينِ فَلْيَتَّقِ
اللّٰهَ فِي النِّصْفِ الْبَاقِي اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ نکاح کیا بندے نے پس تحقیق پورا کیا آدھا

[illegible] تقویٰ [illegible] ف [illegible] فساد دین [illegible]

[illegible] دفع کرنے [illegible] تقویٰ [illegible] **وعن عائشة قالت** [illegible]

[illegible] النكاح [illegible] رواه البيهقي في شعب الايمان [illegible]

[illegible] آسان [illegible] شعب الایمان میں **ف** [illegible]

[illegible] **باب النظر الى المخطوبة وبيان العورات** [illegible]

مخطوبہ [illegible] پیغام نکاح [illegible] **ف** [illegible]

[illegible] امام شافعی [illegible] مخطوبہ [illegible]

[illegible] **الفصل الاول** [illegible] **عن ابی هريرة قال** [illegible]

النبي صلى الله عليه وسلم [illegible]

[illegible]

[illegible] **ف** [illegible]

[illegible] پیغام نکاح [illegible]

[illegible] **وعن** [illegible]

رسول الله صلى الله عليه وسلم [illegible]

[illegible] عورت [illegible]

[illegible] **ف** [illegible] عورت [illegible]

[illegible] **وعن ابی سعيد** [illegible] رسول الله صلى الله عليه وسلم [illegible]

[illegible]

[illegible] عورت [illegible]

[illegible] **ف** [illegible] عورت [illegible]

[illegible] عورت [illegible] شہوت [illegible]

[illegible]

[illegible] شہوت [illegible]

[illegible] شہوت [illegible]

[illegible]

[illegible] شہوت [illegible]

[illegible] شہوت [illegible]

اور بستر پر لیٹنا اور کپڑا بھی نہ ہو اور اسی طرح مرد کو مرد کے ساتھ اور عورت کو عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں لیٹنا حرام ہے اور مرد کو خوبصورت لڑکے کو دیکھنا ساتھ شہوت کے حرام ہے اور
جائز ہے دیکھنا اور ساتھ ناعورت کو باوجود خوف شہوت کے وقت ارادہ نکاح کے یا گواہی کے اور حاکم کو وقت حکم کے اور طبیب کو وقت علاج کے بقدر ضرورت اور
ہاتھ اور چہرہ اور بوسہ لینا مرد کو مرد کا اور عورت کو عورت کا جب کہ شہوت نہ ہو اور معانقہ مکروہ ہے اور صحیح یہ ہے کہ جائز ہے جب کہ ایک کپڑے میں ننگے نہ ہوں اور صحیح
یہ ہے کہ ساتھ عورت کے تنہا ہونا اگرچہ حاجت کے وقت ہو جائز نہیں اور محرم کے ساتھ جائز ہے اور کروہ ہے جس وقت خوف فتنہ ہو **وَعَنْ** جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا لَا يَبِيْتَنَّ رَجُلٌ عِنْدَ امْرَأَةٍ ثَيِّبٍ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ نَاكِحًا اَوْ ذَا مَحْرَمٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے خبردار ہو کہ نہ شب باشی کرے کوئی مرد نزدیک عورت ثیبہ کے مگر یہ کہ ہو نکاح کرنے والا یعنی خاوند یا محرم نقل کی یہ مسلم نے **ف** مراد شب باشی سے یہاں خلوت
کرنا ہے یعنی ایک مکان میں مرد و عورت تنہا ہوں رات کو یا دن کو اور ثیبہ کی تخصیص اس لیے ہے کہ اکثر وہی مردوں سے ملتی ہیں اور باکرہ تو بہت پردہ میں رہتی ہے
تو بطریق اولیٰ یہ حکم اس کو بھی شامل ہے **وَعَنْ** عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ
وَالدُّخُوْلَ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الْحَمْوَ قَالَ الْحَمْوُ الْمَوْتُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے بچو تم داخل ہونے سے عورتوں پر یعنی اجنبی عورتوں پر بطریق تنہائی کے پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ خبر دیجیے مجھ کو داخل ہونے حمو کے
عورتوں پر فرمایا حمو موت ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** حمو کہتے ہیں خاوند کے قریبی کو جیسے بھائی اور بھتیجا خاوند کا تو عورت پر انکا داخل ہونا مانند
موت کے ہے یعنی ہلاکت کا سبب ہے اور اس سے بہت ڈرنا چاہیے اس لیے کہ لوگ اس کو سہل جانتے ہیں اور بے دھڑک آتے جاتے ہیں اور خلوت ہوتی ہے اور فتنہ
کا گمان ہوتا ہے اور عرب میں یہ مثل ہے کہ جس بات سے بہت ڈرایا جاتا ہے اس کو موت سے تشبیہ دیتے ہیں اور مطلب یہ ہے کہ خلوت قریب کی مانند موت
کے ہے پس چاہیے کہ اس سے پرہیز کرے **وَعَنْ** جَابِرٍ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ اسْتَاْذَنَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجَامَةِ فَاَمَرَ اَبَا طَيْبَةَ اَنْ يَّحْجُمَهَا قَالَ حَسِبْتُ
اَنَّهُ قَالَ كَانَ اَخَاهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ اَوْ غُلَامًا لَمْ يَحْتَلِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے جابر سے کہ ام سلمہ نے اجازت چاہی رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم سے پچھنے لگوانے میں پس حکم کیا ابوطیبہ کو کہ پچھنے لگاوے ام سلمہ کے کہا راوی نے گمان کرتا ہوں میں کہ ابوطیبہ بھائی تھے ام سلمہ کے دودھ شریک
یا لڑکے تھے نابالغ نقل کی یہ مسلم نے **ف** کہنا جابر کا گمان کرتا ہوں میں یہ دلالت کرتا ہے کہ ام سلمہ کو پچھنے لگانے کی ضرورت تھی اور اس وقت
ضرورت کے اجنبی کو بھی جائز ہے پچھنے لگانا اور فصد کھولنا اور دیکھنا بقدر ضرورت کے **وَعَنْ** جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ
قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَظَرِ الْفُجَاءَةِ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَصْرِفَ بَصَرِيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ سے کہا
پوچھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے نظر ناگہاں کا یعنی بے قصد اچانک نظر پڑ جانے کا پس حکم کیا مجھ کو کہ پھیر دوں نظر اپنی نقل کی یہ مسلم نے **ف** یعنی پہلی نظر
ناگہان جا پڑے تو معذور ہو لیکن پھر نہ دیکھتا رہے بلکہ جلدی نظر پھیر لے اور پھر دوبارہ نہ دیکھے اس لیے کہ پہلی نظر بے قصد معاف ہے اور دوسری گناہ ہے
گناہ ہوتا ہے اور جب کہ نظر فجاءۃ پھیرنا واجب ہوا تو قول اللہ تعالیٰ کا قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ اور کسی مرد کے لیے اجنبی عورت
کے دیکھنا جائز نہیں اور کسی عورت کے واسطے دیکھنا مرد کا جائز نہیں مگر وقت ضرورت کے جیسا اوپر بیان ہوا
وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَرْاَةَ تُقْبِلُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ وَّتُدْبِرُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ
اِذَا اَحَدُكُمْ اَعْجَبَتْهُ الْمَرْاَةُ فَوَقَعَتْ فِيْ قَلْبِهِ فَلْيَعْمِدْ اِلَى امْرَاَتِهِ فَلْيُوَاقِعْهَا فَاِنَّ ذٰلِكَ يَرُدُّ مَا فِيْ نَفْسِهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے
جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق عورت سامنے آتی ہے بیچ صورت شیطان کے اور پیٹھ پھیرتی ہے بیچ صورت شیطان کے جب کسی کو تم میں سے خوش لگے
عورت اور اس کی محبت دل میں پیدا ہو تو چاہیے کہ قصد کرے طرف عورت اپنی کے پس صحبت کرے اس سے پس تحقیق یہ پھیر دیتا ہے اس کو جو دل میں ہے

دفع شہوت کا علاج

کو کہ اوسکے دل میں ہو یعنی خواہش اوسکی نفس کی پس ف شباہت دی عورت کو شیطان کے ساتھ وسوسہ ڈالنے اور گمراہ کرنے میں یعنی جیسے
شیطان وسوسہ ڈالتا ہو اور گمراہ کرتا ہو ویسی ہی دیکھنا عورت کا باعث وسوسہ اور فساد کا ہو اور اس میں استنباط کیا جاتا ہو کہ لائق ہو عورت کے
یہ کہ نہ نکلے گھر سے مگر بضرورت اور چاہئے کہ نہ دیکھے اور لائق ہو مرد کو یہ کہ نہ دیکھے طرف عورت کے اور نہ طرف کپڑوں اوسکے کے اور اسی میں بھی ہو
مضایقہ نہیں واسطے خطر کے جو کہ بیوی اپنی کو حلال کرنیکے لئے رکھو اگر ہو بیوی مشغول ایسے کام میں کہ ممکن ہو ترک کرنا اوسکا اسلئے کہ کبھی غالب ہوتی ہو
شہوت پس ضرر کرتی ہو شہوت تاخیر کرنے جماع کے اوسکے بدن میں یا دل میں ﴿الفصل الثانی﴾ عن جابر قال قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خطب احدکم المرأۃ فان استطاع ان ینظر الی ما یدعوہ الی نکاحہا فلیفعل رواہ ابوداؤد
اور روایت ہو جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیام بھیجے ایک تمہارا یعنی پیام نکاح کا بھیجے طرف ایک عورت کے پس اگر سکے کہ نظر کرے
اوس چیز کی طرف یعنی اعضا اوسکے کے کہ باعث ہوا اوسکو طرف نکاح اوسکے کے کردے تو کرے نقل کیا ابوداؤد نے ف دیکھنا اوسکا
پہلے بھیجے پیام نکاح کے مستحب ہو اسلئے کہ شاید پسند نہ ہوگی بعد نکاح اوسکے سبب نہ آئے پیار یا بیگانگی اور بیچ مقصود اصل نکاح کا ہو اور یہ جو واسطے نکاح کو
نکاح نہ کیا اور عورت پسند آئے تو اوسکے دوسرے پیغام نہیں ہو کہ طلب حلال کی کرے بلکہ غرض ہو کہ رعایت نہ رہی حلال کی اور مضایقہ نہیں یہ
وعن المغیرۃ بن شعبۃ قال خطبت امرأۃ فقال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہل نظرت الیہا قلت لا قال فانظر الیہا فانہ
احری ان یؤدم بینکما رواہ احمد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ والدارمی اور روایت ہو مغیرہ بن شعبہ سے کہا ارادہ کیا میں نے
منگنی کا ایک عورت سے پس کہا واسطے میرے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دیکھا تو نے طرف اوس عورت کے کہا میں نے نہیں فرمایا پس تو طرف اوسکے پس تحقیق دیکھنا لائق تر
ہو اسلئے کہ الفت ڈالی جاوے درمیان تمہارے نقل کیا احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ف یعنی بعد دیکھنے کے جو نکاح کریگا تو محبت والفت
ہوگی اسلئے کہ جب نکاح بعد دیکھنے کے ہوا پھر تو نفرت نہیں ہوتی غالبا وعن ابن مسعود قال رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم امرأۃ فاعجبتہ فاتی سودۃ وہی تصنع طیبا وعندہا نساء فاخلینہ فقضی حاجتہ ثم قال ایما رجل رأی امرأۃ تعجبہ فلیقم
الی اہلہ فان معہا مثل الذی معہا رواہ الدارمی اور روایت ہو ابن مسعود سے کہا دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو پس خوش لگی
وہ عورت حضرت کو پس آئے حضرت سودہ کے پاس کہ بی بی تھیں حضرت کی اور حال یہ تھا کہ وہ بناتی تھیں خوشبو یعنی مسالا پیستی تھیں اور نزدیک اوسکے بیٹھی تھیں کئی
عورتیں پس تنہا کیا عورتوں نے حضرت کے لیے یعنی باہر چلی گئیں پس پوری کی حضرت نے حاجت اپنی یعنی صحبت کی بی بی سودہ سے پھر فرمایا حضرت نے جو مرد کہ دیکھے کسی عورت کو
کہ خوش لگے اوسکو پس چاہئے کہ اوٹھے طرف بیوی اپنی کے یعنی صحبت کرے تاکہ منقطع ہو شہوت اوسکی اور جاتا رہے وسوسہ اوسکا اسلئے کہ تحقیق ساتھ
بیوی اوسکی کے ہو مانند اوس چیز کے کہ ساتھ اوس عورت کے ہو یعنی شرمگاہ ہو اور اندیشہ نہ رہیگا اوسکے کہ نقل کیا دارمی نے ف خوش لگنا
عورت کا حضرت کو بمقتضائے بشریت کے تھا اور یہ بیان تعلیم کے لئے اوسکا ہو اور ضرر نہیں ہو وعنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المرأۃ
عورۃ فاذا خرجت استشرفہا الشیطان رواہ الترمذی اور روایت ہو ابن مسعود سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت ستر ہو یعنی
لکھی ہو یعنی چھپانے کے لائق ہو پس جب کہ نکلی دیکھتا ہو اوسکو شیطان یعنی نظر کرتا ہو اوسکی طرف نقل کیا ترمذی نے ف عورت ستر ہو یعنی بہتر ہو بہ نسبت عورت کو چھپے
ستر کو پس جب نکلی اپنے گھر سے سامنے ہوا اوسکو یعنی جس کو اوسکا سر کا بد ہوا وعن بریدۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم لعلی یا علی لا تتبع النظرۃ النظرۃ فان لک الاولی ولیست لک الآخرۃ رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والدارمی اور روایت ہو بریدہ سے
کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے علی کے اے علی نہ ڈال پیچھے نظر کے یعنی ایک بار کہ نظر پڑگئی ناگہاں بلا قصد پھر عورت پر دوبارہ نظر نہ کر

اوسکو دیکھنا جائز ہو وے یعنی پہلی نظر یعنی جو بغیر قصد کے ہو وہ جائز ہے اور دوسری نظر جائز نہیں نقل کی یہ حدیث احمد اور ترمذی اور ابو داود اور دارمی نے **وعن** عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده عن النبی صلی الله علیه وسلم قال اذا زوج احدکم عبده امته فلا ینظرن الی عورتها وفی روایة فلا ینظرن الی ما دون السرة وفوق الرکبة رواه ابو داود اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت نکاح کر دے ایک تمہارا اپنے غلام کو اپنی لونڈی سے پس نہ دیکھے طرف ستر لونڈی کے یعنی اوس لیے کہ وہ حرام ہو گئی اوس پر اور ایک روایت میں ہے کہ پس نہ دیکھے طرف اوس چیز کے کہ نیچے ناف کے اور اوپر زانو کے ہے نقل کی یہ ابو داود نے **ف** یعنی غلام کے ساتھ نکاح کر دینے کا جب حکم ہوا تو پھر غلام کے ساتھ نکاح کر دینے سے پہلی اول یہ حکم تھا اور اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ اپنی لونڈی کو بیاہ دے تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک اوسکے بدن کا دیکھنا ناف اور زانو کے درمیان حرام ہے امام اعظم کا یہ ہے کہ ستر لونڈی کا پیٹھ اور پیٹ ہے اور ہمارے حنفیہ کے نزدیک اجنبی لونڈی کے ہو گی اور جو اوسکے ستر کا اس حدیث کے خلاف میں ہے تو اوسکا امام شافعی کے نزدیک ستر اوسکا مانند ستر مرد کے ہے اور دلیل یہی ہے ایک سوال کی اور یہی مذہب ہے **وعن** جرهد ان النبی صلی الله علیه وسلم قال اما علمت ان الفخذ عورة رواه الترمذی وابو داود اور روایت ہے جرہد سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہیں جانا تو نے تحقیق ران ستر ہے نقل کی یہ ترمذی نے اور ابو داود نے **ف** کتاب میں لکھا ہے کہ گذرے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جرہد پر اوس وقت ران اونکی کھلی ہوئی تھی پس فرمایا حضرت نے ڈھانک ران اپنی کیونکہ ران ستر ہے اور یہی مذہب ہے اور ایک روایت میں امام مالک اور امام احمد سے ہے **وعن** علی ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال له یا علی لا تبرز فخذک ولا تنظر الی فخذ حی ولا میت رواه ابو داود وابن ماجه اور روایت ہے حضرت علی سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واسطے علی کے اے علی نہ کھول اپنی ران کو اور نہ دیکھ طرف زندے کی ران کے اور نہ مردے کی ران کی نقل کی یہ ابو داود اور ابن ماجہ نے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زندہ اور مردہ برابر ہیں بیچ حکم ستر کے **وعن** محمد بن جحش قال مر رسول الله صلی الله علیه وسلم علی معمر وفخذاه مکشوفتان فقال یا معمر غط فخذیک فان الفخذین عورة رواه فی شرح السنة اور روایت ہے محمد بن جحش سے کہا گذرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم معمر پر اور حال یہ کہ دونوں رانیں اوسکی کھلی ہوئی تھیں پس فرمایا اے معمر ڈھانک اپنی رانوں کو اسلئے کہ تحقیق دونوں رانیں ستر ہیں نقل کی یہ شرح السنہ میں **وعن** ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ایاکم والتعری فان معکم من لا یفارقکم الا عند الغائط وحین یفضی الرجل الی اهله فاستحیوهم واکرموهم رواه الترمذی اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو تم ننگے ہونے سے یعنی اگرچہ تنہا ہو اسلئے کہ تحقیق ساتھ تمہارے وہ ہیں کہ نہیں جدے ہوتے تم سے یعنی فرشتے نگہبانی کرنیوالے اور کراماً کاتبین مگر وقت پاخانہ کے اور اوس وقت کہ صحبت کرے مرد بیوی سے پس حیا کرو اون سے اور تعظیم کرو اونکی نقل کی یہ ترمذی نے **ف** یعنی ستر ڈھانکا رکھو اور اچھے کام کرتے رہو اور بری باتوں سے بچتے رہو کہ یہ چیزیں باعث حیا اور تعظیم اور تکریم اونکے کی ہیں اسی طرح کہا ابن ملک نے اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ نہیں جائز ہے کھولنا ستر کا بغیر ضرورت کے مانند جماع اور حمام اور رفع حاجت وغیرہ کے **وعن** ام سلمة انها کانت عند رسول الله صلی الله علیه وسلم ومیمونة اذ اقبل ابن ام مکتوم فدخل علیه فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم احتجبا منه فقلت یا رسول الله الیس هو اعمی لا یبصرنا فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم افعمیاوان انتما الستما تبصرانه رواه احمد والترمذی وابو داود اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ وہ اور میمونہ تھیں پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ناگہان آئے ابن ام مکتوم کہ صحابی تھے نابینا پھر آئے وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اون دونوں بیبیوں کو کہ پردہ کرو اس سے ام سلمہ کہتی ہیں پس کہا میں نے یا رسول اللہ کیا نہیں وہ اندھا کہ نہیں دیکھتا

بھی اندھی ہو۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم دونوں بھی اندھی ہو کیا نہیں دیکھتی ہو تم اس کو۔ روایت کیا اس کو احمد اور ترمذی
اور ابوداؤد نے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جیسے دیکھنا مرد کو عورت کا حرام ہے ویسے ہی دیکھنا عورت کو مرد کا لیکن کہا ہے علماء نے کہ یہ محمول ہے ورع
اور تقویٰ پر اور صحیح یہ ہے کہ جائز ہے عورت کو دیکھنا مرد کا اوپر ناف کے اور نیچے زانو کے اس لیے کہ حضرت عائشہ سے منقول ہے کہ مسجد میں حبشی تیر
استعمال کرتے تھے اور نیزہ بازی کرتے تھے اور دیکھا اس کو انہوں نے اور اس وقت حضرت عائشہ سولہ برس کی تھیں اور کہا ہے بعضوں نے کہ یہ حکم پہلے تھا پس
اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے عورت کو دیکھنا مرد کا سوائے ستر کے اور یہ ہے صحیح کہ اس میں نہ ہو شہوت ورنہ حرام ہے۔ **وَ**
عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْفَظْ عَوْرَتَكَ إِلَّا مِنْ زَوْجَتِكَ أَوْ مَا مَلَكَتْ
يَمِيْنُكَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَفَرَأَيْتَ إِذَا كَانَ الرَّجُلُ خَالِيًا قَالَ فَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ يُسْتَحْيٰى مِنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ
اور روایت ہے بہز بن حکیم سے کہ نقل کی انہوں نے اپنے باپ سے اور ان کے باپ نے اپنے دادا سے یعنی معاویہ بن حیدہ سے کہ کہا انہوں نے کہ فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نگاہ رکھ ستر اپنے کو مگر اپنی بی بی سے یا لونڈی سے میں نے کہا یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھ کو جس وقت کہ ہو آدمی تنہا فرمایا
اللہ تعالیٰ لائق تر ہے کہ شرم کی جائے اس سے۔ نقل کیا اس کو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے **ف** یعنی اگرچہ وہاں کوئی نہ ہو لیکن حق تعالیٰ دیکھتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ خلوت
میں بھی ستر کا چھپانا لازم ہے بغیر ضرورت کھولنا جائز نہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لونڈی اور بی بی سے ستر مباح کر دی ہیں اور ذکر نہیں کیا
طرف دیکھنے کا جائز ہے۔ **وَعَنْ** عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ
اور روایت ہے عمر سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں تنہا ہوتا کوئی مرد ساتھ عورت اجنبیہ کے مگر ہوتا ہے تیسرا ان کا شیطان
نقل کیا اس کو ترمذی نے **ف** یعنی شیطان ان دونوں کے ساتھ ہوتا ہے وسوسے ڈالتا ہے دلوں میں ان کے گویا تیسرا ہوتا ہے ان دونوں کا
وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلِجُوْا عَلَى الْمُغِيْبَاتِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنْ أَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ قُلْنَا
وَمِنْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَمِنِّيْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَأَسْلَمُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہے جابر سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا نہ داخل ہو ان عورتوں پر کہ ان کے خاوند غائب ہیں اس لیے کہ شیطان جاری ہوتا ہے ایک تمہارے کی جگہ جاری ہونے خون کے یعنی تصرف
اور وسوسہ کرتا ہے تمام رگ و پوست آدمی کے میں ہم نے کہا اور آپ میں بھی یا رسول اللہ فرمایا اور مجھ میں بھی
ہوتا ہے ولیکن اللہ نے مدد کی میری شیطان پر پس میں سلامت رہتا ہوں نقل کیا اس کو ترمذی نے **ف** جن عورتوں کے خاوند غائب ہیں ان کے پاس جانے کو
کہا کہ اشتیاق جماع کی بہت ہوتی ہے اور خوف فتنہ کا وہاں زیادہ ہے اور لفظ میم اسلم کا ترجمہ شیخ نے یوں کیا ہے جو مولانا نے لکھا ہے
فاعل کہ جاری ہوتا ہے خون کی درمیان تمہارے اس طرح کہ تم نہیں سمجھتے ہو شیطان مسلط ہے تم پر اس طرح کہ تم نہیں سمجھتے جیسے خون جاری
بدن میں جاری ہوتا ہے اور تم نہیں سمجھتے اور لفظ اسلم ساتھ صیغہ ماضی اور مضارع متکلم کے آیا ہے اور دونوں روایتیں
صحیح ہیں مضارع کا ترجمہ اوپر گزرا اور ماضی کا ترجمہ یہ ہے کہ مسلمان ہو گیا ہے شیطان **وَعَنْ** أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتٰى
فَاطِمَةَ بِعَبْدٍ قَدْ وَهَبَهٗ لَهَا وَعَلٰى فَاطِمَةَ ثَوْبٌ إِذَا قَنَّعَتْ بِهٖ رَأْسَهَا لَمْ يَبْلُغْ رِجْلَيْهَا وَإِذَا غَطَّتْ بِهٖ رِجْلَيْهَا لَمْ يَبْلُغْ رَأْسَهَا فَلَمَّا رَأٰى
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَلْقٰى قَالَ إِنَّهٗ لَيْسَ عَلَيْكِ بَأْسٌ إِنَّمَا هُوَ أَبُوْكِ وَغُلَامُكِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ اور روایت ہے
انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم آنحضرت فاطمہ کے پاس تشریف لائے ساتھ ایک غلام کے کہ بخشا تھا وہ غلام حضرت نے فاطمہ کو اور حضرت فاطمہ پر ایک کپڑا تھا
یعنی چادر ایسی تھی کہ جب ڈھانکتیں اس سے سر اپنا تو نہ پہنچتا ان کے پاؤں تک اور جس وقت کہ ڈھانکتیں ساتھ اس کے پاؤں اپنے نہ پہنچتا سر تک جب

دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور شفقت کو کہ پانی بہن غلام یعنی باندھنے میں ریکھا تو آپ نہیں شرم نہیں تجھ پر سامنے آنے کا کہیں یعنی تجھ
تو جاکر کہ باپ تیرا ہے اور غلام تیرا نقل کی یہ ابو داؤد نے **ف** اس حدیث سے امام شافعی نے دلیل پکڑی ہے کہ عورت کا غلام محرم ہے اور امام ابو حنیفہ
کے نزدیک غلام مانند اجنبی کے ہے جائز نہیں اسکو نظر کرنی طرف بیوی اپنی کے مگر وہ غلام کہ خصی ہو جائز ہے اور اس حدیث کا وہ جواب دیتے ہیں کہ
اس سے یہ بات کہ غلام کے ہونے میں ثابت ہوتی شاید کہ وہ غلام غیر بالغ ہو **الفصل الثالث** فصل تیسری **عَنْ** اُمِّ سَلَمَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ عِنْدَھَا وَفِی الْبَیْتِ مُخَنَّثٌ فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ اُمَیَّۃَ اَخِیْ اُمِّ سَلَمَۃَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ اِنْ فَتَحَ اللّٰہُ لَکُمْ غَدًا
الطَّائِفَ فَاِنِّیْ اَدُلُّکَ عَلَی ابْنَۃِ غَیْلَانَ فَاِنَّھَا تُقْبِلُ بِاَرْبَعٍ وَّتُدْبِرُ بِثَمَانٍ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلَنَّ ھٰؤُلَاءِ عَلَیْکُمْ
مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ روایت ہے ام سلمہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے ان کے پاس اور گھر میں ایک مخنث تھا پس کہا اس نے عبد اللہ بن ابی امیہ کو
بھائی ام سلمہ کے اے عبد اللہ اگر فتح کیا اللہ نے کل کے دن واسطے تمہارے طائف پس تحقیق میں بتلا دونگا تجھکو غیلان کی بیٹی کو پس تحقیق وہ آتی ہے ساتھ چار کے اور
جاتی ہے ساتھ آٹھ کے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوا کریں تم پر یہ مخنث نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** مخنث ساتھ زیر نون اور ساتھ
زبر نون کے ہے اور زیر بہتر ہے اور زبر مشہور ہے اور مخنث اسکو کہتے ہیں کہ مشابہ ہو ساتھ عورتوں کے اخلاق میں اور کلام میں اور حرکات میں اور کبھی
جسکو پیدائش نامرد اور مخنث کہتے ہیں اور یہ مشابہ ہونا کبھی تو خلقی ہوتا ہے اور یہ برا اور باعث گناہ نہیں اور کبھی مشابہ ہوتا بتکلف ہوتا ہے یہ برا ہے اور اسی واسطے
اس حدیث شریف میں آیا ہے کہ لعنت کرے ساتھ مردوں کو کہ مشابہ ہوتی ہیں مردوں کی اور لعنت کرے اللہ ان مردوں کو کہ مشابہ ہوتے ہیں ساتھ عورتوں کے اور یہ
جو مخنث امہات المومنین یعنی حضرت کی بیبیوں کے پاس آتا تھا سبب یہ تھا کہ وہ گمان کرتی تھیں اسکو حاجت نہیں عورتوں کی طرف یعنی وہ قسم غیر اولی الاربۃ سے ہے
کہ جو قرآن مجید میں مذکور ہے کہ اوس سے عورتوں کو پردہ واجب نہیں پس جب حضرت نے کلام اسکا سنا تو معلوم کیا کہ غیر اولی الاربۃ سے نہیں منع فرمایا کہ یہ
مخنث عورتوں کے پاس نہ آیا کریں اور حکم خصی اور مجبوب کا بھی یہی ہے اور مخنث کے کلام میں جو مذکور ہوا کہ آتی ہے ساتھ چار کے الخ مراد اس
کی اور موٹاپے کی فربہی ہے کہ فربہی کی پیٹ میں چار شکن ہوتی ہیں پس جب آتی ہے تو وہ معلوم ہوتی ہیں اور جب پیٹھ پھیرتی ہے تو ان شکنوں کے سرے
دونوں پہلوؤں کی طرف سے معلوم ہوتے ہیں چار ایک طرف سے اور چار ایک طرف سے پس یہ کہا کہ جاتی ہے ساتھ آٹھ کے مراد اس سے یہی ہے کہ جب
پیٹھ پھیرتی ہو تو وہ آٹھ شکن سرے پیٹ کی شکنوں کی معلوم ہوتی ہیں حاصل کہ وہ بڑی فربہ ہے اور عرب کے نزدیک جو عورت فربہ ہو بہت پسند
ہوتا ہے مردوں کو اسلئے اس مخنث نے بیان اسکی فربہی کا کیا اور نام اس عورت کا بادیہ تھا بیٹی غیلان کی اور نام اس مخنث کا ہیت تھا یا ماتع
تھا **وَعَنْ** الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَۃَ قَالَ حَمَلْتُ حَجَرًا ثَقِیْلًا فَبَیْنَا اَنَا اَمْشِیْ سَقَطَ عَنِّیْ ثَوْبِیْ فَلَمْ اَسْتَطِعْ اَخْذَہٗ فَرَاٰنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِیْ خُذْ عَلَیْکَ ثَوْبَکَ وَلَا تَمْشُوْا عُرَاۃً رَوَاہُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے مسور بن مخرمہ سے کہا اوٹھایا میں نے ایک بھاری پتھر پس
اس وقت میں چلتا تھا گر پڑا مجھ سے کپڑا میرا اور تہ بند میرا کھل گیا پس نہ سکا میں اسکو لے پس دیکھا مجھکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ننگے پس فرمایا مجھکو لے اپنا
کپڑا اپنا اور نہ چلا کرو ننگے یعنی یہ ملامت خطاب سب لوگوں کو ہے نقل کی یہ مسلم نے **وَعَنْ** عَائِشَۃَ قَالَتْ مَا نَظَرْتُ اَوْ مَا رَاَیْتُ فَرْجَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَطُّ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ اور روایت ہے عائشہ سے کہا نہیں نظر کی میں نے یا کہا نہیں دیکھا میں نے شرمگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کبھی نقل کیا
ابن ماجہ نے **ف** یا کہا شک ہے راوی کو شک ہوا کہ حضرت عائشہ نے لفظ ما نظرت کہا یا لفظ ما رایت کہا مگر دونوں کے معنی ایک ہی ہیں اور اس حدیث میں ظاہر
کہ حضرت عائشہ نے کبھی حضرت کا ستر نہیں دیکھا اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ادب یہ ہے کہ مرد اور عورت آپس میں ایک دوسرے کا ستر نہ دیکھیں
وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَّنْظُرُ اِلٰی مَحَاسِنِ امْرَاَۃٍ اَوَّلَ مَرَّۃٍ ثُمَّ یَغُضُّ بَصَرَہٗ اِلَّا اَحْدَثَ

اللہ لہ عبادۃ یجد حلاوتہا رواہ احمد اور روایت ہے ابی امامہ سے وہ نقل کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں کوئی مسلمان کہ نظر کرے طرف خوبیوں کی
طرف کسی عورت کے پہلی بار یعنی بلا قصد نظر پڑ جاوے پھر بند کرے آنکھ اپنی مگر پیدا کریگا اللہ واسطے اوسکے ایک عبادت کہ پاوے مزا اوسکا نقل کی
یہ حدیث احمد نے اور اسکا یہ مطلب ہے کہ اپنے دلمیں حلاوت عبادت کی پاوے اور جب نظر کی ہو قصداً تو اوسکی یہ جزا نہیں ہے ۞ وعن الحسن مرسلاً قال بلغنی
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لعن اللہ الناظر والمنظور الیہ رواہ البیہقی فی شعب الایمان اور روایت ہے حسن بصری سے مرسلاً کہا
کہ پہونچی مجھکو یعنی خبر پہنچی ہے یہ حدیث کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لعنت کرے اللہ دیکھنے والیکو اور اسکو کہ دیکھا گیا طرف اسکے یعنی
بغیر عذر و بغیر اضطرار کے نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں ف یعنی لعنت کرے اللہ اوسکو کہ جو نظر کرے قصداً اوس چیز کی طرف کہ نہیں جائز نظر کرنی طرف اسکے
خواہ وہ عورت ہو یا مستر کسی کا ہو پھر لعنت کرے اوسکو کہ جسکی طرف دیکھا گیا یعنی جس عورت نے کہ اپنے تئیں بغیر عذر و بغیر اضطرار کے قصداً دکھلایا

۞ باب الولی فی النکاح واستئذان المرأۃ

باب ہے ولی کا نکاح میں بیچ اور اجازت لینی عورت کا نکاح

ف ولی کہتے ہیں اوس کو کہ کام اوسکا ذمہ اپنے لے اور یہاں مراد وہ ہے کہ متولی امر نکاح کا ہو یعنی جسکو اختیار ہو عورت کے نکاح کر دینے کا اور اس باب میں جو
حدیثیں وارد ہوئی ہیں اس مضمون کی کہ نکاح میں اذن ہونا ولی کا اور طلب کرنا اذن کا عورت سے ضرور ہے اور ولایت نکاح میں عصبات کو بترتیب
میراث کی کہ بیان فصل اوسکا باب الفرائض میں ہو چکا ہے اور اگر عصبات نہ ہوں تو ولایت ماں کو ہے پھر دادی کو اور نانی میں اختلاف ہے پھر ولایت بیٹی کو
پھر پوتی کو پھر نواسی کو پھر پوتی کی بیٹی کو پھر نواسی کی بیٹی کو پھر نانا کو پھر سگی بہن کو پھر سوتیلی بہن کو پھر ماں کی اولاد کو برابر ہے کہ مرد ہوں یا عورت
پھر انکی اولاد کو پھر ذوی الارحام کو اسی طرح کہ اول پھوپیوں کو ولایت ہے پھر ماموؤں کو پھر خالاؤں کو پھر چچا کی بیٹیوں کو اسی ترتیب سے انکی اولاد کو پھر مولی
الموالات کو پھر سلطان کو پھر قاضی کو اگر اوسکے فرمان میں ہو ولایت نکاح کی پھر قاضی کے نائبوں کو اگر ہو قاضی کو اجازت نائب کرنے کی اور نہیں تو نہیں
اور شرط ہے ولی کو عقل اور بلوغ اور اسلام تو ولایت مجنون اور نابالغ کو نہیں ہے اور ولایت غلام کو اور نہ چھوٹے کو اور نہ دیوانہ کو اور نہ کافر کو مسلمان پر اور مسلمان کو بھی
کافر پر ولایت نہیں ہے مگر ساتھ سبب عام کے جیسے کہ جو مسلمان آقا لونڈی کافرہ کا یا بادشاہ ہو یا نائب ہو ۔ درمختار

الفصل الاول

عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تنکح الایم حتی تستامر ولا تنکح البکر حتی تستاذن قالوا یا رسول اللہ
وکیف اذنہا قال ان تسکت متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیجاوے عورت بیوہ یعنی بالغہ یہانتک
کہ طلب کیا جاوے امر اوسکا اور نہ نکاح کیجاوے عورت کنواری یعنی کنواری بالغہ یہانتک کہ طلب اذن کیا جاوے کہا صحابہ نے یا رسول اللہ کس طرح ہے اذن اوسکا یعنی باکرہ کا
حالانکہ وہ بہت حیا کرتی ہے فرمایا یہ کہ چپ رہے یعنی اگر چپکی رہی تو یہی اذن ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف ایم کہتے ہیں اوس عورت کو کہ خاوند نہ رکھتی ہو
خواہ باکرہ ہو یا ثیب یعنی خاوند کیا تھا مرگیا یا طلاق دی اوسنے اور یہاں ایم سے مراد ثیب بالغہ ہے اور ثیب کے حق میں طلب کرنا امر کا کہا اور باکرہ کے
حق میں طلب کرنا اذن کا اسلئے کہ ثیب امر کرتی ہے اور اشارہ کرتی ہے صریحاً اور نہیں شرم کرتی اسمیں بخلاف باکرہ کے کہ وہ شرم رکھتی ہے امر کرنے اور
اشارہ کرنے سے بلکہ اذن دیتی ہے اور وہ راضی ہوتی ہے اگرچہ ساتھ سکوت کے ہو اور ظاہر اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جائز نہیں نکاح بغیر امر اور اذن اوسکے
ولیکن تحقیق اسکا بیان تفصیل سے کہ سب عورتیں چار قسم ہیں یا اول ثیب بالغہ ہے اسمیں اتفاق رکھتے ہیں علما کہ جائز نہیں نکاح کرنا اوسکا بغیر اذن
اوسکے کے بشرطیکہ عاقلہ ہو یعنی دیوانی نہو اگر دیوانی ہوگی تو ولی کی اجازت سے ہو جاویگا اور دوسری باکرہ صغیرہ اور اسمیں بھی اتفاق ہے علما کا کہ
حاجت اوسکے اذن کی نہیں ولی اوسکے اذن بغیر نکاح اوسکا کر دے تیسری ثیب صغیرہ اوسکا بھی نکاح بغیر اوسکے اذن کے جائز ہے
حنفیہ کے نزدیک نہ نزدیک شافعیہ کے چوتھی باکرہ بالغہ اوسکا نکاح حنفیہ کے نزدیک جائز نہیں بغیر اوسکے اذن کے اور امام شافعی کے نزدیک

جائز ہے پس یہ روایت کا مسئلہ ہے کہ نزدیک حنفیہ کے مدار ولایت صغر پر ہے باکرہ ہو یا ثیب اور شافعیہ کے نزدیک مدار ولایت بکارت ہے صغیرہ ہو یا کبیرہ پس یہ حدیث محمول ہو ہمارے
نزدیک بالغہ پر خواہ ثیب ہو یا باکرہ اور قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ولا تنکح البکر حتی تستاذن حجت ہے شافعی پر۔ **وَعَنْ** ابْنِ
عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ فِيْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ الثَّيِّبُ
اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْمَرُ وَاِذْنُهَا سُكُوْتُهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ الثَّيِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ يَسْتَاْذِنُهَا اَبُوْهَا فِيْ
نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت شوہر دیدہ یعنی شوہر دیدہ بالغہ عاقلہ زیادہ
سزاوار ہے اپنے نفس کے اختیار کی اپنے ولی سے یعنی بدون طلب اس کی رضا کے اور اجازت کے نکاح نہ کیا جائے اور باکرہ سے اجازت لی جائے اس کے نفس میں اور اذن اس کا چپ رہنا ہے
اور ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا عورت شوہر دیدہ زیادہ حقدار ہے اپنے نفس کی اپنے ولی سے اور باکرہ سے مشورہ لیا جائے اور اذن اس کا چپ رہنا ہے اور ایک روایت میں ہے
اور ایک روایت میں یوں ہے کہ فرمایا عورت شوہر دیدہ زیادہ حقدار ہے اپنے نفس کی اپنے ولی سے اور باکرہ سے اذن لے اس کا باپ اس کے نکاح کا اور اذن اس کا
جب رہنا ہے نقل کیا اس کو مسلم نے **ف** یعنی زیادہ حقدار ہے یعنی بالغ زیادہ حقدار ہے اپنے نفس کی کہ بے اذن اس کے نکاح نہ کیا جائے اگر چہ اذن اس کا زبان سے بیان نہ کرے اور
اذن شرعی سکوت ہے اس کی حدیث میں گزر چکی ہے اور یہ سب روایتیں متفق ہیں باعتبار معانی کے۔ **وَعَنْ** خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ اَنَّ اَبَاهَا
زَوَّجَهَا وَهِيَ ثَيِّبٌ فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهٗ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ نِكَاحَ
اَبِيْهَا اور روایت ہے خنساء بنت خذام سے کہ باپ اس کے نے نکاح کر دیا اس کا اس حال میں کہ وہ شوہر دیدہ تھی یعنی بالغ اور اس نے ناخوش رکھا اس کو اور وہ آئی
پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس پھیر دیا نکاح اس کا یعنی باطل کر دیا نقل کیا اس کو بخاری نے اور ایک روایت
ابن ماجہ کے یوں ہے کہ رد کیا نکاح کیا ہوا باپ اس کے کا۔ **وَعَنْ** عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهِيَ بِنْتُ سَبْعِ
سِنِيْنَ وَزُفَّتْ اِلَيْهِ وَهِيَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ وَلُعَبُهَا مَعَهَا وَمَاتَ عَنْهَا وَهِيَ بِنْتُ ثَمَانِ عَشْرَةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے عائشہ سے کہ
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا ان سے اس حال میں کہ وہ سات برس کی تھیں اور بھیجی گئیں وہ حضرت کے گھر میں اس حال میں کہ وہ نو برس کی تھیں اور کھلونے کھیلنے کے
ساتھ ان کے تھے اور وفات پائی آنحضرت نے اور بعد ہوئیں عائشہ اس حال میں کہ عائشہ تھیں اٹھارہ برس کی نقل کیا اس کو مسلم نے **ف** سات برس کی تھیں کہا
نووی نے کہ اکثر روایتوں میں آیا ہے کہ چھ برس کی تھیں تطبیق ان دو روایتوں میں یوں دی گئی ہے کہ حضرت عائشہ چھ برس کی تھیں جب ان سے نکاح کیا
تو انتصار کیا راوی نے کسر کو حذف کر دیا اور اس روایت میں کسر کو بھی اور سال کو بھی گن لیا کہ تمام ہو چکی تھیں چھ اور ساتویں برس میں شمار کر لیا اور سبب اس حدیث کے
ابن ہمام نے کہا کہ جائز ہے باپ کو کہ نکاح کر دے باکرہ صغیرہ کا اور نہیں ہے اختیار اس کو بعد بالغ ہونے کے فسخ کر نکاح کو نزدیک ہمارے کے اور سوا باپ
دادا کے اور اولیا کو نہیں جائز ہے نکاح کر دینا صغیرہ کا نزدیک شافعی اور مالک کے اور کہا ابو حنیفہ اور اوزاعی اور اور ولیوں کو جائز ہے اور ولیوں کو بھی نکاح کر دینا
اس کا لیکن اس کو اختیار ہے بعد بالغ ہونے کے اور ابو یوسف نے کہا کہ اس صورت میں بھی اس کو اختیار نہیں ہے اور مراد کھلونوں سے گڑیاں ہیں اور حدیث میں آیا ہے
کہ حضرت نے دیکھا ان کو اور انکار نہ کیا اور یہ بھی بیان ہوا کہ ایسے کھیل سے معلوم ہوا کہ جائز ہے واسطے لڑکیوں کے کھیلنا گڑیوں سے اور کہا علماء نے
الْجَارِيَةِ الْحَدِيثَةِ السِّنِّ الْحَرِيصَةِ عَلَى اللَّهْوِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے عائشہ سے کہا قسم ہے اللہ کی تحقیق دیکھا میں نے پیغمبر صلی اللہ
علیہ وسلم کو کھڑے ہوتے اوپر دروازے حجرے کے اور حبشی کھیلتے تھے ساتھ برچھیوں کے مسجد میں اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پردہ کرتے تھے میرا
ساتھ چادر اپنی کے تاکہ دیکھوں طرف کھیل انکے کے درمیان کان اور شانوں حضرت کے پھر کھڑے رہتے واسطے خاطر میری یہاں تک کہ میں ہی
پھرتی آپ پس اندازہ کرو مقدار چھوکری کم سن کی جو حریص ہو کھیل پر یعنی کیا آپ ہی سبب یا اندازہ کرو تم کہ مقدار کھڑے رہنے حضرت کا
کتنا ہوگا کیونکہ لڑکیاں نو دس سال کی قدر حریص ہوتی ہیں کھیل دیکھنے پر کس قدر دیر کرتی ہے لیکن حضرت بھی میری خاطر کھڑے رہے تھے
حضرت دیر تک تماشا دکھلایا کیے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یہ جو حبشیوں کا ایک کھیل تھا متعلق جنگ کے مسجد میں کھیلنا انکا
برچھیوں سے سامان جہاد سے تھا یعنی وہ عبادت تھا کہ تیاری ہے دشمن کے لڑنے کی اسکی طرف نظر کرنی بھی ثواب ہے اس واسطے جائز ہوا دیکھنا اور اس سے حضرت
کی خوش اخلاقی اور خوش گذرانی اور محبت و عنایت حضرت عائشہ پر معلوم ہوتی ہے وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
إِنِّي لَأَعْلَمُ إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً وَإِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبَى قُلْتُ مِنْ أَيْنَ تَعْرِفُ ذَلِكَ فَقَالَ إِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً فَإِنَّكِ تَقُولِينَ لَا وَرَبِّ
مُحَمَّدٍ وَإِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبَى قُلْتِ لَا وَرَبِّ إِبْرَاهِيمَ قَالَتْ قُلْتُ أَجَلْ وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَهْجُرُ إِلَّا اسْمَكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہا مجھ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق میں البتہ جانتا ہوں جس وقت کہ ہوتی ہے تو مجھ سے خوش اور جس وقت کہ ہوتی ہے تو مجھ پر خفا یعنی
کسی امر دنیوی کے سبب جیسا عورتیں ہوتی ہیں خفا ہو جاتی ہیں کہا میں نے آپ کہاں سے پہچانتے ہیں اسے فرمایا جس وقت کہ ہوتی ہے تو مجھ سے راضی پس تحقیق تو کہتی ہے نہیں ہے

اس طرح قسم ہے پروردگار محمد کی اور جس وقت کہ ہوتی ہے تو مجھ پر خفا کہتی ہو نہیں ہے اس طرح قسم ہے پروردگار ابراہیم کی یعنی نام میرا نہیں لیتیں اور
پروردگار ابراہیم کہتی ہو کہا حضرت عائشہ نے کہا میں نے کہ ہاں اس طرح سے ہے قسم اللہ کی اے رسول خدا کے نہیں چھوڑتی ہوں مگر نام تمہارا نقل کی یہ
بخاری اور مسلم نے **ف** یعنی حالت غضب میں بسبب غلبۂ عقل ہوتی ہوں نہیں ترک کرتی مگر نام تمہارا اور دل میرا مستغرق ہوتا ہے تمہاری
محبت میں **وَعَنْ** اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَا الرَّجُلُ امْرَاَتَہٗ اِلٰی فِرَاشِہٖ فَاَبَتْ فَبَاتَ غَضْبَانَ
لَعَنَتْھَا الْمَلٰئِکَۃُ حَتّٰی تُصْبِحَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَّھُمَا قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مَا مِنْ رَجُلٍ یَدْعُوْ امْرَاَتَہٗ اِلٰی فِرَاشِہٖ فَتَاْبٰی عَلَیْہِ
اِلَّا کَانَ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ سَاخِطًا عَلَیْھَا حَتّٰی یَرْضٰی عَنْھَا اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ بلاوے
کوئی مرد اپنی عورت کو طرف بچھونے اپنے کے پس انکار کرے وہ اور گذارے خاوند رات غصے میں لعنت کرتے ہیں فرشتے اس عورت کو صبح تک نقل کی
یہ بخاری اور مسلم نے اور ایک روایت بخاری اور مسلم کی میں یوں ہے کہ فرمایا حضرت نے قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری بیچ ہاتھ اسکے ہے
نہیں کوئی شخص کہ بلاوے اپنی عورت کو طرف بچھونے اپنے کے پس انکار کرے وہ مگر ہوتا ہے وہ کہ آسمان میں ہے خفا اس پر یہانتک کہ راضی ہو خاوند
اسکا اس سے **ف** انکار کرے یعنی بغیر عذر شرعی کے اور بعضوں نے کہا کہ حیض عذر نہیں ہے انکار کرنے میں اسلیے کہ خاوند کو جائز ہے فائدہ اٹھانا اوپر کے
ساتھ اس چیز کے کہ اوپر ازار کے ہے نزدیک جمہور کے اور بعضے علما کے نزدیک سوائے شرمگاہ کے اور بدن کا فائدہ اٹھانا جائز ہے اور صبح تک اسواسطے
فرمایا کہ ایسا معاملہ اکثر ہوتا ہے رات کو اگر دن کو اس طرح انکار کرے گی تو شام تک یہی حال ہوگا اور وہ کہ آسمان میں ہے یعنی حکم اسکا آسمان میں ہے یا وہ کہ
معبود ہے آسمان میں یعنی اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ معبود آسمان میں بھی ہے اور زمین میں بھی جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وهو الذی فی السماء الہ وفی الارض الہ
پس حدیث میں فقط معبود آسمان کا کہنا اسلیے کہ اکتفا کیا ساتھ ذکر کرنے شریف کے اور احتمال ہے کہ مراد اس سے فرشتے ہوں اور اس حدیث سے یہ معلوم ہوا
کہ خفگی خاوند کی باعث ہے پروردگار کی خفگی کے وجہ تقاضا شہوت کی خفگی کا یہ حال ہو تو اگر خفگی امر دین میں ہے تو کیا حال ہوگا **وَعَنْ** اَسْمَآءَ
اَنَّ امْرَاَۃً قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ لِیْ ضَرَّۃً فَھَلْ عَلَیَّ جُنَاحٌ اِنْ تَشَبَّعْتُ مِنْ زَوْجِیْ غَیْرَ الَّذِیْ یُعْطِیْنِیْ فَقَالَ الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ یُعْطَ کَلَابِسِ
ثَوْبَیْ زُوْرٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اور روایت ہے اسماء سے یہ کہ ایک عورت نے کہا یا رسول اللہ تحقیق میری ہے ایک سوکن پس کیا ہے گناہ اوپر میرے اگر ظاہر
کروں میں سیر ہونا خاوند کی طرف سے یعنی سوکن کے آگے سوا اس چیز کے کہ دیتا ہے مجھ کو یعنی جو کچھ دیتا ہے اس سے زیادہ اظہار کروں سوکن کے جلانے کے لیے کہ مجھ کو یہ
دیتا ہے پس فرمایا حضرت نے کہ اظہار کرنیوالا ساتھ اس چیز کے کہ نہیں دیا گیا مانند پہننے والے دو کپڑوں جھوٹ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے
ف دو کپڑوں سے مراد چادر اور تہبند ہے یعنی جھوٹ فریب کے پہننے والے سے مراد وہ شخص ہے کہ کپڑے عاریت یا امانت کے پہنے اور ظاہر کرے کہ یہ اسکے ہی
ہیں یا وہ شخص مراد ہے کہ لباس اہل دین اور صالحوں کا پہنے اور وہ قبیح ہو ویسا نہیں اور بعضوں نے کہا کہ اسکے ساتھ تشبیہ دی کہ پیراہن پہنے اور لگاوے
اسمیں دو آستینیں اور پیچھے آستینوں کے الگ بانہیں کہ دیکھنے والے جانیں کہ دو پہنے ہیں اور بعضوں نے کہا کہ عرب میں ایک شخص تھا اور کپڑے نفیس پہنتا تھا اسکو شرف اور
عزت ہوا اور حصول گواہی کا کوئی جھوٹ نہ جانے اسکے ساتھ تشبیہ دی اسکو **وَعَنْ** اَنَسٍ قَالَ اٰلٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
مِنْ نِّسَآئِہٖ شَھْرًا وَّکَانَتِ انْفَکَّتْ رِجْلُہٗ فَاَقَامَ فِیْ مَشْرُبَۃٍ تِسْعًا وَّعِشْرِیْنَ لَیْلَۃً ثُمَّ نَزَلَ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اٰلَیْتَ شَھْرًا فَقَالَ اِنَّ
الشَّھْرَ یَکُوْنُ تِسْعًا وَّعِشْرِیْنَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ اور روایت ہے انس سے کہا ایلا کیا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں سے ایک مہینے کا اور تھا کہ موچ آئے
تھے حضرت کے پاؤں میں پس ٹھہرے بالاخانے میں انتیس راتیں پھر اترے پس عرض کیا لوگوں نے اے رسول خدا کے ایلا کیا تھا ایک مہینے کا اور مہینا
نہیں گزرا ہے تو فرمایا حضرت نے کہ تحقیق مہینا ہوتا ہے انتیس دن کا بھی نقل کی یہ بخاری نے **ف**

ایلاء لغت میں کہتے ہیں قسم کھانے کو اور شرع میں ایلاء کہتے ہیں قسم کھانے کو عورت کے پاس جانے سے چار مہینے یا زیادہ چار مہینے سے پس اگر چار مہینے میں صحبت نہیں کی تو یا قسم توڑی کی تو طلاق بائن پڑ جاتی ہے اور قسم توڑنے سے کفارہ لازم ہوتا ہے اور جو ایلاء ہو وہ بہم آتا ہو گیا اور اگر اور مدت سے کم کسی کی قسم کھائی تو ایلاء نہیں ہوتا اور یہ مدت اس کی وہ مہینے میں بالکل نہ تو سے کم کی قسم کھائے تو وہ ایلاء شرعی نہیں ہو پس حدیث میں ایلاء لغوی مراد ہے یعنی قسم کھائی کہ میں مہینے بھر تک بیویوں کے پاس نہیں جاؤں گا اور سبب اس کا یہ تھا کہ بیویاں حضرت کی کچھ نفقہ زیادہ مانگتی تھیں حضرت نے قسم کھائی کہ میں نہ جاؤں گا پاس تمہارے ایک مہینے تک نہیں جانا تھا کہ بعد اس کے ان بی بیوں سے حضرت کے پاس بالاخانے میں جو شاکی تھیں سب گر پڑنے کے سبب سے پس حضرت بالاخانہ پر بیٹھ گئے انتیس دن بعد اتر آئے تو عائشہ نے کہا آپ نے ایک مہینے کا کہا تھا اس لیے انتیس دن کا ہوتا ہے۔ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ دَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ النَّاسَ جُلُوْسًا بِبَابِهٖ لَمْ يُؤْذَنْ لِاَحَدٍ مِّنْهُمْ قَالَ فَاُذِنَ لِاَبِيْ بَكْرٍ فَدَخَلَ ثُمَّ اَقْبَلَ عُمَرُ فَاسْتَأْذَنَ فَاُذِنَ لَهٗ فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا حَوْلَهٗ نِسَاؤُهٗ وَاجِمًا سَاكِتًا قَالَ فَقَالَ لَاَقُوْلَنَّ شَيْئًا اُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ رَاَيْتَ بِنْتَ خَارِجَةَ سَاَلَتْنِي النَّفَقَةَ فَقُمْتُ اِلَيْهَا فَوَجَأْتُ عُنُقَهَا فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ هُنَّ حَوْلِيْ كَمَا تَرٰى يَسْأَلْنَنِي النَّفَقَةَ فَقَامَ اَبُوْ بَكْرٍ اِلٰى عَائِشَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا وَقَامَ عُمَرُ اِلٰى حَفْصَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا كِلَاهُمَا يَقُوْلُ تَسْأَلْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَيْسَ عِنْدَهٗ فَقُلْنَ وَاللّٰهِ لَا نَسْأَلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا اَبَدًا لَيْسَ عِنْدَهٗ ثُمَّ اعْتَزَلَهُنَّ شَهْرًا اَوْ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ ثُمَّ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ حَتّٰى بَلَغَ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا قَالَ فَبَدَاَ بِعَائِشَةَ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَعْرِضَ عَلَيْكِ اَمْرًا اُحِبُّ اَنْ لَّا تَعْجَلِيْ فِيْهِ حَتّٰى تَسْتَشِيْرِيْ اَبَوَيْكِ قَالَتْ وَمَا هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَتَلَا عَلَيْهَا الْاٰيَةَ قَالَتْ اَفِيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْتَشِيْرُ اَبَوَيَّ بَلْ اَخْتَارُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَاَسْأَلُكَ اَنْ لَّا تُخْبِرَ امْرَاَةً مِّنْ نِّسَائِكَ بِالَّذِيْ قُلْتُ قَالَ لَا تَسْأَلُنِيْ امْرَاَةٌ مِّنْهُنَّ اِلَّا اَخْبَرْتُهَا اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْنِيْ مُعَنِّتًا وَّلَا مُتَعَنِّتًا وَّلٰكِنْ بَعَثَنِيْ مُعَلِّمًا مُّيَسِّرًا (رواہ مسلم)

اور روایت ہے جابر سے کہا کہ آئے ابوبکر واسطے طلب اجازت کی کے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنی آپ کے پاس آنے کی اجازت مانگتے تھے پس پایا لوگوں کو بیٹھا حضرت کے دروازے پر نہ اجازت دی گئی تھی کسی کو ان میں سے کہا پس اجازت دی گئی واسطے ابوبکر صدیق کے پس داخل ہوئے پھر آئے حضرت عمر اور اجازت طلب کی پس اجازت دی گئی تو پایا عمر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیٹھے اس حال میں کہ گرد حضرت کے تھیں عورتیں آپ کی اور حضرت تھے غمگین خاموش کہا جابر نے پس کہا عمر نے البتہ اپنے دل میں کہا کہوں میں کچھ ہنساؤں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پس کہا عمر نے یا رسول اللہ اگر دیکھتے آپ خارجہ کی بیٹی کو کہ بیوی ہے میری طلب کرے مجھ سے خرچ زیادہ عادت سے تو کھڑا ہو میں طرف اس کے اور کوٹوں اس کی گردن پس ہنسے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا یہ عورتیں گرد میرے ہیں جیسا کہ دیکھتا ہے تو طلب کرتی ہیں مجھ سے خرچ زیادہ عادت سے پس کھڑے ہوئے ابوبکر طرف عائشہ کے کوٹنے لگے گردن عائشہ کی اور کھڑے ہوئے عمر طرف حفصہ کے کوٹنے لگے گردن حفصہ کی حضرت ابوبکر اور عمر دونوں نے کہا طلب کرتی ہو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اس چیز کو کہ نہیں ہے حضرت کے پاس پس کہا عورتوں نے قسم ہے خدا کی نہیں مانگیں گی ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ کبھی کہ نہ ہوگا پاس ان کے پھر الگ رہے حضرت بیویوں سے ایک مہینا یا انتیس دن پھر نازل ہوئی یہ آیت اے نبی کہہ واسطے بیویوں اپنی کے تا آخر آیت یہاں تک کہ پہونچے اس لفظ تک للمحسنات منکن اجرا عظیما کہا جابر نے پس شروع کیا حضرت نے کہنا اس بات کا حضرت عائشہ سے یعنی اس لیے کہ وہ بہت عقلمند اور فضیلت میں سب بیبیوں میں تھیں پس فرمایا اے عائشہ تحقیق میں ارادہ کرتا ہوں یہ کہ بیان کروں روبرو تیرے ایک بات

کہ چاہتا ہوں کہ جلدی نہ کرے تو اوس میں یہانتک کہ مشورہ کرے تو ماں باپ اپنے سے کہا عائشہ نے کیا ہے وہ اے رسول خدا کے پس پڑھی
حضرت نے یہ آیت کہ مذکور ہوئی کہا عائشہ نے کیا تمہارے مقدمہ میں اے رسول خدا کے مشورہ کروں میں ماں باپ سے بلکہ مشورہ اوس امر میں کہ قریب ہے کہ اوس میں کچھ
شبہ ہوتا ہو اور مجھے نہیں کچھ تردد بلکہ اختیار کیا میں نے اللہ کو اور رسول اوسکے کو اور گھر آخرۃ کو اور سوال کرتی ہوں میں آپ سے یہ کہ نہ خبر کریں کسی عورت کو بیبیون
سے اپنی ساتھ اوس چیز کے کہ کہا میں نے فرمایا حضرت نے نہیں پوچھیگی مجھ سے کوئی عورت اون میں سے مگر کہ خبر دونگا میں اوسکو تحقیق اللہ تعالی نے
نہیں بھیجا مجھکو سختی کرنے والا اور نہ خواہ مخواہ کسی کے تکلیف دینے کو ولیکن بھیجا ہے مجھکو اللہ نے سکھانے والا اور آسانی کرنیوالا نقل کی یہ مسلم نے **ف** یا ہو یہ
امر شاید کہ قصہ پر دیکھنے کا [illegible] جو ملا ہو اور جب ساتھ اوس کے [illegible] خوش طبعی کی کہ اونکا غصہ جاتا رہے اور خوش ہوجاوین تو معلوم ہوا کہ سنت ہے
اوس کو کہ جب اپنے دوست کو غمگین دیکھے تو ایسی بات اوس سے کرے کہ وہ ہنسے اور خوش ہووے اور مشغول ہو اور میں نے چاہا ہو کہ جب [illegible] بیبیاں غمگین ہوں تو خوش
کرے اونکو ساتھ خوش طبعی کے اور آیۃ مذکورہ سورۃ احزاب میں ہے یا ایہا النبی قل لازواجک ان کنتن تردن الحیوۃ الدنیا وزینتھا فتعالین امتعکن واسرحکن سراحا
جمیلا وان کنتن تردن اللہ ورسولہ والدار الاخرۃ فان اللہ اعد للمحسنات منکن اجرا عظیما حاصل آیۃ کا یہ ہے کہ [illegible] بیبیون کو کہدے تو اختیار کیا ہو تم
دنیا میں پس اگر تم چاہتی ہو [illegible] تو آؤ کہ تمکو [illegible] اور رخصت کروں تمکو رخصت اچھی طرح اور اگر چاہتی ہوگی میرے
تقریر اور ارادہ کروگی رضامندی خدا اور رسول کا اور [illegible] بہت ہے تو تمکو اللہ تعالی [illegible] شفقت کے ثواب دیگا بڑا اور مشورہ کرنے [illegible] حضرت نے
واسطے [illegible] کہ صغیر سن تھیں مبادا [illegible] کہ دنیا اختیار کریں اور آخرۃ نہ اختیار کریں اور راضی ہوں [illegible] تو اونکو بھی [illegible] اونکے
ماں باپ کو بھی اور کہا [illegible] ماں باپ سے پوچھیں گے تو وہ بھی صلاح دینگے [illegible] حضرت عائشہ [illegible] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو [illegible] کیا
کہ [illegible] میں نے جواب دیا [illegible] اور کسی بیوی کو [illegible] سبب [illegible] کوئی بیوی دنیا کو اختیار کرے اور حضرت کے نکاح سے
نکل جاوے اور [illegible] نہایت محبت کے حضرت سے [illegible] کی پس حضرت نے فرمایا [illegible] مجھ سے پوچھیگی
میں کہدونگا [illegible] اگر [illegible] تو بے شفقتی [illegible] تکلیف دینے کے لیے نہیں بھیجا ہے بلکہ مجکو تعلیم خلائق
اور آسان کرنے امور [illegible] کے لیے بھیجا ہے **وعن عائشۃ قالت کنت اغار علی اللاتی وھبن انفسھن لرسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فقلت اتھب المرأۃ نفسھا فلما انزل اللہ تعالی ترجی من تشاء منھن وتؤوی الیک من تشاء ومن ابتغیت ممن
عزلت فلا جناح علیک قلت ما اری ربک الا یسارع فی ھواک** متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ سے کہا تھی میں غیرت کرتی اون عورتون پر
کہ بخشتیں نفس اپنی واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہتی میں کہ کیا بخشتی ہے عورت نفس اپنا پس جب اوتاری اللہ تعالی نے یہ آیۃ کہ الگ کر تو جسکو
چاہے اون میں سے اور ٹھکانا دے اپنی طرف جسکو چاہے اور جسکو طلب کرے تو اون عورتوں میں سے کہ الگ کیا تو نے پس نہیں گناہ تجھ پر کہتی ہوں عائشہ کہ
نہیں دیکھتی میں پروردگار تیرے کو مگر کہ جلدی کرتا ہے بیچ مراد خواہش تیری کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** حضرت عائشہ ایسے غیرت کرتی تھیں کہ
عورتیں اپنے نفس کو حوالہ کرتی ہیں [illegible] رغبت [illegible] اور واقع میں یہ بات بھی تھی کہ [illegible] تعجب کرتی تھیں [illegible] حلال اونکے [illegible] لیتا [illegible]
اور [illegible] کہ آیا [illegible] بخشتی ہے نفس اپنا اور ایک روایت میں آیا ہے کہ یا نہیں حیا کرتی عورت [illegible] نفس اپنا مرد کو اور الگ کر تو [illegible]
تو ساتھ [illegible] جسکو چاہے تو اون میں سے اور ٹھکانا دے یعنی ساتھ [illegible] جسکو چاہے تو طلاق دے تو جسکو چاہے اور نکاح میں [illegible] جسکو چاہے
یا معنی آیت کے یہ ہیں کہ ترک کر تو نکاح کرنا جس سے چاہے تو عورتوں امت اپنی سے اور نکاح کر جس سے چاہے [illegible] مفسرین نے [illegible] کہ
ناسخ ہو اس آیۃ کی لا یحل لک النساء من بعد اسلئے کہ صحیح تر یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات نہیں ہوئی یہاں تک کہ [illegible] حلال کی گئیں واسطے اونکے عورتیں

بیویاں اونکی ہے اور کہا بعضوں نے کہ اشہر یہ ہے تو ظاہر ہو کہ آیہ حضرت کی بیویوں کی نوبت میں اتری ہو کہ پہلے حضرت پر نوبت ہر ایک کی اور بہ نگے
لیے واجب تھی جب یہ اوتری تو ساقط ہوئی حضرت سے نوبت اور حضرت کو اختیار ہوا کہ جسکے پاس چاہیں رہیں اور جسکو طلب کریں
اور اوسکو کہ ساتھ اپنے سلا لیں اون عورتوں میں سے ایک کیا تو نہ نوبت سے پس نہیں گناہ تجھ پر پس مباح کیا اللہ تعالیٰ نے حضرت کے
لیے واسطے بزرگی دینے اونکے سبب مردود یہ ترک کرنا نوبت کا واسطے بیویوں اونکے کہ جسکو چاہیں غیر نوبت میں ساتھ سلاویں اور جسکو
چاہیں روز نوبت میں نہ سلاویں اور نہیں دیکھتی میں آج لیے تئیں گمان کرتی ہوں مگر پروردگار تیرا کو کہ جلدی پہنچاتا ہے اوس چیز کو کہ خواہش
کرتا ہے تو او کہا تو دی ہے کہ بیچ تخفیف کرتا ہے تجھ سے اور فراخی کرتا ہے تجھ امور میں اور اسلیے اختیار دیا تجھ کو تھے جو ہبہ کرنیوالی نفس اپنے کو
واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعضوں نے کہا کہ میمونہ تھیں اور بعضوں نے کہا ام شریک اور بعضوں نے کہا زینب بنت خزیمہ اور بعضوں نے کہا خولہ
بنت حکیم اور اس حدیث سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ واقع ہوا ایک جماعت عورتوں کے بیچ **وعن جابر اتقوا اللہ فی النساء ذکر فی قصۃ
حجۃ الوداع** اور حدیث جابر کی اتقوا اللہ فی النساء ذکر کی گئی بیچ قصہ حجۃ الوداع کے

الفصل الثانی

فصل دوسری **عن عائشۃ انہا کانت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر قالت فسابقتہ فسبقتہ علی رجلی فلما حملت اللحم سابقتہ فسبقنی قال ہذہ بتلک السبقۃ رواہ ابو داؤد** روایت ہے عائشہ سے کہ او تھیں ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سفر میں کہا عائشہ نے پس
ہم دوڑی میں ساتھ حضرت کے اپنے پاؤں پر پس بڑھ گئی میں حضرت سے پس جب بھر گئی میں گوشت سے دوڑی میں حضرت کے ساتھ پس بڑھ گئے حضرت مجھ سے فرمایا یہ
بڑھ جانا بدلے اوس بڑھ جانے کے ہے یعنی پہلے تو مجھ سے بڑھ گئی تھی اب تیرا بدلہ ہو گیا **ف** اپنے پاؤں پر یعنی دوڑی پیادہ اور کہا طیبی نے
کہ یہ تاکید ہے جیسے کہتے ہیں کہ لیا میں نے اپنے ہاتھ سے اور دیکھا میں نے اپنی آنکھوں سے اور اس میں بیان ہے حضرت کے حسن خلق اور مہربانی کرنے کا
بیویوں پر تاکہ پیروی کی جاوے حضرت کی اور ملا علی قاری نے کہا کہ سباق چار چیزوں میں ہے اونٹوں اور گھوڑوں اور تیر اندازی میں اور پیادہ پا چلنے میں
اور جائز ہے جبکہ ہو بدل ایک جانب سے اس طرح کہ اگر بڑھ جاوے تو مجھ سے تو تیرے لیے اسقدر ہوا اور اگر تو بڑھ جاوے مجھ سے تو نہیں ہے کچھ تیرے لیے
اور اگر شرط کریں بدل کے جانبین سے تو یہ حرام ہے اس لیے کہ یہ جوا ہے مگر یہ کہ جب داخل کریں وہ طرفین ایک محلل کو یعنی حلال کرنے والے کو درمیان اپنے
پس کہے ہر ایک اگر بڑھ جاوے تو مجھ سے تو واسطے تیرے اسقدر ہے اور اگر بڑھ جاوں میں تجھ سے تو میرے لیے اسقدر ہے اور اگر بڑھ جاوے تیرا تو نہیں
کچھ اوسکے لیے پس جائز ہے اور حلال اور مراد جائز ہونے سے یہ ہے کہ جب وہ بڑھ جاوے تو اوسکا لینا اسکا اس سے مستحق ہوگا
ہوا اور جو اون شرطوں میں سے آگے بڑھ جاوے اور یہ اسقدر لیوے تو یہ جائز ہوا اور جائز ہونا ان چار چیزوں میں
کے وارد ہوئی ہیں احادیث اور سوا اونکے اور کسی چیز میں کوئی حدیث وارد نہیں ہے **وعنہا قالت قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم خیرکم خیرکم لاہلہ وانا خیرکم لاہلی واذا مات صاحبکم فدعوہ رواہ الترمذی والدارمی ورواہ ابن ماجہ عن ابن
عباس الی قولہ لاہلی** اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر تمہارا بہتر تمہارا ہے واسطے اہل اپنے کے اور
میں بہتر تمہارا ہوں واسطے اہل اپنے کے اور جب مر جاوے صاحب تمہارا پس چھوڑ دو اوسکو نقل کیا یہ ترمذی اور دارمی نے اور نقل کیا ابن
ماجہ نے ابن عباس سے قولہ لاہلی تک **ف** اول جملہ حدیث کے معنے یہ ہیں کہ تم میں بہتر نزدیک خالق وخلق کے وہ ہے کہ جو اپنے اہل کے ساتھ بھلائی
اور سلوک زیادہ کرتا ہے اسلیے کہ یہ بات دلالت کرتی ہے اوسکی خوش اخلاقی پر اور اہل سے مراد میاں بیوی اور اقربا اور خادم میں اور صاحب
تمہارا یعنی کوئی شخص تم میں سے مر جاوے تو چھوڑ دو ذکر کرنا برائیوں اوسکا مراد یہ ہے کہ اوسکی غیبت نہ کرو جیسا کہ اور روایت میں آیا ہو

کر بلاد کرو سوئے اپنے کو ساتھ بھلائی کے اور بعضوں نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ جب کوئی مر جائے تو چھوڑ دو محبت اوسکی اور دنیا او سپار اور تعلق ساتھ اوس کے اور بعضوں نے کہا کہ صاحب سے مراد حضرت نے اپنی ذات مبارک رکھی ہے یعنے جب میں انتقال کروں تو تاسف و تحیر مجھ پر کرو کہ اور کارساز تمہارا ہو اور بعضوں نے کہا ہے معنے یہ ہیں کہ جب میں مروں تو چھوڑ دو مجھکو اور نہ ایذا دو مجھکو بسبب ایذا دینے کے اہل بیت میرے کو اور اصحاب میرے کو اور متبع شریعت میری کو یعنے علما اور اولیا کو ۔ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْاَۃُ اِذَا صَلَّتْ خَمْسَهَا وَصَامَتْ شَهْرَهَا وَاَحْصَنَتْ فَرْجَهَا وَاَطَاعَتْ بَعْلَهَا فَلْتَدْخُلْ مِنْ اَیِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَتْ رَوَاهُ اَبُوْ نُعَیْمٍ فِی الْحِلْیَةِ اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عورت جسوقت پڑھے پانچوں نمازیں یعنے اوقات طہارت میں اور روزے رکھے ماہ رمضان کے یعنے ادا اور قضا اور نگاہ رکھے شرمگاہ اپنی کو یعنے باز رکھے نفس اپنے کو فواحش سے اور فرمان برداری کرے اپنے خاوند کی یعنے اون چیزوں میں کہ فرمان برداری کرنی چاہئے پس چاہئے کہ داخل ہو جس دروازے بہشت کے سے چاہے نقل کی یہ ابو نعیم نے حلیۃ الابرار میں ۔ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ یَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر میں حکم کرتا کسیکو کہ سجدہ کرے واسطے کسی کے تو البتہ حکم کرتا عورت کو کہ سجدہ کرے اپنے خاوند کو نقل کی یہ ترمذی نے ف یعنے سجدہ کسیکو درست نہیں سوائے رب معبود کے اگر درست ہوتا کسیکو سجدہ کرنا تو حکم کرتا عورت کو کہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے اسلیئے کہ حقوق خاوند کے بہت ہیں بیوی پر اور وہ عاجز ہے ادا کرنے شکر حقوق اوسکے سے اور اسمیں نہایت مبالغہ ہے بیچ واجب ہونے اطاعت خاوند کے بیوی پر ۔ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّمَا امْرَاَةٍ مَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَنْهَا رَاضٍ دَخَلَتِ الْجَنَّةَ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو عورت کہ مرے اس حال میں کہ خاوند اوسکا اوس سے راضی ہو داخل ہوگی جنت میں نقل کی یہ ترمذی نے ف جبکہ خاوند عالم اور متقی ہو اوسکی رضامندی کا یہ ثواب ہے نہ فاسق جاہل کی رضا کا ۔ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا الرَّجُلُ دَعَا زَوْجَتَهُ لِحَاجَتِهِ فَلْتَأْتِهِ وَاِنْ كَانَتْ عَلَى التَّنُّوْرِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ اور روایت ہے طلق بن علی رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کوئی شخص بلاوے اپنی بیوی کو اپنی حاجت کے لیئے یعنے جماع کیلئے پس چاہئے کہ جاوے اگرچہ ہو تنور پر نقل کی یہ ترمذی نے ف یعنے اگرچہ مشغول ہو روٹی پکانے میں اور احتمال ضائع ہونے مال کا ہو بسبب روٹی پکانی ہو اور خاوند چاہے صحبت کرنی تو اطاعت اوسکی لازم ہے ۔ وَعَنْ مُعَاذٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُؤْذِیْ امْرَاَةٌ زَوْجَهَا فِی الدُّنْیَا اِلَّا قَالَتْ زَوْجَتُهُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ لَا تُؤْذِیْهِ قَاتَلَكِ اللّٰهُ فَاِنَّمَا هُوَ عِنْدَكِ دَخِیْلٌ یُوْشِكُ اَنْ یُّفَارِقَكِ اِلَیْنَا رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ اور روایت ہے معاذ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں ایذا دیتی عورت اپنے خاوند کو دنیا میں مگر کہتی ہے بیوی اوسکی حور بڑی آنکھ والی نہ ایذا دے اوسکو مارے تجھکو اللہ یعنے دور کرے تجھکو اپنی رحمت و جنت سے پس سوائے اس کے نہیں کہ وہ تیرے نزدیک مہمان ہے قریب ہے کہ وہ جدا ہووے تجھے اور آوے طرف ہمارے یعنے بہشت میں نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے ف اور ایک روایت میں ابو نعیم رضی اللہ عنہ کی ہے الزوج ... دلالت ہے اسپر کہ اہل جنت کو ... معلوم ہے ... ۔ وَعَنْ حَكِیْمِ بْنِ مُعَاوِیَةَ الْقُشَیْرِیِّ

عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا حَقُّ زَوْجَةِ أَحَدِنَا عَلَيْهِ قَالَ أَنْ تُطْعِمَهَا إِذَا طَعِمْتَ وَتَكْسُوهَا إِذَا اكْتَسَيْتَ وَلَا تَضْرِبِ الْوَجْهَ وَلَا تُقَبِّحْ وَلَا تَهْجُرْ إِلَّا فِي الْبَيْتِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ

اور روایت ہے حکیم بن معاویہ قشیری سے کہ نقل کی اپنے باپ سے کہا میں نے یا رسول اللہ کیا حق ہے بیوی ایک ہمارے کا اوس کے خاوند پر فرمایا یہ کہ کھلاوے تو اوسکو جس وقت کہ کھاوے تو اور پہناوے اوسکو جس وقت کہ پہنے تو اور نہ مار منھ پر اور نہ کہہ برا اور نہ کہہ برا کرے اللہ تجھکو اور نہ جدائی کر اوس سے مگر گھر میں نقل کی یہ احمد اور ابو داود اور ابن ماجہ نے **ف** نہ مار منھ پر اسلئے کہ وہ سب اعضا میں افضل ہے اور اس سے سمجھا جاتا ہے کہ اگر مارے سوا منھ کے اور جگہ مارے بقدر ظاہر ہونے فاحشہ کے یا ترک کرنے فرائض کے یا واسطے مصلحت تادیب کے تو جائز ہو اور منھ پر مارنا منع ہے ہر حال اور فتاوے قاضی خان میں لکھا ہے کہ خاوند کو جائز ہے کہ مارے عورتکو چار باتوں پر ایک تو ترک کرنا زینت پر جبکہ چاہے خاوند زینت کرانا اوسکا اور دوسرے اوس وقت کہ خاوند ارادہ کرے صحبت کرنیکا اور وہ منع کرے باوجود ہونے طاہر کے اور تیسرے ترک کرنے نماز کے اور غسل جنابت سے اور چوتھے بغیر ترک صلوۃ کے چلے جانا ہے کسی کے اور چوتھے نکلنے پر گھر سے بغیر اذن خاوند کے اور نہ جدائی اگر لینے اگرچہ مصلحت ہو اور مثل جدائی میں تو جدائی کر گھر میں اور گھر میں مت چھوڑ وہ بوجہ قول اللہ تعالیٰ کے واللاتی تخافون نشوزہن فعظوہن واہجروہن فی المضاجع واضربوہن

وَعَنْ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ لِي امْرَأَةً فِي لِسَانِهَا شَيْءٌ يَعْنِي الْبَذَاءَ قَالَ طَلِّقْهَا قُلْتُ إِنَّ لِي مِنْهَا وَلَدًا وَلَهَا صُحْبَةٌ قَالَ فَمُرْهَا يَقُولُ عِظْهَا فَإِنْ يَكُ فِيهَا خَيْرٌ فَسَتَقْبَلُ وَلَا تَضْرِبَنَّ ظَعِينَتَكَ ضَرْبَكَ أُمَيَّتَكَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اور روایت ہے لقیط بن صبرہ سے کہا کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق میری ایک عورت ہے کہ اوسکی زبان میں ہے کچھ یعنے زبان دراز ہے اور فحش بکتی ہے فرمایا طلاق دے اوسکو یعنے اگر اوسکی ایذا پر صبر نہیں کر سکتا ہے تو طلاق دیدے یہ امر اباحت کے لیے ہے کہا میں نے تحقیق واسطے میرے اوس سے اولاد ہے اور واسطے اوسکے صحبت ہے یعنے موافقت قدیمی فرمایا پس امر کر اوسکو یعنی نصیحت کر اوسکو یعنے خوش خلقی کی پس اگر ہوگی اوسمیں کچھ بھلائی قبول کرے گی نصیحت اور نہ مار اپنی بی بی کو مارنا اونٹنی کا سا نقل کی یہ ابو داود نے **ف** لفظ یقول کلام راوی کی ہے کہ ساتھ اوس کے مراد حضرت کے بیان کے ہے کہ لفظ امر سے مراد حضرت کی یہ ہے کہ نصیحت کر اور مت مار اوس طرح جیسے مارتا ہے لونڈی کو اور مراد تجربہ حدیث میں کہا ہے یہ طرف اسکی کہ اگر نصیحت نہ مانے تو پھر تھوڑا سا مار

وَعَنْ إِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَضْرِبُوا إِمَاءَ اللّٰهِ فَجَاءَ عُمَرُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذَئِرْنَ النِّسَاءُ عَلَى أَزْوَاجِهِنَّ فَرَخَّصَ فِي ضَرْبِهِنَّ فَأَطَافَ بِآلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيرٌ يَشْكُونَ أَزْوَاجَهُنَّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ طَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ نِسَاءٌ كَثِيرٌ يَشْكُونَ أَزْوَاجَهُنَّ لَيْسَ أُولٰئِكَ بِخِيَارِكُمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ

اور روایت ہے ایاس بن عبد اللہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مارو خدا کی لونڈیوں کو یعنے اپنی بیویوں کو پس آئے عمر رضی اللہ عنہ پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور عرض کیا کہ دلیر ہو گئیں عورتیں اپنے خاوندوں پر یعنے بسبب آپ کے منع کرنیکے مارنے سے پس رخصت دی حضرت نے اونکے مارنیکی پھر جمع ہوئیں پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کے بہت سی عورتیں اس حال میں کہ شکوہ کرتی تھیں اپنے خاوندوں کا یعنے بسبب مارنے کے اونکو پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق جمع ہوئیں محمد کی بیبیوں کے پاس بہت سی عورتیں شکایت کرتی ہیں اپنے خاوندوں کی نہیں وہ لوگ بہتر تم میں نقل کی یہ ابو داود اور ابن ماجہ اور دارمی نے **ف** نہیں یہ لوگ یعنے جو کہ مارتے ہیں اپنی عورتوں کو بہت یا مطلق بہتر تم میں بلکہ بہتر وہ ہیں کہ نہیں مارتے ہیں اونکو اور تحمل کرتے ہیں

یا کچھ تھوڑا سا مارتے تھے اور نہیں مارتے تھے ادب کے اور نہیں مارتے اونکو بہت کہ باعث اونکی شکایت نہ ہوتی حالانکہ کہا ہی کہ اس سے پوچھا جاتا ہی کہ
مارنا عورتوں کا بسبب منع کے نہ حقوق زوج کے بیان ہوگا چاہیے یہ کہ بہت نہ مارے اور بیکن مارا جاوے سب جو حدیث گذری ہی اوسکے تائید میں ہو یہ کہ کوئی
اوس سے معلوم ہوتا ہی کہ مارنے عورتوں کو واسطے تادیب کے اور اس حدیث سے منع معلوم ہوتا ہی مارنا وجہ تطبیق کی اتنی ہی کہ احتمال ہی کہ
حضرت صلعم نے منع کیا ہو عورتوں کے مارنے سے پہلے اوترنے آیۃ مذکورہ کے پھر جب دلیر ہوئین عورتین اذن دیا حضرت نے اونکے مارنے کا اوپر موافق آیۃ
موافق حضرت سے حکم کے پھر جبکہ مبالغہ کیا لوگون نے مارنے مین تو خبر دی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مارنا اگرچہ مباح ہوا اونکی بدخلقی کی شکایت پر
لیکن تحمل وصبر کرنا اونکی بدخلقی پر اور نہ مارنا افضل و بہتر ہوا اور یہ معنی امام شافعی سے نقل کیے گئے ہیں جرح وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ
رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ امْرَأَةً عَلَى زَوْجِهَا أَوْ عَبْدًا عَلَى سَيِّدِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ اور روایت
ہو ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین ہمارے تابعداروں میں سے وہ شخص کہ مراد کرے کسی عورتکو خاوند پر یا غلامکو اوسکے
مالک پر نقل کی یہ ابوداود نے ف یعنے ہمارے تابعداروں میں نہیں ہو وہ کہ کسی عورت کا دل برا کر دے اوسکے خاوند کیطرف سے اس طرح کہ ذکر
کرے اوسکے آگے برائی اوسکے خاوند کی یا خوبیاں اجنبی کی اور بہکاوے کہ زیادہ طلبی کر اپنے خاوند سے اور اسکی خدمت میں قصور کر یا غلام کو
بہکاوے کہ تو بھاگ جا یا مالک کی خدمت میں کوتاہی کیا کر اور اوسکے حکم میں ہو بہکانا خاوند کو بیوی کیطرف سے اور بہکانا لونڈی کو اوسکے مالک کیطرف سے
اور مالک کو بہکانا لونڈی غلام کیطرف سے جرح وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَكْمَلِ
الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَأَلْطَفُهُمْ بِأَهْلِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہو عائشہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق کامل ترین مومنین کا ایمان میں وہ ہو کہ بہت اچھا ہو خلق میں اور بہت مہربان ہو اپنے اہل عیال پر نقل کی
یہ ترمذی نے ف اسلیے کہ کمال ... بہت ہوتا ہو خوش اخلاقی کا اور احسان کرنیکا تمام خلائق پر خصوصا اپنے اہل وعیال پر جرح
وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَ
خِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَرَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ إِلَى قَوْلِهِ خُلُقًا اور روایت ہو ابی ہریرہ سے
کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کامل ترین مومنوں کا ایمان میں وہ ہو کہ بہت اچھا ہو اون میں از روے خلق کے یعنے تمام
خلائق کے ساتھ خوش خلقی کرے اور بہتر تمہارے وہ ہین کہ بہتر ہون واسطے عورتوں اپنی کے یعنے اسلیے کہ وہ قابل رحم کے ہین
بسبب ضعف وعجز کے نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہو اور نقل کی یہ ابوداود نے لفظ خلقا تک وَعَنْ عَائِشَةَ
قَالَتْ قَدِمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ أَوْ حُنَيْنٍ وَفِي سَهْوَتِهَا سِتْرٌ فَهَبَّتْ رِيحٌ فَكَشَفَتْ
نَاحِيَةَ السِّتْرِ عَنْ بَنَاتٍ لِعَائِشَةَ لُعَبٍ فَقَالَ مَا هَذَا يَا عَائِشَةُ قَالَتْ بَنَاتِي وَرَأَى بَيْنَهُنَّ فَرَسًا لَهُ جَنَاحَانِ مِنْ
رِقَاعٍ فَقَالَ مَا هَذَا الَّذِي أَرَى وَسْطَهُنَّ قَالَتْ فَرَسٌ قَالَ وَمَا هَذَا الَّذِي عَلَيْهِ قَالَتْ جَنَاحَانِ قَالَ فَرَسٌ لَهُ
جَنَاحَانِ قَالَتْ أَمَا سَمِعْتَ أَنَّ لِسُلَيْمَانَ خَيْلًا لَهَا أَجْنِحَةٌ قَالَتْ فَضَحِكَ حَتَّى رَأَيْتُ نَوَاجِذَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ اور روایت ہو
عائشہ رضی اللہ سے کہ کہا تشریف لائے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک سے یا حنین سے اور عائشہ کے گھر کے شہ نشین میں پردہ
پڑا ہوا تھا پس چلی ہوا اور کھول دیا کونا پردہ کا گڑیوں پر سے کہ تھیں عائشہ کے کھیلنے کی پس فرمایا حضرت نے کہ کیا ہو یہ اے عائشہ کہا
عائشہ نے یہ گڑیان میں میری اور دیکھا حضرت نے درمیان گڑیوں کے ایک گھوڑا کہ اوس کے تھے دو پنکھ لتا کے سو پھر فرمایا حضرت نے

کیا ہے یہ دو پر کہ دیکھتا ہوں میں ۔ میان گڑیوں کے کہا عائشہ نے یہ گھوڑا ہے فرمایا حضرت نے بطریق تعجب کے کہ گھوڑا ہے اور اس کے دو پر میں کہا عائشہ نے کیا نہیں سنا آپ نے کہ واسطے سلیمان کے گھوڑے تھے کہ ان کے پر تھے کہا عائشہ نے پس ہنسے حضرت یہاں تک کہ دیکھیں میں نے کچلیاں حضرت کی نقل کی یہ ابوداؤد نے **ف** تبوک نام ایک جگہ کا ہے متعلقات شام سے اور غزوہ تبوک سنہ نو ہجری میں ہوا ۔ یا خیبر یہ شک ہے راوی کا خیبر نام ایک جگہ کا ہے کہ چند منزل ہے مکہ سے غزوہ خیبر کا سنہ سات ہجری میں اوائل میں کہ فتح ہوا اور مقرر ہے کہ کھیل سے گڑیوں کے باب اول میں گذر چکا ہے

الفصل الثالث فصل تیسری

عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ أَتَيْتُ الْحِيرَةَ فَرَأَيْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لِمَرْزُبَانٍ لَهُمْ فَقُلْتُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَقُّ أَنْ يُسْجَدَ لَهُ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنِّي أَتَيْتُ الْحِيرَةَ فَرَأَيْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لِمَرْزُبَانٍ لَهُمْ فَأَنْتَ أَحَقُّ بِأَنْ نَسْجُدَ لَكَ فَقَالَ لِي أَرَأَيْتَ لَوْ مَرَرْتَ بِقَبْرِي أَكُنْتَ تَسْجُدُ لَهُ فَقُلْتُ لَا فَقَالَ لَا تَفْعَلُوا لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ النِّسَاءَ أَنْ يَسْجُدْنَ لِأَزْوَاجِهِنَّ لِمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَهُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ حَقٍّ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

قیس بن سعد سے روایت ہے کہا آیا میں حیرہ میں کہ نام ہے ایک شہر کا کوفہ کے پاس پس دیکھا میں نے وہاں کے لوگوں کو کہ سجدہ کرتے ہیں واسطے سردار اپنے کے پس کہا میں نے بیچ اپنے دل میں کہ البتہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم لائق تر ہیں ساتھ اس کے کہ سجدہ کیا جاوے انکو پھر آیا میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا میں نے تحقیق گیا میں حیرہ میں پس دیکھا میں نے انکے لوگوں کو کہ سجدہ کرتے ہیں اپنے سردار کو پس آپ لائق تر ہیں ساتھ اسکے کہ سجدہ کیا جاوے واسطے آپکے پس فرمایا حضرت نے مجھکو خبر دے مجھکو اگر گذرے تو میری قبر پر کیا سجدہ کرے تو قبر کو پس کہا میں نے نہیں پس فرمایا کہ مت کرو اگر میں حکم کرتا کسیکو کہ سجدہ کرے واسطے کسی کے تو حکم کرتا عورتوں کو کہ سجدہ کریں اپنے خاوندوں کو بسبب اسکے کہ مقرر کیا اللہ نے مردوں کا عورتوں پر حق نقل کی یہ ابوداؤد نے اور نقل کی یہ احمد نے معاذ بن جبل سے **ف** فرمایا کہ مردے کی حالت حیات میں بھی اسیطرح نہ سجدہ کرو کہ فرمایا اللہ تعالی نے لا تسجدوا للشمس ولا للقمر واسجدوا للہ الذی خلقہن ان کنتم ایاہ تعبدون

وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُسْأَلُ الرَّجُلُ فِيمَا ضَرَبَ امْرَأَتَهُ عَلَيْهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ

اور روایت ہے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں سوال کیا جاتا مرد بیچ اس چیز کے کہ مارا اپنی جورو کو اس چیز پر نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے **ف** نہیں سوال کیا جاتا یعنی گناہ نہیں لازم آتا اپنی بیوی کے مارنے سے کہ باز پرس ہو دنیا اور عقبی میں بشرطیکہ رعایت کرے شرائط مارنے کے اور حد سے نہ تجاوز کرے اور تعمیم مجہول رہنے لفظ علیہ میں جو ہے پھرتی ہے طرف عرف کے کہ مراد اس سے نشوز ہے جو کہ اس آیت میں آیا ہے واللاتی تخافون نشوزہن الخ پس حاصل معنی اس حدیث کے یوں ہوئے کہ گنہگار نہیں ہوتا اپنی بیوی کے مارنے سے نافرمانی پر

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ فَقَالَتْ زَوْجِي صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ يَضْرِبُنِي إِذَا صَلَّيْتُ وَيُفَطِّرُنِي إِذَا صُمْتُ وَلَا يُصَلِّي الْفَجْرَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ وَصَفْوَانُ عِنْدَهُ قَالَ فَسَأَلَهُ عَمَّا قَالَتْ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَمَّا قَوْلُهَا يَضْرِبُنِي إِذَا صَلَّيْتُ فَإِنَّهَا تَقْرَأُ بِسُورَتَيْنِ وَقَدْ نَهَيْتُهَا قَالَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَتْ سُورَةً وَاحِدَةً لَكَفَتِ النَّاسَ قَالَ وَأَمَّا قَوْلُهَا يُفَطِّرُنِي إِذَا صُمْتُ فَإِنَّهَا تَنْطَلِقُ تَصُومُ وَأَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَا أَصْبِرُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصُومُ امْرَأَةٌ إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا وَأَمَّا قَوْلُهَا إِنِّي لَا أُصَلِّي حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَإِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ قَدْ عُرِفَ لَنَا ذَاكَ لَا نَكَادُ نَسْتَيْقِظُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ فَإِذَا اسْتَيْقَظْتَ يَا صَفْوَانُ فَصَلِّ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ

روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا آئی ایک عورت پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حال میں کہ ہم پاس حضرت کے تھے پس کہا اس عورت نے کہ خاوند میرا صفوان بن معطل مارتا ہے مجھکو جبکہ نماز پڑھتی ہوں اور افطار کرواتا ہے مجھکو جب روزہ رکھتی ہوں اور نہیں نماز پڑھتا وہ فجر کی یہانتک کہ نکلتا ہے سورج یعنی طلوع آفتاب ہوتا ہے کہا راوی نے اور صفوان تھا پاس حضرت کے کہا راوی نے پس پوچھا حضرت نے صفوان سے اس چیز سے کہ کہا عورت اسکی نے پس کہا صفوان نے یا رسول خدا کے کہنا اسکا کہ مارتا ہے مجھکو جسوقت نماز پڑھتی ہوں پس تحقیق وہ پڑھتی ہے دو سورتیں یعنی درازیں ایک رکعت میں یا دو رکعتوں میں حالانکہ میں نے منع کیا ہے اوسکو یعنی قرأت دراز پڑھنے سے کہا راوی نے پس فرمایا یعنی تصدیق اسکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوتی قراءة ایک سورة یعنی بعد فاتحہ کے تو البتہ کفایت کرتی لوگونکو کہا صفوان نے اور کہنا اس عورت کا کہ افطار کرواتا ہے مجھکو جب روزہ رکھتی ہوں پس تحقیق وہ یعنی روزہ رکھنے چلی جاتی ہے یعنی ہمیشہ رکھتی ہے نفل روزے اور میں جوان مرد ہوں پس نہیں صبر کر سکتا یعنی جماع کرنے سے دیکھنے سے اور رات کو کام میں مشغول رہتا ہوں جیسا کہ آگے ذکر ہے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ روزہ رکھے کوئی عورت یعنی نفل روزے مگر باذن خاوند اپنے کے اور کہنا اس عورت کا کہ میں نماز نہیں پڑھتا یہانتک کہ نکلتا ہے سورج پس سبب اسکا یہ ہے کہ ہم کام والے ہیں یعنی ساری رات تک کھیتوں میں اور باغوں کو پانی دیتے ہیں سو نہیں ہوتا تحقیق پہچانی گئی ہے واسطے ہمارے یعنی عادت ہماری قوم کی کہ نہیں ہم بیدار نہیں جاگتے یعنی جس وقت سوتے ہیں اخیر رات میں یہانتک کہ نکلتا ہے سورج یعنی نیند غالب ہوتی ہے فرمایا حضرت نے پس جسوقت کہ جاگے تو اے صفوان پس پڑھ نماز نقل کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ف صفوان جو پانی دیتا تھا زراعت و باغات میں رات کو دیر تک سوجاتا تھا اور وہاں کوئی جگانے والا نہ تھا پس وہ معذور تھا واللہ اعلم بالصواب وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ فِیْ نَفَرٍ مِّنَ الْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ فَجَاءَ بَعِیْرٌ فَسَجَدَ لَهٗ فَقَالَ اَصْحَابُهٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ تَسْجُدُ لَكَ الْبَهَائِمُ وَالشَّجَرُ فَنَحْنُ اَحَقُّ اَنْ نَّسْجُدَ لَكَ فَقَالَ اعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَاَکْرِمُوْا اَخَاكُمْ وَلَوْ كُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ یَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا وَلَوْ اَمَرَهَا اَنْ تَنْقُلَ مِنْ جَبَلٍ اَصْفَرَ اِلٰی جَبَلٍ اَسْوَدَ وَمِنْ جَبَلٍ اَسْوَدَ اِلٰی جَبَلٍ اَبْیَضَ کَانَ یَنْبَغِیْ لَهَا اَنْ تَفْعَلَهٗ رَوَاهُ اَحْمَدُ

روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے ساتھ ایک جماعت کے مہاجرین اور انصار میں سے پس آیا ایک اونٹ اور سجدہ کیا حضرت کو پس عرض کیا حضرت کے یاروں نے اے رسول خدا سجدہ کرتے ہیں آپکو چارپائے اور درخت یعنی باوجود نہ عقل اور نہ مکلف ہونے کے ساتھ تعظیم آپکی کے پس ہم لائق تر ہیں یعنی بہت اس سے کہ سجدہ کریں آپکو پس فرمایا عبادت کرو رب کی اور تعظیم کرو اپنے بھائی کی یعنی میری اور اگر میں حکم کرتا کسیکو کہ سجدہ کرے کسیکو تو البتہ حکم کرتا عورت کو یہ کہ سجدہ کرے اپنے خاوند کو اور اگر حکم کرے خاوند اسکو یہ کہ لیجاوے پتھر پہاڑ زرد سے طرف پہاڑ سیاہ کے اور پہاڑ سیاہ سے طرف پہاڑ سفید کے تو لائق ہے اس عورت کو کہ بجا لاوے حکم اسکا نقل کی یہ احمد نے ف عبادت کرانے میں اشارہ طرف اس آیت کے کہ ما کان لبشر ان یؤتیہ اللہ الکتاب والحکم والنبوة ثم یقول للناس کونوا عبادا لی من دون اللہ ولکن کونوا ربانیین اور سجدہ کرنا اونٹ کا بطریق خرق عادت کے تھا کہ واقع ہوا تھا معجزہ بسبب شکر کرنے اللہ تعالیٰ کے اور حضرت کو اللہ تعالیٰ کے فعل میں دخل نہ تھا نہیں اور اونٹ معذور تھا اسلیے کہ حکم کیا گیا تھا پروردگار کی طرف سے اور حکم کیا اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو سجدہ کرنے آدم کو واسطے سجدہ تعظیم اور تکریم کے یعنی میری محبت دلمیں رکھو اور اطاعت کرو میری ظاہر و باطن میں اور پہاڑ زرد سے تا آخر یہ ذکر رنگ پہاڑ کا کنایہ مبالغہ ہے پس مقصود ان پہاڑونکا ایک دوسرے سے یہ ہے کہ پانی نہیں جاتی ہیں اس طرح کے پہاڑ پاس ایک دوسرے کے مگر جا بیک دو روز

چاہئے ... بہشت میں ... اور جس کا یہ حال ہو کہ اگر خاوند ایسا حکم کرے کہ ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ تک پتھر لے جاوے تو بھی لائق ہے کہ اسکا حکم بجا لاوے

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا تُقْبَلُ لَهُمْ صَلٰوةٌ وَلَا تَصْعَدُ لَهُمْ حَسَنَةٌ اَلْعَبْدُ الْاٰبِقُ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى مَوَالِيهِ فَيَضَعَ يَدَهٗ فِىْ اَيْدِيهِمْ وَالْمَرْاَةُ السَّاخِطُ عَلَيْهَا زَوْجُهَا وَالسَّكْرَانُ حَتّٰى يَصْحُوَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں کہ نہیں قبول کیجاتی واسطے انکے کوئی نماز یعنی قبول نہیں ہوتی اور نہیں چڑھتی واسطے انکے کوئی نیکی بلکہ اعمال صالحہ انکے ایک غلام بھاگا ہوا جب تک کہ پھر آوے سرکار کی طرف اپنے مالکوں کے پس رکھے ہاتھ اپنا بیچ ہاتھوں انکے یعنی اطاعت کرے انکی اور دوسرے وہ عورت کہ غصہ ہو اوپر اسکے خاوند اسکا اور تیسرے نشے والا یہانتک کہ ہوش میں آوے نقل کی بیہقی نے شعب الایمان میں

ف مالکوں جمع جو کہا گویا اشارہ ہوا طرف مالک کے اور اولاد اسکی کے یعنی ... اور بعد انتقال ہو جانے ایک روایت میں ... جو ... جس عورت کا خاوند اس سے خفا ہوا اسکی نماز قبول نہیں ہوتی اور عمل نہیں پہنچتی یہانتک کہ راضی ہو خاوند اسکا اس سے اور اس روایت میں یہ لفظ نہیں ذکر کیا اسلئے کہ ظاہر تو اور ... یہانتک کہ راضی ہو یا طلاق دے اسکو

وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَىُّ النِّسَاءِ خَيْرٌ قَالَ الَّتِىْ تَسُرُّهٗ اِذَا نَظَرَ وَتُطِيْعُهٗ اِذَا اَمَرَ وَلَا تُخَالِفُهٗ فِىْ نَفْسِهَا وَلَا مَالِهَا بِمَا يَكْرَهُ رَوَاهُ النَّسَائِىُّ وَالْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا عرض کیا گیا واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ کونسی عورت بہتر ہے فرمایا وہ کہ خوش کرے اپنے خاوند کو جسوقت کہ دیکھے خاوند اسکی طرف اور بجا لاوے حکم اسکا جسوقت کہ حکم فرماوے یعنی بشرطیکہ خلاف شرع نہو اور نہ خلاف کرے اسکا بیچ ذات اپنی کے اور بیچ مال اپنے کے ساتھ اسکے کہ ناخوش رکھے اسکو نقل کی یہ نسائی اور بیہقی نے شعب الایمان میں ف جسوقت کہ دیکھے یعنی اسکی خوش اخلاقی دیکھکر خاوند اسکا خوش ہو اور اگر بصورت بھی نیک ہو تو نور علی نور اور سورۃ ... اور نہ خلاف کرے بیچ مال اپنے کے یعنی جو مال حقیقت میں اسکا ہو اسکو بھی خلاف مرضی خاوند کے خرچ کرے اور یا مال اسکے سے مراد مال مجازی ہو یعنی مال ہو خاوند کا لیکن ہو اسکے قبضہ تصرف میں اس میں خیانت نکرے اور خاوند کی خلاف مرضی نہ خرچ کرے اسکو

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ مَنْ اُعْطِيَهُنَّ فَقَدْ اُعْطِىَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ قَلْبًا شَاكِرًا وَلِسَانًا ذَاكِرًا وَبَدَنًا عَلَى الْبَلَاءِ صَابِرًا وَزَوْجَةً لَا تَبْغِيْهِ حُوْبًا فِىْ نَفْسِهَا وَلَا مَالِهٖ رَوَاهُ الْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار چیزیں ہیں جو شخص دیا گیا وہ چاروں چیزیں پس تحقیق دیا گیا بھلائی دنیا اور آخرت کی دل شکر کرنے والا یعنی اللہ تعالیٰ کا اسکی نعمتوں پر اور زبان یاد کرنے والی یعنی اللہ تعالیٰ کو حالت خوشی ناخوشی میں اور بدن بلاؤں پر صبر کرنیوالا اور عورت کہ نہ ڈھونڈے واسطے خاوند کے خیانت بیچ ذات اپنی کے اور نہ بیچ مال خاوند کے نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں

بَابُ الْخُلْعِ وَالطَّلَاقِ

باب بیچ بیان خلع اور طلاق کے ف خلع ساتھ پیش خ کے اسم ہے خلع سے کہ ساتھ زبر خ کے ہے یعنی نکالنا ایک چیز کے اور اکثر استعمال اسکا اوپر بیچ اوتارنے پہنے ہوئی چیز کے بدن سے مانند کپڑے اور موزے وغیرہ کے اور خلع شرع میں کہتے ہیں مال کے لینے کو عورت سے مقابلہ ملک نکاح کے ساتھ لفظ خلع کے اور کبھی ... اختلاف کیا گیا ہے اس میں کہ اگر کہے مرد کہ خلع کیا میں نے تجھے عوض اتنے مال کے اور کہے بیوی قبول کیا میں نے اور حاصل ہووے فرقت درمیان میاں بیوی کے تو آیا وہ طلاق ہو یا فسخ ہو پس مذہب ابو حنیفہ اور مالک کا اور صحیح تر قول شافعی کا یہ ہے کہ وہ طلاق بائن ہے اور مذہب امام احمد کا اور ایک قول شافعی کا یہ ہے کہ وہ فسخ ہے اور مکروہ ہے خاوند کو لینا کسی چیز کا بیچ بدلے خلع کے اور

اوسکی طرف سے ہو اور اگر عورت نافرمانی کرتی ہو تو مکروہ ہے خاوند کو لینا زیادہ اوس چیز سے کہ دی ہے اوسکو یعنے اوس کا مہر دیا ہو
زیادہ اوس سے خلع اور طلاق کے معنے لغت میں کھولنے اور چھوڑنے کے ہین اور شرع مین چھوڑنا مرد کا عورت کو قید نکاح سے ہے

الفصل الاول پہلی فصل عن ابن عباس ان امرأة ثابت بن قيس اتت النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ثابت بن قيس ما اعتب عليه في خلق ولا دين ولكني اكره الكفر في الاسلام فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتردين عليه حديقته قالت نعم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقبل الحديقة وطلقها تطليقة

اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ عورت ثابت بن قیس کی آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اے رسول خدا کے ثابت بن قیس
نہین غصہ ہوتی مین اور نہین عیب لگاتی اوسکے خلق مین اور نہ دین مین ولیکن مین ناخوش جانتی ہون کفر کو اسلام مین پس فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا پھیر دیگی تو وہ باغ اوسکا یعنے وہ باغ کہ مہر مین دیا تھا تجکو کہا اوس نے کہ ہان فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے ثابت کو کہ لیلے تو باغ اپنا اور طلاق دے اوسکو ایک طلاق نقل کی یہ بخاری نے ف نہین غصے ہوتی الخ یعنے
جدائی اوسکی مین اسلیے نہین چاہتی کہ وہ بدخلق ہے اور اوسکے دین مین کچھ نقصان ہے ولیکن کروہ رکھتی ہون کفر کو یعنے کفران نعمت کو
یا گناہ کو یعنے مجھکو اوس سے محبت نہین ہے اور باطن مجھکو برا معلوم ہوتا ہے پس ڈرتی ہون کہ مجھسے نسبت اوسکے کوئی چیز واقع ہو
خلاف حکم اسلام کے یعنے نافرمانی وغیرہ کہتے ہین کہ ثابت بن قیس بہت بدصورت اور ٹھگنے تھے اور اونکی بیوی کہ حبیبہ یا جمیلہ نام
تہا اور نہایت خوبصورت تہین اسلیے وہ اونکو بہت معلوم ہوتے تھے پس جب اوسنے عرض کیا حضرت نے ثابت کو مصلحۃً حکم کیا
طلاق دینے کا کہ اس سے معلوم ہوا کہ اولیٰ ہے طلاق دینے والے کو کہ ایک طلاق دے تاکہ اگر رجوع کرنا منظور ہو تو رجوع
کرے اور یہ بھی اس سے معلوم ہوا کہ خلع طلاق ہے نہ فسخ اور صاحب ہدایہ نے ایک حدیث بھی نقل کی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے الخلع تطليقة بائنة

وعن عبد الله بن عمر انه طلق امرأة له وهي حائض فذكر عمر لرسول الله صلى الله عليه وسلم فتغيظ فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قال ليراجعها ثم يمسكها حتى تطهر ثم تحيض فتطهر فان بدا له ان يطلقها فليطلقها طاهرا قبل ان يمسها فتلك العدة التي امر الله ان تطلق لها النساء وفي رواية مره فليراجعها ثم ليطلقها طاهرا او حاملا متفق عليه

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے یہ کہ انہون نے
طلاق دی اپنی بیوی کو حالت حیض مین پس ذکر کیا یہ حضرت عمر نے روبرو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس غصہ ہوئے بسبب
اس کام کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا کہ رجوع کرے عبد اللہ ساتھ اوس عورت کے یعنے کہ طلاق کو پھیر لیا مین نے اوسکو
طرف نکاح اپنے کے تاکہ تدارک کرے اس گناہ کا پھر رکھے اوس عورت کو اپنے پاس یہانتک کہ پاک ہو پھر حائض ہو
اور پاک ہو حیض دوسرے سے پھر اگر چاہے طلاق دینا اوسکا طلاق دے اوسکو حالت پاکی میں پہلے اسکے کہ صحبت کرے اوس سے
پس یہ ہے وہ مدت کہ حکم فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ طلاق دیجاوین وقت اوس عدت کے عورتین اور ایک روایت مین اسطرح سے ہے
کہ فرمایا حضرت نے عمرؓ کو کہ حکم کر عبد اللہ کو کہ رجوع کرے ساتھ اوسکے پھر طلاق دے اوسکو پاکی کی حالت مین یعنے اگر حیض ہوتا ہو
اوسکو یا حالت حمل مین نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف غصہ ہوئے الخ اس سے دلیل ہے اوپر حرام ہونے طلاق کے حالت حیض مین اسلیے
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غصہ ہوتے بغیر حرام ہونے کے اور سبب اسکے حرام کے ہوئیکا یہ ہے کہ جماع طلاق بسبب کراہت طبع کے دی ہو

واسطے مصالحت کے رکھی ہو اور یہیں در حالت طہر میں احتمال نہیں ہوتا اور باوجود حرام ہونے کے اگر طلاق دی تو پڑ جاتی ہے اسی لیے حضرت نے فرمایا کہ رجوع کرے ساتھ اوسکے رجوع کرنا بعد طلاق کے ہوتا ہے اور کہا ہے علماء نے کہ فائدہ تاخیر کا دوسرے طہر تک کیا ہے پہلے طہر میں کیوں نہ طلاق دی اسکی کئی وجہیں کہیں ہیں ایک تو یہ کہ رجوع کرنا غرض طلاق کے لئے نہ ہو پس چاہیے کہ رہنے دے ایک مدت تک کہ حلال ہے اوسمیں طلاق دوسرے یہ کہ بیچ اوسکے نفع ہوگی لینے طلاق دینے کی حالت حیض میں تیسرے یہ کہ طہر اول ساتھ حیض کے کہ طلاق دی ہے اوسمیں بیچ حکم ایک چیز کے ہے پس اگر طلاق اول طہر میں دی تو گویا حیض ہی میں دی اور ان وجہوں سے معلوم ہوتا ہے کہ باز رہنا طلاق سے دوسرے طہر تک واجب نہیں بلکہ اولی ہے واللہ اعلم

پھر جاننا چاہیے کہ طلاق کی تین قسمیں ہیں احسن اور حسن اور حسن کو سنی بھی کہتے ہیں اور بدعی احسن تو یہ ہے کہ ایک طلاق دے ایسے طہر میں کہ جماع نہ کیا ہو اوسمیں اور چھوڑ دے اوسکو یہانتک کہ گذر جاوے عدت اوسکی اور حسن یہ ہے کہ تین طلاقیں دے تین طہروں میں کہ نہ جماع کیا ہو ان میں اگر ہو وہ عورت مدخول بہا اور غیر مدخول بہا کے لیے ایک طلاق حسن ہے اگرچہ حیض میں ہو اور آئسہ اور صغیرہ اور حاملہ کی طلاق سنی یہ ہے کہ ہر مہینے میں ایک طلاق دیجاوے اور جائز ہے اونکو طلاق دینی بعد جماع کے بھی اور بدعی یہ ہے کہ تین طلاقیں دے یا دو ایک دفعہ یا ایک طہر میں کہ نہ ہوئی ہو اوسمیں اگر ہو مدخول بہا یا طلاق دے اوس طہر میں کہ جماع کیا ہو اوس میں اور اسی طرح طلاق دینی اوسکو حیض میں لیتے یہ بھی بدعی ہے اور واجب ہے رجوع کرنا ساتھ اوسکے صحیح تر روایت میں اگر ہو وہ مدخول بہا اور بعض نے کہا کہ مستحب ہے رجوع کرنا پس جب پاک ہو پھر حائضہ ہو پھر پاک ہو تو طلاق دے اوسکو اگر چاہے اور ایک تقسیم طلاق کی یہ ہے کہ طلاق رجعی ہے یا بائن پس طلاق رجعی یہ ہے کہ کہے ایک بار یا دو بار انت طالق یا طلقتک یا مانند اسکے کے پس طلاق دینے سے ایام عدت میں بغیر نکاح کے رجوع کر لینا جائز ہے لیتے اگر کہے کہ رجوع کی میں نے تجھے یا ہاتھ لگاوے یا بوسہ لے یا جماع کرے تو رجوع اس سے ہو جاتی ہے حاجت نکاح جدید کی نہیں اور طلاق بائن پڑتی ہے ساتھ الفاظ کنایات کے سوائے تین لفظ کے کہ وہ تقسیم مذکور میں لیں طلاق بائن سے عورت نکاح سے نکل جاتی ہے یہانتک کہ بغیر نکاح کے رجوع میں نہیں آتی اور ایک تقسیم طلاق یہ ہے کہ طلاق مغلظہ اور مخففہ مغلظہ تو یہ ہے کہ تین طلاقیں یکبارگی دے یا متفرق اس طلاق سے حلال کرنا درست نہیں ہوتا جبتک کہ بعد اسکے عدت کے اور خاوند سے نکاح کرے اور وہ صحبت نہ کرے اور طلاق نہ دے اور عدت نہ گذرے اوسکی اور طلاق مخففہ مقابل میں اسکے ایک یا دو ہیں اور واقع ہوتی ہے طلاق ہر خاوند عاقل بالغ کی اگرچہ جبر کرکے دیوے یا نشہ میں دیوے یا گونگا ہو کر ساتھ اشارہ معہودہ کے دے اور نہیں واقع ہوتی طلاق لڑکے کی اور دیوانے کی اور سوتے کی اور مالک کی اپنے غلام کی بیوی پر اور اعتبار طلاق عورت کا ہے یعنی طلاق آزاد عورت کی تین ہیں اگرچہ غلام کے نکاح میں ہو اور طلاق لونڈی کے دو ہیں اگرچہ مرد آزاد کے نکاح میں ہو برخلاف شافعی کے وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَلَمْ يَعُدَّ ذٰلِكَ عَلَيْنَا شَيْئًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اختیار دیا ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس اختیار کیا ہمنے اللہ اور رسول اوسکے کو پس نہ شمار کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو ہم پر کچھ لینے قسم طلاق سے نہ ایک نہ تین بائن نہ ہی نقل کی رجعی نہ اور مسلم نے ف حق تعالیٰ نے حکم کیا تھا کہ اگر دنیا اور زینت دنیا کی چاہتی ہو تو آؤ تا فائدہ دوں تمکو اور چھوڑ دوں اور اگر خدا اور رسول خدا کو اور عالم آخرت کو چاہتی ہو تو تمہارے لیے اللہ کے پاس ثواب عظیم ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر خاوند کہے بیوی کو اختیار کر اپنے نفس کو اور وہ اختیار کرے خاوند کو تو نہیں واقع ہوتی طلاق کسی طرح کی اور یہی مذہب ہے امام ابوحنیفہ اور امام شافعی وغیرہ کا اور اگر اپنے نفس کو اختیار کرے تو واقع ہوتی ہے طلاق رجعی نزدیک شافعی اور احمد کے اور طلاق بائن نزدیک امام ابوحنیفہ کے اور تین طلاقیں نزدیک مالک کے اور منقول ہے بعض صحابہ اور حضرت امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ سے کہ واقع ہوتی ہے ایک طلاق رجعی بعد اختیار دینے خاوند کے

سے نقل کی ہے اپنے باپ سے یہ کہ ایک شخص نے آزاد کیا ایک حصہ غلام میں سے پس ذکر کیا گیا یہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا نہیں واسطے خدا کے کوئی شریک پس اجازت دی حضرت نے آزاد ہونے اسکی یعنی حکم کیا ساتھ آزاد ہونے سارے غلام کے نقل کی یہ ابو داؤد نے
ف یعنی جو کام کہ خدا کے لئے کریں اور جنس عبادت سے ہو اس میں یہ کہ حصہ غیر کا شریک کرنا چاہیے پس آزاد کرنا بعض غلام کا اور بندہ رکھنا بعض اسکے کا مناسب نہیں اور آگے ہونے اس حدیث کا ظاہر دلالت کرتا ہے اوپر مذہب صاحبین کے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک معنی اسکے یہ ہیں کہ حکم کیا اور ثابت ہوئی حضرت نے ساتھ آزاد ہونے سارے غلام کے **وَعَنْ** سَفِيْنَةَ قَالَ كُنْتُ مَمْلُوْكًا لِاُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ اُعْتِقُكَ وَاَشْتَرِطُ عَلَيْكَ اَنْ تَخْدُمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتَ فَقُلْتُ اِنْ لَّمْ تَشْتَرِطِيْ عَلَيَّ مَا فَارَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتُ فَاَعْتَقَتْنِيْ وَاشْتَرَطَتْ عَلَيَّ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے سفینہ سے کہا تھا میں ملک میں ام سلمہ کے یعنی بندہ تھا ان کا پس کہا ام سلمہ نے کہ آزاد کرتی ہوں میں تجھکو یعنی ارادہ رکھتی ہوں تیرے آزاد کرنے کا اور شرط لگاتی ہوں تجھ پر یہ کہ خدمت کرے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی جب تک کہ زندہ ہے لیکن میں نے کہا کہ اگر نہ شرط کرے تو مجھ پر تو بھی نہ جدا ہونگا میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے جب تک کہ جیتا رہوں یعنی تیری شرط لگانے کی کیا حاجت ہے میں تو آپ حضرت کی خدمت کرنی سعادت جانتا ہوں پس آزاد کیا ام سلمہ نے مجھکو اور شرط لگائی مجھ پر خدمت حضرت کی نقل کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** سفینہ غلام آزاد تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بعضوں نے کہا کہ غلام آزاد تھے حضرت ام سلمہ کے بیوی حضرت کی انہوں نے آزاد کیا شرط مذکور لگا کر اور سفینہ لقب تھا ان کا اور نام ان کا تھا مہران یا رومان یا ریاح اور سفینہ کشتی کو کہتے ہیں خدمت کیا کرتے تھے یاروں کی وقت سفر کے سامان بوجھ لوگوں کا اپنی پیٹھ پر اٹھا لیتے تھے اسی سبب سے سفینہ ان کا لقب ہوا کہ معنی کشتی کے ہیں یعنی جیسے کشتی بوجھ اٹھاتی ہے ویسے ہی یہ بھی بوجھ اٹھا لیتے تھے کہا ہے یہ ایک لشکر میں تھے کہ جنگل میں راہ بھول گئے ایک شیر پیدا ہوا اور بتایا راستہ جنگل کا اور کہا اے شیر میں سفینہ ہوں غلام رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا پس شیر چاپلوسی کی کرنے لگا اور بتا دیا راستہ ان کو ساتھ اپنے **وَعَنْ** عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنْ مُكَاتَبَتِهِ دِرْهَمٌ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یعنی شعیب سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے اور دادا نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ مکاتب غلام ہے جب تک کہ باقی رہے بدل کتابت اسکی سے ایک درہم یعنی مثلاً نقل کی یہ ابو داؤد نے **ف** مکاتب اس غلام کو کہتے ہیں کہ مالک اسکو کہہ دے کہ اسقدر روپیہ جب تو ادا کرے گا تو آزاد ہے پس فرمایا کہ جب تک ایک درہم بھی باقی رہیگا غلام رہیگا جب سب روپیہ ادا کریگا تب آزاد ہوگا یہ نہیں ہو سکتا کہ بحساب روپوں کے کہ پہونچائے ہیں بعض اسکا آزاد ہو جاوے **وَعَنْ** اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ لِاِحْدَاكُنَّ مُكَاتَبٌ وَكَانَ عِنْدَهٗ مَا يُؤَدِّيْ فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی عورتوں سے جس وقت کہ ہو نزدیک مکاتب ایک تمہارے کے اسقدر روپیہ کہ تمام ادا کر دے سکے پس چاہیے کہ پردہ کرے اس سے یعنی ایک تمہاری کہ وہ مالک اسکی ہو نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** یعنی اگرچہ مکاتب نے جب تک کہ تمام بدل کتابت نہیں ادا کیا ہے غلام ہے اور محرم ہے پردہ کرنا اس سے لازم نہیں ولیکن اگر رکھتا ہو بدل کتابت کو یہاں تک کہ بدل ادا کر سکتا ہو اس سے پردہ کرنا چاہیے راہ تورع اور احتیاط کی اسلئے کہ جب قدرت رکھتا ہو ادا کی تو گویا بالفعل ادا کر چکا اور ذمہ میں ہے کہ یہ خاص حضرت نے اپنی بیویوں کے لئے فرمایا اسلئے کہ پردہ انکا بڑا تھا نسبت اور عورتوں کے فرمایا اللہ تعالی نے لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ یعنی نہیں

فرمایا تمہارا عورتوں سے ہے وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ
كَاتَبَ عَبْدَهُ عَلٰى مِائَةِ أُوْقِيَّةٍ فَأَدَّاهَا إِلَّا عَشْرَ أَوَاقٍ أَوْ قَالَ عَشَرَةَ دَنَانِيْرَ ثُمَّ عَجَزَ فَهُوَ رَقِيْقٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ
اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے یعنی شعیب سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے کہ بیشک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
جس شخص نے کہ مکاتب کیا اپنے غلام کو سو اوقیہ پر پس ادا کیے اُس نے سب مگر دس اوقیہ ادا نہ کیے یا کہا دس دینار باقی رہے پھر عاجز ہوا
بیشک راوی ہے پھر عاجز ہوگیا اور باقی ہے پس وہ مکاتب غلام ہے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** کہا ابن مالک نے یہ دلالت
کرتا ہے کہ عاجز ہونا مکاتب کا ادا کرنے بعض بدل کتابت سے ساتھ عاجز ہونے اسکے کہ کل سے پس جائز ہے مالک کو فسخ کرنا کتابت اسکی کا
پس ہو جاوے گا غلام جیسا کہ تھا اور دلالت کرتا ہے مفہوم قول عجز کا اس پر کہ جو کچھ ادا کیا اُس نے اپنے مالک کو وہ مالک ہی کا ہے **وَعَنِ**
ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَصَابَ الْمُكَاتَبُ حَدًّا أَوْ مِيْرَاثًا وَرِثَ بِحِسَابِ مَا عَتَقَ مِنْهُ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَ
التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ يُؤَدَّى الْمُكَاتَبُ بِحِصَّةِ مَا أَدَّى دِيَةَ حُرٍّ وَمَا بَقِيَ دِيَةَ عَبْدٍ وَضَعَّفَهُ اور روایت ہے ابن عباس سے
کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جس وقت کہ مستحق ہو مکاتب دیت کا یا میراث کا وارث ہو تو پاوے اس قدر جتنا کہ آزاد ہوا اس سے نقل
کی یہ ابو داؤد اور ترمذی نے اور ایک روایت ترمذی کی میں یوں ہے کہ فرمایا حضرت نے دیت دیا جاوے مکاتب ساتھ حصہ اس چیز کے
کہ ادا کیا ہے بدل کتابت سے آزاد کی اور باقی دیت غلام کی اور ضعیف کہا اسے ترمذی نے **ف** مستحق ہو مکاتب الخ یعنی یہ کہ جب
ثابت ہو مکاتب کے لیے دیت یا میراث تو ثابت ہوگی واسطے اس کے موافق اس چیز کے کہ آزاد ہوا ہے جیسے اگر ادا کیا آدھا بدل کتابت پھر مرا
باپ اُس کا اُس حال میں کہ وہ آزاد تھا اور کوئی اور وارث اُسنے نہ چھوڑا سوا بیٹے مکاتب کے تو وارث ہوگا بیٹا مکاتب آدھے مال کا یا آدھا
بدل کتابت مکاتب نے ادا کیا تھا کہ اسکو کسی نے مار ڈالا تو قاتل ادا کرے آدھی دیت آزاد کی اسکے وارثوں کو اور اسکے مالک کو آدھی دیت غلام کی
کہ آدھی قیمت اسکی ہے مثلاً کتابت کی تھی ہزار درہم پر اور قیمت اسکی سو درہم ہے پس ادا کیے اُسنے پانسو درہم تب مار ڈالا تو غلام کے
وارثوں کے لیے دیوے پانسو درہم کہ آدھی دیت آزاد کی ہے اور اسکے مالک کو پچاس درہم دیوے کہ آدھی قیمت اسکی ہے اور اس حدیث سے
معلوم ہوتا ہے کہ مکاتب آزاد ہو بقدر اس چیز کے کہ ادا کی بدل کتابت سے اور اس پر عمل کیا ہے نخعی نے فقط اور کسی نے اس پر عمل نہیں کیا اور
حدیث باوجود ضعیف ہونے کے معارض ہے ساتھ دونوں حدیثوں صحیح کے کہ عمرو بن شعیب سے اوپر گذریں کہ ان سے معلوم ہوا کہ وہ غلام
جب تک کہ باقی ہے اس پر کچھ بھی ہے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّ
أُمَّهُ أَرَادَتْ أَنْ تَعْتِقَ فَأَخَّرَتْ ذٰلِكَ إِلٰى أَنْ تُصْبِحَ فَمَاتَتْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَقُلْتُ لِلْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ أَيَنْفَعُهَا أَنْ أُعْتِقَ
عَنْهَا فَقَالَ الْقَاسِمُ أَتٰى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أُمِّيْ هَلَكَتْ فَهَلْ يَنْفَعُهَا أَنْ أُعْتِقَ
عَنْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ رَوَاهُ مَالِكٌ روایت ہے عبد الرحمن بن ابی عمرہ انصاری سے یہ کہ اسکی
ماں نے ارادہ کیا یہ کہ آزاد کرے غلام پس دیر لگائی آزاد کرنے میں صبح تک پس مر گئی کہا عبد الرحمن نے پس کہا میں نے قاسم بن محمد کو کیا نفع
کرے گا میری ماں کو یہ کہ آزاد کروں میں اسکی طرف سے پس کہا قاسم نے آئے سعد بن عبادہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا تحقیق
ماں میری مر گئی ہے پس کیا نفع کریگا اسکو یہ کہ آزاد کروں میں اسکی طرف سے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ ہاں نقل کیا اس کو امام مالک نے **ف** قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق جو کہ ساتھ فقہا مدینہ منورہ میں مشہور تھے ان میں سے

ایک یہ بھی ہے اور دونوں [illegible] اور اس بات پر اتفاق ہے کہ صدقہ مالی کا ثواب میت کو پہونچتا ہے اور عبادت بدنی کے ثواب پہونچنے میں
اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ اسکا بھی ثواب پہونچتا ہے **وعن** یحیی بن سعید قال توفی عبد الرحمن بن ابی بکر فی نوم نامہ فاعتقت عنہ
عائشۃ اختہ رقابا کثیرۃ رواہ مالک اور روایت ہے یحیی ابن سعید سے کہ کہا وفات کیے گئے عبد الرحمن بن ابی بکر وقت سونے کے کہ سوتے تھے
یعنی ناگہان مر گئے پس آزاد کیے بہت بردے انکی طرف سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے انکی بہن نے نقل کی مالک نے **ف** سبب بردے آزاد کرنے کا یہ تھا
کہ انہوں نے بردے آزاد کرنے کی وصیت کی تھی پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے انکی طرف سے آزاد کیے اور یا یہ کہ ناگہانی موت میں ایک طرح کا نقصان ہے
حضرت عائشہ غمگین ہوئیں اور بہت سے بردے آزاد کیے تاکہ اس نقصان کا تدارک ہو **وعن** عبد اللہ بن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم [illegible] اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے جس شخص نے خریدا غلام [illegible] یا مال اسکا یعنی جو اسکے ساتھ مال ہے تو وہ مال بیچنے والے کا ہے مگر یہ کہ شرط کرے
وہ کہ مال اسکی ملک کا ہے [illegible]

باب الایمان والنذور

یہ باب ہے بیچ بیان قسموں اور نذروں کے **ف** قسم کی تین قسمیں
ہیں ایک غموس اور وہ یہ ہے کہ قسم کھاوے امر گذشتہ یا حال پر جھوٹ قصدا جیسے کہ قسم ہے میں نے یہ کام کیا حالانکہ نہ کیا ہو یا کہے [illegible] ہزار
درہم ہیں پاس میرے اور واقع میں وہ جانتا ہے اسکا جھوٹ ہونا اور حکم اس قسم کا یہ ہے کہ گنہگار ہوتا ہے اسکا کھانے والا اور نہیں کفارہ آتا ہے مگر توبہ کرے
اور دوسرے لغو وہ یہ ہے کہ قسم کھاوے امر ماضی پر یا حال پر اس حال میں کہ وہ گمان کرے کہ وہ اسی طرح ہے جس طرح کہ کہا اور ہو وہ امر خلاف اسکے
مثلا کہے کہ واللہ کیا ہے میں نے اس طرح [illegible] گمان کرتا ہے کہ کیا ہے یا دیکھا ایک شخص کو دور سے پس کہا واللہ یہ زید ہے پس
گمان کیا اسکو زید حالانکہ وہ عمرو تھا اور حکم اسکا یہ ہے کہ امید ہے کہ نہیں ماخوذ ہوگا اس قسم کا کھانے والا اور تیسری ہے منعقدہ اور وہ یہ ہے کہ قسم
کھاوے ایک کام کے کرنے پر یا نہ کرنے پر زمانہ آیندہ میں اور حکم اسکا یہ ہے کہ کفارہ واجب ہوتا ہے اگر خلاف قسم کے کرے اور منعقدہ میں بعضی قسمیں ایسی
ہوتی ہیں کہ واجب ہوتا ہے پورا کرنا انکا جیسے قسم کھاوے کہ فرض کو ادا کرے یا ترک کرے گناہ کو مثلا کہے قسم ہے اللہ کی میں ظہر کی نماز پڑھوں گا یا
نہ پڑھنا چھوڑوں گا تو ایسی قسم کا پورا کرنا واجب ہوتا ہے اور بعضی ایسی قسمیں ہیں کہ توڑنا انکا واجب ہوتا ہے جیسے کہ قسم کھاوے کرنے گناہ
پر یا ترک کرنے واجبات پر تو اسکا توڑنا واجب ہوتا ہے اور بعضی قسمیں ایسی ہوتی ہیں کہ بہتر ہوتا ہے توڑنا انکا جیسے کہ قسم کھاوے کہ میں
کسی مسلمان سے ترک ملاقات کروں گا [illegible] اور ہے بعضی [illegible] افضل ہے [illegible] محافظت قسم کی اور [illegible] واجب ہونے کفارہ میں
قصدا قسم کھانے والا اور بھول کر قسم کھانے والا [illegible] برابر ہیں اور کفارہ قسم کا یہ ہے کہ بردہ آزاد کرے یا کہ
کھانا دے دس مسکینوں کو [illegible] یا کپڑا دیوے دس مسکینوں کو ہر ایک کو [illegible]
بدن کو [illegible] پس اگر نہیں کفایت کرتا [illegible] تین روزے [illegible] وقت ادا کرنے کفارہ کے [illegible]
رکھے پے در پے اور نہیں [illegible] کفارہ [illegible] قسم کے اور نہیں کفارہ بیچ قسم کافر کے اگرچہ قسم توڑے حالت اسلام میں اور نہیں
صحیح ہے قسم [illegible] اور حروف قسم کے [illegible] ب ت ہیں جیسے کہ کہے واللہ یا باللہ یا تاللہ اور کبھی یہ حروف مقدر ہوتے ہیں
یعنی لفظوں میں نہیں ہوتے جیسے اللہ لافعلن یعنی اللہ [illegible] اور قسم ہوتی ہے ساتھ لفظ اللہ کے یا ساتھ کسی نام کے ناموں سے اسکے مانند رحمن الرحیم
[illegible] اور نہیں [illegible] کی مگر ان ناموں میں [illegible] سوا اللہ تعالی کے [illegible] نام [illegible] علیم
اور حکیم کے یا قسم ہوتی ہے ساتھ ایسی صفت کے صفات اللہ تعالی کے کہ قسم کھائی جاتی ہو ساتھ انکے جیسے عزت اللہ اور جلال اللہ

اور کبریاء اللہ اور عظمت اللہ اور قدرت اللہ کے۔ ساتھ جس صفت کے قسم کھائی جاتی ساتھ اسکے وغیرہ عزت اور جلال اور رحمت اور غضب
اور عذاب اللہ تعالیٰ کے اور نہیں جائز ہے قسم کھانی غیر اللہ کے ساتھ جیسے باپ دادا اور قرآن اور انبیا اور ملائکہ اور کعبہ اور نماز اور روزہ اور حرم
اور زمزم اور تمام شعائر اللہ کے اور ساتھ ان کے اور غیر اللہ قسم ہے اسی طرح قسم ہے سوگند خدا اور سوگند کھاتا ہوں خدا کی اور اسی طرح
عہد اللہ اور میثاق اللہ اور قسم کرتا ہوں اور حلف کرتا ہوں اور شہد اگرچہ نہ کہے لفظ اللہ کا اور اسی طرح قسم ہے یہ کہنا کہ مجھ پر عہد ہے یا یمین ہے یا
عہد ہے اگرچہ نہ اضافت کرے طرف اللہ کے اور اسی طرح قسم ہے یہ کہنا کہ اگر کروں یہ کام تو وہ شخص کافر ہے یا یہودی ہے یا نصرانی ہے یا بری ہے اللہ تعالیٰ سے
اور نہیں ہوتا ہے یمین کافر ساتھ خلاف قسم ہونے کے برابر ہے کہ قسم کھائے زمانہ گذشتہ کی یا زمانہ آئندہ کی اگر ہو جانا یا کفر کے سبب سے تو
اگر ہو نزدیک اسکے یہ کہ یہ کفر ہے اور جلسہ کا ان کے کافر واسطے راضی ہونے اسکے کے ساتھ کفر کے اور نہیں ہے قسم یہ کہنا کہ اگر کرے وہ شخص
یہ کام تو اس پر غضب اللہ کا ہے یا لعنت اسکی ہے یا وہ شخص زانی ہے یا چور ہے یا شراب پینے والا ہے یا کھانے والا بیاج کا ہے اور اسی طرح یہ کہنا
حقا یا وحق اللہ نہیں قسم ہے لیکن اسمیں خلاف کیا ہے ابو یوسف نے اور نہیں ہے قسم سوگند کھاتا ہوں میں ساتھ خدا کے یا ساتھ طلاق بیوی کے
جو کوئی حرام کرے اپنے ملک کو تو حرام نہیں ہوتی لیکن اگر مباح کرے گا اسکو تو اس پر کفارہ آئے گا مثلاً یہ کہا کہ یہ کپڑا مجھ پر حرام ہے تو وہ حرام نہیں
ہوتی لیکن جب پہنے گا تو کفارہ قسم کا دینا آئیگا اور یہ کہنا کہ سب حلال مجھ پر حرام ہیں واقع ہوتا ہے کھانے اور پینے پر اور فتویٰ اس پر ہے کہ طلاق
ہو جاتی ہے اسکی بیوی پر اس کہنے سے بغیر نیت کے اور یہی حکم ہے یہ کہنا کہ حلال مجھ پر حرام ہے اور یہ کہنا کہ جو کچھ داہنے ہاتھ میں لوں مجھ پر
حرام ہے اور جو کوئی ملا دے ساتھ قسم کے لفظ انشاء اللہ کا تو نہیں حانث ہوا یعنی قسم نہ ہوئی اسکے توڑنے سے کفارہ نہیں دینا آتا
کرنے میں النذور اور نذر اسکو کہتے ہیں کہ واجب کرے بندہ نفس پر ایسی چیز کو کہ نہیں واجب لکھا ہے بعض علما نے کہ اجماع کیا ہے مسلمانوں نے صحت
پر کہ صحیح ہے ماننا نذر کا اور واجب ہے پورا کرنا اسکا اگر ہو نذر طاعت اور اگر نذر ہو گناہ نہیں منعقد ہوتی نذر اسکی نزدیک شافعی اور جمہور علما کے اور کہا مالک نے
اور امام احمد نے کہ لازم ہوگا اس پر کفارہ قسم کا بموجب فرمانے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لا نذر فی معصیۃ وکفارتہ کفارۃ یمین کہا علی القاری نے
مرقات میں لکھا ہے کتب نے نذر کی مطلق یا معلق ساتھ ایسی شرط کے کہ ارادہ کرتا ہو ہونے اسکے کا جیسے کہے ان شفی اللہ مریضی اور پائی جاوے
شرط لازم ہے پورا کرنا اسکا اور اگر معلق کرے نذر کو ساتھ ایسی شرط کے کہ نہ ارادہ کرے ہونے اسکا تو اختیار رکھتا ہے چاہے کفارہ قسم کا دے اور چاہے پورا
کرے اسکو مثلاً کہا کہ اگر زنا کروں تو بردہ آزاد کروں تب چاہے کفارہ قسم کا دے اور چاہے بردہ آزاد کرے اور مسائل نذر کے فتاوی میں
مفصل مذکور ہیں جسکو تفصیل اسکی دیکھنی منظور ہو ان میں سے دیکھے اب ایک بات بڑے فائدے کی لکھی جاتی ہے کہ جاننا اسکا ہر ایک کو ضروری
ہے وہ یہ ہے کہ نذر عبادت ہے نہیں کسی کی سوا اللہ کے جائز نہیں نہ نبی کی نہ فرشتے کی نہ ولی کی نہ اور کسی کی چنانچہ مولانا محمد اسحق صاحب رحمہ اللہ
نے مائۃ مسائل میں انچاسویں سوال کا جواب کتابوں معتبرہ سے لکھا ہے اور بیس کے قریب النفس کتابوں کا مشتمل ہے اثبات حرمت نذر لغیر اللہ
کو وہ سب بیان نقل کیا جاتا ہے کہ نذر کرنی اس طرح کہ اگر حاجت میری خدا تعالیٰ بر لاوے تو فلانے ولی کے مزار پر اسقدر نقد یا جنس یا طعام کہ مجھ
سے ہو سکے پہنچاؤنگا یہ درست نہیں اسلئے کہ نذر کی لئے خدا تعالیٰ کے کتنی ایک شرطیں ہیں اگر مستحق ہوں تو نذر صحیح ہوتی ہے ورنہ نہیں صحیح
ہوتی ایک تو یہ کہ جو چیز اپنے اوپر مقرر کرے شرعاً جنس اسکی سے واجب ہو اسلئے اگر کوئی نذر کرے مریضوں کی عیادت کی نذر صحیح نہیں ہوتی
اسلئے کہ اسکی جنس سے شرعاً واجب نہیں دوسرے یہ کہ جو چیز نذر کرے قسم عبادت مقصودہ سے ہو نہ وسیلہ عبادت دوسری کا جیسے وضو وغیرہ کہ
نذر اسکی بھی صحیح نہیں ہوتی تیسرے یہ کہ کوئی فعل یا کوئی عمل واجب نہ ہو جیسے نماز ظہر کہ وہ پہلے ہی فرض ہے پس جو چیز نذر کرے وہ گناہ نہ ہو چنانچہ یہ

شرح منیہ و فتاوے عالمگیری میں بھی ایسا ہی ہے معلوم ہوا کہ اس طرح نذر کرنی کہ فلانے ولی کی قبر پر یہ مقدار نقد یا کھانا پکا کر پہنچاؤنگا صحیح نہیں ہے
کہ وہ پہنچانا نقد و طعام کا کسی جگہ عبادت نہیں ہے لیکن یوں اگر اس طرح کہے کہ اگر حاجت میری خدا تعالیٰ بر لاویگا تو فلانے ولی کی قبر کے خدام فقرا کو کھلاؤنگا
نذر صحیح ہوگی اور پورا کرنا اسکا لازم ہوگا لیکن تخصیص کرنی خدام فقرا مزار ولی کی یہ وفا نذر میں لازم نہیں جس فقیر کو دیگا نذر ادا ہو جاویگی اور اگر کہا
کہ اگر حاجت میری بر آوے گی تو واسطے فلانے ولی کے یا بنام فلانے ولی کے یہ مقدار طعام یا نقد نذر ہے پس اس طرح نذر کرنی باطل ہے بالاجماع اور لینا اسکا طعام کا

حرام ہے چنانچہ بحرالرائق میں لکھا ہے

وأما النذر الذي ينذره أكثر العوام على ما هو مشاهد كأن يكون لإنسان غائب أو مريض أو له حاجة ضرورية فيأتي بعض
اور جو نذر کہ کرتے ہیں اکثر عوام جیسے کہ دیکھا جاتا ہے کہ ہووے کسی کا غائب یا بیمار یا اسکو ہو حاجت ضروری پس آوے بعض
الصلحاء فيجعل ستره على رأسه فيقول يا سيدي فلان إن رد غائبي أو عوفي مريضي أو قضيت حاجتي فلك من
مزارات صلحا میں پھر کرے اپنے سر پر پردہ اسکا پھر کہے اے سید میرے فلانے اگر آوے غائب میرا یا عافیت دیجیو بیمار میرا یا روا کی جاوے حاجت میری پس واسطے تیرے
الذهب كذا أو من الفضة كذا أو من الطعام كذا أو من الماء كذا أو من الشمع كذا أو من الزيت كذا فهذا النذر باطل بالإجماع
سونا مقدر ہے یا چاندی مقدر یا کھانا مقدر یا پانی مقدر یا شمع مقدر یا زیت مقدر پس یہ نذر باطل ہے بالاجماع
لوجوه منها أنه نذر لمخلوق والنذر للمخلوق لا يجوز لأنه عبادة والعبادة لا تكون لمخلوق ومنها أن المنذور له ميت والميت
کئی سبب سے ایک تو یہ کہ نذر مخلوق کی ہے اور نذر مخلوق کی جائز نہیں اسلئے کہ نذر عبادت ہے اور عبادت مخلوق کی درست نہیں اور جسکی نذر کی وہ میت ہے اور میت
لا يملك ومنها أنه ظن أن الميت يتصرف في الأمور دون الله واعتقاده ذلك كفر اللهم إلا أن يقول يا الله
مالک نہیں ہوتا اور یہ سبب ہے کہ اس نے گمان کیا کہ میت تصرف کرتا ہے امور میں سوا اللہ تعالیٰ کے اور اعتقاد کرنا اسکا کفر ہے مگر یہ کہ کہا جاوے اے اللہ
إني نذرت لك إن شفيت مريضي أو رددت غائبي أو قضيت حاجتي أن أطعم الفقراء الذين بباب السيدة
میں نے نذر کی تیری اگر شفا دیگا تو بیمار میرے کو یا پھیر لاویگا غائب میرے کو یا روا کریگا حاجت میری تو کھلاؤنگا ان فقیروں کو جو دروازہ پر ہیں بی بی
نفيسة أو الفقراء الذين بباب الإمام الشافعي أو الإمام الليث أو أشتري حصرا لمساجدهم أو زيتا لوقودها
نفیسہ کے یا ان فقیروں کو جو دروازہ پر ہیں امام شافعی کے یا امام لیث کے یا خریدوں گا بوریے انکی مسجدوں کے یا تیل واسطے روشنی کے
أو دراهم لمن يقوم بشعائرها إلى غير ذلك مما يكون فيه نفع للفقراء والنذر لله عز وجل وذكر الشيخ إنما هو لبيان
یا درہم واسطے انکے جو قائم ہیں ساتھ نشانوں اسکے کے علاوہ اسکے جس میں نفع فقرا کا ہو اور نذر واسطے اللہ عز و جل کے ہو اور ذکر شیخ کا فقط واسطے بیان
محل الصرف النذر لمستحقيه القاطنين برباطه أو مسجده أو جامعه فيجوز بهذا الاعتبار إذ مصرف النذر
جگہ خرچ کرنے نذر کے واسطے مستحقوں اسکے کے جو رہتے ہیں اسکی خانقاہ یا مسجد یا جامع میں پس جائز ہے اس اعتبار سے کہ جگہ خرچ کرنے نذر کی
الفقراء وقد وجد المصرف ولا يجوز أن يصرف ذلك لغني غير محتاج ولا لشريف النسب لأنه لا يحل له
فقرا ہیں اور تحقیق پائی گئی جگہ خرچ کرنے کی اور نہیں جائز کہ خرچ کرے یہ واسطے غنی کے جو محتاج نہ ہو اور نہ واسطے شریف النسب کے اسلئے کہ نہیں حلال واسطے اسکے
الأخذ ما لم يكن محتاجا ولا لذي نسب لأجل نسبه ما لم يكن فقيرا ولا لذي علم لأجل علمه ما لم يكن فقيرا
لینا جب تک کہ محتاج نہ ہو اور نہ واسطے صاحب نسب کے بسبب نسب کے جب تک کہ فقیر نہ ہو اور نہ واسطے صاحب علم کے بسبب علم کے جب تک کہ فقیر نہ ہو

ولم یثبت فی الشرع جواز الصرف للغنی للاجماع علی حرمۃ النذر للمخلوق ولا ینعقد ولا تشتغل الذمۃ بہ ولانہ

اور نہیں ثابت ہوا شرع میں جائز ہونا تصرف کا غنی کے لیے بوجہ اجماع ہونے کے اوپر حرام ہونے نذر کے مخلوق کے لیے اور نہیں منعقد ہوتی اور نہیں مشغول ہوتا ذمہ ساتھ اس کے اور اس لیے کہ

حرام بل سحت فلا یجوز لخادم الشیخ اخذہ ولا اکلہ ولا التصرف فیہ بوجہ من الوجوہ الا ان یکون

حرام بلکہ سحت ہے پس نہیں جائز خادم شیخ کو لینا اسکا اور نہ کھانا اسکا اور نہ تصرف کرنا کسی طرح مگر یہ کہ ہو

فقیرا او لہ عیال فقراء عاجزون عن الکسب وھم مضطرون فیاخذونہ علی سبیل الصدقۃ المبتداۃ واخذہ

فقیر اور یا واسطے اسکے عیال و اطفال ہوں فقیر عاجز کسب سے اور وہ ہوں مجبور بھوک سے پس لیویں اسکو بطور صدقہ کے اور لینا اسکا

ایضا مکروہ ما لم یقصد بہ الناذر التقرب الی اللہ تعالی وصرفہ الی الفقراء ویقطع النظر عن نذر الشیخ

بھی مکروہ ہے جب تک کہ نہ قصد کرے نذر ماننے والا نزدیکی حاصل کرنی طرف اللہ تعالیٰ کے اور خرچ کرنا اسکو فقیروں پر اور قطع نظر کرے نذر شیخ کی سے

فاذا علمت ھذا فما یؤخذ من الدراھم والشمع والزیت وغیرھا وینقل الی ضرائح الاولیاء تقربا الیھم

پس جب جانا تو نے تو یہ جو کچھ کہ لیا جاتا ہے درہموں سے اور شمع سے اور تیل وغیرہ سے اور نقل کیا جاتا ہے طرف قبروں اولیاء کے ازراہ نزدیکی حاصل کرنے کے

فحرام باجماع المسلمین ما لم یقصدوا بصرفھا للفقراء الاحیاء قولا واحدا وکذا فی النھر و الدر

پس حرام ہے ساتھ اجماع مسلمانوں کے جب تک کہ نہ قصد کریں خرچ کرنا اسکا فقیروں زندوں پر بالاتفاق ہے اور اسی طرح نہر فائق اور درمختار میں ہے

تمام ہوا کلام مولانا صاحب کا اب جواب ایک سوال کا کہ اسی باب میں مولوی سید قطب الدین صاحب خان مرحوم نے لکھا ہے وہ بھی بہت مفید ہے کہ لکھا جاتا ہے سوال علمائے کرام نذر و نیاز بزرگوں کی مقرر کرتے ہیں کہ آیا اور کھانا اسکا درست ہے یا نہیں اور درست ہے تو کس طرح درست ہے اور بعضی نذر بشرط بر آمد کام کے اور بعضی بلا شرط کرتے ہیں اسمیں کچھ فرق ہے یا نہیں جواب بیچ نذر و نیاز کے کہ لوگ بنام بزرگوں کے دیتے ہیں فرق ہے نذر تو شرع میں عبارت ہے واجب کر لینے کسی چیز غیر واجب کے سے اوپر نفس اپنے کے چنانچہ جامع الرموز میں لکھا ہے النذر ایجاب علی النفس ما لیس علیھا بالعقول اور امام رازی نے تفسیر کبیر میں بیچ تفسیر کریمہ و نذرتم من نذر کے فرمایا ہے النذر ما التزم الانسان علی نفسہ انتہی تفسیر مختصر نذر کی تو یہ ہے اور تفصیل اسکی کتب فقہ اور اصول فقہ میں ہے اور نیاز لفظ فارسی ہے اسکی کئی ایک معنی ہیں منجملہ ایک معنی ہے تحفہ درویشان کذا فی البرہان القاطع اور جب معنی دونوں لفظوں کے دریافت ہوئے تو اب حکم شرعی ان دونوں کا سنا چاہیے پس جاننا چاہیے کہ نذر غیر خدا کے لیے جائز نہیں اور اگر کوئی نذر غیر خدا کی کرے تو منعقد نہیں ہوتی اور لینا اور کھانا اسکا بموجب روایات فقہ کے ناجائز ہے پس حکم نذر غیر اللہ کا اوپر بیان ہوا لیکن نیاز بزرگان پس چونکہ ابھی معلوم ہو چکا کہ لفظ نیاز کے معنی تحفہ درویشان میں اور وہ چیز وصلہ ہے پس اگر کوئی بزرگ زندہ کو کچھ بطریق نیاز یعنی ہدیہ وصلہ اور تحفہ کے دیوے تو وہ نیاز جائز اور اس بزرگ کو کھانا اس چیز کا جائز ہے اسیطرح اگر نیاز کسی بزرگ مردہ کی کرے کہ یعنی فاتحہ اور ثواب پہنچانے تو اب اس چیز کے اسکو ہی نیاز جائز اور بیچ کھانے اس چیز کے تفصیل ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر دینے والے نیاز کے نے بزرگوں مردہ کو پہنچانا ثواب صدقہ یا کوئی کا اس کو ارادہ کیا ہے تو کھانا اس چیز کا اغنیا کو جائز نہیں اور اگر پہنچانا ثواب اباحت ماکولی کا واسطے عام مومنوں کے ارادہ کیا ہے تو کھانا اسکا ہر ایک کو جائز ہے غنی ہو یا فقیر اور حاصل یہ کہ جو کچھ کہ لوگ نذر بزرگوں کی ازراہ نزدیکی حاصل کرنے کی ان سے یا اور بزرگ نذر کی کہ سمجھ کر کرتے ہیں بموجب روایات مرقوم الصدر کے وہ نذر ناجائز اور کھانا اسکا ناروا ہے اور جو کچھ کہ نیاز ان کی نہ بطور نزدیکی حاصل کرنے کے

اچھے اور نہ متعلق ساتھ کسی کام کے کرتے ہیں بلکہ واسطے اس چیز کو اللہ واسطے نزدیکی حاصل کرنے کے اللہ تعالیٰ سے دیتے ہیں اور ثواب اسکا کسی بزرگ کو بخشتے ہیں یعنی اسکا غنیمہ کو صدقہ کرنے کی نیت سے ہونے تو ثواب صدقہ کا ان کو کسی بزرگ کو دینا ہو جس سے اور صدقہ کرنیت اسکی جو ہمارے زمانے میں مباحت کی ہوئی کسی بزرگ کو کہنا اسکا غنیمہ کو ناجائز ہے اور اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ بنانا بزرگوں کی محض بطور پہنچانے ثواب کے انکو جائز ہے اور ساتھ نیت نزدیکی حاصل کرنے کے جائز نہیں اور جائز نہیں ہے واجب کرنا ایک چیز کا کہ لیے اپنے نفس پر خواہ وہ واجب کرنا متعلق ساتھ ایک کام کے ہو یا نہ خواہ بدون انکے ایسے کہ یہ نذر برائے خدا سو واسطے خدا کے کسی کے لیے روزہ نہیں ہیں واضح ہو کہ واجب کرنا ایک چیز کا واسطے غیر خدا کے اپنے نفس پر خواہ متعلق ساتھ کسی کام کے ہو خواہ بدون انکے بیہودہ کرنا طرح جائز نہیں بزرگوں کی کہ واجب کرنا ایک چیز کا نہیں اپنے نفس پر واسطے اس بزرگ کے نہ ہو جائز ہے کہ شخص انکا کھانا نہیں ہے تفصیل ہو اور جو کھ کے کو نقل اور دلیل اسکا نہیں میں لکھا ہے کہ نذر نہیں ہوتی مگر واسطے خدا کے پس جیسے نذر کی واسطے کسی نبی کے انبیاء علیہم السلام میں سے یا کسی ولی کی اولیاء میں سے نہیں لازم آتا ہے پھر اگر دیوے وہ چیز کسی کو آدمی نہیں سے اس نیت سے تو نہیں جائز ہے پینا اسکا اور اگر ہو طعام نہیں حلال کھانا اسکا اور ہو جانا کیا ہوا پس ہو وہ جو واسطے کھاوے واسطے اللہ کے کہ فروخت ہو سبب اور اگر نذر کی ہے اللہ تعالیٰ کی پھر کھلاوے لوگ اور بخشیں ثواب اسکا کسی آدمی کو تو یہ جائز ہے

الفصل الاول عن ابن عمر قال كثر ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يحلف لا ومقلب القلوب رواه البخاري

روایت ہے ابن عمر رضی سے کہا اکثر تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قسم کھاتے یوں نہیں قسم ہے پھیرنے والے دلوں کی نقل کی یہ بخاری نے **ف** دلالت کرتی ہے یہ حدیث اس پر کہ جائز ہے قسم کھانی ساتھ صفات اللہ تعالیٰ کے **وعنه** ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الله ينهاكم ان تحلفوا بآبائكم من كان حالفا فليحلف بالله او ليصمت متفق عليه اور روایت ہے ابن عمر رضی سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ منع فرماتا ہے تمکو اس سے کہ قسم کھاؤ تم ساتھ باپوں اپنے کے جو شخص ہو قسم کھانے والا پس چاہیے کہ قسم کھاوے اللہ کی یعنی ساتھ نام اور صفتوں اسکی کے یا چپ رہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** باپوں کی قسم سے منع کرنا بطریق مثال کے ہے اور مراد یہ ہے کہ سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کی قسم نہ کھاؤ اور خاص باپ کو اسلئے ذکر کیا کہ عادت تھی لوگوں کی کہ باپ کی قسم بہت کھایا کرتے تھے اور سوا اللہ تعالیٰ کے اور کی قسم کھانے سے اسلئے منع کیا کہ قسم مقتضی ہے ساتھ تعظیم ذات باری تعالیٰ کے بسبب کمال عظمت اسکی کے پس نہ شامل کیا جاوے ساتھ اسکے غیر اسکا آیا ہے ابن عباس رضی سے کہ قسم کھاؤں میں اللہ تعالیٰ کی سو بار پھر توڑوں اور بہتر ہے مجھکو بہ اس سے کہ قسم کھاؤں میں غیر اللہ کے پھر پورا کروں اسکو اور اللہ سبحانہ کو منظور ہے یہ کہ قسم کھاوے جسکی چاہے اپنی مخلوقات میں سے واسطے اظہار کرنے کے اپنی بزرگی پر پھر اگر کہا جاوے کہ یہ حدیث مخالف ہے اس قول حضرت کی افلح وابیہ یعنی اس سے ثابت ہوا کہ حضرت نے باپ کی قسم کھائی ہے تو جواب اسکا یہ ہے کہ یہ واقع ہوا پہلے وارد ہونے نہی کے یا بسبب عادت کے بغیر قصد کے زبان پر نکل گیا ہو والله اعلم **وعن** عبد الرحمن بن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تحلفوا بالطواغي ولا بآبائكم رواه مسلم اور روایت ہے عبدالرحمن بن سمرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ قسم کھاؤ بتوں کی اور نہ اپنے باپوں کی نقل کی یہ مسلم نے

ف ایام جاہلیت میں لوگ بتوں کی اور باپوں کی اکثر قسم کھایا کرتے تھے بعد اسلام لانے کے حضرت نے منع کیا اس سے تا کہ یہ شعار دین اور سبب عادت قدیم کے انکی زبان پر وہ قسمیں جاری نہ ہوں **وعن** ابی هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من حلف فقال في حلفه باللات والعزى فليقل لا اله الا الله ومن قال لصاحبه تعال اقامرك فليتصدق متفق عليه اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو شخص کہ قسم کھاوے اور کہے اپنی قسم میں کہ قسم کھاتا ہوں لات وعزی کی کہ نام بتوں کے ہیں پس چاہیے کہ کہے لا اله الا الله اور جو شخص کہ کہا واسطے یار اپنے کے کہ آ جوا کھیلیں ہم تجھ سے پس چاہیے کہ تصدق کرے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

ف کہے لا الٰہ الا اللہ یعنی توبہ کرے سوائے اللہ تعالیٰ کے اور ایسا کہ دوسری روایت میں ایک توبہ کے اگر جاری ہو رہی نام لات و عزیٰ کا یا کسی شخص کی زبان پر بلا قصد
سوائے بسبب عادت سابق تو وہ کہے لا الٰہ الا اللہ تاکہ کفارہ ہو اس لغو کا جیسا کہ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے ان الحسنات یذہبن السیئات پس یہ توبہ ہوگی
غفلت سے اور دوسرا یہ کہ جاری ہو رہی نام لات و عزیٰ کا بہ نیت تعظیم اُسکی تو یہ کفر ہے تو یہ تجدید ہے کہ لا الٰہ الا اللہ واسطے تجدید ایمان کے
ہے اور توبہ معصیت سے ہوگی اور تصدق کرے یعنی کچھ خیرات کرے ... سے ... اور بعضوں نے کہا کہ ... مثل اس کو کفارہ ...
جوا کھیلنے کا ساتھ اسکے اور ایسے ہی دلیل ہے ... کوئی اللہ تعالیٰ کی ... تصدق ... جیسے کہ ... **وَعَنْ** ثابت

بن الضحاک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حلف علی ملة غیر الاسلام کاذباً فهو کما قال ولیس علی ابن آدم نذر فیما لا یملک ومن قتل
نفسه بشیء فی الدنیا عذب به یوم القیامة ومن لعن مؤمناً فهو کقتله ومن قذف مؤمناً بکفر فهو کقتله ومن ادعی دعوی کاذبة
لیتکثر بها لم یزده اللہ الا قلة متفق علیه اور روایت ہے ثابت بن ضحاک سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص قسم کھاوے کسی
دین کی سوا اسلام کے جھوٹا پس وہ ہوگا جیسا کہ اس نے کہا اور نہیں لازم ہوتی ابن آدم پر نذر اس چیز میں کہ مالک نہیں اسکا اور جو شخص مار ڈالے اپنے تئیں کسی چیز
کے ساتھ دنیا میں عذاب کیا جائیگا ساتھ اسی کے دن قیامت کے یعنی اگر چھری سے مارا تو قیامت کو چھری اسکے ہاتھ میں ہوگی اور مارتا رہیگا اپنے پیٹ پر
ہمیشہ جب تک کہ چاہیگا اللہ تعالیٰ اور جو شخص کہ لعنت کرے کسی مسلمان کو پس وہ مانند قتل کرنے کے ہے اسکے یعنی اصل گناہ میں اور جو شخص کہ تہمت کرے
مرد مسلمان کو ساتھ کفر کے پس وہ مانند قتل اسکے کے ہے ... اور جو
شخص کہ دعویٰ کرے دعویٰ جھوٹا تاکہ حاصل ہو بسبب اسکے کثرت مال نہیں زیادہ کریگا اسکو اللہ مگر کمی نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** کسی دین کی جیسے کہ
کہے اگر میں یہ کام کروں تو یہودی ہوں یا نصرانی ہوں یا بری ہوں دین اسلام سے یا پیغمبر سے یا قرآن سے اور جھوٹا ہے ... پھر کرے ...
اسلئے کہ قسم واسطے ... کرنے کے فعل سے ہوتی ہے ... پس یہ تو اقرار ہے ... وہ کام اور اگر کرے تو جھوٹا ہوگا پس جھوٹا ہوگا تو ویسا ہی ہوگا
جیسا کہ اس نے کہا یعنی یہودی اور نصرانی اور بری دین اسلام سے ظاہر ... حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ... کھانے والا کافر ہو جاتا ہے ...

بغیر قصد کے نکلے اور یہ بات جاری ہوئی ہے جیسا دعوی کرنے والوں اور فضائل و کمالات کے بغیر قصد کے نکلیں جو مرتبہ کے نزدیک لوگوں کے جیسے کہ بعضے مشتبہ ہو شیخ طریقت کہ کہو کہیں ماشاء اللہ من ذلک نہیں ۔ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ وَاللّٰهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا اَحْلِفُ عَلٰی یَمِیْنٍ فَاَرٰی غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا اِلَّا کَفَّرْتُ عَنْ یَمِیْنِیْ وَاَتَیْتُ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ اور روایت ہے ابی موسی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق میں قسم خدا کی اگر چاہا اللہ نے قسم کھاؤنگا کسی چیز پر پھر دیکھوں میں خلاف اسکا بہتر اس سے مگر کفارہ دونگا میں اپنی قسم کا اور کرونگا میں وہ چیز کہ وہ بہتر ہے نقل کی بخاری اور مسلم نے ف حاصل یہ ہے کہ اگر قسم کھاؤں میں کسی کام کے کرنے یا اسکو ہاتھ نہ لگانے کا اور اسکا خلاف بہتر ہو تو قسم توڑ ڈالونگا اور کرونگا اس کام کو اور کفارہ دونگا قسم کا اور مثل اسکی گذری ہے ۔ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ لَا تَسْأَلِ الْاِمَارَةَ فَاِنَّكَ اِنْ اُوْتِیْتَهَا عَنْ مَسْأَلَةٍ وُکِلْتَ اِلَیْهَا وَاِنْ اُوْتِیْتَهَا عَنْ غَیْرِ مَسْأَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَیْهَا وَاِذَا حَلَفْتَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَرَاَیْتَ غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا فَکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ وَائْتِ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ وَفِیْ رِوَایَةٍ فَأْتِ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ وَکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ اور روایت ہے عبد الرحمن بن سمرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عبد الرحمن نہ مانگ تو سرداری کو کہ اگر دیا گیا تجھ کو کام کرنے میں بسبب مانگنے کے تو دیا جائیگا سپرد مانگنے کے سو چھوڑا جائیگا طرف اسکے اور اگر دیا جائیگا سرداری بن مانگے مدد دیا جاویگا اسپر اور جس وقت قسم کھاوے تو کسی چیز پر پھر دیکھے تو خلاف اسکا بہتر اس سے پس کفارہ دے قسم اپنی کا اور کر تو وہ چیز کہ وہ بہتر ہے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ کر تو وہ چیز کہ وہ بہتر ہو اور کفارہ دے قسم اپنی کا نقل کی بخاری اور مسلم نے ف نہ مانگ سرداری یعنی سرداری امارت و شہر کی نہیں اور کہتے ہیں اسکا مطلب یہ ہے کہ آدمی پس نہ مانگ اسکو حرص نفس سے اسلیئے کہ اگر تو مانگے گا اسکو تو سپرد کیا جاویگا طرف اسکے اور نہیں مدد کرنیکا تجھ کو اللہ اس سرداری پر اور اس حالت میں تعلیم شر و فساد برپا ہو گا اور اگر دیا جاوے گا سرداری بن مانگے تو مدد کریگا اللہ تیری پس اس صورت میں درستی تیری سب امور کی ہو گی اور کر تو وہ چیز کہ وہ بہتر ہے اگر قسم کھاوے [illegible] مثلاً کسی نے قسم کھائی کہ نہیں بیٹھے گا یا فلانے کو [illegible] یا ماں باپ سے کلام نہیں کرنے کا تو واجب ہے کہ قسم کو توڑ ڈالے اور کفارہ دے اور قسم واجب بالعرض قسم کھاوے ایک چیز پر کہ خلاف اسکا اولی ہو اس سے جیسے قسم کھاوے کہ میں اپنی بیوی سے صحبت نہیں کرنے کا ایک مہینے یا اس سے زیادہ تو توڑ ڈالنا اسکا افضل ہے اور باقی اقسام اسکے ابتدائی یمین میں ذکر ہو چکے ہیں اور پہلی اور دوسری روایت میں فرق یہ ہے کہ پہلی روایت سے سمجھا جاتا ہے کہ کفارہ پہلے دے قسم توڑنے سے اور دوسری روایت سے سمجھا جاتا ہے کہ کفارہ بعد قسم توڑنے کے دے اور ہمارے امام جائز رکھتے ہیں دینا کفارہ کا پہلے قسم توڑنے سے لیکن شافعی یہ کہتے ہیں کہ اگر کفارہ مال کے ساتھ دے تو پہلے قسم توڑنے کے نہیں جائز اور اگر غلام آزاد کیا یا کھانا کھلایا یا کپڑا پہنایا بعد قسم توڑنے کے تو جائز ہوا اور علماء شافعیہ کہتے ہیں کہ پہلے قسم توڑنے کے مطلق کفارہ دینا نہیں جائز رکھتے ہیں [illegible] حدیثوں میں تقدیم کفارہ کی بھی جاتی ہے [illegible] مطلق جمع کے ہے [illegible] وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَرَاٰی غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا فَلْیُکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِهٖ وَلْیَفْعَلْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی قسم کھاوے کسی چیز پر پھر دیکھے خلاف اسکا بہتر اس سے تو چاہیے کہ کفارہ دے اپنی قسم کا اور کرے وہی خلاف اسکا نقل کی یہ مسلم نے وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَاَنْ یَّلَجَّ اَحَدُکُمْ بِیَمِیْنِهٖ فِیْ اَهْلِهٖ اٰثَمُ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ اَنْ یُّعْطِیَ کَفَّارَتَهُ الَّتِیْ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَیْهِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے خدا کی البتہ اصرار کرنا یعنی ہٹ کرنا کسی ایک تمہارا اپنی قسم پر بیچ حق اہل اپنے کے گناہ میں زیادہ والا ہے واسطے اسکے نزدیک اللہ کے اس سے کہ دیوے کفارہ اسکا کہ فرض کیا اللہ نے اس پر نقل کی بخاری اور مسلم نے ف یعنی اگر قسم توڑنے

میں نہیں باعتبار ظاہر کے کہ جنگ حرمت نام خدا تعالیٰ کی ہے لیکن جو شخص قسم کو خیر کے لئے بھی توڑ دے گناہ ہے لیکن وہ اصرار قسم کا لازم کرے فوت ہونے حق اپنے عیال کو گناہ زیادہ ہے حاصل مضمون اس حدیث کا بھی یہ ہے مضمون پہلی حدیث کے ہے کہ بر تقدیر ہونے بھلائی کے خلاف قسم میں قسم کا توڑنا اور کفارہ دینا لازم ہے **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِيْنُكَ عَلٰى مَا يُصَدِّقُكَ عَلَيْهِ صَاحِبُكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ و روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم تیری واقع ہوتی ہے اس چیز پر کہ سچا جانے تجھ کو صاحب تیرا یعنی دینے والا نقل کی یہ مسلم نے **ف** یعنی معتبر ہوتی ہے نیت قسم کے دینے والے کی اس شخص کی ہے کہ قسم دیتا ہے تجھ کو [illegible] اور معتبر نہیں ہے نیت قسم کھانے والے کی اور توریہ اور تاویل اس کی اور یہ اس صورت میں ہے کہ قسم دینے والا صاحب حق ہو کہ اہل ہو [illegible] ایسی صورت قسم دے قاضی اور نائب اس کے مدعی علیہ کو اور اگر ایسا نہ ہو قسم دینے والا تو مضائقہ نہیں ہے توریہ میں خصوصاً کہ جس میں نفع کسی کا ہو [illegible] خلیل الرحمن علیہ السلام نے سارہ کو کہ بہن میری ہیں [illegible] اس کو خلاص کریں **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْيَمِيْنُ عَلٰى نِيَّةِ الْمُسْتَحْلِفِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم واقع ہوتی ہے نیت قسم دینے والے کی نقل کی یہ مسلم نے **وَعَنْ** عَائِشَةَ قَالَتْ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ اَيْمَانِكُمْ فِيْ قَوْلِ الرَّجُلِ لَا وَاللّٰهِ وَبَلٰى وَاللّٰهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ وَقَالَ رَفَعَهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَائِشَةَ اور روایت ہے عائشہ سے کہا اتاری گئی یہ آیت نہیں پکڑتا تم کو اللہ ساتھ لغو کے بیچ قسموں تمہاری کے بیچ حق کہنے آدمی کے لا واللہ و بلیٰ واللہ نقل کی یہ بخاری نے اور شرح السنہ میں روایت کی گئی ہے ساتھ الفاظ مصابیح کے اور کہا شرح السنہ میں کہ مرفوع کیا ہے اس حدیث کو بعضے راویوں نے حضرت عائشہ سے **ف** یعنی عادت عرب کی ہے کہ آپس کے کلام میں اکثر کہتے ہیں لا واللہ بلیٰ واللہ یعنی قسم ہے اللہ کی نہیں یہ کام کیا اور قسم ہے اللہ کی کہ یہ کام کیا ہے اور ایسے کہنے میں ارادہ قسم کا نہیں رکھتے بلکہ بطور تاکید کلام کے ان کی زبان پر جاری ہوا کرتا ہے پس اس سے قسم نہیں منعقد ہوتی اور اس کو قسم لغو کہتے ہیں لغو کے معنی ہیں لغت میں کلام بیہودہ کے اور امام شافعی نے اس پر عمل کیا ہے [illegible] قسم لغو وہ ہے کہ بلا قصد [illegible] مستقبل [illegible] نزدیک [illegible] قسم کھاوے کسی چیز پر گمان سے کہ وہ حق ہے اور [illegible] مفصل [illegible] باب میں [illegible]

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

فصل دوسری **عَنْ** اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْلِفُوْا بِاٰبَائِكُمْ وَلَا بِاُمَّهَاتِكُمْ وَلَا بِالْاَنْدَادِ وَلَا تَحْلِفُوْا بِاللّٰهِ اِلَّا وَاَنْتُمْ صَادِقُوْنَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ قسم کھاؤ تم اپنے باپوں کی اور نہ اپنی ماؤں کی اور نہ بتوں کی اور نہ قسم کھاؤ تم اللہ کی مگر اس حال میں کہ ہو تم سچے [illegible] گذشتہ میں [illegible] نقل کی یہ ابو داود اور نسائی نے **وَعَنِ** ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ اَشْرَكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جس نے قسم کھائی غیر اللہ کی پس تحقیق شرک کیا اس نے نقل کی یہ ترمذی نے **ف** یعنی قسم کھائی غیر اللہ کی [illegible] اعتقاد رکھتا ہے اس کی تعظیم کا اس نے شرک جلی یا خفی اس لیے کہ اس نے شریک کیا اس کو ساتھ اللہ تعالیٰ کے بیچ تعظیم کے کہ مخصوص تھی ساتھ اللہ کے اور یہ جو بیان رسم ہے کہ [illegible] محبت اور عزیز ہونے کسی کے اس کی قسم کھاتے ہیں مانند قسم کھانے بیٹے یا اس کے سر یا جان کے یہ بھی خالی گناہ سے نہیں اگرچہ شرک نہ ہو اور اگر قسم نکل گئی زبان سے بلا قصد بسبب عادت کے [illegible] تو شرک گناہ نہیں ہے **وَعَنْ** بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ بِالْاَمَانَةِ فَلَيْسَ مِنَّا رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ

رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗد اور روایت ہے بریدہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ قسم کھاوے امانت کی پس نہیں ہے وہ ہم میں سے نقل کیا اس کو ابو داؤد
اور نسائی نے **ف** یعنی جس نے قسم کھائی نری امانت کی بغیر اضافت کرنے کے طرف اللہ تعالیٰ کی پس وہ ہم سے تابعین ہماری سنت نہیں ہے یعنی طریقہ ہمارے اصحاب
کی عادت سے واسطے قسم غیر اللہ کی ہے اور بعضوں نے کہا اس کو اس لئے کہ حضرت نے امانت سے مراد لی یعنی یہ قسم کھانا کم تر ہے اور مانند اس کے اور اس پر قسم
نہیں کفارہ ہے اس قسم میں شافعی کے نزدیک اور اگر قسم کھاوے امانت اللہ کی تو اکثر کے نزدیک یمین ہے کفارہ شافعی اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ قسم
ہی واجب ہوتا ہے کفارہ اس قسم کے توڑنے سے اس لئے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی صفات سے ہے واسطے کہ امین اسمائے الٰہی سے ہے اور مراد امانت
سے فرض توحید ہے **وَعَنْهُ** قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ فَقَالَ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْاِسْلَامِ فَاِنْ كَانَ كَاذِبًا فَهُوَ
كَمَا قَالَ وَاِنْ كَانَ صَادِقًا فَلَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الْاِسْلَامِ سَالِمًا رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے بریدہ سے کہ کہا فرمایا رسول
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہے کہ میں بیزار ہوں اسلام سے یعنی اگر ایسا کیا ایسا ہی ہے جیسا کہ اس نے کہا اور اگر سچا ہے
اور اگر سچا ہے پس ہرگز نہ پھرے گا اسلام کی طرف سلامت نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے **ف** یعنی اگر کوئی قسم کھاوے
کہ اگر میں نے فلانا کام کیا ہو تو میں اسلام سے بیزار ہوں پس اگر وہ شخص اس میں جھوٹا ہے یعنی واقع میں وہ بات کی تھی پس ہو گیا وہ اسلام
سے بیزار اس میں مبالغہ ہے منع کرنے کا اس قول سے اور اگر وہ سچا ہے یعنی واقع میں اس نے نہیں کی تھی وہ بات تو اس صورت میں بھی خلل آیا
اسلام میں کہ ایسی قسم کھائی مسلمان کو نہ چاہیے **وَعَنْ** اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اجْتَهَدَ
فِی الْيَمِيْنِ قَالَ لَا وَالَّذِیْ نَفْسُ اَبِی الْقَاسِمِ بِيَدِهٖ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ اور روایت ہے ابو سعید خدری سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب
مبالغہ کرتے قسم کھانے میں فرماتے نہیں قسم ہے اس ذات کی کہ جان ابو القاسم کی اس کے ہاتھ میں ہے نقل کی ابو داؤد نے **ف** نہیں یعنی نہیں ہے خبر جو
کہ ذکر کی گئی یا کہ شامل ہو قسم نفی و اثبات کو اور ابو القاسم کنیت شریف حضرت کی ہے اور اس عبارت میں تاکید و مبالغہ اس سبب سے ہے کہ یہ جتلاتا
ہے کہ جان قدرت اللہ تعالیٰ کے اور تصرف میں ہے نفس مبارک حضرت کی **وَعَنْ** اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَتْ يَمِيْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَلَفَ لَا وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ کہا تھی قسم پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی جب قسم
کھاتے لا واستغفر اللہ نقل کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** قسم کہنا اس عبارت کا بسبب مشابہت قسم کی ہے بیچ ایسی بات کے یعنی آنحضرت
الخ ... **وَعَنْ** ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَقَالَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ فَلَا حِنْثَ عَلَيْهِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ وَذَكَرَ
جَمَاعَةٌ وَقَفَهٗ عَلَى ابْنِ عُمَرَ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قسم کھاوے کسی چیز پر اور کہے
ان شاء اللہ تعالیٰ یعنی متصل قسم کے پس نہیں ہے حنث اس پر نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور ذکر کیا
ایک جماعت نے ... **ف** حنث کے معنی ہیں گناہ اور خلاف کرنا قسم کا یعنی اگر متصل قسم کے
ان شاء اللہ کہے تو وہ قسم نہیں ہوتی حنث اس پر ... اور کفارہ لازم ...
ان شاء اللہ متصل کہنا ... تمام عقود ... اور یہی مذہب امام ابو حنیفہ ... ابن عباس کے نزدیک ...
... متصل ... الفصل الثالث

فصل تیسری عن ابی الاحوص عوف بن مالک عن ابیه قال قلت یا رسول الله ارایت ابن عم لی اٰتیه اسأله فلا یعطینی
ولا یصلنی ثم یحتاج الیّ فیاتینی فیسألنی وقد حلفت ان لا اعطیه ولا اصله فامرنی ان اٰتی الذی هو خیر واکفر عن یمینی
رواه النسائی وابن ماجة وفی روایة قال قلت یا رسول الله یاتینی ابن عمی فاحلف ان لا اعطیه ولا اصله قال کفر
عن یمینک روایت ہے ابی الاحوص عوف بن مالک سے کہ نقل کیا انہوں نے باپ سے یعنی مالک سے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھکو حال اپنا
کے بیٹے میرے چچا کے آتا ہوں میں انکے پاس اس حال میں کہ مانگتا ہوں میں ان سے یعنی کچھ مال پس نہیں دیتا وہ مجھکو اور نہیں سلوک کرتا مجھ سے پھر محتاج
ہوتا ہے وہ طرف میرے اور آتا ہے میرے پاس اور مانگتا ہے مجھ سے اور تحقیق قسم کھالی ہے میں نے یہ کہ نہ دونگا میں اسکو یعنی کچھ اور نہ سلوک کرونگا اس سے
یعنی بواسطے جزا ایسی بات کے کہ آپ نہیں دیتا اور مجھ سے مانگتا ہے پس حکم فرمایا مجھکو یہ کہ کروں میں وہ چیز کہ وہ بہتر ہے یعنی اسکو دوں بھی اور سلوک بھی
کروں اس سے اور کفارہ دوں اپنی قسم کا نقل کی یہ نسائی اور ابن ماجہ نے اور ابن ماجہ کی روایت میں یوں ہے کہ کہا مالک نے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ
آتا ہے میرے پاس بیٹا چچا میرے کا پس قسم کھاتا ہوں میں یہ کہ نہ دونگا میں اسکو اور نہ سلوک کرونگا میں اس سے فرمایا کفارہ دے قسم اپنی کا یعنی بعد
توڑنے قسم کے

باب فی النذور

باب بیچ بیان نذروں کے مصنف حدیثیں قسموں اور نذروں کی لایا اور اس
باب میں حدیثیں متعلقہ نذروں ہی کی لایا ہے اور النذور جمع ہے باعتبار اقسام کے ذکر کیا ہے اسکو

الفصل الاول

فصل پہلی عن ابی
هریرة وابن عمر قالا قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تنذروا فان النذر لا یغنی من القدر شیئا وانما یستخرج به من البخیل
متفق علیه روایت ہے ابی ہریرہ اور ابن عمرؓ سے کہ کہا دونوں نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نذر نہ مانو تم اسلیے کہ نذر نہیں کرتی
تقدیر سے کسی چیز کو اور سوا اسکے نہیں کہ نکالا جاتا ہے بسبب نذر کے بخیل سے یعنی کچھ مال نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی جو بخیل ہو
خدا کے نام پر باختیار خود دلا واسطے نذر کے اور بخیل کا یہ کام ہے کہ کہتا ہے اگر خدا مجھکو چیز دیگا تو انکے نام پر صدقہ دونگا اب حدیث سے بعضوں
نے دلیل پکڑی ہے کہ نذر ماننی بالکل مکروہ ہے کہا قاضی نے کہ عادت لوگوں کی یہ ہے کہ معلق کرتے ہیں نذر کو اوپر حاصل ہونے منافع کے اور دور ہونے
ضرر کے پس منع کیا حضرت نے اس سے اسلیے کہ یہ کام بخیلوں کا ہے اسواسطے کہ سخی جب ارادہ کرتا ہے نزدیکی حاصل کرنے کا اللہ تعالی سے تو جلدی
کرتا ہے اسمیں اور کرتا ہے اسکو فی الحال اور بخیل کا دل نہیں چاہتا کہ ہاتھ سے کسی کو دے مگر مقابلہ میں عوض کے دیتا ہے کہ اول وہ حاصل ہو [illegible]
کرتا ہے اس چیز کو اوپر حاصل ہونے نفع اور دفع ضرر کے اور یہ تقدیر کو رد کرتا نہیں ولیکن نذر کبھی موافق ہو جاتی ہے تقدیر کے پس نکالتی ہے بخیل سے
اس چیز کو کہ نہیں ارادہ کرتا تھا نکالنے کا اور بعضوں نے کہا کہ غرض حدیث کی [illegible]
جب نذر کی تو لازم ہوا [illegible] اور کرنا اسکا اور بعضوں نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ ساتھ اس گمان کے نذر نہ مانیں کہ جو اللہ تعالی نے مقدر
نہیں کیا وہ نذر سے ہو جاتا ہے پس حقیقت میں نہی نذر سے اس غرض پر ہے نہ مطلق نذر سے ہے وعن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله
علیه وسلم من نذر ان یطیع الله فلیطعه ومن نذر ان یعصیه فلا یعصه رواه البخاری اور روایت ہے عائشہؓ
سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ نذر کرے یہ کہ اطاعت کرے اللہ کی پس چاہیے کہ اطاعت کرے اسکی اور جو
شخص کہ نذر کرے اللہ کے گناہ کرنے کی پس نہ گناہ کرے اسکا نقل کی یہ بخاری نے وعن عمران بن حصین قال قال رسول
الله صلی الله علیه وسلم لا وفاء لنذر فی معصیة ولا فیما لا یملک العبد رواه مسلم وفی روایة لا نذر فی معصیة الله
اور روایت ہے عمران بن حصین سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں جائز ہے وفا کرنا گناہ میں نذر کا

پر واجب نہیں ایسی چیز کی کہ نہیں مالک ہوتا بندہ وہ نقل کی یہ مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں یوں ہے کہ نہیں ہے جائز پورا کرنا نذر کا بیچ گناہ اللہ تعالی کے
ف یعنی جائز نہیں اور بعضے نذر مانگنا گناہ کی تو نہیں جائز ہے پورا کرنا اسکا اور نہیں لازم ہوتا کفارہ اور یہی قول ہے مالک اور شافعی کا اور
حنفیہ کے نزدیک انہیں کفارہ قسم کا لازم آتا ہے اور نہیں ہے کفارہ بیچ مثلا کوئی کہے غیر کے غلام کو یا کسی اور چیز کو کہ اپنے لازم کیا اپنے پر اسکو
خدا کی راہ میں آزاد کرنا یا دینا تو اسکے ذمہ لازم نہیں ہوتا بسبب صحیح ہونے نذر کے واسطے وعن عقبة بن عامر عن رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال كفارة النذر كفارة اليمين رواه مسلم اور روایت ہے عقبہ بن عامر سے کہا نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ فرمایا کفارہ نذر کا کفارہ قسم کا ہے نقل کی یہ مسلم نے ف یعنی جو کوئی مطلق نذر مانے کہ کچھ نہ کہے اور نام نہ لے کسی چیز کا تو اسپر کفارہ قسم کا ہے
اور اگر نیت کرے روزوں کی بغیر عدد کے لازم ہوتے ہیں اسپر تین روزے اور اگر نیت کرے صدقہ کی تو کھانا دس مسکینوں کا مانند فطرہ کے لازم ہے
جو دو اطعام وعن ابن عباس قال بينا النبي صلى الله عليه وسلم يخطب اذا هو برجل قائم فسأل عنه فقالوا ابو اسرائيل
نذر ان يقوم ولا يقعد ولا يستظل ولا يتكلم ويصوم فقال النبي صلى الله عليه وسلم مروه فليتكلم وليستظل وليقعد وليتم
صومه رواه البخاري اور روایت ہے ابن عباس سے کہا اس وقت کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ فرماتے تھے کہ ناگہان دیکھا ایک شخص
کھڑا ہے سو پوچھا حال اسکا پس کہا لوگوں نے کہ نام اسکا ابو اسرائیل ہے نذر مانی ہے اسنے کہ کھڑا رہے اور نہ بیٹھے اور نہ سایہ میں آوے اور نہ بات
کرے اور روزہ رکھے پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہو اس سے کہ بات کرے اور سایہ میں آوے اور بیٹھے اور پورا کرے روزہ
نقل کی یہ بخاری نے ف پورا کرے روزہ اور ہمیشہ رکھنا روزے کا عبادت ہے طاعت کی لازم ہے اور رکھنا روزوں کا ہمیشہ اچھا ہے
اسکے لیے کہ قدرت رکھے اسکی اور مستثنی کیے جاتے ہیں اس سے پانچ روزے جو مکروہ ہیں شرع میں اور اگر نیت کرے ان پانچ دنوں کی
بھی تو واجب ہے اسپر افطار کرنا انکا اور لازم آوے گی قضا بسبب افطار کرنے انکے کے ہمارے نزدیک اور حضرت نے اسکو بولنے کا اسلیے
حکم کیا کہ بولنا بھی واجب ہوتا ہے مانند قرأت کے یعنی نماز میں اور جواب دینے سلام کے پس ترک کرنا اسکا گناہ ہے اور نہ بیٹھنا اور سایہ میں نہ
آنا مشقت ہے اسلیے بیٹھنا اور سایہ میں آنا حکم کیا وعن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم رأى شيخا يهادى
بين ابنيه فقال ما بال هذا قالوا نذر ان يمشي قال ان الله عن تعذيب هذا نفسه لغني وامره ان يركب متفق عليه وفي رواية لمسلم
قال اركب ايها الشيخ فان الله غني عنك وعن نذرك اور روایت ہے انس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
دیکھا ایک بوڑھے کو کہ راہ چلتا ہے درمیان دو بیٹوں اپنے کے یعنی تکیہ کیے ہوئے انپر بسبب ضعف کے پس فرمایا حضرت نے کہ کیا
حال ہے اسکا عرض کیا صحابہ نے نذر مانی ہے اس شخص نے کہ پیادہ جاوے یعنی بیت اللہ کو فرمایا حضرت نے کہ تحقیق اللہ تعالی عذاب
کرنے سے اسکے جان اپنی کو البتہ بے پروا ہے اور حکم کیا اسکو سوار ہونے کا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں یوں ہے
یوں آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ سوار ہو جا اے بڈھے اسلیے کہ اللہ تعالی بے پروا ہے تجھ سے اور تیری نذر سے ف سوار ہونے کا حکم کیا حضرت نے
اسکو بسبب عاجز ہونے اسکے پیادہ چلنے سے کہا ابن ملک نے عمل کیا ہے ظاہر اس حدیث پر امام شافعی نے کہ سوار ہو اور نہیں کچھ لازم آتا اور کہا
ابو حنیفہ نے لازم آتی ہے اسپر قربانی اسلیے کہ داخل کیا اپنے نقصان کو التزام کے اور یہی ایک قول شافعی کا ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ اسکو
خلاف کیا ہے اس شخص نے کہ نذر مانی ہے کہ پیادہ جاوے طرف بیت اللہ کے پس کہا شافعی نے کہ پیادہ جاوے اگر طاقت رکھتا ہو
پیادہ چلنے کی اور اگر عاجز ہو تو قربانی کرے اور سوار ہووے اور کہا ابو حنیفہ نے کہ سوار ہووے اور قربانی کرے برابر ہے کہ طاقت رکھتا ہو پیادہ چلنے کی

چلنے کی یا نذر مانے بیت المقدس تک جانے کی تو اس پر واجب نہیں ہوتا ہے مگر یہ کہ نذر کی ہو مسجد حرام کی [illegible] اور یہی موقوف ہے [illegible] نزدیک ابی حنیفہ کے اور صاحبین کے نزدیک لازم ہو جاتی ہے [illegible] اور اگر نذر کی زیارت بیت اللہ تعالیٰ کی تو نہیں صحیح بالاجماع اور جو شخص کہ نذر مانے کہ کعبہ تک پیادہ جاؤں گا [illegible] پیادہ چلے اور سوار ہو [illegible] اور اگر نذر عمرہ کی پیادہ ہو تو نہ سوار ہو یہاں تک کہ سر منڈائے [illegible] یا آدھی راہ سے زیادہ پیدل چلے [illegible] اور اگر سوار ہو آدھی راہ سے کم میں تو تصدق کرے بقدر اس کے بکری کی قیمت میں [illegible]

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتٰى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَذْرٍ كَانَ عَلٰى اُمِّهِ فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهُ فَاَفْتَاهُ اَنْ يَّقْضِيَهُ عَنْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ سعد بن عبادہ نے فتویٰ پوچھا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ مقدمہ نذر کہ تھی ان کی ماں پر اور وہ مر گئی پہلے ادا کرنے سے پس فتویٰ دیا حضرت نے سعد کو کہ ادا کرے نذر کو اس کی طرف سے نقل کی بخاری اور مسلم نے اختلاف کیا ہے بیچ نذر سعد کی ماں کے بعضوں نے کہا ہے کہ نذر مطلق مالی تھی اور بعضوں نے کہا روزہ تھا اور بعضوں نے کہا غلام آزاد کرنا اور بعضوں نے کہا صدقہ اور ظاہر یہ کہ تھی نذر مطلق [illegible] اور یہ روایت دارقطنی کی کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پلا اس کی طرف سے پانی اور مذہب جمہور کا یہ کہ [illegible] وارث پر ادا کرنا نذر کا واجب نہیں ہے جب کہ نذر غیر مالی ہو اور اگر مالی ہو اور ترکہ چھوڑا ہو تو بھی واجب نہیں [illegible] اور بعض علماء کہتے ہیں واجب ہے اس حدیث سے کہ لازم ہے اور دلیل ان کی یہ ہے کہ وارث نے [illegible] کا جواب یہ ہے کہ احتمال ہے کہ اس کی ماں نے ترکہ [illegible] اور یا ادا کیا ہو بطور تبرع کے سعد کی طرف سے اور اس حدیث میں دلالت ہے [illegible]

وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمْسِكْ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَاِنِّيْ اُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِيْ بِخَيْبَرَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا طَرَفٌ مِنْ حَدِيْثٍ مُّطَوَّلٍ اور روایت ہے کعب بن مالک سے کہا کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق تمام و کمال توبہ میری یہ ہے کہ الگ ہو جاؤں میں اپنے مال سے اور تصدق کر دوں اللہ کی راہ اور رسول کی راہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھو کچھ مال اپنا پس وہ بہتر ہے تیرے لئے کہا میں نے پس تحقیق میں رکھتا ہوں حصہ اپنا جو کہ خیبر میں ہے نقل کی بخاری اور مسلم نے اور یہ ٹکڑا ہے حدیث دراز کا جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جنگ تبوک کو تشریف لے گئے تو کعب بن مالک اور مرارہ بن ربیع اور ہلال بن امیہ حضرت کے ساتھ نہ گئے جب حضرت تشریف لائے تو خفا ہوئے ان پر اور لوگوں کو منع فرمایا ان سے کلام کرنے سے یہاں تک کہ ان پر زمین تنگ ہو گئی [illegible] پس ان کی توبہ قبول ہوئی اور ان کے حق میں یہ آیت اتری وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا الاٰیۃ پس جب کعب نے جناب رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا یہ میں بہ شکرانہ میں اور کمال توبہ میں کے لئے چاہتا ہوں کہ سب مال اللہ کی راہ میں دوں حضرت نے فرمایا کچھ مال رکھ لو [illegible] حضرت نے یہ حکم [illegible] اور حضرت ابوبکر نے سب مال اللہ کی راہ میں دیا اور حضرت نے منع نہ کیا سبب یہ تھا کہ وہ صابر اور راضی برضائے مولیٰ تھے [illegible] اور سبب یہ تھا کہ کعب نے توبہ کی تھی [illegible]

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةٍ وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ روایت ہے عائشہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نذر نہیں جائز ہے گناہ میں اور کفارہ اس کا کفارہ قسم کا ہے نقل کی ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی نے یہ حدیث دلیل ہے امام اعظم کی کہ ان کا یہی مذہب ہے اور خلاف ہے امام شافعی کا [illegible]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من نذر نذرا لم یسمہ فکفارتہ کفارۃ یمین ومن نذر نذرا فی معصیۃ فکفارتہ کفارۃ یمین ومن نذر نذرا لا یطیقہ فکفارتہ کفارۃ یمین ومن نذر نذرا اطاقہ فلیف بہ رواہ ابو داؤد وابن ماجۃ ووقفہ بعضہم علی ابن عباس

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أُعْفِيْ مَنْ قَتَلَ بَعْدَ أَخْذِ الدِّيَةِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں چھوڑوں گا میں اُس شخص کو جو بعد قصاص معاف کرنے کے پھر قاتل کو قتل کرے دیت لینے کے بعد روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ يُصَابُ بِشَيْءٍ فِيْ جَسَدِهٖ فَيَتَصَدَّقُ بِهٖ إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهٖ دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهٖ خَطِيْئَةً رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے ابو الدرداء سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہیں کوئی شخص کہ پہنچے اُس کو کچھ ایذا اُس کے بدن میں پھر معاف کر دے اُس کو مگر بلند کرتا ہے اللہ اُس کے سبب سے ایک درجہ اور دور کرتا ہے اُس سے ایک گناہ روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے۔

الفصل الثالث

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَتَلَ نَفَرًا خَمْسَةً أَوْ سَبْعَةً بِرَجُلٍ وَاحِدٍ قَتَلُوْهُ قَتْلَ غِيْلَةٍ وَقَالَ عُمَرُ لَوْ تَمَالَأَ عَلَيْهِ أَهْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُهُمْ جَمِيْعًا رَوَاهُ مَالِكٌ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَهُ اور روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ عمر بن خطاب نے قتل کیا ایک جماعت کو پانچ تھے یا سات تھے بدلے میں ایک شخص کے کہ قتل کیا تھا سب نے اُس کو فریب سے اور فرمایا عمر نے اگر اتفاق کرتے اُس پر سب رہنے والے صنعاء کے البتہ قتل کرتا میں اُن سب کو نقل کی یہ مالک نے اور نقل کی بخاری نے ابن عمر سے مانند اس کے فائدہ صنعاء یمن میں ایک شہر ہے اور بیان صنعاء کا ذکر اس لئے کیا کہ تو وہ قتل کرنے والے اس شہر کے تھے یا اس واسطے کہ وہ نزدیک عرب کے کثرت میں ہے اور اس حدیث میں دلیل ہے اس پر کہ اگر ایک شخص کو قتل کریں بہت سے آدمی شریک ہو کر تو سب کو قتل کریں گے۔ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ فُلَانٌ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيْءُ الْمَقْتُوْلُ بِقَاتِلِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَقُوْلُ سَلْ هٰذَا فِيْمَ قَتَلَنِيْ فَيَقُوْلُ قَتَلْتُهٗ عَلٰى مُلْكِ فُلَانٍ قَالَ جُنْدُبٌ فَاتَّقِهَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ اور روایت ہے جندب سے کہا حدیث کی مجھ سے فلانے نے یعنی ایک صحابی نے کہ نام اُس کا نہ لیا یا لیا لیکن راوی بھول گیا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لاوے گا مقتول اپنے قاتل کو دن قیامت کے اور کہے گا یعنی اللہ تعالیٰ سے کہ پوچھ اس سے کس سبب سے قتل کیا مجھ کو پس کہے گا قاتل کیا میں نے اُس کو فلانے شخص کی سلطنت میں یعنی اس کی سلطنت کی مدد میں کہا جندب نے کہ بچ تو اُس سے یعنی ایسے قتل سے روایت کی یہ نسائی نے فائدہ یعنی جواب قاتل کا سوال کے مطابق ہوا یعنی وہ شخص جانتا تھا سبب قتل کا جو پوچھا گیا اور اس قول کے معنی یہ ہیں کہ فلانے کی سلطنت میں قتل کیا میں نے یعنی جب ملک حاصل کرنے کے واسطے قتل کیا تو یہی نہ ہو کہ تو بھی ایسا قتل کرے [illegible] ... اور اس میں اشارہ ہے اس طرف کہ جو شخص کسی کے کہنے سے قتل کرے وہ بھی گناہ گار ہے اور قتل کا گناہ اس پر ہے۔

وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعَانَ عَلٰى قَتْلِ مُؤْمِنٍ بِشَطْرِ كَلِمَةٍ لَقِيَ اللّٰهَ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ آيِسٌ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مدد کرے کسی مومن کے قتل میں آدھی بات سے بھی ملاقات کرے گا اللہ تعالیٰ سے اس حال میں کہ لکھا ہوگا درمیان دونوں آنکھوں کے اس کی ناامید ہے اللہ کی رحمت سے نقل کی یہ ابن ماجہ نے فائدہ آدھی بات سے مراد یہ ہے کہ مثلاً اقتل کی جگہ اُق کہے اور ناامید ہونے سے مراد یہ ہے کہ بہت سخت عذاب ہوگا اور فضیحت ہوگی خلائق کے روبرو ساتھ اس نشانی کے اور یہ معنی تغلیظ پر محمول ہیں۔ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَمْسَكَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ وَقَتَلَهُ الْآخَرُ يُقْتَلُ الَّذِيْ قَتَلَ وَيُحْبَسُ الَّذِيْ أَمْسَكَ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ اور روایت ہے ابن عمر

سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا کہ جس وقت پکڑے کوئی شخص کسی کو اور قتل کرے اسکو دوسرا شخص تو قتل کیا جاوے وہ شخص کہ جسنے قتل کیا اور قید کیا جاوے وہ شخص کہ جسنے پکڑا تھا نقل کی یہ دارقطنی نے **ف** جیسے اگر پکڑے ایک شخص ایک عورت کو اور زنا کرے اس سے دوسرا تو حد نہیں پکڑنے والے پر اسیطرح قصاص نہیں ہے پکڑنے والے پر بلکہ قید ہے بطریق تعزیر کے اور مقدار قید کی موقوف ہے رائے حاکم پر جسقدر مناسب جانے قید رکھے پس بعض شارحین نے ذکر کیا ہے لیکن معلوم نہ ہوا چاہیے کہ مدد کرنیوالا قتل پر اور مدد کرنیوالا قتل کا سبب اور احادیث کہ قصاص ہے پس یہ حدیث منسوخ ہوگئی واللہ اعلم اور لکھا شمنی نے کہ فتاوی میں ہے کہ اگر ڈالدیوے ایک شخص کسی کو آگے شیر کے یا اور درندے کے اور درندہ مار ڈالے اسکو تو ڈالنے والے پر قصاص نہیں ہے اور نہ دیت لیکن تعزیر دیا جاوے اور مارا جاوے اتنا درد دہندہ اور قید کیا جاوے یہاں تک کہ توبہ کرے یا صلاح ہو

باب الدیات

باب ہے بیچ بیان دیتوں کے **ف** دیات جمع دیت کی ہے اس مال کو کہتے ہیں کہ دیا جاتا ہے بسبب قتل کرنے نفس کے یا قطع کرنے کسی کے عضو کے اور لفظ جمع یعنی دیات باعتبار انواع دیت کے لائے کہ دیت نفس کی ہے اور دیت اعضاء کی اور دیت دو طرح کی ہوتی ہے مغلظہ اور مخففہ مغلظہ یہ ہے کہ سو اونٹنیاں ہوں چار طرح کی پچیس بنت مخاض اور پچیس بنت لبون اور پچیس حقہ اور پچیس جذعہ یہ امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک ہے اور امام محمد اور امام شافعی کے نزدیک تیس حقہ اور تیس جذعہ اور چالیس خلفہ کہ سب حاملہ ہوں اور دیت بیچ قتل شبہ عمد کے یہی نافذ ہے اور دیت مخففہ یہ ہے کہ اگر سونے کی قسم سے دے تو ہزار دینار دے اور چاندی کی قسم سے دے تو دس ہزار درہم دے اور اونٹ دے تو پانچ طرح کے دے بیس ابن مخاض اور بیس بنت مخاض اور بیس بنت لبون اور بیس حقہ اور بیس جذعہ اور یہ دیت لازم آتی ہے قتل خطا اور جاری مجری خطا میں اور قتل تسبیب میں اور …

الفصل الاول

فصل پہلی عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ہذہ وہذہ سواء یعنی الخنصر والابہام رواہ البخاری روایت ہے ابن عباس سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا دیت اس کی اور اسکی برابر ہے اشارہ کیا حضرت نے طرف چھنگلیا اور انگوٹھے کے جیسا کہ بیان کیا راوی نے یعنی چھنگلیا کو اور انگوٹھے کو نقل کی یہ بخاری نے **ف** جاننا چاہیے کہ کاٹنا تمام انگلیوں دونوں ہاتھوں یا دونوں پاؤں کا تمام دیت لازم آتی ہے بسبب فوت کرنے جنس منفعت کے پس ہر ایک کاٹنے ہر انگلی کے دسواں حصہ دیت کا لازم آتا ہے کہ دس انگلیاں ہیں پس فرمایا کہ دیت چھنگلیا کی اور انگوٹھے کی برابر ہے اگرچہ انگوٹھے کے دو پورے ہیں اور چھنگلیا کے تین اسلیئے کہ دونوں برابر ہیں اصل منفعت میں پس زیادتی نقصان کا اعتبار نہیں جیسے دانتوں میں … نہیں فرق ہے اور جبکہ ہر انگلی میں دسواں حصہ کل دیت کا ہوا تو ہر پورے انگلی کی تین حساب کرکے ہیں پس ہر پورے انگلی میں تہائی دسویں حصے کا ہے اور ہر پورے انگوٹھے کے آدھا دسویں حصہ کا اسلیئے کہ انگوٹھے کے دو پورے ہیں اور انگلیوں کے تین تین پورے ہیں وعن ابی ہریرۃ قال قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی جنین امرأۃ من بنی لحیان سقط میتا بغرۃ عبد او امۃ ثم ان المرأۃ التی قضی علیہا بالغرۃ توفیت فقضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بان میراثہا لبنیہا وزوجہا والعقل علی عصبتہا متفق علیہ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ حکم کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ بچے پیٹ ایک عورت کے قوم بنی لحیان سے کہ گر پڑا مردہ ہوکر ساتھ غرہ کی یعنی اس عورت کے مارنے والے پر یعنی غرہ سے غلام یا لونڈی ہے پھر تحقیق وہ عورت کہ حکم کیا گیا تھا اسپر یعنی اسکی عاقلہ پر ساتھ غرہ کے مر گئی پس حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میراث اسکی اسکے بیٹوں کے لیے اور اسکے خاوند کے لیے ہے اور عقل یعنی دیت اسکی عصبوں پر ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** یعنی دو عورتیں تھیں آپس میں لڑیں ایک نے ان میں سے پتھر مارا دوسری عورت کو کہ حاملہ تھی وہ پتھر لگا پیٹ پر اور بچہ گر پڑا پیٹ سے نکل کر مر کر پس حکم کیا آنحضرت نے ساتھ غرہ کے اس عورت مارنے والی کی عاقلہ پر اور اگر زندہ نکلتا بچہ پیٹ سے اور پھر مر جاتا تو تمام دیت پورے آدمی کی لازم آتی اور غرہ کی قیمت … کے نزدیک بیسواں حصہ دیت کا یعنی پانچ سو درہم اور اسکے عصبوں پر ہے کہ مراد عاقلہ جیسے ہیں

بیضہ دیت مغلظہ ہو پس جو دو دیت نہیں ہوتی ہو دیت سے ثابت لازم نہیں آتی وارث اور اوپر بیان تخصیص شوہر کی اور خاوند کی ہر سبب سے
جو بیوی کا وارث بھی ہو شوہر ملت میں والله اعلم جو کہ وارث اور ان کے لئے جیسا کہ ہوں جیسا کہ حدیث مذکورہ میں ہو درتھا و سیاق میں **وعنہ**
قَالَ اقْتَتَلَتِ امْرَأَتَانِ مِنْ هُذَيْلٍ فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِحَجَرٍ فَقَتَلَتْهَا وَمَا فِي بَطْنِهَا فَقَضَى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ دِيَةَ
جَنِيْنِهَا غُرَّةٌ عَبْدٌ أَوْ وَلِيْدَةٌ وَقَضَى بِدِيَةِ الْمَرْأَةِ عَلَى عَاقِلَتِهَا وَوَرَّثَهَا وَلَدَهَا وَمَنْ مَعَهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے
کہا لڑیں دو عورتیں قوم ہذیل میں سے پس مارا ایک نے ان میں سے دوسری کو ساتھ پتھر کے پس مار ڈالا اس کو اور جو اس کے پیٹ میں تھا پس حکم کیا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنین یعنی بچہ پیٹ کا اس کا دیت ایک غلام یا لونڈی اور حکم کیا ساتھ دیت عورت مقتولہ کا قاتل کی قوم پر اور پیٹ سے
وارث کیا اس عورت کا بیٹا اس کا اور جو ساتھ ان کے تھے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** ظاہر ہو کہ پہلی حدیث
میں جنین دو بچہ تھا اور اس میں یہ بچہ تھا پہلی حدیث میں قتل کرنا مذکور ہوگا اور مقصود بیان کرنا ہے اس کا کہ عورت کی دیت کا اور حکم کرنے کا ساتھ اس حدیث میں بچہ
جنین پیٹ سے نکل گیا اور حکم اس کا ذکر کیا گیا اور یہ حدیث دلالت کرتی ہے اس پر کہ قتل کرنا ساتھ پتھر کے موجب دیت کا ہے نہ قصاص کا اور قتل عمد سے نہیں
بلکہ شبہ عمد ہے جیسا کہ مذہب امام ابو حنیفہ کا ہے اور عمل کرتے ہیں بموجب اس کے بعض لوگ **وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّ امْرَأَتَيْنِ كَانَتَا**
ضَرَّتَيْنِ فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِحَجَرٍ أَوْ عَمُوْدِ فُسْطَاطٍ فَأَلْقَتْ جَنِيْنَهَا فَقَضَى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِيْنِ
غُرَّةً عَبْدًا أَوْ أَمَةً وَجَعَلَهُ عَلَى عَصَبَةِ الْمَرْأَةِ هٰذِهِ رِوَايَةُ التِّرْمِذِيِّ وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَ ضَرَبَتِ امْرَأَةٌ ضَرَّتَهَا بِعَمُوْدِ فُسْطَاطٍ وَهِيَ حُبْلٰى فَقَتَلَتْهَا
قَالَ وَإِحْدَاهُمَا لِحْيَانِيَّةٌ قَالَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْمَقْتُوْلَةِ عَلَى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ وَغُرَّةً لِمَا فِيْ بَطْنِهَا اور روایت ہے مغیرہ بیٹے
شعبہ سے کہ دو عورتیں تھیں آپس میں سوکنیں پس مارا ایک نے ان دونوں میں سے دوسری کو ساتھ پتھر کے یا چوب خیمہ کے پس گرا دیا اس کے پیٹ
کے بچہ کو پس حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بچے کے پیٹ کے غرہ غلام یا لونڈی کا اور واجب کیا اس کو اوپر عصبہ یعنی قوم عورت قاتلہ کے یہ
لفظ روایت ترمذی کی ہیں اور یہ اعتراض ہے صاحب مصابیح پر کہ اس حدیث کو صحیح میں لائے اور بیچ روایت مسلم کے یوں ہے کہا مغیرہ نے
کہ مارا ایک عورت نے اپنی سوکن کو ساتھ چوب خیمہ کے اور وہ تھی حاملہ پس مار ڈالا اس عورت مقتولہ کو اور کہا یعنی اور بچہ بھی مر گیا یعنی
ایک ان میں سے تھی لحیانیہ یعنی منسوب قبیلہ بنی لحیان کو جو قبیلہ ہذیل سے ہے کہا پس مقرر کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت عورت قتل کی گئی کی اوپر
عصبہ قاتلہ کے اور واسطے اس چیز کے کہ پیٹ میں تھی یعنی بچہ کی دیت غرہ **ف** یہ حدیث دلالت کرتی ہے اوپر مذہب امام
ابو حنیفہ کے کہ پتھر سے مارنا قتل عمد نہیں ہے اور شافعی کہتے ہیں کہ محمول ہے اوپر چوب یا پتھر چھوٹے کے قصد قتل نہ کیا جاتا ہو **الفصل الثانی**
الفصل الثانی **عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا إِنَّ دِيَةَ الْخَطَاءِ**
شِبْهِ الْعَمْدِ مَا كَانَ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا مِائَةٌ مِنَ الْإِبِلِ مِنْهَا أَرْبَعُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهَا أَوْلَادُهَا رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَهْ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ أَبُوْ
دَاوُدَ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار ہو کہ
تحقیق دیت قتل خطا کی کہ شبہ عمد ہو کہ ساتھ کوڑے کی اور عصا کے ہو سو اونٹ ہیں ان میں سے چالیس ایسے ہوں کہ ان کے پیٹ میں بچے ہوں نقل کی یہ نسائی اور ابن ماجہ

اور دارمی نے اور نقل کی ابو داؤد نے عبد اللہ بن عمرو سے اور ابن عمر سے اور شرح السنہ میں لفظ مصابیح کے ہیں یعنی ہے **ف** منقول ہے کہ بعض نسخوں میں قتل
الخطاء شبہ العمد بالسوط والعصا مائۃ من الابل منہا اربعون فی بطونہا اولادہا اور کہا کہ یوں ہے کہ قتل خطا کا کہ قتل خطا ہو یا شبہ عمد ہو جانا چاہیے
کہ قتل یا عمد ہو یا شبہ عمد یا خطا اور بعض علما ان تینوں کو کہتے ہیں کہ قصد قتل کرے ساتھ اس چیز کے کہ جس سے اکثر ہلاک ہو اور شبہ عمد یہ کہ قتل کا ارادہ اور قصد کرے اس کا

غیر چیز سے کیا گیا ہو اور خطا واقع ہوتا ہو اس سے قتل غالباً نہ ہوتا ہو اور قتل خطا یہ ہے کہ کوئی کسی کو قتل کرے چنانچہ بیان تفصیل انکا آگے گزر چکا ہے اور یہ نزدیک
امام ابو حنیفہ کے ہے اور وہ جو کہ ہے اس میں اسلحہ کو مطلق قصاص کی حیثیت ہے اور قتل عمد کسی میں کہ قتل ساتھ ہتھیار یا کسی چیز کے کہ واقع ہوتا ہو ساتھ اسکے قتل غالباً
قتل عمد ہے اور وہ جو کہ ہے اس میں قصاص کو حیثیت ہے کہ واقع نہ ہوتا ہو ساتھ اسکے قتل غالباً اور بعضی روایات میں خطا واقع ہوا ہے اور تغلیظ شبہ
عمد کے نزدیک ابن مسعود اور ابو حنیفہ اور ابو یوسف اور احمد کے یہ ہے کہ واجب ہوتی ہیں چار طرح کے اونٹ چنانچہ بیان انکا ابتداء باب میں ہو چکا
ہے اور نزدیک شافعی اور محمد کے یہ ہے کہ تین طرح کے اونٹ ہوں چنانچہ بیان انکا بھی ابتداء باب میں ہو چکا ہے اور خطا محض میں بہ سبب تخفیف
ہوتی ہے اور واجب ہوتی ہیں اس میں پانچ طرح کے اونٹ کہ اوپر مذکور ہو چکے ہیں اور یہ باتفاق ہے اور یہ حدیث دلیل شافعی اور محمد کی ہے واللہ اعلم
لکھتے ہیں کہ حدیث معارض ہے اس حدیث کی کہ روایت کی گئی ہے ابن مسعود اور سائب بن یزید سے اس پر عمل کیا ہے ساتھ تغلیظ کے وعن

اَبِیْ بَکْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَتَبَ اِلٰی اَهْلِ الْیَمَنِ وَکَانَ فِیْ کِتَابِهٖ اَنَّ
مَنِ اعْتَبَطَ مُؤْمِنًا قَتْلًا فَاِنَّهٗ قَوَدُ یَدِهٖ اِلَّا اَنْ یَّرْضٰی اَوْلِیَاءُ الْمَقْتُوْلِ وَفِیْهِ اَنَّ الرَّجُلَ یُقْتَلُ بِالْمَرْاَةِ وَفِیْهِ فِی النَّفْسِ الدِّیَةُ مِائَةٌ
مِّنَ الْاِبِلِ وَعَلٰی اَهْلِ الذَّهَبِ اَلْفُ دِیْنَارٍ وَفِی الْاَنْفِ اِذَا اُوْعِبَ جَدْعُهٗ الدِّیَةُ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَفِی الْاَسْنَانِ الدِّیَةُ وَفِی الشَّفَتَیْنِ الدِّیَةُ
وَفِی الْبَیْضَتَیْنِ الدِّیَةُ وَفِی الذَّکَرِ الدِّیَةُ وَفِی الصُّلْبِ الدِّیَةُ وَفِی الْعَیْنَیْنِ الدِّیَةُ وَفِی الرِّجْلِ الْوَاحِدَةِ نِصْفُ الدِّیَةِ وَفِی الْمَاْمُوْمَةِ ثُلُثُ الدِّیَةِ وَفِی
الْجَائِفَةِ ثُلُثُ الدِّیَةِ وَفِی الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ مِنَ الْاِبِلِ وَفِیْ کُلِّ اِصْبَعٍ مِّنْ اَصَابِعِ الْیَدِ وَالرِّجْلِ عَشْرٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَفِی السِّنِّ خَمْسٌ مِّنَ الْاِبِلِ
وَفِی الْمُوْضِحَةِ خَمْسٌ رَوَاهُ النَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَفِیْ رِوَایَةِ مَالِکٍ وَفِی الْعَیْنِ خَمْسُوْنَ وَفِی الْیَدِ خَمْسُوْنَ وَفِی الرِّجْلِ خَمْسُوْنَ وَفِی الْمُوْضِحَةِ خَمْسٌ روایت ہے ابی بکر
بیٹے محمد کے بیٹے عمرو کے بیٹے حزم کے سے نقل کی اپنے باپ سے اور انکے باپ نے نقل کی انکے دادا سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
لکھا طرف اہل یمن کے اور تھا بیچ نامہ حضرت کے یہ کہ جو شخص مار ڈالے بے سبب یعنی بے تقصیر کسی مسلمان کو مار ڈالنا یعنی عمداً پس تحقیق وہ قصاص کیا جاوے
بسبب قتل کیا جاوے بسبب فعل اپنے کے ساتھ ہاتھ اپنے کے مگر یہ کہ راضی ہوں وارث مقتول کے لینے ساتھ لینے دیت کے اور یہ کہ
قتل کیا جاوے اور اس میں یہ بھی تھا کہ قتل کیا جاوے مرد بدلے عورت کے اور اس میں یہ بھی تھا کہ بیچ مار ڈالنے جان کے دیت ہے سو اونٹ کی
جسکے پاس اونٹ ہوں سو اونٹ دے جب تفصیل کے ساتھ اور پر سونا رکھنے والوں کے ہزار دینار اور بیچ ناک کے جب تمام کاٹی جاوے دیت ہے
سو اونٹ اور بیچ دانتوں کے کہ سب توڑے جاویں دیت پوری ہے اور بیچ ہونٹوں کے کہ کاٹے جاویں پوری دیت ہے اور بیچ دونوں خصیوں کے کہ کاٹے
جاویں پوری ہے اور بیچ کاٹنے آلت کے دیت ہے اور بیچ توڑنے پیٹھ کی ہڈی کے دیت ہے اور بیچ پھوڑنے دونوں آنکھوں کے دیت ہے اور بیچ کاٹنے ایک پاؤں کے
آدھی دیت ہے اور بیچ زخم پہنچنے پوست مغز سر کے تہائی دیت ہے اور بیچ زخم پیٹ کے تہائی دیت ہے اور بیچ زخم کے کہ ہڈی سرک گئی ہو پندرہ اونٹ
ہیں اور بیچ ہر انگلی کے انگلیوں ہاتھ اور پاؤں کی سے دس دس اونٹ ہیں اور بیچ ہر دانت کے پانچ پانچ اونٹ ہیں نقل کی یہ نسائی اور دارمی نے اور
بیچ روایت مالک کے ہے اور بیچ ایک آنکھ کے پچاس اونٹ ہیں اور بیچ ایک ہاتھ کے پچاس اور بیچ ایک پاؤں کے پچاس اور بیچ زخم کہ ہڈی کھل گئی
ہو پانچ اونٹ ہیں ف [illegible] مار ڈالنے کے دیت ہے یعنی جب قتل عمد میں معاف ہو قصاص [illegible] مقتول کے اور راضی ہوں وارث لینے پر دیت ہے اور
قتل خطا اور شبہ عمد میں دیت ہے اور سونے والوں پر ہزار دینار اور چاندی والوں پر دس ہزار درہم ہیں اور اسکو ذکر کیا بسبب اکتفا کرنے کے ساتھ [illegible]
سکے اور یہ کہ اونٹ والوں پر [illegible] ساتھ اونٹ [illegible] واجب ہے کہ غیر اسکا قبول [illegible] محسوب نہ ہو جاننا چاہیئے کہ
اختلاف کیا ہے علماء نے بیچ [illegible] ابو حنیفہ [illegible] جائز ہے لینا [illegible] اونٹ [illegible]

شافعی کے نزدیک معمول ہے۔ دونوں کے نتیجہ سے چار دیتیں واجب ہوتی ہیں یعنی دونوں آنکھوں کے ڈھیلوں کی ایک دیت اور ہر پپوٹے کی چوتھائی دیت ہوگی
اگر زائل کی جائے تمام اور کہا گیا ہے کہ منفعت زائل ہو جائے کیونکہ مقصود یہی ہے جبکہ ہر ایک کی پوری دیت کہ یہ ایک عضو ہے جس کا منافع کامل ہے
پس ہر ایک کے ساتھ تمام دیت لازم ہوگی اور اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کا حکم کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ساتھ تمام دیت کے ہے زبان کا کاٹنا
ہونا ہے اور حضرت عمرؓ نے ساتھ چار دیتوں کے حکم کیا ایک مرد کے کہ اس کی عقل اور سمع اور بصر اور کلام کو اور اسی طرح
اگر اس کو کوئی ضرب کرے اور پھر اس سے جماع کی قوت جاتی رہے تو بھی پوری دیت ہے اسی طرح سر کے بال اور داڑھی ❊ **وعن عمرو بن**
شعيب عن أبيه عن جده قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في المواضح خمسا خمسا من الإبل وفي الأسنان خمسا خمسا من الإبل رواه
أبو داود والنسائي والدارمي وروى الترمذي وابن ماجة الفصل الأول اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے وہ نقل کرتے ہیں اپنے باپ اور
انہوں نے اپنے دادا سے کہ حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ زخموں کے کہ کھل جاوے ہڈی پانچ پانچ اونٹ اور بیچ دانتوں کے پانچ پانچ اونٹ یعنی ہر
دانت میں پانچ پانچ اونٹ نقل کی یہ ابو داود اور نسائی اور دارمی نے اور روایت کی ترمذی اور ابن ماجہ نے پہلا جملہ یعنی زخموں کی بابت کا اور دانتوں کے بارے میں تمام
دانتوں کی دیت برابر ہے خواہ آگے کے ہوں یا پیچھے کے اس واسطے کہ ہر ایک دانت میں پانچ اونٹ ہیں یعنی جس دانت میں منفعت زیادہ ہو مطلب یہ کہ یہ تقدیرات بحکم شارع ہیں عقل کو
دخل نہیں اور یہی مذہب ہے اقسام میں جیسے کہ سب کی دیت دونوں آنکھوں اور آدمی کی دیت اور انگلیوں میں بھی خلاف ہے معقول ہے معلوم ہو کہ جو حکم اصل
وہی حکم شارع ہے ❊ **وعن ابن عباس قال جعل رسول الله صلى الله عليه وسلم أصابع اليدين والرجلين سواء رواه أبو داود و**
الترمذي اور روایت ہے ابن عباس سے کہا مقرر کیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیاں دونوں ہاتھوں کی اور دونوں پاؤں کی برابر نقل کی یہ ابو داود
اور ترمذی نے یعنی ہر ایک کی دیت دس اونٹ ہیں خواہ چھنگلیا ہو خواہ انگوٹھا ❊ **وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الأصابع**
سواء والأسنان سواء الثنية والضرس سواء هذه وهذه سواء رواه أبو داود اور روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیاں
برابر ہیں اور دانت برابر ہیں یعنی دیت میں اگرچہ بعضے بڑے ہیں بعضوں سے جیسے آگے کے دانت اور ڈاڑھیں برابر ہیں یعنی دیت میں اور یہ اور یہ یعنی انگوٹھا اور
چھنگلیا اور یہ برابر ہیں نقل کی یہ ابو داود نے ❊ **وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال خطب رسول الله صلى الله عليه**
وسلم عام الفتح ثم قال أيها الناس إنه لا حلف في الإسلام وما كان من حلف في الجاهلية فإن الإسلام لا يزيده إلا شدة المؤمنون يد
على من سواهم يجير عليهم أدناهم ويرد عليهم أقصاهم يرد سراياهم على قعيدتهم لا يقتل مؤمن بكافر دية الكافر نصف دية المسلم
لا جلب ولا جنب ولا تؤخذ صدقاتهم إلا في دورهم وفي رواية قال دية المعاهد نصف دية الحر رواه أبو داود اور روایت ہے عمرو بن
شعیب سے نقل کی اپنے باپ یعنی شعیب سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے کہا خطبہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سال فتح مکہ کے پھر فرمایا
بعد خطبہ کے کہ اے لوگو تحقیق حال یہ ہے کہ تحقیق نہیں ہے پیمان کا عہد اور قسم کا اسلام میں اور وہ عہد اور قسم کہ تھی جاہلیت میں پس تحقیق اسلام
نہیں زیادہ کرتا اسکو مگر مضبوطی مسلمان حکم ایک ہاتھ کا رکھتے ہیں یعنی اتفاق کا رکھتے ہیں ان لوگوں پر کہ سوا ان کے ہیں یعنی کافروں پر اور دیتا ہے پناہ
ادنیٰ ان کا اور پھیر دیتا ہے اوپر ان کے جو بعید تر ہے اور پھیر دیتے ہیں شکر ان کے بیٹھے رہنے والوں پر یعنی تقسیم کیا جاوے جو غنیمت کا کہ لشکر کے فوج
سے کہ خاص کر شکر کو اگر جدا ہوں اور دیت کافر کی نصف ذمی کی آدھی دیت مسلمان کی ہے نہیں زکوٰۃ کا مال کو لے کر جانا اور نہ ملک گائے اپنا مواشی کا
اور نہ لی جاوے زکوٰۃ ان کی مگر ان کے گھروں میں ہے اور ایک روایت میں ہے کہا دیت معاہد کی آدھی دیت حر کی ہے نقل کی یہ ابو داود نے جس وقت نہیں ہے پیمان
کا قسم کا یعنی اسلام میں جاہلیت کے عقد میں حلف کرنا اور عہد باندھنا آپس میں جاہلیت میں عہد کرتے تھے کہ ایک دوسرے کا وارث ہوگا اور ایک دوسرے کی مدد

کہ اگر ذمی ہو یا اور قسم کا کافر ہو اس کی دیت مثل دیت مسلمان کے ہے اور یہی مذہب ہے ابو حنیفہ کا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح سے حکم کیا تھا اسلام میں ساتھ قول
اپنے کے اور حضرت علی اسلام اور ایک عہد کے تھے جاہلیت میں معلوم ہوا کہ یہ فیصلہ ان کے درمیان حکم کے طور پر تھا اور یہ حفظ حقوق پر کیا ہے جیسا کہ کیا
ساتھ وفا عہد کے اور حلف کے جاہلیت کے اور پہلے بیان میں شرح الحدیث کی تکمیر کلام سابق کی ہو اور شرح اسی بحث کی ہیں فائدہ حدیث حضرت علی ہے دوسری فصل
کتاب القصاص کی میں گزر چکی اور قتل کیا جاوے مسلمان بدلے کافر کے اسی حدیث کے فائدہ میں گذرا اور دیت کافر کی آدھی دیت مسلمان کی ہے امام مالک
نے اسی پر عمل کیا ہے اور نزدیک شافعی کے دیت ذمی کی تہائی دیت مسلمان کی ہے اور جو اسے نزدیک دیت ذمی کی مانند دیت
مسلمان کے ہے اور روایت میں ایک حدیث نقل کی ہے کہ دیت ہر ذمی کی بیچ عہد آپ کے ہزار دینار تھی اور کہا کہ اسی طرح حکم کیا ابو بکر نے اور
عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم نے پھر معاویہ کا مال آدھی کر دی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ جو کچھ ذمیوں سے عہد کیا ہے کہ مال ان کے مانند مال ہمارے
ہماری ہے اور خون ان کے مانند خون ہمارے کے ہے اور کہا ہے کہ یہ خلاف اس کے ہے کہ روایت کیا ہے ان آثار مشہورہ کے جو اس سکہ سے ہے [illegible]
مراد ہے یہ کہ ذکوۃ لینے والا زکوۃ لینے کو جاوے ہر ایک کے گھروں سے بہت دور ہو اور ان کو اپنے پاس بلا بھیجے اور صدقات لیوے اور یہ کہ
مواشی والے زکوۃ لینے والے سے دور ہو جاویں طلب حاضر کرنا انکا زکوۃ لینے والے پر شاق ہو اس لیے فرمایا اسی طرح نہیں شق
مواشی اچھا لانے میں اور دوسری شق میں لینے والے کو اور یہی فصل کتاب الزکوۃ میں ہے اور زیادہ ذکر اس کا قصیلوں کے بیچ کیا کہ اسی پر
نرخ ہو

وَعَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ دِيَةِ الْخَطَأِ عِشْرِيْنَ بِنْتَ مَخَاضٍ وَعِشْرِيْنَ ابْنَ مَخَاضٍ ذُكُوْرٍ وَعِشْرِيْنَ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَعِشْرِيْنَ جَذَعَةً وَعِشْرِيْنَ حِقَّةً رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالصَّحِيْحُ أَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَخِشْفٌ مَجْهُوْلٌ لَا يُعْرَفُ إِلَّا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدٰى قَتِيْلَ خَيْبَرَ بِمِائَةٍ مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ وَلَيْسَ فِيْ أَسْنَانِ إِبِلِ الصَّدَقَةِ ابْنُ مَخَاضٍ إِنَّمَا فِيْهَا ابْنُ لَبُوْنٍ

اور روایت ہے خشف بن مالک
سے کہ ابن مسعود سے کہا حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ دیت خطا کے بیس اونٹنیاں کہ دوسرے برس میں لگی ہوں اور بیس اونٹ کہ
دوسرے برس میں لگے ہوں اور بیس اونٹنیاں کہ تیسرے برس میں لگی ہوں اور بیس جذعہ کہ پانچویں برس میں لگی ہوں اور بیس حقہ کہ چوتھے برس میں لگی ہوں نقل کی یہ ترمذی
اور ابو داؤد اور نسائی نے اور صحیح یہ ہے کہ یہ موقوف ہے اوپر ابن مسعود کے اور خشف مجہول ہے نہیں پہچانا جاتا مگر ساتھ اسی حدیث کے اور روایت کیا بیچ
شرح السنۃ میں یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت دی اس شخص کی کہ مارا گیا تھا خیبر میں سو اونٹوں سے کہ زکوۃ کے تھے اور نہیں ہے بیچ
زکوۃ کے اونٹوں میں دو برس کا اونٹ اس لیے کہ نہیں لیا جاتا تھا وہ زکوۃ میں مگر بیچ صورت کے اس سے معلوم ہوا کہ دیت خطا کی اس طرح پانچ طرح کی
اونٹ دینا چاہیے اور یہی مذہب ہے اکثر اہل علم کا لیکن تقسیم عمر کی تقسیم میں جو مذہب حنفی کا ہے اسی طرح ہے اور مذہب امام شافعی کے نزدیک
بیس ابن لبون بجائے ابن مخاض کے ہیں اور حدیث ابن مسعود کی حنفی کے نزدیک ہے کہ یہ حدیث مالک کی ہے کہ جو دیت میں دی گئی شرح میں [illegible]
جو دیت دی اہل اسلام نے وہ زکوۃ کے اونٹوں سے نہ تھی بلکہ آپ نے اپنے پاس سے دی تھی اور یہ حدیث ابن مسعود کی اسی طرح ہے اور امام شافعی نے اس کو سبب
عمل اسی پر ہے

وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كَانَتْ قِيْمَةُ الدِّيَةِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانَ مِائَةِ دِيْنَارٍ أَوْ ثَمَانِيَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ وَدِيَةُ أَهْلِ الْكِتَابِ يَوْمَئِذٍ النِّصْفُ مِنْ دِيَةِ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ فَكَانَ كَذٰلِكَ حَتَّى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَقَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ إِنَّ الْإِبِلَ قَدْ غَلَتْ قَالَ فَفَرَضَهَا عُمَرُ عَلٰى أَهْلِ الذَّهَبِ أَلْفَ دِيْنَارٍ وَعَلٰى أَهْلِ الْوَرِقِ اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا وَعَلٰى أَهْلِ الْبَقَرِ مِائَتَيْ بَقَرَةٍ وَعَلٰى أَهْلِ الشَّاءِ أَلْفَيْ شَاةٍ وَعَلٰى أَهْلِ الْحُلَلِ مِائَتَيْ حُلَّةٍ قَالَ وَتَرَكَ دِيَةَ أَهْلِ الذِّمَّةِ لَمْ يَرْفَعْهَا فِيْمَا رَفَعَ مِنَ الدِّيَةِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ

اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی انہوں نے اپنے باپ سے اور انہوں نے اپنے دادا سے کہا قیمت دیت کی بیچ زمانہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے آٹھ سو دینار یا آٹھ ہزار درہم اور دیت اہل کتاب کی ان دنوں آدھی دیت مسلمان کی تھی کہا اس کے بعد جب خلیفہ ہوئے حضرت عمر کھڑے ہوئے خطبہ پڑھنے کو پس کہا آگاہ ہو اونٹ گراں ہو گئے کہا راوی نے پس مقرر کی حضرت عمر نے دیت سونے والوں پر ہزار دینار اور چاندی والوں پر بارہ ہزار درہم اور گائے والوں پر دو سو گائیں اور بکری والوں پر دو ہزار بکریاں اور حلہ والوں پر دو سو حلے کہا اور چھوڑ دیا دیت ذمی کو یعنی نہ بڑھایا اس کو اس میں جو زیادہ کیا دیت سے روایت کی یہ ابوداؤد نے

زیادہ کی قتل کی یا ہو اور نصف آٹھ ہزار درہم کہا مصنف نے کہ دلالت کرتی ہے یہ حدیث اس پر کہ اصل دیت میں اونٹ ہیں اور باقی قیمت ان کی ہے سبب اختلاف قیمت کے جیسے کہ مذہب شافعی کا ہے قول جدید میں اور کہا ابن الہمام نے کہ یہ حدیث مراد ہے ساتھ اس کے جو مسلمان کی دیت ہے اور ذمی کی دیت بیچ زمانہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے آدھی تھی یعنی چار ہزار درہم اور دیت ذمی کی مانند تہائی دیت مسلمان کے ہے پس اس حدیث سے لیا امام شافعی نے کہ دیت ذمی کی تہائی دیت مسلمان کی ہے اور ہمارے نزدیک دیت ذمی کی مانند دیت مسلمان کے ہے اور کہا شافعی نے کہ دیت سونے والوں پر ہزار دینار ہیں اور دیت چاندی کی دس ہزار درہم اور اونٹوں کی سو اونٹ اور امام شافعی کے نزدیک چاندی والوں پر بارہ ہزار درہم ہے

وعن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم انه جعل الدية اثني عشر الفا رواه الترمذي وابوداود والنسائي والدارمي

اور روایت ہے ابن عباس سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت نے مقرر کی دیت بارہ ہزار درہم نقل کیا یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے

وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقوم دية الخطاء على اهل القرى اربع مائة دينار او عدلها من الورق ويقومها على اثمان الابل فاذا غلت رفع في قيمتها واذا هاجت رخصا نقص من قيمتها وبلغت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ما بين اربع مائة دينار الى ثمان مائة دينار وعدلها من الورق ثمانية آلاف درهم قال وقضى رسول الله صلى الله عليه وسلم على اهل البقر مائتي بقرة وعلى اهل الشاء الفي شاة وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان العقل ميراث بين ورثة القتيل وقضى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان عقل المرأة بين عصبتها ولا يرث القاتل شيئا رواه ابوداود والنسائي

اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی انہوں نے اپنے باپ سے اور انہوں نے اپنے دادا سے کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ مقرر کرتے دیت خطا کی اوپر گاؤں والوں کے چار سو دینار یا برابر ان کے چاندی سے اور قیمت کرتے اس کی اوپر قیمت اونٹوں کے پس جس وقت گراں ہوتے اونٹ تو زیادہ کرتے قیمت دیت کی اور جب ظاہر ہوتی ارزانی اونٹوں کی تو کم کرتے قیمت دیت میں اور پہنچی قیمت دیت کی بیچ زمانہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان چار سو دینار کے آٹھ سو دینار تک اور برابر اس کے چاندی آٹھ ہزار درہم کہا اور حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گائے والوں پر دو سو گائیں اور بکری والوں پر دو ہزار بکریاں اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق دیت میراث ہے درمیان وارثوں مقتول کے اور حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دیت عورت کی اوپر عصبہ اس کے ہے درمیان عصبہ اس کے اور نہیں وارث ہوتا قاتل مقتول کا کسی چیز کا روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے فائدہ کہا شیخ نے یہ حدیث دلالت کرتی ہے اس پر کہ اصل دیت میں اونٹ ہیں اگر نہ ملیں تو ان کی قیمت ہے جیسا کہ امام شافعی کا قول جدید ہے اور دیت عورت کی آدھی دیت مرد کی ہے اور یہ حکم مردوں کی دیت کا ہے اور عورت مقتولہ کی دیت اس کی نسبت آدھی ہے

وعن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال عقل شبه العمد مغلظ مثل عقل العمد ولا يقتل صاحبه رواه ابوداود اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی انہوں نے اپنے باپ سے اور انہوں نے اپنے دادا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

عمد کی جنس ہو یا نہ ہو دیت عمد کی طرح دینی ہوگی اور جاننا چاہئے کہ صاحب شبہ عمد کا نقل کی یہ ابو داؤد نے اور مصنف صاحب نے بھی مصنفاً نقل کیا بطریق شبہ عمد کے اسکو قصاص میں قتل نہ کیجیو یہ کلام فرمایا اسلئے کہ شاید وہم جانے جو منع قصاص کو شبہ عمد میں بیٹھ گیا کوئی یہ وہم کرے کہ جب یہ مشابہ عمد کے ہوا تو چاہئے کہ حکم اسکا حکم عمد کا ہو جو کہ منع کیا اسلئے فرمایا اور بیان قتل عمد و شبہ عمد کا اوپر ہوچکا ہے تمام ہوئی ﴿وعن﴾ عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في العين القائمة السادة لمكانها بثلث الدية رواه ابو داؤد والنسائي اور روایت ہے عمرو سے نقل کی انہوں نے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہا حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ مقدمہ آنکھ کے کہ ٹھہری ہوئی ہو اپنی جگہ پر جاتی رہی ہو روشنی اسکی ساتھ تہائی دیت کے نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے ف یعنی کسی کی آنکھ زخمی ہوئی کہ بینائی اسکی جاتی رہی لیکن اپنی جگہ سے نہ نکلی اور بیچ حال ہونے اسکے کے نقص ظاہر ہو پہلے گذر چکا کہ دونوں آنکھوں کے کٹ جانے میں تمام دیت ہے کہ سو اونٹ ہیں اور ایک آنکھ کٹ جانے میں پچاس اونٹ ہیں اور یہ حدیث دلالت کرتی ہے اسپر کہ بیچ سلامت ہونے آنکھ کے اسطرح تہائی دیت ہے اور بعضے علماء کا مذہب یہی ہے اور اکثر علماء نے واجب کی ہے اسصورت میں حکومت عدل کی اسلئے کہ منفعت بالکل نہیں جاتی رہتا اسپر بیچ حکم اس چیز کے ہے کہ سیاہ ہوگیا ہو اور نفع اسکا اور حکومت سے یہ مراد ہے کہ اگر وہ زخمی غلام ہوتا تو کسقدر کم ہوتا بسبب اس زخم کے اسکی قیمت میں سے پس اسی قدر اسکی دیت بیچ حصہ اسکے دلادو اور اس حدیث کو بھی وہ محمول کرتے ہیں حکومت کے حمل کیا ہے کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے تہائی دیت کا حکم فرمایا بطریق حکومت کے بطریق قاعدہ کلیہ کے اور کلام تورپشتی کا دلالت کرتا ہے اسپر کہ صورت اسمیں ہے کلام ہوا تمام ﴿وعن﴾ يحيى بن يعمر عن ابي هريرة قال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في الجنين بغرة عبد او امة او فرس او بغل رواه ابو داؤد وقال روى هذا الحديث حماد بن سلمة وخالد الواسطي عن محمد بن عمرو ولم يذكرا او فرس او بغل رواه ابو داؤد والنسائي اور روایت ہے محمد بن عمرو سے نقل کی ابی سلمہ سے اور انہوں نے ابو ہریرہ سے کہا حکم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ بچے کے کہ پیٹ میں مر گیا ساتھ غرہ کے کہ غلام یا لونڈی یا گھوڑا یا خچر نقل کی یہ ابو داؤد نے اور کہا روایت کی یہ حدیث حماد بن سلمہ نے اور خالد واسطی نے محمد بن عمرو سے اور نہیں ذکر کیا ہر ایک نے دونوں نے یہ لفظ او فرس او بغل یعنی یہ زیادتی نہیں ذکر کی پس معلوم ہوا کہ یہ زیادتی شاذ ہے اور حدیث ضعیف نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے ف کہا نووی نے کہ غرہ نزدیک لغت میں بہت نفیس چیز کو اور اطلاق کیا گیا ہے اسکا اس جگہ انسان پر اسلئے کہ اللہ تعالی نے پیدا کیا ہے انسان کو احسن تقویم میں ایسا کہا ہے جو کہ گھوڑے اور خچر کو ہم جو اوپر ہے اسلئے کہ غرہ نہیں اطلاق کیا جاتا ہے مگر انسان پر کلام ہوا تمام ﴿وعن﴾ عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من تطبب ولم يعلم منه طب فهو ضامن رواه ابو داؤد والنسائي اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے نقل کی انہوں نے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ طبیب ٹھہرا ہے اپنے تئیں تکلف سے حال آنکہ نہیں جانی گئی اس سے طب یعنی مشہور نہیں ہے ساتھ طب کے اور مہارت نہیں رکھتا اسمیں پس مر گیا کوئی اسکے علاج سے پس وہ ضامن ہے نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے ف یعنی جو شخص علم طب نہ رکھتا ہو اور اسکے قواعد سے واقف نہ ہو پھر کسی کا علاج کرے علاوہ علاج معلوم ہو کہ اپنے ہاتھ سے کرے مانند کرنے فصد وغیرہ کے یا ساتھ تجویز نسخہ کے کرے اور وہ مریض اس سے تلف ہو جائے تو وہ ضامن ہے یعنی اسکی دیت اسکی عاقلہ پر لازم آتی ہے سب علماء کے نزدیک نہیں اختلاف اسمیں اور یہ تاوان ادا کرنے ساتھ کے متعلق ہے ﴿وعن﴾ عمران بن حصين ان غلاما لاناس فقراء قطع اذن غلام لاناس اغنياء فاتى اهله النبي صلى الله عليه وسلم فقالوا انا اناس فقراء فلم يجعل عليهم شيئا رواه ابو داؤد والنسائي اور روایت ہے عمران بن حصین سے یہ کہ ایک لڑکے فقیروں کے نے کان کاٹ ڈالا ایک لڑکے کا دولتمندوں کے پس آئے لوگ اس لڑکے کے کاٹنے والے کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ ہم محتاج ہیں پس نہ مقرر کی حضرت نے ان پر کوئی چیز نقل کی یہ ابو داؤد نے ف اسلئے کہ وہ لڑکا

اور جنایت لڑکی کی عاقلہ پر ہوتی ہے اس لیے کہ وہ جنایت خطا ہو گی کیونکہ بیہوش یا دیوانے کی عمد بھی حکم خطا میں ہے چنانچہ اسی لیے منع کیا گیا ہے بالغ کے قتل عمد اور غیر مکلف
سے قتل ہو تو صرف دیت ہے اور ظاہر یہ ہے کہ قصہ والا اولی کا تھا کہ آزاد اس لیے کہ اگر ہو غلام تو متعلق ہوتی جنایت اس کی ساتھ رقبہ کے بعض جنایات اس کی کے علاوہ
اس کے ثابت کیا گیا اس کو اسی طرح ذکر کیا ابن ملک وغیرہ نے **الفصل الثالث** فصل تیسری عن علی انہ قال فی شبہ العمد اثلاثا
ثلاث وثلاثون حقة وثلاث وثلاثون جذعة واربع وثلاثون ثنية الى بازل عامها كلها خلفة وفي رواية قال في الخطأ ارباعا
خمس وعشرون حقة وخمس وعشرون جذعة وخمس وعشرون بنات لبون وخمس وعشرون بنات مخاض رواه ابو داود روایت ہے
علی رضی اللہ عنہ سے کہا انہوں نے فرمایا کہ دیت شبہ عمد کی تین طرح کی ہے تینتیس حقے یعنی تین تین برس کی اونٹنیاں اور تینتیس جذعے یعنی چار
برس کی کہ پانچویں برس میں لگی ہوں اور چونتیس ثنیات یعنی چھ برس میں لگی ہوں آٹھ برس تک کہ نویں برس میں لگی ہوں اور سب حاملہ ہوں اور ایک روایت میں
حضرت علی سے یوں آیا ہے کہ دیت قتل خطا کے چار قسم کی اونٹنیاں دی جاتی ہیں پچیس تین تین برس کی اور پچیس چار چار برس کی اور پچیس دو دو برس
کی اور پچیس ایک ایک برس کی نقل کی یہ ابو داؤد نے وعن مجاهد قال قضى عمر في شبه العمد ثلاثين حقة وثلاثين جذعة واربعين خلفة
ما بين ثنية الى بازل عامها رواه ابو داود روایت ہے مجاہد سے کہا انہوں نے حکم فرمایا حضرت عمر نے بیچ قتل شبہ عمد کے تیس تین تین برس کی اور تیس چار چار برس کی
اور چالیس اونٹنیاں حاملہ چھ برس سے نو برس تک کی نقل کی یہ ابو داؤد نے ف یہ مذہب شافعی کا ہے وعن سعيد بن المسيب
ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في الجنين يقتل في بطن امه بغرة عبد او وليدة فقال الذي قضي عليه كيف اغرم من لا شرب
ولا اكل ولا نطق ولا استهل ومثل ذلك يطل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انما هذا من اخوان الكهان رواه مالك والنسائي
مرسلا ورواه ابو داود عنه عن ابي هريرة متصلا اور روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا بیچ اس بچے کے کہ
مارا جاوے اپنی ماں کے پیٹ میں ساتھ غرہ کے غلام ہو یا لونڈی پس کہا اس شخص نے کہ حکم کیا گیا تھا اس پر کہ کس طرح تاوان بھروں میں اس شخص کا کہ
نہ پی کوئی چیز اور نہ کھائی اور نہ بولا اور نہ چلایا اور مانند اس کی کے ساقط کیا جاتا ہے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے اس کے نہیں
کہ یہ کاہنوں کے بھائیوں میں سے ہے نقل کی یہ مالک اور نسائی نے مرسل یعنی ساتھ حذف صحابی کے اور نقل کی یہ ابو داؤد نے سعید سے اور
انہوں نے نقل کی ابو ہریرہ سے بطریق اتصال کے ف کاہن اس کو کہتے ہیں کہ خبر غیب کی بتاتا ہو اور حضرت نے اس کو کاہن کا بھائی اس لیے فرمایا کہ
وہ بھی باتیں جھوٹی باتوں کو ساتھ عبارت مسجع اور مقفی کے بیان کرتے ہیں لوگوں کے فریفتہ کرنے کے لیے اور مطلق عبارت مسجع اور مقفی مذموم نہیں
ہے اس لیے کہ حضرت سے اکثر ہوئے ہیں جیسا کہ اس دعا میں ہے اللهم انی اعوذ بک من علم لا ینفع ومن قلب لا یخشع الخ کہ عبارت مسجع ہے وہ مذموم ہے کہ
جو تکلف ہو اور غرض اس سے رواج دینا باطل کا ہو جیسے کہ اس شخص نے کیا اور کہا شمنی نے کہ جو کوئی مارے عورت کے پیٹ پر اور اس کے پیٹ
سے بچہ نکل پڑے مردہ تو واجب ہے غرہ یعنی پانسو درہم مارنے والے کے عاقلہ پر اور غرہ تفسیر ہوئی پانسو درہم سے اس لیے کہ اکثر روایتوں میں آئی ہے
اور جو بچہ پیٹ میں سے نکلے اور پھر مر جاوے تو پوری دیت ہے **باب ما لا يضمن من الجنايات** باب بیچ
بیان ان چیزوں کے کہ ضمان نہیں دیا جاتا ہے جنایتوں سے **الفصل الاول** فصل پہلی عن ابی هريرة قال قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم العجماء جرحها جبار والمعدن جبار والبئر جبار متفق عليه روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے چارپایہ کا زخم کر دینا اس کا معاف ہے اور کان بھی معاف ہے اور کوئیں میں گر کر مرے معاف ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم
نے ف چارپایہ کا زخم یعنی جانور کے منہ سے یا دم سے یا پاؤں سے کوئی شخص مارا جاوے یا کچھ نقصان ہو جاوے تو اس کا ضمان نہیں بشرطیکہ اس کے

ساتھ کوئی آدمی نہ ہو یعنی چھوٹا ہوا ہو اگر انکے ساتھ ہانکنے والا یا کھینچنے والا یا سوار ہو اور جانور کسی چیز کو ضائع کرے تو انکے ساتھ والے پر تاوان دینا آتا ہے کیونکہ
امام اعظم کے نزدیک اور امام شافعی کے نزدیک جانور نے دن کو کسی چیز کو تلف کیا تو اسکے مالک کو کچھ دینا نہیں آتا اور اگر رات کو کوئی چیز تلف ہوئی تو اسکے مالک
پر تاوان آتا ہے اسواسطے کہ رات کو جانوروں کی حفاظت لازم ہے اور دن کو حفاظت کرنی چیزوں اور باغوں کی انکے مالکوں پر لازم ہے اور ہدایہ میں لکھا ہے کہ
تاوان سوار پر ہے کہ کچل ڈالے جانور یا ہاتھ سے یا پاؤں سے مارے اور کھینچنے والا اور ہانکنے والا بھی تاوان دے اور سوار تاوان کا ضامن نہیں جو
لات سے مارے ہاتھ یا پاؤں سے اور اگر سوار ہو اور ہانکنے والا یا کھینچنے والا دونوں ساتھ ہوں تو تاوان دونوں پر آتا ہے اور کان یعنی معدن
جس کو کان میں چلا دے یا اسکو مزدوری پر کھودے اور کان گر پڑے اور وہ ہلاک ہو جائے تو اس کا تاوان نہیں ہے اور کنواں کوئی کھودے
تو وہ اسکا ہے اور کان پر گرا اور ہلاک ہو گیا تو نہیں ہے تاوان صاحب کان پر اور یہ مخصوص ساتھ کان ہی کے نہیں بلکہ ایسا ہی حکم
جاری ہے اور یہ اول موافق ہے ساتھ اس چیز کے کہ کہا ہے کسی نے کہ کنواں کھودا اپنی زمین میں یا ایسی زمین میں جو مباح ہے اور اس میں کوئی
گر گیا تو تاوان نہیں ہے اور یہی حکم ہے کان کھودنے والے کا وَعَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ
وَكَانَ لِيْ أَجِيْرٌ فَقَاتَلَ إِنْسَانًا فَعَضَّ أَحَدُهُمَا يَدَ الْآخَرِ فَانْتَزَعَ الْمَعْضُوْضُ يَدَهُ مِنْ فِي الْعَاضِّ فَأَنْدَرَ ثَنِيَّتَهُ فَسَقَطَتْ فَانْطَلَقَ إِلَى النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَهْدَرَ ثَنِيَّتَهُ وَقَالَ أَيَدَعُ يَدَهُ فِيْ فِيْكَ تَقْضِمُهَا كَالْفَحْلِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے یعلی بن امیہ سے کہا جہاد کیا
میں نے ساتھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے لشکر تنگی میں یعنی غزوہ تبوک میں اور تھا میرا ایک نوکر پس لڑا وہ ایک آدمی سے پس کاٹ کھایا ایک نے ان دونوں میں سے
ہاتھ دوسرے کا پس کھینچا اس شخص نے کہ کاٹا گیا تھا ہاتھ اسکا کاٹنے والے کے منہ سے پس گرا دئیے دانت اسکے پس گر پڑے پس گیا وہ کاٹنے والا
دانت کو لیکر طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یعنی تا دلاویں اسکی دیت اور حکم فرماویں اسکے حق میں پس معاف کیا حضرت نے بدلا اسکے دانتوں کا
اور فرمایا کیا چھوڑ دیتا ہاتھ اپنا تیرے منہ میں کہ چبا ڈالتا تو اسکو مانند چبانے اونٹ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یہ اشارہ ہے طرف سبب لفظ
کے بدلہ کے کہ وہ معذور ہے اپنے ہاتھ کو چھڑانے کے لیے اور شرح السنہ میں ہے کہ اسی طرح اگر کوئی کسی کو کسی عورت
پر بدکاری کا ارادہ کرے وہ اسکو اپنے نفس سے دفع کرے یعنی مار ڈالے تو اس پر کچھ تاوان نہیں ہے اور اگر کسی نے کسی لڑکی یا لڑکے کی
کانٹھ یعنی آنکھ پھوڑ دی اسکی شہوت سے اور وہ دیکھا کہ اس سے پس اس لڑکی نے چھوڑا اسکو اور مار ڈالا اسکو پس کہا حضرت عمر
نے کہ قتل کیا ہے اللہ نے اسکو اور قسم ہے اللہ کی کہ نہیں دی جاوے گی دیت اسکی کبھی اور یہی قول شافعی کا ہے اور اسی طرح جو شخص قصد کرے کسی کے مال لینے کا
تو اسکو ہٹاوے اگر اسکو پس دفع کرے اسکو تو مرے اور قتل کرنا پڑے تو کچھ تاوان نہیں اور کوئی گناہ نہیں اور اگر
قصد کرے قتل کا تو اسکو قتل کرنا درست ہے وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قُتِلَ
دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص
قتل کیا جاوے سامنے مال اپنے کے پس وہ شہید ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی مال کی حفاظت کرتا تھا کسی نے قصد کیا اسکے لینے کا اور ایسا ہی جان کی
کی حفاظت میں مارا جاوے شہید ہے وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ جَاءَ رَجُلٌ يُرِيْدُ أَخْذَ مَالِيْ قَالَ فَلَا تُعْطِهِ مَالَكَ
قَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ قَاتَلَنِيْ قَالَ قَاتِلْهُ قَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ قَتَلَنِيْ قَالَ فَأَنْتَ شَهِيْدٌ قَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ قَتَلْتُهُ قَالَ هُوَ فِي النَّارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا آیا ایک شخص پس کہا یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھکو اگر آوے کوئی شخص ارادہ رکھتا ہو لینے مال میرے کا یعنی زبردستی
اسکو کیا کروں فرمایا پس نہ دے تو اسکو مال اپنا کہا اس نے خبر دیجئے مجھکو اگر لڑے مجھ سے تو کیا کروں فرمایا لڑ تو اس سے کہا اگر

خبر پہنچے تجھکو اسکی کہ اگر مار ڈالے تجھکو فرمایا پس تو شہید ہے کہا اُسنے خبر دیجیے مجھکو اسکی کہ اگر میں مار ڈالوں اسکو فرمایا پس وہ دوزخ میں ہے نقل کی یہ مسلم نے **ف** یعنی نہیں کچھ پرواہ اس بات میں کہ دفع کیا جائے وہ اسپر کہ دفع کرنا اسکا قتل کا اور ہلاک کرنا اسکا دفع میں جائز ہے **وعنہ** انہ سمع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یقول لو اطلع فی بیتک احد ولم تاذن لہ فخذفتہ بحصاۃ ففقأت عینہ ما کان علیک من جناح متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ انھوں نے سنا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے اگر جھانکے تیرے گھر میں کوئی بغیر اجازت تیری اور اسکی اجازت نہ دی ہو تو نے اسکو یعنی گھر میں آنے کی پس مارے تو ساتھ کنکری کے پس پھوڑ دے تو آنکھ اسکی نہیں ہے تجھ پر گناہ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** ظاہر حدیث پر عمل کیا ہے شافعی نے کہ ساقط کیا اُس سے ضمان آنکھ کا اور کہا ابو حنیفہ نے کہ اُسپر ضمان ہے اور حدیث محمول ہے مبالغہ اور تہدید پر واللہ اعلم بالصواب **وعن** سھل بن سعد ان رجلا اطلع فی جحر فی باب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ومع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم مدری یحک بہ راسہ فقال لو علمت انک تنظر لطعنت بہ فی عینک انما جعل الاستئذان من اجل البصر متفق علیہ اور روایت ہے سہل بن سعد سے یہ کہ ایک شخص نے جھانکا بیچ سوراخ دروازہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شانہ تھا کھجاتے تھے اُس سے سر اپنا پس فرمایا اگر جانتا میں یقینًا کہ تو دیکھتا ہے البتہ مارتا میں اُسکو بیچ آنکھ تیری کے سوائے اسکے نہیں مقرر کی گئی ہے شرع میں پروانگی یعنی اجازت لینی بیچ گھر جانے کے مگر واسطے بچنے نظر کے یعنی سے طرف غیر محرم کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** یہ مبالغہ ہے تعزیر میں کے مانند مار ڈالنے بغیر زور کے ہے **وعن** عبد اللّٰہ بن مغفل انہ رای رجلا یخذف فقال لا تخذف فان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نھی عن الخذف وقال انہ لا یصاد بہ صید ولا ینکأ بہ عدو ولکنھا قد تکسر السن وتفقأ العین متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن مغفل سے یہ کہ دیکھا انھوں نے ایک شخص کو کہ پھینکتا تھا کنکریاں ساتھ انگوٹھے اور انگلی شہادت کے پس کہا انھوں نے کہ نہ پھینک تو کنکریاں پس تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اس طرح سے کنکریاں پھینکنے سے اور فرمایا تحقیق نہیں شکار کیا جاتا ہے ساتھ اسکے شکار اور نہ زخمی کیا جاتا ہے ساتھ اسکے دشمن یعنی دشمن دین سے لیکن یہ احتمال ہے کہ توڑ دیتا ہے دانت کو اور پھوڑ دیتا ہے آنکھ کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** کہا ابن مالک نے کہ منع کیا حضرت نے اس سے بیچ کہ مصلحت نہیں ہے اُسمیں اور خوف ہے فساد کا اور یہی حکم ہے ہر چیز کا کہ جسمیں یہ بات پائی جاتی ہے **وعن** ابی موسی قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اذا مر احدکم فی مسجدنا وفی سوقنا ومعہ نبل فلیمسک علی نصالھا ان یصیب احدا من المسلمین منھا بشیء متفق علیہ اور روایت ہے ابی موسی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب وقت کہ گزرے ایک تمہارا بیچ مسجد ہماری کے یا بیچ بازار ہمارے کے اور ساتھ اسکے ہوں تیر پس چاہیے کہ بند کرے یعنی ہاتھ رکھ لے اُنکی پیکانوں پر اسلیے کہ پہنچے کسیکو مسلمانوں میں سے اُنسے کچھ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** تخصیص مسجد اور بازار کی بسبب اسکے ہے کہ مسجد اور بازار جمع ہونے کی جگہ ہیں مسلمانوں کے جمع ہونیکی اور یہی حکم ہے ہر مجمع کا اور جو چیز کہ مانند تیر کے ہو جیسے تلوار اور نیزہ وغیرہ اسمیں بھی اس طرح استعمال کرے کہ لوگوں کو ایذا نہ پہنچے **وعن** ابی ھریرۃ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا یشیر احدکم علی اخیہ بالسلاح فانہ لا یدری لعل الشیطان ینزع فی یدہ فیقع فی حفرۃ من النار متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ اشارہ کرے ایک تمہارا اوپر بھائی اپنے کے ساتھ ہتھیار کے اسلیے کہ تحقیق وہ نہیں جانتا شاید کہ شیطان کھینچ لے یعنی ہلا دے ہاتھ اُسکا تو مار بیٹھے پس پڑے بیچ گڑھے دوزخ کے

اُسکے سر پر جا پہنچے اور گویا بالکل سکے نقل کی یہ بخاری نے اور مسلم نے وف یعنی شیطان ہاتھ اُسکے سے ہتیار کو دے کسی بھائی مسلمان کی اور اُسکے
سبب سے مستحق دوزخ کا ہو وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اشار الى اخيه بحديدة فان الملائكة
تلعنه حتى ينتهي وان كان اخاه لابيه وامه رواه مسلم اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص
اشارہ کرے طرف بھائی اپنے کے ساتھ لوہے کے یعنی ہتیار فرشتے لعنت کرتے ہیں اُسکو یہاں تک کہ چھوڑ دے اُسکو اگرچہ ہو اشارہ کرنے والا بھائی اُسکا
حقیقی نقل کی یہ مسلم نے وف یعنی گو بھائی بھائی کو قتل نہیں کرتا لیکن اشارہ کرنا بطور ہنسی کے ہوگا اور باوجود اسکے لعنت ہوتی ہے تو
مقصود مبالغہ ہے نہی کا اس سے وعن ابن عمر وابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من حمل علينا السلاح فليس منا رواه
البخاري وزاد مسلم ومن غشنا فليس منا اور روایت ہے ابن عمر اور ابی ہریرہ سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ اٹھاوے ہمپر ہتیار
یعنی لڑائی اور ہنسی کے کھینچے ہتیار پس نہیں ہم میں سے یعنی نہیں ہے ہمارے طریقہ پر نقل کی یہ بخاری نے اور زیادہ کیا مسلم نے اور جو شخص کہ فریب کرے ہمکو یعنی معاملہ
میں بیچ کا خلاف ہے وہ نہیں ہم میں سے وعن سلمة بن الاكوع قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من سل علينا السيف فليس منا رواه مسلم اور روایت ہے
سلمہ بن اکوع سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کھینچے ہمپر تلوار یعنی لڑنے کو پس نہیں ہے ہم میں سے نقل کی یہ مسلم نے وعن هشام بن
عروة عن ابيه ان هشام بن حكيم مر بالشام على اناس من الانباط وقد اقيموا في الشمس وصب على رؤسهم الزيت فقال ما هذا قيل
يعذبون في الخراج فقال هشام اشهد لسمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان الله يعذب الذين يعذبون الناس في الدنيا رواه مسلم اور روایت ہے ہشام بن عروہ
سے نقل کی انہوں نے باپ اپنے سے کہ ہشام بن حکیم گذرا شام میں اوپر کتنے آدمیوں کے کہ قوم نبط سے تھے اور کھڑے کیے گئے تھے دھوپ میں اور ڈالا گیا تھا سروں پر انکے
تیل پس ہشام بن حکیم نے کہا یہ کیا ہے کہا گیا عذاب کیے جاتے ہیں بسبب خراج کے پس کہا ہشام نے گواہی دیتا ہوں میں البتہ سنا میں نے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ عذاب کریگا انکو جو کہ عذاب کرتے ہیں آدمیوں کو دنیا میں نقل کی یہ مسلم نے وف عذاب کرتے ہیں یعنی ناحق
اور ساتھ ظلم اور جبر کے کہ عذاب کریگا اللہ تعالیٰ ساتھ اسکے یعنی بغیر اسکے کہ ہو ساتھ حق کے جیسے حد وغیرہ وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
يوشك ان طالت بك مدة ان ترى قوما في ايديهم مثل اذناب البقر يغدون في غضب الله ويروحون في سخط الله وفي رواية ويروحون في لعنة الله
رواه مسلم اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے اگر دراز ہوئی عمر تیری یہ کہ دیکھیگا تو ایک قوم کو کہ انکے ہاتھوں میں ہونگے مانند
دموں گایوں کی یعنی کوڑے صبح کرینگے بیچ غضب خدا کے اور شام کرینگے بیچ ناخوشی خدا کے اور ایک روایت میں ہے اور شام کرینگے بیچ لعنت
اللہ کے نقل کی یہ مسلم نے وف یعنی صبح سے شام تک ظلم کرینگے اور مارینگے لوگوں کو ناحق
وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صنفان من اهل النار لم ارهما قوم معهم سياط كاذناب البقر يضربون بها الناس ونساء
كاسيات عاريات مميلات مائلات رؤسهن كاسنمة البخت المائلة لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها وان ريحها لتوجد من مسيرة كذا وكذا رواه مسلم
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو گروہ ہیں دوزخیوں سے نہیں دیکھا میں نے انکو یعنی بعد میرے دیکھیگا ایک قسم سے وہ ہیں
کہ انکے پاس کوڑے ہونگے مانند دموں گایوں کے مارینگے ناحق ساتھ انکے لوگوں کو اور دوسری قسم عورتیں ہیں پہنے ہوئے
کپڑے ننگی ہیں یعنی حقیقت میں ننگی ہیں مائل کرنے والیاں اور مائل ہونے والیاں سر انکے مانند کوہان اونٹوں بختی کے جھکے ہوئے نہیں داخل ہونگی بہشت
میں اور نہ سونگھیں گی بو اسکی حالانکہ بو جنت کی پائی جاتی ہے مسافت اتنی اور اتنی سے یعنی بہت دور سے مثلاً سو برس کی راہ سے نقل کی یہ مسلم
نے وف کپڑے پہنے ہوئے الخ یعنی پہنے ہوئے کپڑے باریک کہ بدن انکا نظر آوے معلوم ہوتا ہے اگرچہ ظاہر میں پہنے ہوئے ہیں لیکن حقیقت میں ننگی ہیں

[illegible] کھلا رکھتی ہو جیسے کہ دوپٹہ پتلا یعنی باریک ہو ... اور پیٹ ... شہوت کی ... اور بہت ... [illegible]
لباس تقویٰ سے ... [illegible] ... لباس ... [illegible]
[illegible] ... اللہ تعالیٰ ... [illegible]
[illegible] ... [illegible]
[illegible] ... [illegible]
[illegible] ... عورتوں کی ... [illegible]
جنت میں ... جنت کی ... [illegible] ... حلال جاننے پر ... [illegible]

وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قاتل احدکم فلیجتنب الوجہ فان اللہ خلق آدم علی صورتہ۔ متفق علیہ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ لڑے ایک تمہارا تو چاہیئے کہ بچا رہے منہ کو اس لیے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا آدم کو اوپر صورت اپنی ... [illegible]
[illegible] ... [illegible]
[illegible] ... [illegible]
[illegible] ... [illegible] ... الفصل

الفصل الثانی

عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کشف سترا فادخل بصرہ فی البیت قبل ان یؤذن لہ فرای عورۃ اھلہ فقد اتی حدا لا یحل لہ ان یاتیہ ولو انہ حین ادخل بصرہ استقبلہ رجل ففقا عینہ ما عیرت علیہ وان مر الرجل علی باب لا ستر لہ غیر مغلق فنظر فلا خطیئۃ علیہ انما الخطیئۃ علی اھل البیت۔ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب

روایت ہے ابی ذر سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ کھولے پردہ ... [illegible]
[illegible] ... [illegible]
[illegible] ... [illegible]
[illegible] ... [illegible]
[illegible] ... [illegible]

وعن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا حدث الرجل الحدیث ثم التفت فھی امانۃ۔ رواہ الترمذی وابو داؤد

اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بیان کرے آدمی بات پھر التفات کرے ... روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے [illegible]

[illegible] ... [illegible]

اور روایت ہے ... [illegible]

وعن سعید بن زید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قتل دون مالہ فھو شھید ومن قتل دون دمہ فھو شھید ومن قتل دون دینہ فھو شھید ومن قتل دون اھلہ فھو شھید [illegible]

والنسائی اور روایت ہے سعید بن زید سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ مارا جاوے واسطے حفاظت مال کے پس بیشک وہ شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے
واسطے حفاظت جان اپنی کے پس وہ بھی شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے حفاظت دین اپنے کے پس وہ بھی شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے حفاظت اہل اپنے
کے پس وہ بھی شہید ہے نقل کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے ف واسطے حفاظت دین اپنے کے یعنی کوئی کافر یا مبتدع اسکے دین کی حقارت کرتا ہو اور وہ شخص
اسکا مقابلہ کیا اور مارا گیا اور اکثر علماء اسپر ہیں کہ اگر کوئی شخص قصد کرے کسیکے مال لینے کا یا مار ڈالنے اسکے کا یا قصد کرے اسکے اہل و عیال کی بے حرمتی کا پس اسکو دفع
کرے اسکے قصد کو پس اسکو ساتھ طریق سہل کے اور اگر وہ باز نہ آوے بغیر قتل و قتال کے تو دفع کرے مار ڈالے اسکو تو نہیں لازم ہے اسپر کچھ اور اگر مارا جاوے دافع تو شہید ہوگا
ثلاث وعن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لجہنم سبعۃ ابواب باب منہا لمن سل السیف علی امتی او قال علی امۃ محمد
رواہ الترمذی وقال ہذا حدیث غریب اور روایت ہے ابن عمر سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا دوزخ کے سات دروازے ہیں ایک دروازہ انمیں سے واسطے اس شخص کے ہے کہ کھینچے
تلوار اوپر امت میری کے یا فرمایا اوپر امت محمد کے نقل کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے وحدیث ابی ہریرۃ اذا حیاۃ ذکر فی باب الغضب اور حدیث ابی ہریرہ
کی کہ اسکا بیان ہو چکا ذکر کی گئی باب الغصب میں باب القسامۃ یہ باب بیچ بیان قسامت کے ہے ف قسامت ساتھ فتح قاف کے بمعنی قسم کے ہے اور شرع میں
قسامۃ اسکو کہتے ہیں کہ محلہ میں ایک شخص مقتول پایا گیا اور اسکا قاتل معلوم نہیں ہوا اس محلہ کے لوگوں میں سے پچاس آدمی قسم کھاویں کہ نہیں مارا ہم نے اسکو اور نہ ہم جانتے
ہیں قاتل اسکا پس یہ مذہب امام ابوحنیفہ کا ہے بسبب حدیث مشہور کے کہ البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر جیسے کہ دلالت کرتی ہے اسپر حدیث آئندہ فصل ثالث میں
رافع سے اور مذہب امام شافعی اور احمد کا یہ ہے کہ درمیان اہل محلہ کے اور مقتول کے عداوت ظاہر ہو اور لوث ہو یعنی علامت ظاہر ہو کہ انہوں نے مارا ہے جیسا کہ پایا گیا اسکا قاتل
سوبند دیکھا جاوے اور پایا مقتول اور قسم کھاوے پچاس قسم ولی مقتول کے اور لیوے دیت اور اگر قسم نہ کھاوے تو قسم کھاویں اہل محلہ اور بری ہوں قتل سے جیسے کہ دلالت کرتی ہے اسپر
حدیث اول فصل کی ہے اور صحیح صحیح ہے امام شافعی کا قول جدید پس جو شخص دعوی قتل کا کرے ساتھ لوث کے بسبب اسکے جس پر قسم کھاوے اور قتل عمد کا دعوی کرے یا خطا کا اور امام مالک کے نزدیک
اگر دعوی قتل عمد کا ہو تو حکم ساتھ قصاص کے کرنا چاہئے اور قول قدیم امام شافعی کا بھی یہی ہے اور بعض مسائل قسامت کے درمیان اسکے مذکور ہیں کتب فقہ میں اور اللہ اعلم بالصواب
تحقیق یہ حضرت نے پہلے اس سلسلہ کا حکم کیا ساتھ قسامت کے بیچ جاہلیت کے اور قصاص دعوی قتل کیا اور یہود خیبر کے نزدیک **الفصل الاول** عن رافع
وعن رافع بن خدیج وسہل بن ابی حثمۃ انہما حدثا ان عبد اللہ بن سہل ومحیصۃ بن مسعود اتیا خیبر فتفرقا فی النخل فقتل عبد اللہ بن سہل فجاء عبد الرحمن
بن سہل وحویصۃ ومحیصۃ ابنا مسعود الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فتکلموا فی امر صاحبہم فبدأ عبد الرحمن وکان اصغر القوم فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کبر
اوسپر بنا بر مذہب نزدیک جمہور علما کے اور نزدیک امام ابوحنیفہ کے روا ہے بسبب ضرورت کے سفر کرنے میں ساتھ فوت ہونے رفقت کے اور وقت اوسکے ہاتھ آنے کے لیکن مکروہ ہے کہ باعث لعن اور ترک فعل کا ہے طاعت سے اور نزدیک شافعی کے سفر روز جمعہ کے اگرچہ پہلے زوال سے اور وقت صبح کے ہو حرام ہے کذا فی سفر السعادة وترجمہ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَصْحَبُ الْمَلٰٓئِکَۃُ رُفْقَۃً فِیْہَا جِلْدُ نَمِرٍ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ساتھ ہوتے فرشتے اوس قافلہ کے کہ اوسمیں ہو چمڑا چیتے کا نقل کی یہ ابوداؤد نے ف چیتے کے چمڑے پر سوار ہونے اور استعمال میں لانے اوسکے سے منع فرمایا ہے واسطے کہ شان تکبر کی ہے اور لباس عجم کا ہے شرح وَعَنْ سَہْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُ الْقَوْمِ فِی السَّفَرِ خَادِمُہُمْ فَمَنْ سَبَقَہُمْ بِخِدْمَۃٍ لَمْ یَسْبِقُوْہُ بِعَمَلٍ اِلَّا الشَّہَادَۃَ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سردار قوم کا سفر میں خادم اونکا ہے پس جو شخص پیشدستی لیگیا اونکے ساتھ خدمت کرنے کے نہیں پیشدستی لیجا دینگے اوس سے ساتھ عمل کے مگر شہادت کی نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں ف یعنے سردار کو چاہیے کہ خدمت کرے قوم کی اور قائم ہو ساتھ مصالح اونکے کے اور رعایت احوال اونکے کا ہو بالکل اور بعضوں نے کہا مراد یہ ہے کہ جو کوئی خدمت کرے اگرچہ ظاہر میں ادنی اونکا ہو سردار اونکا ہے حقیقت میں بسبب کثرت ثواب کے اور یعنی مناسب میں ساتھ قول خبر کے فمن سبقہم الخ یعنے کوئی عمل افضل خدمت سے نہیں ہے کہ مردان خدمت سبقت لیجائیں مگر وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرے مارا جاوے اور فضیلت شہادت کی پاوے شرح

بَابُ الْکِتَابِ اِلَی الْکُفَّارِ وَدُعَائِہِمْ اِلَی الْاِسْلَامِ

باب ہے بیچ لکھنے نامہ کے طرف کفار کے اور بلانے اونکی کے طرف اسلام کے ف بلانا کفار کا طرف اسلام کے پہلے لڑنے کے واجب ہے اور لڑنا پہلے بلانے کے طرف اسلام کے حرام ہے اگر نہ پہنچی ہو اونکو دعوت اور مستحب ہے بلانا اگر پہنچی ہو اونکو دعوت اور اکثر بلانا ساتھ لکھنے خط کے ہوتا ہے خصوصا بادشاہوں اور امیروں کو چنانچہ حضرت نے نامے لکھے ہیں کافر بادشاہوں کو مانند قیصر اور نجاشی اور کسریٰ کے اور حضرت جب بعد صلح حدیبیہ کے تو ارادہ کیا یہ کہ لکھیں نامہ طرف قیصر کے پس عرض کیا لوگوں نے کہ وہ نہیں پڑھتے ہیں نامہ کو مگر یہ کہ ہو مہر کیا گیا پس بنوائی حضرت نے مہر چاندی کی اور کندہ کیے تین سطریں ایک سطر میں محمد اور دوسرے میں رسول اور تیسرے میں اللہ اور کی مہر نامہ پر اور وارد ہوا ہے کہ گزشتہ [illegible] الطبرانی شرح

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَتَبَ اِلٰی قَیْصَرَ یَدْعُوْہُ اِلَی الْاِسْلَامِ وَبَعَثَ بِکِتَابِہٖ اِلَیْہِ دِحْیَۃَ الْکَلْبِیَّ وَاَمَرَہٗ اَنْ یَّدْفَعَہٗ اِلٰی عَظِیْمِ بُصْرٰی لِیَدْفَعَہٗ اِلٰی قَیْصَرَ فَاِذَا فِیْہِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ مُّحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ اِلٰی ہِرَقْلَ عَظِیْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْہُدٰی اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ اَدْعُوْکَ بِدِعَایَۃِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ وَاَسْلِمْ یُؤْتِکَ اللّٰہُ اَجْرَکَ مَرَّتَیْنِ وَاِنْ تَوَلَّیْتَ فَعَلَیْکَ اِثْمُ الْاَرِیْسِیِّیْنَ وَیٰٓاَہْلَ الْکِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰی کَلِمَۃٍ سَوَآءٍ بَیْنَنَا وَبَیْنَکُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰہَ وَلَا نُشْرِکَ بِہٖ شَیْئًا وَّلَا یَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْہَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَقَالَ اِثْمُ الْیَرِیْسِیِّیْنَ وَقَالَ بِدِعَایَۃِ الْاِسْلَامِ روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا طرف قیصر کے بادشاہ روم درحالیکہ بلاتے تھے اوسکو طرف اسلام کے اور بھیجا نامہ اپنا طرف اوسکے ساتھ دحیہ کلبی صحابی کے اور حکم کیا اوسکو یہ کہ پہنچا دے اوس نامہ کو طرف حاکم بصریٰ کے تاکہ پہنچا دے حاکم بصریٰ اوس نامہ کو قیصر کے پس ناگہاں اوس نامہ میں لکھا تھا شروع کرتا ہوں ساتھ

نام

نام اللہ کے کہ بخشنے والا مہربان ہے یہ نامہ صادر ہے طرف محمد کے سے کہ بندہ خاص خدا کا اور رسول اسکا ہے طرف ہرقل کے کہ صاحب بزرگ روم
سلام ہے اوسپر کہ پیروی کرے ہدایت کی یعنی ساتھ اسلام لانے کے اور ظہور خیر کرے کہ ایسے لوگ ہمیشہ سلامت ہیں پس تحقیق میں بلاتا ہوں تجھکو ساتھ بلانے
اسلام کے کہ وہ کلمہ شہادت کا ہے مسلمان ہو سالم رہیگا تو یعنی ضرر دنیا اور عذاب آخرت کے سے اور مسلمان ہو دیگا تجکو اللہ ثواب تیرا دو ہرا یعنی
ایک ثواب بسبب ایمان لانے کے نبی اپنے پر اور ایک ثواب بسبب ایمان لانے کے مجھپر اور اگر منہ پھیریگا تو یعنی قبول اسلام سے پس تجھپر گناہ
تابعداروں اور رعیت تیرے کا یعنی تجھپر ساتھ گناہ تیرے کے گناہ تابعداروں تیرے کا بھی ہوگا بسبب اسکے کہ تابع ہونگے وہ تیرے اسلام لانے میں اے
اہل کتاب آؤ طرف کلمہ کے اور وہ کلمہ برابر اور مشترک ہے درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے یعنی نہیں مختلف اسمیں رسول اور کتابیں اور کلمہ یہ ہے کہ
نہ بندگی کریں ہم مگر اللہ کی اور نہ شریک کریں ساتھ اوسکے کسی چیز کو اور نہ پکڑے بعض ہمارا بعض کو رب سوائے اللہ کے یعنی جیسا کہ نصاریٰ نے
حضرت عیسیٰ کو رب ٹھہرایا پس اگر منہ پھیریں یعنی اہل کتاب قبول اس بات سے پس کہو تم اے مومنو کہ گواہ رہو اسکا کہ ہم مسلمان ہیں نقل
کی یہ بخاری اور مسلم نے اور بیچ ایک روایت مسلم کے یوں ہے کہ کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کہ رسول ہے خدا کا اور کہا اثم الیریسیین بجائے
اریسین کے اور کہا بدعایۃ الاسلام بجائے بداعیۃ الاسلام کے ف قیصر بادشاہ روم کو کہتے ہیں جیسا کہ بادشاہ فارس کو کسریٰ اور بادشاہ
حبشہ کو نجاشی اور بادشاہ ترک کو خاقان اور بادشاہ قبط کو فرعون اور بادشاہ مصر کو عزیز اور بادشاہ حمیر کو تبع ساتھ پیش تے اور تشدید
بے کے اور بادشاہ ہند کو رائے کہتے ہیں اور نام اس قیصر کا کہ جسکو حضرت نے نامہ لکھا ہرقل تھا اور دحیہ ساتھ زیر دال کے صحابی تھے حضرت
جبرئیل اکثر انہیں کی صورت میں اترتے تھے حضرت نے جب انکو ہرقل کے پاس بھیجا تو وہ ایمان لایا اور پھر انکار سے چپ ہوا اور بصریٰ
نام ایک شہر کا ہے شام میں اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کہا ابن ملک نے کہ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ آداب خط لکھنے سے یہ ہے کہ اول بسم اللہ لکھے
اور نام مکتوب عنہ کا بھی پہلے لکھے لکھتا ہوں میں کہ یہ بات کلام اللہ سے بھی نکلی جاتی ہے انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اسلیے کہ واو
واسطے مطلق جمع کے ہے اور سلام ہو اوسپر الخ حضرت نے اوسکو خطاب کر کے سلام علیک نہ کہا اسلیے کہ وہ کافر تھا بلکہ کہا سلام ہو اوسپر کہ پیروی کرے
ہدایت کی اور اسمیں اشارہ ہے طرف اسکے کہ جائز ہے ابتدا کرنی ساتھ سلام کے واسطے غیر اہل اسلام کے کتابت میں ع وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بِكِتَابِهِ إِلَى كِسْرَى مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ فَأَمَرَهُ أَنْ يَدْفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ الْبَحْرَيْنِ
فَدَفَعَهُ عَظِيمُ الْبَحْرَيْنِ إِلَى كِسْرَى فَلَمَّا قَرَأَهُ مَزَّقَهُ فَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَدَعَا عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
أَنْ يُمَزَّقُوا كُلَّ مُمَزَّقٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا نامہ اپنا طرف کسریٰ کے
ساتھ عبد اللہ بن حذافہ سہمی کے پس حکم کیا اُنکو یہ کہ پہنچا دے نامہ طرف سردار بحرین کے کہ نام ایک جگہ کا ہے پس پہنچایا عبد اللہ نے نامہ
سردار بحرین کو پس پہنچایا سردار بحرین نے نامہ کسریٰ کو پس جب پڑھا کسریٰ نے پھاڑ ڈالا اسکو کہا ابن مسیب نے بد دعا کی اون پر یعنی کسریٰ
اور اسکے تابعداروں پر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ پارہ پارہ کیے جاویں وہ تمام پارہ پارہ ہونا نقل کی یہ بخاری نے ف
پس مارا پرویز کو اسکے بیٹے نے کہ شیرویہ نام تھا اسکا اور بعد چھ مہینے کے اسکا بیٹا بھی مر گیا اور آئی انکی بان نحوست اور بہت ابتلا
کرو ح وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَى كِسْرَى وَإِلَى قَيْصَرَ وَإِلَى النَّجَاشِيِّ وَإِلَى كُلِّ جَبَّارٍ
يَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِي صَلَّى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے انس سے
یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا نامہ طرف کسریٰ کے اور طرف قیصر کے اور طرف نجاشی کے اور طرف ہر گردن کش کے درحالیکہ بلاتے تھے انکو

طرف لشکر کے اور نہیں تھا یہ نجاشی کہ جسکو حضرت نے نامہ لکھا وہ نجاشی کہ نماز پڑھی اوسپر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نقل کی یہ مسلم نے فرمایا شیخ نے
جو اسکو کہا یہ وہ نجاشی ہو کہ جسپر حضرت نے نماز پڑھی مدینہ میں غائبانہ کہ وہ مخلص اور خادم تھا حضرت کا اور اونکے اصحاب کا اور نام اسکا
اصحمہ تھا جب اسکی خبر موت کی آئی تو حضرت نے فرمایا مر گیا مرد صالح بھائی تمہارا اصحمہ اٹھو اور نماز پڑھو اوسپر لوگ تھے یہ دونوں مسلمان اور
مقبول ہو کر گذرے ہیں لکھے حضرت نے نامے اطراف کے بادشاہوں کو اور بھیجا عمرو بن ضمیری کو پاس نجاشی کے اور جب کیا نجاشی نے نامہ حضرت
کا تو تخت سے اوتر کر زمین پر بیٹھا اور چوما نامے کو اور دونوں آنکھوں پر رکھا اور حکم کیا ساتھ پہنچنے نامے کے اور جب مطلع ہوا اسکے مضمون پر اسلام
لایا اور کہا اشہد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ اور کہا اگر میں جا سکتا حضرت پاس تو حاضر ہوتا حضرت کی خدمت بابرکت میں اور بھیجا اپنے
بیٹے کو تحفہ لیکر حضرت کے پاس اور بیٹا اسکا راہ میں مر گیا پھر حضرت نے دوسرا نامہ لکھا اسکو اور وہ دونوں نامے موجود ہیں اسکی اولاد میں اسکی
تعظیم کرتے ہیں اسکی اور برکت طلب کرتے ہیں ساتھ اسکے تمت بشرح وعن سليمان بن بريدة عن ابيه قال كان رسول الله
صلى الله عليه وسلم اذا امر اميرا على جيش او سرية اوصاه في خاصته بتقوى الله ومن معه من المسلمين خيرا ثم قال
اغزوا باسم الله في سبيل الله قاتلوا من كفر بالله اغزوا فلا تغلوا ولا تغدروا ولا تمثلوا ولا تقتلوا وليدا واذا لقيت
عدوك من المشركين فادعهم الى ثلث خصال او خلال فايتهن ما اجابوك فاقبل منهم وكف عنهم ثم ادعهم الى
الاسلام فان اجابوك فاقبل منهم وكف عنهم ثم ادعهم الى التحول من دارهم الى دار المهاجرين واخبرهم انهم ان فعلوا
ذلك فلهم ما للمهاجرين وعليهم ما على المهاجرين فان ابوا ان يتحولوا منها فاخبرهم انهم يكونون كاعراب المسلمين يجري
عليهم حكم الله الذي يجري على المؤمنين ولا يكون لهم في الغنيمة والفيء شيء الا ان يجاهدوا مع المسلمين فان هم ابوا
فسلهم الجزية فان هم اجابوك فاقبل منهم وكف عنهم فان هم ابوا فاستعن بالله وقاتلهم واذا حاصرت اهل حصن
فارادوك ان تجعل لهم ذمة الله وذمة نبيه فلا تجعل لهم ذمة الله وذمة نبيه ولكن اجعل لهم ذمتك
وذمة اصحابك فانكم ان تخفروا ذممكم وذمم اصحابكم اهون من ان تخفروا ذمة الله وذمة رسوله وان حاصرت
اهل حصن فارادوك ان تنزلهم على حكم الله فلا تنزلهم على حكم الله ولكن انزلهم على حكمك فانك لا تدري
اتصيب حكم الله فيهم ام لا رواه مسلم ۔ روایت ہے سلیمان بن بریدہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم جب سردار کرتے کسی کو بڑے لشکر پر یا چھوٹے لشکر پر نصیحت کرتے اسکو بیچ حق اسکی کے ساتھ تقوی اللہ کے اور نصیحت کرتے تھے اسکو
بیچ حق اُن لوگوں کے کہ ساتھ اسکے ہوتے مسلمانوں سے ساتھ نیکی کے یعنی سلوک اور احسان اور نرمی کرنا ان سے پھر فرماتے حضرت جہاد کرو اور چلاؤ
ہتھیار لیے ساتھ نام اللہ کے بیچ راہ خدا کے یعنی واسطے رضامندی اسکی کے اور دین الٰہی کے لڑو اس شخص سے کہ کفر کیا اسنے
ساتھ اللہ کے جہاد کرو اور خیانت کرو غنیمت میں اور عہد توڑو اور مثلہ کرو یعنی اعضا مانند ناک کان وغیرہ کے کاٹو اور مت مارو
لڑکوں کو اور جس وقت ملاقات کرے تو اے امیر اپنے دشمنوں سے مشرکین میں سے پس بلاؤ انکو طرف تین چیزوں کے یا کہا طرف تین خلال کے پھر
جو چیز ان تین چیزوں میں سے قبول کریں تجھ سے اور اختیار کریں مشرک پس قبول کر ان سے اور باز رہ ان سے یعنی لڑائی وغیرہ تکلیف سے
پھر بلا انکو طرف اسلام کے پس اگر قبول کیا تجھ سے پس قبول کر انسے اور باز رہ ان سے پھر بلا انکو طرف نقل کرنے یعنی چلے آنے کی اپنے ملک سے
بیچ دار الہجرت کے طرف ملک مہاجرین کے یعنی دار الاسلام کے اور خبر دے انکو یہ کہ اگر کریں وہ یہ یعنی اپنے ملک سے چلے آویں دار الاسلام میں

پس واسطے انکے ہے وہ چیز کہ واسطے مہاجرین کے ہے اور اوپر انکے ہے وہ چیز کہ مہاجرین پر ہے پس اگر نہ قبول کریں اسلام لانا تو اتنا مانگ انسے پس خبر دے انکو یہ کہ وہ ہونگے مانند گنواروں مسلمانوں کے جاری کیا جاویگا اوپر انکے حکم خدا کا وہ کہ جاری کیا جاتا ہے مسلمانوں پر یعنی واجب ہے نماز اور زکوۃ وغیرہ کا اور قصاص اور دیت اور مانند انکے کا اور نہوگا واسطے انکے غنیمت لوٹ میں کچھ حصہ مگر یہ کہ جہاد کریں ساتھ مسلمانوں کے یعنی اور مہاجروں کے لیے بغیر جہاد کے بھی حصہ مقرر تھا یہ مثل انکے ہونگے پس اگر وہ قبول نکریں یہ پس سوال کر انسے جزیہ کا پس اگر انہوں نے قبول کیا تجھسے پس قبول کر انسے اور باز رہ ان سے پس اگر وہ نمانیں پس مدد چاہ اللہ سے اور لڑ ان کو اور جب گھیرے تو ایک قلعہ والوں کو اور بستی والوں کو یعنی کفار کو پس چاہیں تجھسے یہ کہ تو واسطے انکے ذمہ اللہ کا اور ذمہ نبی اسکے کا پس نکر تو انکو ذمہ اللہ کا اور ذمہ نبی اسکے کا و لیکن کر تو واسطے انکو اپنا ذمہ اور ذمہ اپنے یاروں کا اسلیے کہ تحقیق تم اگر توڑو اپنا ذمہ اور ذمہ اپنے یاروں کا سہل تر ہے اس سے کہ توڑو ذمہ اللہ کا اور ذمہ رسول اسکے کا اور اگر گھیرے تو ایک قلعہ والوں کو اور چاہیں تجھسے یہ کہ نکالے تو انکو اوپر حکم اللہ کے پس نہ نکال انکو اوپر حکم اللہ کے و لیکن نکال تو انکو اپنے حکم پر اسلیے کہ تحقیق تو نہیں جانتا ہے کہ پہونچیگا تو حکم اللہ کو انکے بارہ میں یا نہیں یعنی کیا جاتا ہے تو کہ دے حکم کر انکے نکالنے کا کیا ہے تو نے صواب ہے نزدیک خدا کے اور موافق حکم اسکے کے ہے یا نہیں شاید کہ چوک گیا ہو تو جیسے کہ حاکم مجتہد کا ہے بسبب نقل کی یہ مسلم نے ف پہلے جو لفظ ثم ادعہم کا فرمایا بیان اسکا یہ ہے کہ جب بلایا تو نے چیزوں مذکورہ کو بطریق اجمال کے پس بیان حکم کا بطریق تفصیل کے پس بلا انکو پہلے طرف اسلام کے کہا نووی نے کہ سب صحیح مسلم کے نسخوں میں ثم ادعہم ہی ہے اور کہا قاضی عیاض نے کہ صواب روایت ادعہم کی ہے بدون لفظ ثم کے چنانچہ کتاب ابی عبید اور سنن ابی داود وغیرہ میں بھی بغیر لفظ ثم کے ہے اسلیے کہ تفسیر خصال کی ہے نہ غیر انکا اور کہا مازری نے کہ ثم بیان زائدی ہوا ر دخول ہوا ہے واسطے افتتاح کلام کے اور یہ بیان پہلے چیز کا ہے تین چیزوں میں سے اور لفظ مع المسلمین تک اسی کا تتمہ ہے اور دوسری چیز مقرر کرنا جزیہ کا اور تیسرے لڑنا ہے اور حضرت نے جو ہجرت کا حکم کیا کہا بعضوں نے کہ ہجرت ارکان اسلام سے تھی پہلے فتح مکہ کے اور وہ چیز کہ واسطے مہاجروں کے ہے یعنی ثواب اور مستحق ہونا مال فی کا اور یہ استحقاق تھا حضرت کے زمانے میں اسلیے کہ مال حق منع کیا جاتا تھا مہاجرین پر وقت نکلنے کے طرف جہاد کے جسوقت کہ حکم کیا انکو امام نے برابر ہے کہ ہوں کافی لوگ مقابل دشمن کے ہیں یا نہیں بخلاف غیر مہاجرین کے کہ نہیں نکلنا واجب اوپر انکے طرف جہاد کے اگر ہوں مقابل دشمن کے وہ لوگ کہ کفایت کریں اور یہی معنے میں اس قول حضرت کے و علیہم ما علی المہاجرین یعنی جہاد اور مانند اسکے اور اعراب مسلمانوں کے کہ رہتے ہیں جنگل میں اور لفظ میں اور غنیمت اور فی کے انکی معنے ہیں کہ اس مال کو کہتے ہیں کہ کفار سے ہاتھ لگے اور بعضوں نے فرق کیا ہے کہ غنیمت وہ مال کہ جنگ و مشقت سے ہاتھ لگے اور فی وہ کہ بغیر جنگ و مشقت کے ہاتھ آوے اور ذمہ یعنی عہد و امان اور اگر توڑو اپنا ذمہ الخ معنے اسکے یہ ہیں کہ اگر توڑا انہوں نے عہد اللہ کا اور رسول اسکے کا نہیں جانے کا تو کہ کیا کرے ساتھ انکے یہانتک کہ اذن دیا جاوے تو گویا تو دھکے لوڑ مانند انکے کے انکے حق میں اور یہ متعذر ہے تجھسے بسبب دور ہونیکے تیری جگہ اترنے وحی کے سے بخلاف اسکے کہ جب توڑیں عہد تیرا تو جب ارادہ کریگا انکو کہ ساتھ انکے قتل کرنے انکے سے یا مقرر کرنے جزیہ سے یا بندی کرنے انکے سے وغیر ذلک بسبب مصلحت کے کہ دیکھے تو انکے حق میں

وعن عبد اللہ بن ابی اوفی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بعض ایامہ التی لقی فیہا العدو انتظر حتی مالت الشمس ثم قام فی الناس فقال یا ایہا الناس لا تتمنوا لقاء العدو وسلوا اللہ العافیۃ فاذا لقیتموہم فاصبروا واعلموا ان الجنۃ تحت ظلال السیوف ثم قال اللہم منزل الکتاب ومجری السحاب وہازم الاحزاب اہزمہم وانصرنا علیہم متفق علیہ

اور روایت ہے عبداللہ بن ابی اوفی سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ بعضے دنوں اپنے کے وہ دن کہ ملاقات کی انمیں دشمن سے
بیچ جہاد میں انتظار کیا یعنی نہ لڑے اُن سے یہانتک کہ ڈھلا آفتاب پھر کھڑے ہوئے لوگوں میں خطبہ فرمایا پس فرمایا اے آدمیو آرزو نہ کرو
دشمنوں کے ملنے کی یعنی نہ چاہو کہ کافروں سے قتال واقع ہو اسلیے کہ اسمیں طلب کرنا بلا کا ہے اور یہ منع ہے اور مانگو اللہ سے عافیت پس
جسوقت کہ ملو تم اپنے دشمنوں سے پس صبر کرو اور جانو کہ بہشت نیچے سایہ تلواروں کے ہے یعنی قریب ہے پھر دعا کی یا الٰہی اوتارنے والے کتاب کے
اور چلانے والے ابر کے اور شکست دینے والے جماعت کافروں کے شکست دے انکو اور مدد دے ہمکو کافروں پر نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے
ف ڈھلنا آفتاب کا اسوقت کے انتظار میں یہ حکمت تھی کہ وہ وقت چلنے ہواؤں اور نشاط نفسوں کا ہے اور یہی وقت نماز و دعا کا اور حدیث
شریف میں آیا ہے کہ اسوقت میں کھولے جاتے ہیں دروازے آسمان کے اور اعمال اوٹھائے جاتے ہیں محل قبولیت میں پس امید ہوتی ہے
اسمیں نزول الواح فتح و نصرت کی پس چونکہ جہاد افضل اعمال ہے چاہا کہ اوسوقت میں واقع ہو وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا غَزَا بِنَا قَوْمًا لَمْ يَكُنْ يَغْزُو بِنَا حَتّٰى يُصْبِحَ وَيَنْظُرَ اِلَيْهِمْ فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا كَفَّ عَنْهُمْ وَاِنْ لَمْ يَسْمَعْ اَذَانًا اَغَارَ
عَلَيْهِمْ قَالَ فَخَرَجْنَا اِلٰى خَيْبَرَ فَانْتَهَيْنَا اِلَيْهِمْ لَيْلًا فَلَمَّا اَصْبَحَ وَلَمْ يَسْمَعْ اَذَانًا رَكِبَ وَرَكِبْتُ خَلْفَ اَبِي طَلْحَةَ وَاِنَّ
قَدَمِي لَتَمَسُّ قَدَمَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَخَرَجُوا اِلَيْنَا بِمَكَاتِلِهِمْ وَمَسَاحِيهِمْ فَلَمَّا رَاَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا مُحَمَّدٌ وَاللّٰهِ مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيسُ فَلَجَاُوا اِلَى الْحِصْنِ فَلَمَّا رَآهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے
انس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جسوقت کہ جہاد کرتے ساتھ ہمارے کسی قوم سے یعنی حضرت جہاد کرتے کسی قوم سے اور ہم ساتھ ہوتے حضرت
کچھ نہیں تھے کہ جہاد کریں ساتھ ہمارے یہانتک کہ صبح کرتے اور دیکھتے طرف انکے پس اگر سنتے اذان باز رہتے اُن سے اور اگر نہ سنتے
اذان تو غارت کرتے انکو کہا انس نے پس نکلے ہم طرف خیبر کے پس پہنچے ہم طرف اُنکے رات کو پس جب صبح کی اور نہ سنی اذان سوار
ہوئے اور سوار ہوا میں پیچھے ابو طلحہ کے اور تحقیق قدم میرے البتہ لگتے تھے قدم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سے یعنی سبب پاس ہونے کے حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کی سواری پاس تھی ہمارے سواری کے کہا انس نے پس نکلے خیبر والے طرف ہمارے ساتھ تھیلوں اپنے اور بیلچوں اپنے کے یعنی ساتھ اسباب کاشت
کے زراعت کے باہر آئے تھے پس جب دیکھا انہوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا انہوں نے یہ محمد ہیں قسم ہے اللہ کی آئے محمد اور لشکر پس پناہ لی طرف
قلعہ کے پس جب دیکھا انکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی بھاگتے فرمایا یعنی ازراہ تفاول کہ سامان شکست پایا انکی کے اللہ بزرگ ہے اللہ
بزرگ ہے خراب ہوا خیبر تحقیق ہم یعنی مسلمین یا جماعت انبیا جسوقت کہ اوترتے ہیں بیچ میدان ایک قوم کے پس بری ہوتی ہے صبح انکی جو ڈرائے
گئے ہیں نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف اور دیکھتے طرف انکے یعنی تامل کرتے انکے حال میں اور استدلال کرتے
عقائد پر ساتھ افعال انکے کے اگرچہ معلوم ہوتا کہ یہ شہر کفار کا ہے لیکن پھر بھی تامل کرتے واسطے احتمال اسکے کہ شاید مسلمان ہوں انمیں
پس اگر اذان سنتے تو نہ لوٹتے اور اگر نہ سنتے تو لوٹتے بسبب علامت کفر کے اسلیے کہ ترک کرنا اذان کا اسوقت میں مسلمانوں سے متصور نہ تھا
کہا خطابی نے کہ اسمیں دلیل ہے اسپر کہ اذان شعار اسلام سے ہے اور نہیں جائز ہے ترک کرنا اسکا اگر ایک شہر کے لوگ متفق ہوں ترک کرنے
اذان پر تو واجب ہے امام پر قتال کرنا انسے اسیطرح فرمایا ہے حنفیہ نے کذا ہے اور تحقیق بیان کی یہ بات بیان کے واسطے سبب خرابی خیبر کا اور ڈرائے
گئے ہیں یعنی بری ہو صبح انکی بسبب نازل ہونے عذاب کے ساتھ قتل کے اور غارت کرنے کے اور یہ تفاول حضرت صلی

علیہ وسلم نے اس آیۃ سے انا اذا نزلنا بساحۃ قوم فساء صباح المنذرین کہا نووی نے کہ اس حدیث سے معلوم ہوا
کہ مستحب ہے تکبیر کہنا وقت سننے کے دشمن سے اور جائز ہے استشہاد ساتھ قرآن کے بیچ مثل ایسے حال کے جیسے امور محققہ کا اور ایسی مثل ہے
جو کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت فتح مکہ کے کہا جاء الحق وزہق الباطل کہا علماء نے کہ مکروہ ہے اسیطرح جو کہ ہو بطریق ضرب المثل کے
محاورات میں اور کلام میں واسطے تعظیم اللہ تعالیٰ کے کتابوں میں بلکہ تصریح کی ہے بعضے علماء نے ساتھ اسکے کہ کفر ہے کہنا کلام اللہ
کا جگہ کلام اپنے کے اسطرح کہ خطاب کرے ایک شخص کو کہ نام اسکا یحییٰ ہو وقت دینے کتاب کے ساتھ اس آیۃ کے یا یحییٰ خذ الکتاب
بقوۃ اور اسیطرح کہنا بسم اللہ کا جگہ کہا کے اور داخل ہوئے اور مانند اسکے اور قول صلی اللہ علیہ وسلم کا جاء الحق وزہق
الباطل نہیں ہے بیچ باب استشہاد کے بلکہ قبیل امتثال سے ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وقل جاء الحق وزہق الباطل اور اس
طرح کہنا سبب نزدیک علماء کا موجب قتل سبب نزول علماء کے اور مانند اسکے بجا لانا حکم الٰہی کا ہے پس یہ مستحب ہے صحیح ہے وعن
النعمان بن مقرن قال شہدت القتال مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکان اذا لم یقاتل اول النہار
انتظر حتی تہب الارواح وتحضر الصلوۃ رواہ البخاری اور روایت ہے نعمان بن مقرن سے کہ کہا حاضر ہوا میں
قتال میں ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تھے جس وقت نہ قتال کرتے اول دن انتظار کرتے یہانتک کہ چلتیں ہوائیں اور
آتا وقت نماز کا ... ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قتال وقت نماز ظہر کے اسوقت میں تھا
کہ اول روز میں قتال واقع نہوتا غالبا احوال مختلف تھا کبھی روز میں اور کبھی دوپہر ڈھلے

الفصل الثانی

فصل دوسری عن النعمان بن مقرن قال شہدت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان
اذا لم یقاتل اول النہار انتظر حتی تزول الشمس وتہب الریاح وینزل النصر رواہ ابو داؤد
روایت ہے نعمان بن مقرن سے کہا حاضر ہوا میں ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب
کہ نہ لڑتے اول ... انتظار کرتے یہانتک کہ ڈھلتا آفتاب اور چلتی ہوائیں اور نازل ہوتی نصرت یعنی فتح کی یا
حاصل ہوتا فتح کہ ببرکت دعائے مسلمین کے بعد نماز کے مجاہدین کے لیے نقل کی یہ ابو داؤد نے وعن قتادۃ عن النعمان
بن مقرن قال غزوت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فکان اذا طلع الفجر امسک حتی تطلع الشمس
فاذا طلعت قاتل فاذا انتصف النہار امسک حتی تزول الشمس فاذا زالت الشمس قاتل حتی العصر ثم امسک
حتی یصلی العصر ثم یقاتل قال قتادۃ کان یقال عند ذلک تہیج ریاح النصر ویدعو المؤمنون
لجیوشہم فی صلوتہم رواہ الترمذی اور روایت ہے قتادہ سے کہ نقل کی نعمان بن مقرن سے کہ کہا جہاد کیا میں نے
ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ ظاہر ہوتی فجر یعنی صبح باز رہتے شروع کرنے جہاد سے
یہانتک کہ نکلتا آفتاب یعنی اور فارغ ہوتے نماز صبح سے پھر جس وقت نکلتا آفتاب لڑتے پھر جس وقت ... ہو جاتی یعنی دوپہر
کہ وہ وقت چاشت ہے قریب دوپہر کے ٹھہرتے یہانتک کہ ڈھلتی دوپہر پس جس وقت کہ ڈھلتی دوپہر یعنی اور نماز پڑھ
لیتے عصر تک پھر ٹھہرتے یہانتک کہ نماز پڑھتے عصر کی پھر لڑتے کہا قتادہ نے کہا جاتا ہے ... کہتے تھے یعنی علماء اس فعل کے
کہ اس جہت سے تھا کہ نزدیک ان اوقات کے چلتی ہیں ہوائیں نصرت کی اور دعا کرتے ہیں مسلمان واسطے لشکروں اپنے کے بیچ نمازوں

پڑھے بعد نماز کے اور بیان نماز میں جیسے کہ بیچ پڑھنے قنوت کے حدیثیں اچھی ہیں نقل کی یہ ترمذی نے ۔ وَعَنْ عِصَامٍ الْمُزَنِيِّ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتُمْ مَسْجِدًا أَوْ سَمِعْتُمْ مُؤَذِّنًا فَلَا تَقْتُلُوا أَحَدًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ اور روایت ہے عصام مزنی سے کہا بھیجا ہمکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ ایک چھوٹے لشکر کے اور فرمایا جب دیکھو تم مسجد یا سنو تم کسی موذن کو اذان کہتے ہوئے پس مت قتل کرو کسی کو نقل کی ترمذی اور ابو داؤد نے ف یعنی جب پاؤ تم کوئی علامت علامات شعار اسلام سے پس مت قتل کرو کسی کو یہانتک کہ تمیز کرو مسلم کافر سے ع

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ صحیح عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ كَتَبَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ إِلَى أَهْلِ فَارِسَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مِنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ إِلَى رُسْتُمَ وَمِهْرَانَ فِي مَلَأِ فَارِسَ سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّا نَدْعُوكُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ فَإِنْ أَبَيْتُمْ فَأَعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَأَنْتُمْ صَاغِرُونَ فَإِنْ أَبَيْتُمْ فَإِنَّ مَعِي قَوْمًا يُحِبُّونَ الْقَتْلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَا يُحِبُّ فَارِسُ الْخَمْرَ وَالسَّلَامُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ اور روایت ہے ابی وائل سے کہ لکھا خالد بن ولید نے طرف اہل فارس کے یعنی سرداروں انکے کے بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ نامہ خالد بن ولید کی طرف سے بطرف رستم اور مہران کے کہ داخل ہیں بیچ جماعت فارس کے سلام اسپر کہ پیروی کرے ہدایت کے اوپر بعد اسلام کے جانو تم کہ ہم بلاتے ہیں تمکو طرف اسلام کے یعنی مسلمان ہونے کی پس اگر نہ قبول کرو تم اسلام پس قبول کرو جزیہ اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر پس اگر انکار کرو تم یعنی جزیہ سے پس ہلاک و پشیمان ہوگے اسلئے کہ تحقیق ساتھ میرے ایک قوم ہے کہ دوست رکھتے ہیں قتل کرنے کو یا مارے جانے کو راہ خدا میں جیسے کہ دوست رکھتے ہیں اہل فارس شراب کو یعنی مست و بیہوش رہتے ہیں قتال میں بیہوش تجوہیں اور لذت پاتے اسمیں اور سلام اوپر اسکے کہ پیروی کرے ہدایت کی نقل کی یہ شرح السنہ میں

بَابُ الْقِتَالِ فِي الْجِهَادِ

باب ہے لڑائی کا جہاد میں ف یعنی اسمیں وہ حدیثیں ہیں کہ رغبت دلائی ہے حضرت نے اسمیں جہاد کی اور بیان کیا ہے ثواب جہاد کا ع

اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ صحیح عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فَأَيْنَ أَنَا قَالَ فِي الْجَنَّةِ فَأَلْقَى تَمَرَاتٍ فِي يَدِهِ ثُمَّ قَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہے جابر سے کہ کہا ایک شخص نے واسطے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے دن جنگ احد کے خبر دو تم میں مارا جاؤں یعنی شہید ہوں پس کہاں ہونگا میں بہشت میں یا دوزخ میں فرمایا بہشت میں پس پھینک دیں اسنے کھجوریں کہ تھیں اسکے ہاتھ میں یعنی واسطے جلدی حاصل ہونے شہادت کے اور داخل ہونے کے بہشت میں پھر لڑا یہانتک کہ مارا گیا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ۔ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ غَزْوَةً إِلَّا وَرَّى بِغَيْرِهَا حَتَّى كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ يَعْنِي غَزْوَةَ تَبُوكَ غَزَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَرٍّ شَدِيدٍ وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيدًا وَمَفَازًا وَعَدُوًّا كَثِيرًا فَجَلَّى لِلْمُسْلِمِينَ أَمْرَهُمْ لِيَتَأَهَّبُوا أُهْبَةَ غَزْوِهِمْ فَأَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّذِي يُرِيدُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ اور روایت ہے کعب بن مالک سے کہ کہا نہ تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ارادہ کرتے کسی غزوے یعنی جہاد کا مگر توریہ کرتے ساتھ غیر اسکی کے یہانتک کہ ہوا یہ غزوہ یعنی غزوہ تبوک غزوہ کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ گرمی سخت کے اور متوجہ ہوئے سفر بعید و دراز کو اور جنگلوں بے آب و گیاہ کو اور بہت سے دشمنوں کو پس کھول کر کہدیا حضرت نے

مسلمانوں کو احوال اس غزوہ کا تا درستی کریں سامان جہاد اپنی کی پس خبر دی حضرت نے صحابہ کو ساتھ راہ و روش اپنے کے ارادہ پر کہ جس
نقل کی یہ بخاری نے ف توریہ کے معنی چھپانا ایک خبر کا اور اظہار کرنا خبر دوسری کا یعنی اگر حضرت چاہتے کہ ایک جگہ جہاد کو جائیں تو یوں
ایسا مشہور کر دیتے کہ اور جگہ جاوینگے اور یہ اسلیے تھا کہ دشمن غافل رہیں یہ قسم خدعہ سے تھا جیسا کہ آیا ہے الحرب خدعۃ اور یہ توریہ بطریق
تعریض اور کنایہ کے تھا نہ ساتھ قول صریح کے جیسے ایک جانب جہاد کا ارادہ کرتے تو سوال اور جگہ کا کرتے تاکہ راہوں کی خبر ... حتی کہ
طرف نکلتے صریحاً کہتے تھے کہ میں فلاں جگہ جاتا ہوں ... سفر دور دراز ... جہاد تبوک ... مشہور طرف ... جہاد کیا گیا
معلوم و معروف تھا نسبت کعب بن مالک کے اور لیکن اسی جہاد میں حضرت کے ساتھ نہ گئے تھے مدینہ ہی میں رہے تھے پیچھے قصہ ان کا مشہور اور مذکور
قرآن مجید میں یعنی وہ جہاد کیونکہ بلا و محنت کے پڑ رہا تھا اسمیں اور دور دراز تھا اسیلیے کہ تبوک درمیان مدینہ اور شام کے ہے چودہ منزل
مدینہ سے اور یہ اخیر غزوہ حضرت کا غزوہ ... میں ہوا ... وہاں ... وعن جابر قال قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحرب خدعۃ متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
لڑائی فریب ہے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی مکر و فریب کرنا لڑائی میں زیادہ مفید ہوتا ہے بہت لڑنے سے اور فریب اسطرح
دے کہ میدان جنگ سے ہٹ جاوے تا غنیم غافل ہو اور خیال رہے کہ جنگ سے پھر گیا پھر یکایک حملہ کرے پس اسطرح اور مانند اسکے
فریب کرے اور صریح جھوٹ نہ بولے اور لفظ خدعہ ساتھ زبر اور پیش خ اور جزم دال کے ہے اور زبر افصح ہے یعنی جنگ تمام ہوتی ہے ساتھ
ایک فریب کے اور ساتھ زیر خ کے بھی آیا ہے یعنی نوع از فریب اور ساتھ پیش خ اور زبر دال کے یعنی جنگ بہت فریب دینے والی
یعنی آدمی کے خیال میں کچھ کچھ ڈالتی ہے پھر جب جنگ کرتا ہے تو امر خلاف اسکے ظاہر ہوتا ہے جیسے ضحکہ اور لعبہ کہتے ہیں اسکو
بہت ہنستا ہو اور بہت کھیلتا ہو اور اتفاق ہے علما کا اسپر کہ جائز ہے فریب کرنا ساتھ کفار کے لڑائی میں مگر جس صورت میں کہ اس میں
نقض عہد و امان ہو تو نکرے شرع وعن انس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغزو بام سلیم ونسوۃ
من الانصار معہ اذا غزا یسقین الماء ویداوین الجرحی رواہ مسلم اور روایت ہے انس سے
کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جہاد میں لیجاتے ام سلیم کو اور کتنی عورتوں کو انصار میں سے ساتھ اپنے جسوقت کہ جہاد کرتے
حضرت یعنی مع صحابہ کے پانی پلاتیں یہ عورتیں یعنی غازیوں کو اور دوا کرتیں زخموں کی نقل کی یہ مسلم نے ف اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ جہاد میں لیجانا بیبیوں کا واسطے خدمت پانی پلانے کے اور دوا کرنے کے جائز ہے اور اگر واسطے مباشرت و صحبت کے
لیجاویں تو لونڈیاں بہتر ہیں آزاد سے شرع وعن ام عطیۃ قالت غزوت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سبع
غزوات اخلفہم فی رحالہم فاصنع لہم الطعام واداوی الجرحی واقوم علی المرضی رواہ مسلم اور روایت ہے
ام عطیہ سے کہا کہ غزوے کیے میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات غزوے پیچھے رہتی تھی میں انکے ڈیروں میں پس تیار کرتی تھی
میں واسطے انکے کھانا اور دوا کرتی تھی میں زخمیوں کی اور خبرگیری کرتی تھی میں بیماروں کی نقل کی یہ مسلم نے
وعن عبد اللہ بن عمر قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن قتل النساء والصبیان متفق علیہ اور روایت ہے عبداللہ
بن عمر سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنے عورتوں کے سے اور لڑکوں کے سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے
ف ہدایہ میں لکھا ہے کہ نہ قتل کیجاوے عورت اور لڑکا اور نہ اپاہج اور نہ اندھا اور نہ شیخ فانی لیکن لڑکا اور دیوانہ قتل کیجاوینگے

حالت قتال اپنے مین اور عورت بھی قتل کیجاوے اگرچہ نہ قتال کرے اور اسیطرح لڑکا بادشاہ اسلیے کہ بادشاہ کے قتل مین انکی شوکت ٹوٹتی ہے وعن الصعب بن جثامة قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن أهل الدار يبيتون من المشركين فيصاب من نسائهم وذراريهم قال هم منهم وفي رواية هم من آبائهم متفق عليه روایت ہے صعب بن جثامہ سے کہ کہا پوچھے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اہل دیار سے یعنے کافرون سے کہ رہتے ہین شہرون مین شبخون کیے جاوین پس ماری جاوین عورتین انکی اور اولاد انکی فرمایا کہ وہ بھی انہین مین سے ہین اور ایک روایت مین ہے کہ وہ تابع ہین اپنے باپون کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنے عورت کو اور لڑکون کو جو مارے بقصد قتل نہ کیجیے اگر شبخون کی حالت مین ماری جاوین تو کچھ مضائقہ نہین کہ یہ بھی کافر ہین مانند بڑے مردون کے حکم قتل مین بسبب نہ امتیاز ہونے انکی کے بڑے مردون لڑنے والے سے

وعن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قطع نخل بني النضير وحرق ولها يقول حسان وهان على سراة بني لؤي حريق بالبويرة مستطير وفي ذلك نزلت ما قطعتم من لينة أو تركتموها قائمة على أصولها فبإذن الله متفق عليه اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کاٹنے درخت کھجورون بنی نضیر کے کو اور جلانے انکی کا حکم فرمایا اور انکے حق مین کہا ہے حسان نے شعر اور آسان ہوا سرداران بنی لوی پر جلانا بویرہ کا پھیلا ہوا اور اتری یہ آیت کہ جو کچھ کہ کاٹا تم نے درخت کھجور سے یا چھوڑا تم نے اسکو کھڑا ہوا اسکی جڑون پر پس یہ ہے ساتھ حکم اللہ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف بنی نضیر نام ایک قبیلہ کا ہے قبائل یہود سے جب انہون نے توڑا عہد اور قصد کیا حضرت کے قتل کرنے کا تو نازل ہوئی وحی ساتھ اس چیز کے کہ قصد کیا انہون نے پس جلا وطن کیے گئے طرف خیبر کے اور جلائی گئین کھجورین انکی اور خراب کیے گئے گھر انکے اور حسان بن ثابت صحابی انصاری ہین شاعر حضرت کے اور لوی ساتھ پیش لام اور فتح ہمزہ اور تشدید ی کے اولاد نضر بن کنانہ سے ہے کہ حضرت کے جد اوسے ہین اور مراد بنی لوی سے اشراف قریش ہین یعنے اصحاب حضرت کے اور بویرہ نام ایک جگہ کا ہے کہ جہان کھجورین بنی نضیر کی تھین اور روایت کیا گیا ہے کہ جب حضرت نے حکم کیا بنی نضیر کی کھجورون کاٹنے کا تو انہون نے کہا یا محمد آپ منع فرماتے تھے فساد کرنے سے زمین مین پس یہ کھجورین کیون کاٹین اور جلائین پس آیہ مذکورہ اوتری تو اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے کاٹنا اور جلانا درختون کفار کا

وعن عبد الله بن عون أن نافعا كتب إليه يخبره أن ابن عمر أخبره أن النبي صلى الله عليه وسلم أغار على بني المصطلق غارين في نعمهم بالمريسيع فقتل المقاتلة وسبى الذرية متفق عليه اور روایت ہے عبد اللہ بن عون سے یہ کہ نافع نے لکھا طرف ابن عون کے درحالیکہ خبر دیتا تھا نافع اسکو یہ کہ ابن عمر نے خبر دی اسکو یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوٹا بنی مصطلق کو اسحال مین کہ غافل تھے وہ اپنے مواشی مین بیچ مکان مریسیع کے پس قتل کیا انکے لڑنے والے کو اور بندی پکڑا انکی عورتون لڑکون کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف بنی مصطلق یعنی ہین خزاعہ مین سے اور مریسیع نام ایک جگہ کا ہے درمیان مکہ اور مدینہ کے وہان پانی تھا بنی مصطلق کا اور لڑنے والون سے مراد ہین وہ شخص کہ لیاقت رکھتے تھے لڑائی کی یعنے مرد عاقل بالغ اور ذریت سے مراد ہین عورتین اور لڑکے اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے قتل کرنا لڑاکا کا اور لے لینا انکے اموال کا حالت غفلت مین بیچ

وعن أبي أسيد أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لنا يوم بدر حين صففنا لقريش وصفوا لنا

إذا أكثبوكم فعليكم بالنبل وفي رواية إذا أكثبوكم فارموهم واستبقوا نبلكم رواه البخاري
اور روایت ہے ابی اسید سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم لوگوں کو جنگ بدر کے جس وقت کہ صف باندھی ہم نے واسطے لڑنے قریش کے اور
صف باندھی قریش نے واسطے لڑنے ہمارے کے جس وقت کہ نزدیک پہنچیں وہ تمہارے یعنے ایسے کہ تیر پہونچ سکے اُن تک پس مارو اُن کو
تیر لوہیں ایک روایت بخاری کے ہے جس وقت کہ نزدیک پہونچیں وہ تمہارے پس تیر مارو انکو اور باقی رکھو تیر یعنے سب تیر خرچ
کرڈالو کچھ باقی بھی رکھو تا وہ غالب ہوں تم پر بسبب نہتے ہوتے تمہارے کے نقل کی یہ بخاری نے وحديث سعد هل
تنصرون ذكر في باب فضل الفقراء وحديث البراء بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم رهطا في باب المعجزات
إن شاء الله تعالى اور حدیث سعد کی کہ هل تنصرون ذکر کرینگے ہم بیچ باب فضل الفقراء کے اور حدیث براء کی کہ اول اسکے
بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رہطا بیچ باب المعجزات کے آرہا ہے انشاء اللہ تعالی الفصل الثاني فصل دوسری وعن عبد الرحمن
بن عوف قال عبأنا النبي صلى الله عليه وسلم ببدر ليلا رواه الترمذي روایت ہے عبد الرحمن بن عوف سے رسول الله
کہا تعبیہ کیا ہمکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر میں ایک رات نقل کی یہ ترمذی نے ف تعبیہ کیا یعنے مہیا کیا لڑائی کے لیے ساتھ
ہتیاروں کے اور برابر کیں صفیں اور قائم کیا ہر ایک کو ہم میں سے اُس جگہ کہ مناسب تھے اُسکے لیے رات کو تا دن کو اُسی طرح کھڑے
رہیں تم وعن المهلب أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إن بيتكم العدو فليكن شعاركم حم
لا ينصرون رواه الترمذي وأبو داود اور روایت ہے مہلب سے یہ کہ رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یعنے غزوہ
خندق میں اگر شب خون کریں تم پر دشمن پس چاہیے کہ ہووے علامت تمہاری حم لا ینصرون نقل کی یہ ترمذی اور ابوداود نے ف
علامت یعنے نشانی تا جاوے کہ مسلمان کون ہے اور کافر کون اور یہ قرارداد سپاہیوں کا ہے کہ رات کی لڑائی میں مقرر کر لیتے ہیں تا علامت
اور اشتباہ نہو کہ کس جانب کا ہے خصوصاً وقت شبخون کے کہ اشتباہ اسمیں اکثر ہوتا ہے حاصل یہ کہ اپنے لوگوں کو کہدیتے ہیں کہ جب ہم
پوچھیں کون تو یہ بولے بولنا اصطلاح کی کو زبان انگریزی میں پلول کہتے ہیں اور معنے اسکے یہ ہیں اے اتارنے والے حم کے مدد نہ دیے
جاوینگے کافر تم وعن سمرة بن جندب قال كان شعار المهاجرين عبد الله وشعار الأنصار
عبد الرحمن رواه أبو داود اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ کہا تھی علامت مہاجرین کی عبد اللہ اور علامت انصار کی
عبد الرحمن یعنے کسی اور غزوے میں نقل کی یہ ابوداود نے وعن سلمة بن الأكوع قال غزونا مع أبي بكر زمن النبي
صلى الله عليه وسلم فبيتناهم نقتلهم وكان شعارنا تلك الليلة أمت أمت رواه أبو داود
اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے کہ کہا جہاد کیا ہم نے ساتھ ابوبکر صدیق کے زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے میں پس شبخون کیا ہم نے
کفار پر در حالیکہ قتل کرتے تھے ہم انکو اور تھی علامت ہماری اُس رات یعنے پہچان اپنے لوگوں کی کلمہ امت امت یعنے مار
اے خدا تعالی دشمنوں نقل کی یہ ابوداود نے وعن قيس بن عباد قال كان أصحاب النبي صلى الله عليه
وسلم يكرهون الصوت عند القتال رواه أبو داود اور روایت ہے قیس بن عباد سے کہ کہا تھے صحابہ
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مکروہ رکھتے آواز کو وقت لڑنے کے یعنے سوائے ذکر حمد کے نقل کی یہ ابوداود نے ف عادت ہے لڑنے
والوں کی کہ وقت لڑائی کے آواز بلند کرتے ہیں یعنے شجاعت وغیرہ اپنی بیان کرتے ہیں تا رعب ہو کفار پر پس صحابہ اس بات کی

کچھ حقیقت نہ جانتے تھے اسلیے کہ اسمیں قرب الٰہی نہیں بلکہ بلند کرتے تھے اپنی آوازیں ساتھ ذکر اللہ کے کہ اسمیں مطلب اپنی دنیا اور شہرت کی ہو
وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْتُلُوا شُيُوخَ الْمُشْرِكِيْنَ وَاسْتَحْيُوا شَرْخَهُمْ اَیْ
صِبْيَانَهُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ اور روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ نقل کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مار ڈالو مشرکوں
کی بڑی عمر والے اور زندہ رکھو چھوٹی عمر والے یعنے لڑکے انکے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود نے ف مراد بڑی عمر والوں سے یا تو جوان ہیں مقابل
لڑکوں کے یا وہ بڈھے کہ قوی اور صاحب رائے ہوں لڑنے پر اور شیخ فانی کو مارنا درست نہیں مگر جبکہ صاحب علم اور تدبیر ہو لڑائی میں ۔
وَعَنْ عُرْوَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اُسَامَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَهِدَ اِلَيْهِ قَالَ اَغِرْ عَلٰى اُبْنٰى صَبَاحًا وَحَرِّقْ
رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ اور روایت ہے عروہ سے کہ کہا حدیث کی مجکو اسامہ نے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید کی طرف انکے یعنے جبکہ لشکر کر
بھیجا اسکو فرمایا غارت کر تو ابنا پر وقت صبح کے اور جلا دے یعنے کھیتیاں اور درخت اور گھر انکے نقل کی یہ ابو داود نے ف ابنا نام ایک
جگہ کا ہے شام میں اور اس سے معلوم ہوا کہ غارت کرنا اور جلانا شہروں کفار کا جائز ہے ۔ وَعَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ اِذَا اَكْثَبُوْكُمْ فَارْمُوْهُمْ وَلَا تَسُلُّوا السُّيُوْفَ حَتّٰى يَغْشَوْكُمْ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ اور روایت ہے
ابی اسید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دن بدر کے جس وقت کہ قریب آ دین تمہارے کفار پس تیر مارو انکو اور مت سونتو تلواریں
یہانتک کہ قریب پہنچیں وہ تمہارے نقل کی یہ ابو داود نے ۔ وَعَنْ رَبَاحِ بْنِ الرَّبِيْعِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ فَرَاَى النَّاسَ مُجْتَمِعِيْنَ عَلٰى شَیْءٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَامَ اجْتَمَعَ هٰؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَى امْرَاَةٍ
قَتِيْلٍ فَقَالَ مَا كَانَتْ هٰذِهٖ لِتُقَاتِلَ وَعَلَى الْمُقَدِّمَةِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا تَقْتُلِ امْرَاَةً
وَلَا عَسِيْفًا رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ اور روایت ہے رباح بن ربیع سے کہ کہا تھے ہم ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک غزوے میں پس
دیکھا لوگوں کو جمع ہوئے ہیں ایک چیز پر پس بھیجا حضرت نے ایک شخص کو اور فرمایا دیکھ کس چیز پر جمع ہوئے ہیں یہ پس آیا وہ شخص اور کہا
جمع ہوئے ہیں ایک عورت پر کہ ماری گئی ہے وہ پس فرمایا نہ تھی یہ لڑتی یعنی پس کیوں مارا اسکو اور تھے آگلی فوج پر خالد بن ولید پس بھیجا حضرت نے
ایک شخص کو اور کہا کہدے واسطے خالد کے کہ نہ مار کسی عورت کو اور نہ مزدور کو نقل کی یہ ابو داود نے ف مراد مزدور سے وہ مزدور ہے
کہ لڑتا نہو بلکہ خدمت کے لیے ہمراہ ہو ۔ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ انْطَلِقُوْا بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ
وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَا تَقْتُلُوْا شَيْخًا فَانِيًا وَلَا طِفْلًا صَغِيْرًا وَلَا امْرَاَةً وَلَا تَغُلُّوْا وَضُمُّوْا غَنَائِمَكُمْ وَاَصْلِحُوْا
وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ اور روایت ہے انس سے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
یعنے مجاہدوں کو وقت بھیجنے کے جہاد کے لیے روانہ ہو ساتھ نام خدا کے اور توفیق و تائید خدا کے اور اوپر دین رسول خدا کے نہ مارو
تم نہایت بوڑھے کو اور نہ چھوٹے لڑکے کو اور نہ عورت کو اور خیانت نہ کرو تم غنیمت میں اور جمع کرو تم مال غنیمت کا اور صلح
کرو تم آپس میں ساتھ ترک منازعت کے یا کفار سے اگر مصلحت دیکھو یا سنوارو امور اپنے اور نیکی کرو یعنے آپس میں اسلیے کہ خدا تعالے
دوست رکھتا ہے نیکی کرنے والوں کو نقل کی یہ ابو داود نے ف نہایت بوڑھے کو یعنے مگر جبکہ ہو لڑنے والا یا صاحب رائے و تدبیر تو
اس صورت میں اسکو بھی مارو اور ظاہر یہ ہے کہ لفظ صغیر بدل ہے یا بیان ہے لفظ طفلا کا یعنے لڑکا کہ حد بلوغ کو نہ پہونچا ہو اور استثنا
کیا گیا ہے اس سے وہ لڑکا کہ ہو بادشاہ یا لڑنے والا اور نہ عورت کو یعنے جبکہ نہو وہ لڑنے والی اور نہو ملکہ اور صاحب رائے

وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ تَقَدَّمَ عُتْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَتَبِعَهُ ابْنُهُ وَأَخُوهُ فَنَادَى مَنْ يُبَارِزُ فَانْتَدَبَ لَهُ شَبَابٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ مَنْ أَنْتُمْ فَأَخْبَرُوهُ فَقَالَ لَا حَاجَةَ لَنَا فِيكُمْ إِنَّمَا أَرَدْنَا بَنِي عَمِّنَا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْ يَا حَمْزَةُ قُمْ يَا عَلِيُّ قُمْ يَا عُبَيْدَةُ بْنَ الْحَارِثِ فَأَقْبَلَ حَمْزَةُ إِلَى عُتْبَةَ وَأَقْبَلْتُ إِلَى شَيْبَةَ وَاخْتَلَفَ بَيْنَ عُبَيْدَةَ وَالْوَلِيدِ ضَرْبَتَانِ فَأَثْخَنَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ ثُمَّ مِلْنَا عَلَى الْوَلِيدِ فَقَتَلْنَاهُ وَاحْتَمَلْنَا عُبَيْدَةَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ اور روایت ہے حضرت علیؓ سے کہا جب کہ ہوا دن جنگ بدر کا آگے بڑھا یعنے لڑنے کے لیے کفار میں سے عتبہ بن ربیعہ اور پیچھے آیا اسکے بیٹا اوسکا یعنے ولید اور بھائی اسکا یعنے شیبہ بن ربیعہ پس آواز دی عتبہ نے کون ہے کہ نکلے میدان میں لڑنے کے لیے پس جواب دیا عتبہ کو کئی ایک جوانوں نے انصار میں سے یعنے نکلے میدان میں واسطے لڑنے کے ساتھ عتبہ اور ہمراہیوں اسکی کے پس کہا عتبہ نے کون ہو تم پس خبر دی اُن جوانوں نے اسکو کہ ہم انصار ہیں پس کہا عتبہ نے نہیں حاجت ہمکو بیچ تمہارے یعنے تم سے لڑنے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں سوائے اسکے نہیں کہ ارادہ کرتے ہیں ہم اولاد چچا اپنی کا کہ قریش اور مہاجرین ہیں پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑا ہو تو اے حمزہ کھڑا ہو تو اے علی کھڑا ہو تو اے عبیدہ بیٹے حارث کے پس متوجہ ہوئے حمزہ طرف عتبہ کے یعنے لڑنے کے لیے اور مارا اسکو اور متوجہ ہوا میں یعنے حضرت علی طرف شیبہ کے یعنے اور قتل کیا میں نے اسکو اور جاری ہوئیں درمیان عبیدہ اور ولید کی دو ضربیں یعنی پس زخمی اور سست کیا ایک نے اُن دونوں میں سے مقابل والے اپنے کو پھر حملہ کیا ہمنے ولید پر پس قتل کیا ہمنے اسکو اور اوٹھا لائے ہم عبیدہ کو یعنے معرکہ میں سے نقل کی یہ حدیث احمد اور ابو داود نے وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً فَأَتَيْنَا الْمَدِينَةَ فَاخْتَفَيْنَا بِهَا وَقُلْنَا هَلَكْنَا ثُمَّ أَتَيْنَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ نَحْنُ الْفَرَّارُونَ قَالَ بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُونَ وَأَنَا فِئَتُكُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ نَحْوَهُ وَقَالَ لَا بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُونَ قَالَ فَدَنَوْنَا فَقَبَّلْنَا يَدَهُ فَقَالَ أَنَا فِئَةُ الْمُسْلِمِينَ اور روایت ہے ابن عمرؓ سے کہا بھیجا ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ ایک لشکر کے پس بھاگے لوگ بھاگنا پس آئے ہم مدینہ میں پس چھپ رہے اسمیں یعنے بسبب بھاگنے کے اور کہا ہمنے یعنے اپنے دل میں یا آپس میں ہلاک ہوئے ہم یعنے گنہگار ہوئے بسبب بھاگنے کے دشمنوں سے پھر آئے ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا ہمنے یا رسول اللہ ہم ہیں بھاگنے والے فرمایا حضرتؐ نے یعنے واسطے رفع ندامت انکی کے بلکہ تم حملہ پر حملہ کرنیوالے ہو اور میں جماعت تمہاری ہوں نقل کی یہ ترمذی نے اور بیچ روایت ابی داود کے مانند اسکے ہے اور فرمایا نہیں بلکہ تم حملہ پر حملہ کرنے والے ہو کہا ابن عمرؓ نے پس نزدیک ہوئے ہم اور بوسہ لیا ہمنے ہاتھ آنحضرتؐ کا اور فرمایا حضرتؐ نے میں جماعت مسلمانوں کی ہوں ف حملہ پر حملہ کرنیوالے ہو عکر کے معنی ہیں پھیل کر اور پھر آنا لڑائی میں یعنے اگر بھاگے لڑائی سے بہ نیت اسکے کہ مدد لیکر پھر لڑائی میں آوینگے گناہ نہیں اور جماعت مسلمانوں کی ہوں یعنے مرکز و ناصر تمہارا ہوں ذات شریف اپنی کو تمام جماعت کے کہا بسبب عظمت و برکت کے جیسے کہ قرآن مجید میں آیا ہے ان ابراہیم کان امۃ

وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ أُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ كَانَ يَسْتَفْتِحُ وَحَدِيثَ أَبِي الدَّرْدَاءِ ابْغُونِي فِي ضُعَفَائِكُمْ فِي بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى اور ذکر کرینگے ہم حدیث امیہ بن عبد اللہ کی کہ سر اسکا یہ ہے وکان یستفتح اور حدیث ابی درداء کی کہ سر اسکا ابغونی فی ضعفائکم ہے بیچ باب فضل فقراء کے اگر چاہیگا اللہ تعالیٰ

الفصل الثالث

عَنْ ثَوْبَانَ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصَبَ الْمَنْجَنِيقَ عَلَى أَهْلِ الطَّائِفِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا روایت ہے ثوبان بن یزید سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑا کیا

ہو جاوے اور اہل جاہلیت سے نقل کی یہ ترمذی نے بطریق ارسال کے یعنی ایک آدمی کو بھیجے جاتے ہیں ساتھ اسکے تجربہ ع باب حُکمِ الأُسَرَاءِ باب بیچ بیان حکم قیدیوں کے اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فصل پہلی عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَجِبَ اللهُ مِنْ قَوْمٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ فِي السَّلَاسِلِ وَفِي رِوَايَةٍ يُقَادُونَ إِلَى الْجَنَّةِ بِالسَّلَاسِلِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تعجب کیا اللہ نے یعنے راضی ہوا اُس قوم سے کہ داخل ہوتے ہیں بہشت میں بیچ زنجیروں کے اور ایک روایت میں یوں ہے کھینچے جاتے ہیں طرف جنت کے ساتھ زنجیروں کے نقل کی یہ بخاری نے مراد ان سے وہ ہیں کہ زبردستی پکڑے جاتے ہیں اور زنجیروں بیڑیوں میں قید کر کر دار الاسلام میں داخل کیے جاتے ہیں اللہ تعالےٰ انکو ایمان نصیب فرماتا ہے پس داخل ہونگے جنت میں یعنے ایمان انکا سبب ہوا دخول جنت کا ع وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَهُوَ فِي سَفَرٍ فَجَلَسَ عِنْدَ أَصْحَابِهِ يَتَحَدَّثُ ثُمَّ انْسَلَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطْلُبُوهُ وَاقْتُلُوهُ فَقَتَلْتُهُ فَنَفَّلَنِي سَلَبَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے کہ آیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک جاسوس مشرکین سے اس حال میں کہ حضرت تھے بیچ سفر کے پس بیٹھا وہ حضرت کے یاروں کے پاس باتیں کرتا تھا پھر پھرا وہ پس فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ڈھونڈو اسکو اور قتل کرو اسکو پس قتل کیا میں نے اسکو پس دیا حضرت نے مجکو اسباب اسکا نقل کی بخاری و مسلم نے وَعَنْهُ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ فَبَيْنَا نَحْنُ نَتَضَحَّى مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلَى جَمَلٍ أَحْمَرَ فَأَنَاخَهُ وَجَعَلَ يَنْظُرُ وَفِينَا ضَعْفَةٌ وَرِقَّةٌ مِنَ الظَّهْرِ وَبَعْضُنَا مُشَاةٌ إِذْ خَرَجَ يَشْتَدُّ فَأَتَى جَمَلَهُ فَأَثَارَهُ فَاشْتَدَّ بِهِ الْجَمَلُ وَخَرَجْتُ أَشْتَدُّ حَتَّى أَخَذْتُ بِخِطَامِ الْجَمَلِ فَأَنَخْتُهُ ثُمَّ اخْتَرَطْتُ سَيْفِي فَضَرَبْتُ رَأْسَ الرَّجُلِ ثُمَّ جِئْتُ بِالْجَمَلِ أَقُودُهُ عَلَيْهِ رَحْلُهُ وَسِلَاحُهُ فَاسْتَقْبَلَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ قَالُوا ابْنُ الْأَكْوَعِ قَالَ لَهُ سَلَبُهُ أَجْمَعُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے سلمہ سے کہ کہا جہاد کیا ہمنے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ہوازن پر کہ نام ایک قبیلہ کا ہے پس اسوقت میں کہ ہم طعام چاشت کا کھاتے تھے ساتھ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ناگاہ آیا ایک شخص سوار اوپر اونٹ سرخ کے پس بٹھایا اسکو اور شروع کیا دیکھنا اور حالانکہ ہم میں سستی یعنے بسبب لاغری اور پیادہ پائی کے اور کمی سواری کے یعنے دیکھا کہ ہم میں سواریاں کم ہیں اور بعضے ہمارے پیادہ ہیں تھے ناگہان نکلا وہ یعنے ہمارے درمیان سے دوڑتا ہوا پس آیا وہ اپنے اونٹ کے پاس پس کھڑا کیا اسکو یعنے بعد سوار ہونے کے اسپر پس دوڑایا اسکو اونٹ نے اور نکلا میں دوڑتا ہوا پیچھے اسکے یہانتک کہ پکڑی میں نے مہار اونٹ کی اور بٹھایا میں نے اسکو پھر کھینچی میں نے تلوار اپنی اور ماری اسکے سر پر پھر لایا میں اونٹ کو کھینچتا ہوا اس حال میں کہ اُسپر تھا اسباب اسکا اور ہتیار اُسکے پس سامنے آئے میرے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور لوگ پس فرمایا کس شخص نے قتل کیا اس شخص کو کہا سبھوں نے کہ سلمہ بن اکوع نے فرمایا واسطے اسکے ہے اسباب اسکا سب نقل کی بخاری و مسلم نے ع وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُو قُرَيْظَةَ عَلَى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَعَثَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ عَلَى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُومُوا إِلَى سَيِّدِكُمْ فَجَاءَ فَجَلَسَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِكَ قَالَ فَإِنِّي أَحْكُمُ أَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَأَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ قَالَ لَقَدْ حَكَمْتَ فِيهِمْ بِحُكْمِ الْمَلِكِ وَفِي رِوَايَةٍ بِحُكْمِ اللهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا جبکہ نکلے بنو قریظہ اوپر حکم سعد بن معاذ کے بھیجا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

کسی شخص کو واسطے بلانے سعد کے پس آئے سعد بن معاذ سوار ایک گدہے پر پس جب نزدیک ہوئے مسجد فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اٹھو طرف سردار اپنے کی پھر آئے سعد اور بیٹھے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق یہ لوگ یعنی بنو قریظہ نکلے ہیں اوپر حکم تمہارے کہا سعد نے تحقیق میں حکم کرتا ہوں یہ کہ مارے جاویں لڑنے والے یعنی جو کہ قابل لڑنے کے ہیں اور یہ کہ بندے کیے جاویں لڑکے اور عورتیں ان کی فرمایا تحقیق حکم کیا تو نے ساتھ حکم بادشاہ کے یعنی ایسا حکم کیا تو نے کہ اللہ تعالیٰ راضی ہو اس سبب سے اور ایک روایت میں ہے ساتھ حکم اللہ تعالیٰ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

ف سعد بن معاذ کبار اصحاب اور سردار انصار سے ہیں اور سردار اوس کے اور بنی قریظہ ایک جماعت ہیں یہود کی مخالفت کی انہوں نے عہد امان کی بیچ جنگ خندق کے بنو قریظہ کو بعد غزوہ خندق کے سنہ پانچ میں پچیس روز تک محاصرہ کیا تو وہ ساتھ حکم سعد بن معاذ کے اترے یعنی کہا کہ جو کچھ سعد حکم کریں ہم اس پر راضی ہیں کہا انہوں نے یہ گمان کر کے کہ سعد کے ساتھ ان کے عہد امان ہیں جاہلیت میں ہماری حمایت کریں گے اور ہمارے خلاصی میں کوشش کریں گے پس جب اترے بنو قریظہ بھیجا سعد کو بلانے پس جب سعد کو لائے تو فرمایا تم اٹھو طرف سردار اپنے کے لیے اس سے معلوم ہوا کہ اہل فضل کی تعظیم و توقیر کرے اور کھڑا ہووے وقت آنے ان کے لیے اور رخصت کرے ان کو ساتھ اس کے جیسا کہ بعضوں نے کہا کہ نہیں تھا کھڑا ہونا واسطے تعظیم کے لیے بلکہ سبب یہ تھا کہ سعد بن معاذ بیمار تھے سبب زخم تیر کا انکے اترنے تھا کہ غزوہ خندق میں تیر لگا تھا اور طاقت اترنے کی سواری پر سے نہ رکھتے تھے پس فرمایا لوگوں کو کھڑا ہو اور مدد کرو اور اترنے میں فرج ح **وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِیْ حَنِیْفَةَ یُقَالُ لَهٗ ثُمَامَةُ بْنُ اُثَالٍ سَیِّدُ اَهْلِ الْیَمَامَةِ فَرَبَطُوْهُ بِسَارِیَةٍ مِنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ اِلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ یَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِیْ یَا مُحَمَّدُ خَیْرٌ اِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَاِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰی شَاكِرٍ وَاِنْ كُنْتَ تُرِیْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی كَانَ الْغَدُ فَقَالَ مَا عِنْدَكَ یَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِیْ مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰی شَاكِرٍ وَاِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَاِنْ كُنْتَ تُرِیْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَقَالَ لَهٗ مَا عِنْدَكَ یَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِیْ مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰی شَاكِرٍ وَاِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَاِنْ كُنْتَ تُرِیْدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ** اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا بھیجا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر طرف نجد کے پس لائے لشکر کے لوگ ایک شخص کو بنی حنیفہ میں سے کہ نام ایک قبیلہ کا ہے کہا جاتا تھا اس کو ثمامہ بیٹا اثال کا سردار اہل یمامہ کا کہ نام ہے شہر کا پس باندھ دیا اس کو ایک ستون سے ستونوں مسجد نبوی کے سے پس نکلے طرف اس کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا ہے نزدیک تیرے اے ثمامہ یعنی کیا ہے حال تیرا بیچ بارے اس کے کیا ہے گمان تیرا بیچ کیا معاملہ کروں گا ساتھ تیرے پس کہا نزدیک میرے اے محمد خیر ہے یعنی خوبی ہے یا نزدیک میرے بہتر ہے حال ہے اگر قتل کرو گے تم یعنی مجھ کو قتل کرو گے خون والے کو یعنی اسکو کہ مستحق قتل ہے پس اسمیں اقرار ہے اپنی تقصیر کا یا یہ کہ اسکو مارو گے تو خون اسکا ساقط نہیں بلکہ قوم میری بدلے گی پس اسمیں دھمکی ہے بزرگی ریاست و شرافت کا اور اگر انعام کرو گے انعام کرو گے اوپر قدر دان کے یعنی سلوک اور احسان تمہاری طرف سے ہوگا اور اگر ہو تم چاہتے مال پس مانگو دیے جاؤ گے مال سے جسقدر چاہو پس چھوڑ دیا اسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی حال پر یہاں تک کہ ہوا اگلا دن پس فرمایا اسکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے نزدیک تیرے اے ثمامہ پس کہا نزدیک میرے وہی چیز ہے کہ کہی میں نے واسطے آپ کے اگر بخشش کرو گے بخشش کرو گے قدر دان پر اور اگر قتل کرو گے قتل کرو گے خون والے کو اور اگر چاہتے ہو مال پس مانگو دیے جاؤ گے مال سے جسقدر چاہو پس چھوڑ دیا اسکو اسی حالت پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک کہ ہوا اگلے سے اگلا دن یعنی تیسرا دن پس فرمایا اسکو کیا ہے نزدیک تیرے اے ثمامہ پس کہا نزدیک میرے وہی چیز ہے کہ کہی میں نے واسطے آپ کے اگر بخشش کرو گے بخشش کرو گے قدر دان پر اور اگر قتل کرو گے قتل کرو گے خون والے کو اور اگر چاہتے ہو مال پس مانگو دیے جاؤ گے مال سے جسقدر چاہو **فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ**

صلی اللہ علیہ وسلم اطلقوا ثمامۃ فانطلق الی نخل قریب من المسجد فاغتسل ثم دخل المسجد فقال اشہد ان لا الہ الا اللہ و
اشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ یا محمد واللہ ما کان علی وجہ الارض وجہ ابغض الی من وجہک فقد اصبح وجہک احب
الوجوہ کلہا الی واللہ ما کان من دین ابغض الی من دینک فاصبح دینک احب الدین الی واللہ ما کان من بلد ابغض الی
من بلدک فاصبح بلدک احب البلاد کلہا الی وان خیلک اخذتنی وانا ارید العمرۃ فماذا تری فبشرہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم وامرہ ان یعتمر فلما قدم مکۃ قال لہ قائل اصبوت فقال لا ولکنی اسلمت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا
اب ہے بیچ بیان شکار اور جانوروں ذبح کئے گئے کے ف شکار کرنا حلال ہے غیر حرم میں واسطے غیر محرم کے اور شکار کے مباح ہونے پر وارد ہوئی ہے کتاب و سنت اور منعقد ہوا ہے اسپر اجماع امت اور بیچ رسالہ ابن ابی زید کے کہ امام مالک کے مذہب میں ہے لکھا ہے کہ مکروہ ہے شکار کرنا لہو کے لئے اور بقصد لہو کے مباح ہے اور ثابت نہیں ہوا ہے کہ حضرت نے شکار شریف خود کیا ہو ولیکن تقریر اوسکی کی ہے ع ح

الفصل الاول عن عدي بن حاتم قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أرسلت كلبك فاذكر اسم الله فإن أمسك عليك فأدركته حيا فاذبحه وإن أدركته قد قتل ولم يأكل منه فكله وإن أكل فلا تأكل فإنما أمسك على نفسه وإن وجدت مع كلبك كلبا غيره وقد قتل فلا تأكل فإنك لا تدري أيهما قتل وإذا رميت بسهمك فاذكر اسم الله فإن غاب عنك يوما فلم تجد فيه إلا أثر سهمك فكل إن شئت

وإن

وَاِنْ وَجَدْتَّهٗ غَرِیْقًا فِی الْمَآءِ فَلَا تَاْکُلْ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ۔ روایت ہے عدی بن حاتم سے کہا کہا واسطے میرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ چھوڑے تو اپنے کتے کو پس چاہیے کہ ذکر کرے نام اللہ کا پس اگر پکڑ رکھے کتے نے شکار کو واسطے تیرے اور پایا تو نے اسکو زندہ پس ذبح کر اسکو یعنی پس اگر ذبح نہ کریگا اور اسکو قصداً حرام ہوگا اسلئے کہ وہ مردار ہے اور اگر پایا تو نے شکار کو کہ مار ڈالا اسکو کتے نے اور نہ کھایا او نے اسکو کچھ پس کھا اسکو اور اگر کھایا ہو پس مت کھا پس سوائے اسکے نہیں کہ بند رکھا کتے نے اس شکار کو اپنے لیے اور اگر پاوے تو ساتھ کتے اپنے کے کتا غیر کا اور حال یہ کہ تحقیق مار ڈالا ہو یعنی ایک نے ان میں سے پس مت کھا اسلئے کہ تحقیق تو نہیں جانتا کہ کس نے ان دونوں میں سے مارا اسکو یعنی کس کتے نے مارا ہو شاید کہ وہ معلم نہ ہو اور اسکو چھوڑتے وقت بسم اللہ کہی ہو اور جس وقت پھینکے تو تیر اپنا پس ذکر کر تو نام اللہ کا پس اگر غائب رہا شکار تجھ سے ایک دن پس نہ پایا تو اوس میں کچھ نشان سوائے نشان تیر اپنے کے پس کھا تو اگر چاہے اور اگر پاوے تو اسکو غرق پانی میں یعنی اگرچہ نشان تیر کا رکھتا ہو پس نہ کھا یعنی بسبب احتمال اسکے کہ پانی میں مرا ہو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** ذکر کرنا نام خدا کا جیسے کہ وقت ذبح کے ذکر کرتے ہیں ویسے ہی کتے چھوڑتے وقت کا بہتر ہے اچھا ہے جیسے پس ضرور ہے کہنا بسم اللہ کا اوس وقت اور اگر ترک کرے بسم اللہ بھولکر حلال ہے اور اگر ترک کیا اسکو قصداً وقت چھوڑنے کتے کے یا چھوڑا کتے کو اور وہ شکار رہا اور بسم اللہ کہی بعد اسکے زجر کیا اور بڑھا اوس نے شکار کو اور مار ڈالا نہیں حلال کذا فی فتاوی قاضی خان اور چھوڑنے کتے کا طرف شکار کے مسلمان یا کتابی شرط ہے اور اگر کتا بطور خود جاوے اور مار ڈالے تو حلال نہیں اور اسی طرح اگر وقت چھوڑنے کے بسم اللہ نہ کہی مگر یہ کہ زندہ پاوے اور ذبح کرے تو وہ داخل شکار کے نہیں اور جو کہا اگر کھا لیوے اسلئے کہ یہ علامت عدم تعلیم کی ہے اور شکار کہ حلال ہے معلم کتے کا حلال ہے اور علامت تعلیم کی ذی ناب جیسے کتے وغیرہ میں یہ ہے کہ تین بار شکار کو پکڑ کر چھوڑ دے کھاوے نہیں اور ذی مخلب جیسے باز گیرہ میں یہ ہے کہ پھر آوے جبکہ بلایا جاوے بعد چھوڑنے کے پس اگر باز وغیرہ شکار میں کھالیوے تو اوس شکار کا کھانا درست ہے اور اگر کتا وغیرہ کھالیوے تو نہ کھایا جاوے اور اگر بعد تین بار چھوڑنے کے ایک بار بھی کھاوے تو وہ غیر معلم ہو جاتا ہے تاکہ دوبارہ معلم ہو جیسا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا اور اگر کتا غیر کا ساتھ کتے کے شریک ہوا ہو اور اسکو کسی نے نہ چھوڑا ہو یا چھوڑا ہو بغیر بسم اللہ کے قصداً یا چھوڑا ہو اسکو وقت کے نہیں حلال ذبح کیا ہوا اسکا مانند ہے اور اگر غائب رہا اور کہا علما نے کہ شرط ہے حلال ہونے کی ساتھ پھینکے تیر کے کہنا بسم اللہ کا اور پہنچانا زخم کا اور یہ کہ نہ بیٹھ رہے شکار کے ڈھونڈھنے سے اگر غائب ہو شکار اسحال میں کہ تیر اوسکے لگا ہو اسلئے کہ روایت کیا ہے ابن ابی شیبہ نے اپنی کتاب مصنف میں اور طبرانی نے اپنے معجم میں ابی رزین سے اور مرفوع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے تیر شکار کو جب کہ غائب رہا شکار رات بھر فرمایا اصل یہ ہے کہ مار ڈالا اسکو ہوام الارض نے [illegible] اور روایت کی عبدالرزاق نے مانند اسکے عائشہ سے بطریق مرفوع کے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو کوئی چھوڑے کتا شکار پر پھاڑ ڈالے وہ اسکو تو وہ حلال ہے اور اسیطرح تمام جوارح معلم یعنی چیتا اور باز اور مانند اسکے کے اور شکاری جو ہوں جو معلم ہوں حلال ہے اور شکار غیر معلم کا [illegible] ع وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُرْسِلُ الْکِلَابَ الْمُعَلَّمَةَ قَالَ کُلْ مَآ اَمْسَکْنَ عَلَیْکَ قُلْتُ وَاِنْ قَتَلْنَ قَالَ وَاِنْ قَتَلْنَ قُلْتُ اِنَّا نَرْمِیْ بِالْمِعْرَاضِ قَالَ کُلْ مَا خَزَقَ وَمَآ اَصَابَ بِعَرْضِهٖ فَقَتَلَ فَاِنَّهٗ وَقِیْذٌ فَلَا تَاْکُلْ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ۔ اور روایت ہے عدی سے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہم چھوڑتے ہیں کتے سدھے ہوئے کو فرمایا کھا اوس چیز کو کہ پکڑ رکھیں کتے واسطے تیرے کہا میں نے اور اگرچہ مار ڈالیں فرمایا اور اگرچہ مار ڈالیں کہا میں نے تحقیق ہم پھینکتے ہیں تیر بے پر کا فرمایا کھا اوس چیز کو کہ زخمی کرے یعنی جس شکار میں وہ تیر بے پر جا لگے بھال کی طرف سے اور مار ڈالے اوسکو کھا لے اور وہ چیز کہ پہنچے ساتھ چوڑان اپنے کے یعنی لگے کہ زخمی نہ کرے شکار کو پس قتل کرے اسکو پس تحقیق وہ وقیذ ہے پس مت کھا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** معراض کہتے ہیں اوس تیر کو کہ نہیں ہوتا ہو جس میں پر اور پیکان ہو اور لگتا ہے چوڑائی سے اور وقیذ اوسکو کہ جسکو ذرہ [illegible] ہو کہ مارا جاوے ساتھ غیر تیز چیز کے لکڑی وغیرہ سے [illegible] اور اتفاق کرتے ہیں

علما اسیکو جب شکار کیا ساتھ معراض کے اور قتل کیا شکار کو ساتھ تیزی یا نوک کے تو حلال ہے اور اگر قتل کیا اوسکو ساتھ چوڑائی اوسکی کے تو نہیں حلال اور
کہا علماء نے نہیں حلال ہے وہ شکار کہ مارا اوسکو ساتھ بندق کے یعنی گولی اور غلہ کے بسبب حدیث معراض کے اور معراض کے چوڑائی لگنے سے اسلیے نہیں
حلال ہے کہ ضرور ہے اوسمین زخمی کرنا تاکہ متحقق ہووے معنی ذبح کے اور چوڑائی معراض کا نہیں زخمی کرتا اور اسیلیے اگر قتل کیا اوسکو بندق وغیرہ نے تو حرام
ہوتا ہے شکار اسیلیے کہ بندق توڑتا ہے ہڈی کو اور زخمی نہیں کرتا پس ہوتا ہے مانند معراض کے لیکن اگر ہووے بندق ہلکا تیز تو نہیں حرام کرتا بسبب متحقق
ہونے کے ساتھ زخم کے اور اگر پھینکا شکار پر پتھر یا لکڑی تو اگر لگی اوسکی تیزی سے کھایا جاوے اور الا نہیں اور اگر مارا شکار کو ساتھ پتھر تو اگر پتھر بھاری ہے
نکھایا جاوے اگرچہ زخمی کرے بسبب احتمال اسکے کہ اوسنے قتل کیا ساتھ ثقل اپنے کے اور اگر پتھر ہلکا ہووے اور ہووے اوسمین تیزی اور زخمی کرے تو کھایا جاوے
بسبب تحقق موت کے ساتھ زخم کے اور اصل اسمین یہ ہے کہ اگر موت حاصل ہوئی بسبب زخم کے ساتھ یقین کے تو کھایا جاوے اور اگر حاصل ہووے ساتھ ثقل کے
یا شک ہووے اسمین تو نہ کھایا جاوے واسطے احتیاط کے ع وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اِنَّا بِاَرْضِ قَوْمٍ اَھْلِ الْکِتَابِ
اَفَنَاْکُلُ فِیْ اٰنِیَتِھِمْ وَبِاَرْضِ صَیْدٍ اَصِیْدُ بِقَوْسِیْ وَبِکَلْبِیَ الَّذِیْ لَیْسَ بِمُعَلَّمٍ وَبِکَلْبِیَ الْمُعَلَّمِ فَمَا یَصْلُحُ لِیْ قَالَ اَمَّا مَا ذَکَرْتَ
مِنْ اٰنِیَةِ اَھْلِ الْکِتَابِ فَاِنْ وَجَدْتُمْ غَیْرَھَا فَلَا تَاْکُلُوْا فِیْھَا وَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْھَا وَکُلُوْا فِیْھَا وَمَا صِدْتَ بِقَوْسِکَ
فَذَکَرْتَ اسْمَ اللّٰہِ فَکُلْ وَمَا صِدْتَ بِکَلْبِکَ الْمُعَلَّمِ فَذَکَرْتَ اسْمَ اللّٰہِ فَکُلْ وَمَا صِدْتَ بِکَلْبِکَ غَیْرِ مُعَلَّمٍ فَاَدْرَکْتَ
ذَکٰوتَہٗ فَکُلْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اور روایت ہے ابی ثعلبہ خشنی سے کہا کہا میں نے یا نبی اللہ تحقیق ہم بیچ زمین قوم اہل کتاب کے ہیں کیا کھاوین ہم بیچ
باسنوں اونکے کے اور ہم بیچ زمین شکار کے ہیں شکار کرتے ہیں ساتھ کمان اپنی کے اور ساتھ کتے اپنے کے کہ نہیں
سدھایا اور ساتھ کتے اپنے کے کہ سدھایا ہے پس کیا درست ہے واسطے میرے فرمایا بہر حال وہ چیز کہ ذکر کیا تو نے باسنوں اہل کتاب سے پس اگر پاؤ تم سوا
اون باسنوں کے پس نہ کھاؤ اونکے باسنوں میں اور اگر نہ پاؤ سوا اونکے باسنوں کے پس دھوؤ اونکو اور کھاؤ اونمین اور وہ چیز کہ شکار کی تو نے ساتھ کمان اپنی کے
پس ذکر کیا تو نے نام اللہ کا یعنی اول تیر چلانے میں پس کھا اور وہ جانور کہ شکار کیا تو نے ساتھ کتے سدھے ہوئے کے پس ذکر کیا تو نے نام اللہ کا یعنی وقت
چھوڑنے اوسکے کے پس کھا اور جو شکار کیا تو نے ساتھ کتے غیر سدھے ہوئے کے پس پایا تو نے ذبح کرنا اوسکا یعنی زندہ پایا اور ذبح کیا پس کھا اوسکو نقل کی
بخاری اور مسلم نے ف نہ کھاؤ اونکے باسنوں میں یہ واسطے احتیاط کے بموجب قول آنحضرت کے دع ما یریبک الی ما لا یریبک اور احتراز
فرمایا استعمال ظروف اونکے سے کہ مستعمل ہیں اونکے ہاتھوں میں اگرچہ بعد دھونے کے ہو اور نفرت کرنی کہ مخالطت اونکی سے بطریق مبالغہ کے اور یہ
تقوی ہے اور جائز ہے کہ حکم فتوی کا ہو اور بعد دھونے اونکو یا مردہ جیسے کے یہ ہے کہ ہوتے غالب اونکی نجاست ہو اور واسطے احتیاط کے ہے اور کہا ہے خلاف
اوسکے اور کہا ابن مالک نے کہ حکم کیا آنحضرت نے ساتھ دھونے ظروف کفار کے بیچ اون باسنوں کے کہ یقین ہو اونکی نجاست کا اور یقین نہو تو
کراہت تنزیہی ہے اور نقل کیا ہے نووی نے کہ کہا ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر اون ظروف سوا اونکے ظروف کے پائے جاوین تو اونکے ظروف
میں دھو کر بھی نکھاوے لیکن تعقب نے لکھا ہے کہ جائز ہے استعمال اونکے ظروف کا بعد دھونے کے بلا کراہت خواہ پائے جاوین اور ظروف یا نہ
پائے جاوین پس حمل کیا واسطے کراہت حدیث میں اسپر کہ مراد وہ ظروف ہیں کہ پکاتے ہیں اون میں گوشت سور کا اور پیتے ہیں اونمین
شراب اور مقوی ہے نجاست کے پس یہ مکروہ ہیں واسطے گندا ہونے پینے اونکے ہرچند کہ دھوئے جاوین اور مراد فقہا کی وہ ظروف ہیں کہ
استعمال نہیں ہوئے ہیں غالبا نجاسات میں ذکر کیا ہے اسکو ابو داؤد نے اپنے سنن میں ع وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا رَمَیْتَ بِسَھْمِکَ فَغَابَ عَنْکَ فَاَدْرَکْتَہٗ فَکُلْ مَا لَمْ یُنْتِنْ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے ابی ثعلبہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ پھینکے تو تیر اپنا پس غائب ہو تجھ سے یعنی شکار پھر پاوے تو شکار پیئے اور پاوے تو اوس میں اثر تیر اپنے کا پس کھا جب تک کہ بدبو دار نہ ہو نقل کی یہ مسلم نے **ف** کہا علما نے یہ حکم بطریق استحباب کے ہے ورنہ اگر بدبو ہو گیا گوشت کا موجب حرمت اوسکے کا نہیں ہے ایک روایت میں آیا ہے کہ آنحضرت نے گوشت بدبو کیا ہوا کھایا ہے اور کہا نووی نے کہ نہی کھانے گوشت بدبو دار سے محمول ہے تنزیہ پر نہ تحریم پر اور اسیطرح اور کھانے بدبودار اگر یہ کہ خوف ہو نقصان ضرر کا **وعنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی الذی یدرک صیدہ بعد ثلث فکلہ ما لم ینتن رواہ مسلم** اور روایت ہے ابی ثعلبہ سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا بیچ حق اوس شخص کے کہ پاوے شکار اپنے کو بعد تین رات کے پس کھا اوسکو جب تک کہ بدبو دار نہ ہو نقل کی یہ مسلم نے **وعن عائشۃ قالت قالوا یا رسول اللہ ان ہنا اقواما حدیث عہدہم بشرک یاتوننا بلحمان لا ندری ایذکرون اسم اللہ علیہا ام لا قال اذکروا انتم اسم اللہ وکلوا رواہ البخاری** اور روایت ہے عائشہ سے کہا عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ تحقیق یہاں کتنی قوم ہیں کہ قریب ہے زمانہ اونکا ساتھ شرک کے یعنی نو مسلم ہیں اور ہنوز احکام اسلام کے تمام و کمال نہیں سیکھے ہیں لاتے ہیں ہمارے پاس گوشت نہیں جانتے ہیں ہم آیا ذکر کرتے ہیں اوپر اوسکے نام خدا کا یا نہیں فرمایا ذکر کرو تم نام اللہ کا اور کھاؤ نقل کی یہ بخاری نے **ف** معنی حدیث کے یہ نہیں ہیں کہ بسم اللہ کہنا تمہارا اسکے قائم مقام ہوتا ہے جو بسم اللہ کہتے وقت ذبح کے بلکہ بیان فرمایا کہ بسم اللہ کہنا مستحب ہے وقت کھانے کے اور تم نہیں جانتے ہو ذکر کرنا بسم اللہ کا وقت ذبح کے سو تمہیں دیکھنا اوسکا کیا ضرور ہے ذبح کرنیوالا اون لوگوں میں سے ہے کہ جنکا ذبیحہ کھانا جائز ہے بہت اوسکے کا سبب حمل کرنے حال مسلمان کا اوپر صلاح کے اور گمان نیک کرنیکے **وعن ابی الطفیل قال سئل علی ہل خصکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بشیء فقال ما خصنا بشیء لم یعم بہ الناس الا ما فی قراب سیفی ہذا فاخرج صحیفۃ فیہا لعن اللہ من ذبح لغیر اللہ ولعن اللہ من سرق منار الارض وفی روایۃ من غیر منار الارض ولعن اللہ من لعن والدہ ولعن اللہ من اوی محدثا رواہ مسلم** اور روایت ہے ابی الطفیل سے کہا پوچھے گئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ آیا مخصوص و ممتاز کیا تمکو یعنی اہل بیت کو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ کسی چیز کے یعنی احکام کے کہ اوروں کو نہ بتلائے ہوں پس فرمایا حضرت علی نے کہ نہیں خاص کیا ہمکو ساتھ کسی چیز کے ایسی چیز کہ نہ عام کیا ہو ساتھ اوسکے اور لوگوں کو لیکن وہ چیز کہ بیچ اس غلاف تلوار کے ہے میرے یعنی نہیں جانتا ہوں کہ آیا وہ خاص ہے ساتھ ہمارے یا عام ہے پس نکالا حضرت علی نے ایک کاغذ کہ اوس میں تھے یہ احکام کہ لعنت کرے اللہ اوس شخص کو کہ ذبح کرے غیر اللہ کے نام پر اور لعنت کرے اللہ اوس شخص کو کہ چراوے نشان زمین کا اور ایک روایت میں ہے جو شخص کہ تغیر و تبدیل کرے علامت زمین کی اور لعنت کرے اللہ اوس شخص کو کہ لعنت کرے اپنے باپ کو اور لعنت کرے اللہ اوس شخص کو کہ جگہ دیوے بدعتی کو نقل کی یہ مسلم نے **ف** نشان زمین کا یعنی حد وغیرہ کا مدا ہیں اوسکی حد و حصے تغلب سے زمین ہمسایہ کی دبا لینا چاہتا ہو اور لعنت کرے اپنے باپ کو یعنی کسی کے باپ کو لعنت کرے وہ اسکے باپ کو لعنت کرے چونکہ یہ سبب ہوا لعنت کا گویا کہ اسی نے لعنت کی اور جگہ دیوے بدعتی کو اور حمایت کرے بدعتی کی کہ دین میں کچھ بات نکالے کہ اصل میں نہ تھی اور خلاف سنت اور تغیر کرنیوالے سنت کی ہو **وعن رافع بن خدیج قال قلت یا رسول اللہ انا لاقوا العدو غدا ولیست معنا مدی افنذبح بالقصب قال ما انہر الدم وذکر اسم اللہ فکل لیس السن والظفر وسأحدثک عنہ اما السن فعظم واما الظفر فمدی الحبش واصبنا نہب ابل وغنم فند منہا بعیر فرماہ رجل بسہم فحبسہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لہذہ الابل اوابد کاوابد الوحش فاذا غلبکم منہا شیء فافعلوا بہ ہکذا متفق علیہ**

اور روایت ہے رافع بن خدیج سے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہم ملنے والے ہیں دشمنوں سے یعنی کنارے کل کو اور نہیں ساتھ ہمارے چھریاں یعنے
شاید چھریاں ساتھ نہوں کیا پس ذبح کریں ساتھ لکڑی کے فرمایا جو چیز کہ بہا دے خون کو اور ذکر کیا جاوے نام اللہ کا اوسپر پس کھاؤ یعنے جائز ہے کھانا
اوس جانور کا کہ ذبح کیا جاوے ایسی چیز سے کہ بہا دے خون کو خواہ لوہا ہو یا اور کچھ ہو اور یہ اتفاق ہے علما کا سوا دانت اور ناخن کے اور بیان کروں میں تجھسے
حال ہر ایک کا یہ دانت پس ہڈی ہے اور لیکن ناخن پس چھریاں ہیں حبشیوں کی اور پہنچے ہم لوٹ اونٹوں اور بکریوں کی پس بھاگا اونمیں سے ایک اونٹ
پس مارا اوسکو ایک شخص نے تیر پس بند کیا اوسکو پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق واسطے اون اونٹونکے یعنی درمیان اونکے بھاگنے والے
اور نفرت کرنے والے ہیں اونکو مانند بھاگنے والوں اور نفرت رکھنے والوں جنگلی جانوروں کے پس جسوقت کہ غالب ہوں تمپر اون اونٹوں میں سے
کوئی اونٹ پس کرو ساتھ اوسکے اسیطرح نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف پس ہڈی کا یہ اور مذہب ذبح روا نہیں اور شیخ ابن صلاح نے کہا کہ نہیں
جانتا میں معنی اسکے اور تحقیق کسواسطے منع ہوئی ہے ساتھ ہڈی کے معنی کہ عقل میں آویں اور اسیطرح کہا شیخ عبدالسلام نے اور حدیث میں یہ
فرمایا ہے کہ دانت سے جائز نہیں اسلیے کہ ہڈی ہے اور نووی نے کہا کہ علت اوسکی یہ ہے کہ ہڈی نجس ہو جاتی ہے خون سے جسوقت کہ ذبح کیا جاوے ساتھ اوسکے
جانور اور منع ہے نجس کرنا اوسکا اسلیے کہ خوراک جنات کی ہے اور یہ ناخن الحبشہ یعنی ذبح کرنے میں تشبیہ ہے ساتھ حبشیوں کے پس
فعل شنیع میں کہ مخصوص ہے ساتھ اونکے اور حبشی کافر ہیں نصاریٰ اور حکم ہو ساتھ مخالفت کرنے اونکی کے اور جاننا چاہیے کہ منع کرنا ذبح کرنے سے
ساتھ دانت اور ناخن کے متعلق ہے تینوں اماموں کے نزدیک اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز نہیں اون دانتوں اور ناخنوں سے کہ بجائے خود ہوں
منہ اور ہاتھ میں اور جائز ہے اون دانتوں اور ناخنوں سے کہ اوکھڑے ہوں اور مضائقہ نہیں ہے اوس ذبیحہ کے کھانیکا لیکن یہ ذبح مکروہ ہے اور شارح
بھی یہی لکھتا ہے دلیل امام اعظم کی متعلق ہے ساتھ حدیث مذکور کا بطور دلیل جاری ہوئی قول آنحضرت کا یہ کہ فرمایا کہ انہر الدم بما شئت وافر الاوداج
اور یہ حدیث رافع کی محمول ہے بغیر اوکھڑے پر اسلیے کہ حبشی اسیطرح کرتے تھے اور کرو ساتھ اوسکے اسیطرح معنی یہ ہیں کہ اگر بھاگ جاوے جانور گھر کا پالا ہوا
مثل اونٹ اور گائیں اور بکری وغیرہ سے تو وہ مانند شکار وحشی کے ہے بیچ حکم ذبح کے پس تمام اجزا اوسکے جائے ذبح کے ہیں اور شاید کہ تخصیص اونٹ کی
اسلیے ہے کہ توحش اسمیں بہت ہوتا ہے اور ایسا ہی حکم اوس صورت میں ہے کہ اونٹ وغیرہ کنوئیں اور مانند اوسکے میں گر پڑے پس ذبح دو قسم پر ہے اختیاری
اور اضطراری اختیاری ساتھ جراحت کے ہے درمیان لبہ اور لحیین کے اور کاٹنے رگونکے یا ساتھ نحر کے یعنی نیزہ وغیرہ مارنے کے سینہ میں اور اضطراری
ساتھ زخمی کرنیکے ہے جس جگہ ہو ہے ۔ وعن کعب بن مالک انہ کان لہ غنم ترعی بسلع فابصرت جاریۃ لنا بشاۃ
من غنمنا موتا فکسرت حجرا فذبحتہا بہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فامرہ باکلہا رواہ البخاری اور روایت ہے
کعب بن مالک سے کہ تھا واسطے اونکے ریوڑ چرتا تھا سلع پر کہ نام ہے پہاڑ کا مدینہ میں پس دیکھی ایک لونڈی ہماری نے بکری ریوڑ میں کہ مرتی ہے پس
توڑا ایک ٹکڑا پتھر کا پس ذبح کی بکری ساتھ ٹکڑے پتھر کے پھر پوچھا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنی کعب نے یہ کہ حلال ہے کھانا اوسکا یا نہیں
پس حکم فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب کو ساتھ کھانے اوسکے کے نقل کی یہ بخاری نے ۔ وعن شداد بن اوس عن رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ تعالی کتب الاحسان علی کل شیء فاذا قتلتم فاحسنوا القتلۃ واذا ذبحتم فاحسنوا
الذبحۃ ولیحد احدکم شفرتہ ولیرح ذبیحتہ رواہ مسلم اور روایت ہے شداد بن اوس سے کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نے لازم کیا احسان کرنا ہر چیز پر یعنی کہ قتل کریں اور ذبح کریں پس جسوقت کہ قتل کرو تم یعنی کسیکو قصاص میں یا جائز
ہو بہت اچھا قتل کرو یعنی ایذا اونکو قتل کرنے میں تلوار تیز ہو اور جلدی قتل کرو اور جسوقت ذبح کرو کسی جانور کو پس اچھی طرح ذبح کرو اور چاہیے

تیز کرے ایک تو اسطرح چھری کی دھار کو اور آرام پہونچائے جانور ذبیحہ کو نقل کی یہ مسلم نے ف آرام دے اوسکو یعنی چھوڑ دے اوسکو تا مرجاوے اور سرد ہو جاوے
اور کاٹے اوسکو اور یہ بیان ہو احسان کرنیکا ذبح میں کہ چھری کو جلدی ذبح کرے اور بعد ذبح کے ٹھنڈا ہو جاوے کہا ہو علماء ہمارے نے کہ مکروہ ہو
پوست کھینچنا جانور کا پہلے ٹھنڈا ہونیکے اور مستحب ہو کہ نہ تیز کرے چھری سامنے ذبیحہ کے اور نہ ذبح کرے ایک کو سامنے دوسرے کے اور پاؤں
کھینچ کر لیجانا ذبح کی جگہ اوسکو کرا رادہ اوسکے ذبح کا مکروہ ہو وعن ابن عمر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم
ينهى ان تصبر بهيمة او غيرها للقتل متفق عليه اور روایت ہو ابن عمر سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ
منع فرماتے تھے اسبات سے کہ نشانہ ٹھہرایا جاوے چارپایہ یا غیر اوسکا واسطے قتل کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف جیسے بیان چورنگ کاٹتے ہیں مرغی
وغیرہ کو یا کسی جانور جیسے پر تیر وغیرہ سے نشانہ لگاتے ہیں اوس سے منع فرمایا اور یہ معنی ہیں کہ منع فرمایا اس سے کہ بند کیا جاوے جانور بغیر دانہ پانی کے
یہانتک کہ مرجاوے وعنه ان النبي صلى الله عليه وسلم لعن من اتخذ شيئا فيه الروح غرضا متفق عليه
اور روایت ہو ابن عمر سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی اوس شخص کو کہ ٹھہرائے نشانہ اوس چیز کو کہ اوسمیں روح ہو نقل کی یہ بخاری اور
مسلم نے وعن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تتخذوا شيئا فيه الروح غرضا رواه مسلم اور روایت ہو
ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ پکڑو نشانہ اوس چیز کو کہ اوسمیں روح ہو نقل کی یہ مسلم نے ف یہ نہی تحریمی ہے اسکی
موجب قول حضرت کے لعن اللہ من فعل ہذا اور اسمیں عذاب دینا حیوان کا اور ضائع کرنا مال کا ہو وعن جابر قال نهى رسول الله
صلى الله عليه وسلم عن الضرب في الوجه وعن الوسم في الوجه رواه مسلم اور روایت ہو جابر سے کہ کہا منع فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ پر یعنی آدمی کے یا جانور کے منہ پر طمانچہ یا کوڑا وغیرہ مارنے سے اور منع فرمایا داغ دینے منہ پر نقل کی یہ مسلم نے
وعنه ان النبي صلى الله عليه وسلم مر عليه حمار وقد وسم في وجهه قال لعن الله الذي وسمه رواه مسلم اور روایت
جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے گذرا ایک گدھا اس حال میں کہ تحقیق داغ دیا گیا تھا اوسکے منہ پر فرمایا لعنت کرے اللہ اوس شخص کو کہ داغا
ہو اسکو نقل کی یہ مسلم نے ف اگر کہا جاوے لعنت کی حضرت نے داغنے والے پر حالانکہ منع کیا گیا ہو لعنت کرنے سے مسلمان کو جواب یہ کہ احتمال ہو
کہ داغنے والا مسلمان نہ ہو یا ہو اہل نفاق سے اور احتمال ہو یہ کہ بد دعا نہ ہو بلکہ اخبار بالغیب ہو کہ وہ مستحق لعنت کا ہوا اور جاننا چاہیے کہ داغنا منہ پر منع
بالاجماع خواہ آدمی ہو خواہ اور حیوانات لیکن جانور کو داغنا سوائے منہ کے بعض اعضاء میں مستحب کہا ہو اور جائز ہو بغیر اوسکے کیونکہ یہ ہو مقصود
تمیز و تعیین ہو اور آدمی کے داغنے میں اخبار روایات مختلف آئے ہیں بعضے اقوال دلالت کرتے ہیں اسپر کہ اچھا نہیں اور بعضے اوپر جواز کے
اور بعضے اوپر نہی کے اوس [illegible] دلالت [illegible] حضرت [illegible] ایک طبیب کہ ابی بن کعب پاس بھیجا پس فصد کی اوسکی اور داغا
اور جب زخمی ہوئے سعد بن معاذ [illegible] دیا حضرت نے [illegible] داغ دیا اور [illegible] اسعد بن زرارہ کو
اور لکھا ہو علماء نے کہ نہی محمول ہو اسپر کہ [illegible] اوسکے اور اگر ضرورت ہو جائز ہو کذا ذکر فی سفر السعادۃ اور لکھا ہو
علماء نے کہ داغنا اسباب [illegible] کرنا اوسکا [illegible] خلاف [illegible] باب لیتے ہیں اور اکثر ظن غالب [illegible] صحت حاصل ہونیکا
اور مختار یہ ہو کہ مکروہ تحریمی ہو گر وقت حصول ظن نافع [illegible]
[illegible]
وعن انس قال غدوت الی رسول الله [illegible] بعبد الله بن ابی طلحة [illegible]

فِي يَدِهِ الْمِيسَمُ يَسِمُ إِبِلَ الصَّدَقَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے انس سے کہا لے گیا میں صبح کو پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عبد اللہ بن ابی طلحہ کو تاکہ چبا کر کھجور اوسکے تالو کو لگاویں پس پایا میں نے حضرت کو اس حالت میں کہ اونکے ہاتھ میں تھا آلہ داغ دینے کا داغ دیتے تھے زکوۃ کی اونٹوں کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف عبد اللہ بن ابی طلحہ بھائی تھے انس کے ماں کی طرف سے اور ابو طلحہ خاوند تھے انکی ماں کے اور کھجور چبا کے بچہ کے تالو کو لگانی سنت ہے اور یہ داغنا واسطے نشان کے تھا اور بھی جانوروں کے منہ پر داغنے سے منع ہے بالاتفاق ع وَعَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي مِرْبَدٍ فَرَأَيْتُهُ يَسِمُ شَاءً حَسِبْتُهُ قَالَ فِي آذَانِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ہشام بن زید سے نقل کی انس سے کہا گیا میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال میں کہ آپ تھے بیچ جگہ بندنے جانوروں کے پس دیکھا میں نے حضرت کو کہ داغتے تھے کسی عضو بکریوں وغیرہ کو کہا ہشام نے گمان کرتا ہوں میں انس کو کہ کہا بیچ کانوں اونکے یعنی بکریوں وغیرہ کے کان داغتے تھے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف اس سے معلوم ہوا کہ کان چونکہ منہ نہیں اس لیے اسکے داغنے کو تشبیہ نہ فرمایا تو پھر کان کا ہے کو داغنے کو روا ہوتے تھے ع

الْفَصْلُ الثَّانِي فصل دوسری

عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ أَحَدُنَا أَصَابَ صَيْدًا وَلَيْسَ مَعَهُ سِكِّينٌ أَيَذْبَحُ بِالْمَرْوَةِ وَشِقَّةِ الْعَصَا فَقَالَ أَمْرِرِ الدَّمَ بِمَا شِئْتَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ روایت ہے عدی بن حاتم سے کہا کہا میں نے یا رسول اللہ خبر دو مجھکو کہ ایک ہمارا پہنچا شکار کو اس حال میں کہ نہیں ساتھ اوسکے چھری کیا ذبح کرے ساتھ پتھر تیز کے یا ٹکڑے لکڑی کے پس فرمایا بہا تو خون کو ساتھ جس چیز کے کہ چاہے تو اور یاد کر تو نام اللہ تعالی کا یہ ابوداؤد اور نسائی نے وَعَنْ أَبِي الْعُشَرَاءِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَمَا تَكُونُ الذَّكَاةُ إِلَّا فِي الْحَلْقِ وَاللَّبَّةِ فَقَالَ لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا لَأَجْزَأَ عَنْكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا ذَكَاةُ الْمُتَرَدِّي وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هَذَا فِي الضَّرُورَةِ اور روایت ہے ابی العشراء سے نقل کی اپنے باپ سے یہ کہ اونہوں نے کہا یا رسول اللہ کیا نہیں ہوتا ذبح یعنی ذبح شرعی مگر بیچ حلق اور سینہ کے پس فرمایا اگر زخم لگاوے تو ران میں البتہ کفایت کریگا تجھے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ابوداؤد نے کہ یہ ذبح کرنا اوس جانور کا ہے کہ گرا ہو کنوئیں میں اور نہ ہو سکے بیچ حلق کے ذبح کرنا اوسکا ہے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حالت ضرورت میں ہے ف یہ تفسیر اعم ہے تفسیر ابوداؤد سے واسطے شامل ہونے اوسکے اونٹ بھاگے ہوئے کو ع وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا عَلَّمْتَ مِنْ كَلْبٍ أَوْ بَازٍ ثُمَّ أَرْسَلْتَهُ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ مِمَّا أَمْسَكَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَإِنْ قَتَلَ قَالَ إِذَا قَتَلَهُ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ شَيْئًا فَإِنَّمَا أَمْسَكَهُ عَلَيْكَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ اور روایت ہے عدی بن حاتم سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسکو سکھلایا تو نے کتا ہو یا باز جیسے چیتا پھر تو نے اوسکو چھوڑا ایک کو ان دونوں میں سے شکار پر اور ذکر کیا نام اللہ کا پس کھا اوس جانور کو کہ پکڑ رکھا تجھ پر کہا میں نے اگرچہ مار ڈالا اوسے فرمایا جس وقت کہ مار ڈالے کتا یا باز شکار کو اور نہ کھایا اوس میں سے کچھ پس سوا اسکے نہیں کہ پکڑ رکھا ہے اوسکو تجھ پر نقل کی یہ ابوداؤد نے وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرْمِي الصَّيْدَ فَأَجِدُ فِيهِ مِنَ الْغَدِ سَهْمِي قَالَ إِذَا عَلِمْتَ أَنَّ سَهْمَكَ قَتَلَهُ وَلَمْ تَرَ فِيهِ أَثَرَ سَبُعٍ فَكُلْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ اور روایت ہے عدی سے کہا کہا میں نے یا رسول اللہ پھینکتا ہوں میں تیر شکار پر پھر پاتا ہوں میں اوس میں اگلے دن تیر اپنا فرمایا جس وقت کہ جانے تو یہ کہ تیرے تیر نے قتل کیا اوسکو اور نہ دیکھے تو اوس میں نشان کسی درندہ کا پس کھا یعنی اگر نشان درندہ کا پاوے تو مت کھا اور اسیطرح اگر ڈوب گیا ہو پانی میں تو بھی مت کھا نقل کی یہ ابوداؤد نے وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نُهِينَا عَنْ صَيْدِ كَلْبِ الْمَجُوسِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہے جابر سے کہا منع کئے گئے ہم

کھانے شکار کتے مجوس کے سے نقل کی یہ ترمذی نے ف یعنی جو شکار کرے مجوسی یا کتے سے یا مسلمان کے کتے سے حلال نہیں کھانا اسکا مگر زندہ پاوے اور ذبح کرے اسکو اور اگر مسلمان مجوسی کے کتے سے شکار کرے تو حلال ہے اور اگر مسلمان اور مجوسی دونوں کتے کے چھوڑنے میں یا تیر کے چلانے میں شریک ہوں اور ماریں شکار کو تو حلال نہیں اور اسمیں دلیل ہے اسپر کہ جس کافر کا ذبح کیا ہوا نہیں حلال اگر کتے وغیرہ سے شکار کرے تو وہ بھی نہیں درست ہے وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا اَھْلُ سَفَرٍ نَمُرُّ بِالْیَھُوْدِ وَالنَّصَارٰی وَالْمَجُوْسِ فَلَا نَجِدُ غَیْرَ اٰنِیَتِھِمْ قَالَ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا غَیْرَھَا فَاغْسِلُوْھَا بِالْمَاءِ ثُمَّ کُلُوْا فِیْھَا وَاشْرَبُوْا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ اور روایت ہے ابی ثعلبہ خشنی سے کہ کہا میں نے یا رسول اللہ تحقیق ہم ہیں اہل سفر گذرتے ہیں یہود اور نصاری اور مجوس پر پس نہیں پاتے ہم سوا باسن انکے فرمایا پس اگر نہ پاؤ تم سوا باسن انکے کے پس دھو ڈالو باسنوں کو ساتھ پانی کے پھر کھاؤ انمیں اور پیو نقل کی یہ ترمذی نے وَعَنْ قَبِیْصَةَ بْنِ ھُلْبٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ طَعَامِ النَّصَارٰی وَفِیْ رِوَایَةٍ سَاَلَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ مِنَ الطَّعَامِ طَعَامًا اَتَحَرَّجُ مِنْهُ فَقَالَ لَا یَتَخَلَّجَنَّ فِیْ صَدْرِکَ شَیْءٌ ضَارَعْتَ فِیْهِ النَّصْرَانِیَّةَ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاؤدَ اور روایت ہے قبیصہ بن ہلب کہ نقل کی اپنے باپ سے کہ کہا پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے طعام نصاری کے سے کہ کھائیں یا نہیں اور ایک روایت میں یوں ہے کہ پوچھا حضرت سے ایک شخص نے پس کہا اس شخص نے کہ تحقیق کھانوں میں سے ایک کھانا ہے یعنی کھانا یہود و نصاری کا کہ پرہیز کرتا ہوں میں اس سے پس فرمایا حضرت نے کہ نہ داخل ہو بیچ سینہ تیرے کے کچھ یعنی شک کہ مشابہ ہوا تو بیچ اسکے نصرانیت کے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود نے ف یعنی مشابہ ہوا تو سبب اس شک کے نصرانیت کے کہ وہ پرہیز کرتے ہیں جبکہ واقع ہوتا ہے انکے دل میں کہ یہ حرام ہے یا مکروہ اور بیچ معنی تعلیل کے ہے اور معنی یہ ہیں کہ پرہیز کر اور بے دلیل شک نہ کر تشبہ میں رہبانیت کے اور ملت حنیفیہ سمحہ کے خلاف ہے اگر پرہیز کریگا تو مشابہ ہوگا نصرانیت کے اسلئے کہ یہ عادت نصاری کی ہے اور تخصیص نصرانیت کی اس سبب سے کی کہ سائل عدی بن حاتم تھے اور نصرانی تھے پہلے اسلام کے وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَکْلِ الْمُجَثَّمَةِ وَھِیَ الَّتِیْ تُصْبَرُ بِالنَّبْلِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ اور روایت ہے ابی درداء سے کہ کہا منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے مجثمہ کے سے اور مجثمہ وہ جانور ہے کہ کھڑا کیا جاوے اور نشانہ کے طور پر اسکو تیر سے ماریں نقل کی یہ ترمذی نے ف تفسیر مجثمہ کی کسی راوی نے کی ہے اور یہ حرام ہے اسلئے کہ یہ قتل ہے ذبح نہیں ہے پس فعل منع ہے اور اس جانور کا کھانا حرام ہے جب مرجاوے وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَھٰی یَوْمَ خَیْبَرَ عَنْ کُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَعَنْ کُلِّ ذِیْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّیْرِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَھْلِیَّةِ وَعَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَعَنِ الْخَلِیْسَةِ وَاَنْ تُوْطَاَ الْحَبَالٰی حَتّٰی یَضَعْنَ مَا فِیْ بُطُوْنِھِنَّ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیٰی سُئِلَ اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ الْمُجَثَّمَةِ فَقَالَ اَنْ یُّنْصَبَ الطَّیْرُ اَوِ الشَّیْءُ فَیُرْمٰی وَسُئِلَ عَنِ الْخَلِیْسَةِ فَقَالَ الذِّئْبُ اَوِ السَّبُعُ یُدْرِکُهُ الرَّجُلُ فَیَاْخُذُ مِنْهُ فَیَمُوْتُ فِیْ یَدِهٖ قَبْلَ اَنْ یُّذَکِّیَھَا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ اور روایت ہے عرباض بن ساریہ سے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا دن خیبر کے کھانے ہر کچلی والے کے سے درندوں میں سے یعنی جو چیرتا پھاڑتا ہو کچلی سے مانند شیر اور بھیڑیے اور چیتے اور ریچھ اور بندر اور سور اور مانند انکے کے اور منع فرمایا کھانے ہر پنجہ والے کے پرندوں میں سے یعنی جو شکار کرتا ہو پنجہ سے مانند باز اور چرغ اور مانند انکے اور منع فرمایا کھانے گوشت گدھوں گھر کے پلے ہوؤں کے سے یعنی بعد اسکے کہ حلال تھا کھانا اسکا اور منع فرمایا مجثمہ سے اور منع فرمایا کھانے اس جانور کے سے کہ چھین لیا جاوے درندے سے اور مرجاوے پہلے ذبح کرنے کے اور منع فرمایا صحبت کرنے لونڈیوں کو کہ ہاتھ آویں جہاد کے ساتھ حاملات ہونے کے یہاں تک کہ جنیں وہ چیز کہ پیٹ میں انکے ہے کہا محمد بن یحیی نے کہ پوچھے گئے ابو عاصم یعنی شیخ اسکے معنی

مجرنکے سے پس کہا یہ لفظ اُلیاکہ پرندہ یاکو ہنی چرندہ پھر تہت مارا جاوے یہ پوچھتے تھے ابو عاصم سنون خلیفہ کے سے پس کہا بھیڑیے یا اور کسی درندے نے پکڑلیا ہو کسی جانور کو اور پا وے اُسکو کوئی پس جس لوے نہ اس جانور کو پھر مرجاوے اُسکے ہاتھ مین پہلے ذبح کرنے اسکے سے نقل کی یہ ترمذی نے **وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ شَرِيطَةِ الشَّيْطَانِ زَادَ ابْنُ عِيسَى وَهِيَ الذَّبِيحَةُ يُقْطَعُ مِنْهَا الْجِلْدُ وَلَا تُفْرَى الْأَوْدَاجُ ثُمَّ تُتْرَكُ حَتَّى تَمُوتَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ** اور روایت ہے ابن عباس اور ابی ہریرہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا شریطہ شیطان سے زیادہ کیا ابن عیسیٰ نے بیان اسکا کہ وہ یہ کہ جانور ذبح کیا جاوے اُس سے چمڑا اور نہ کاٹی جاویں رگین گردن کی پھر چھوڑ دیا جاوے یہانتک کہ مرجاوے نقل کی یہ ابو داؤد نے **ف** اہل جاہلیت کاٹتے تھے تھوڑا سا پوست جانور کے حلق کا اور چھوڑ دیتے تھے اُسکو یہانتک کہ وہ مرجاتا تھا اور اُسکو شریطہ اس سبب سے کہا کہ شرط یعنی نشتر جیسے کے ہوتا ہے شرط حجام سے یا شرط یعنی علامت کے ہے اور اُسکو اضافت طرف شیطان کے اسلئے کی کہ وہ باعث اس عمل پر اور راضی ہوتا ہے اُسکے ہونے سے **وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ أُمِّهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ** اور روایت ہے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذبح کرنا بچہ کا کہ ماں کے پیٹ مین ہو ذبح کرنا ماں اُسکی کا ہے نقل کی یہ ابو داؤد اور دارمی نے اور نقل کی ترمذی نے ابی سعید سے **ف** یعنے ذبح ہونا ماں کا کافی ہے واسطے حلال ہونے پیٹ کے بچہ کے پس اگر بکری ذبح کی گئی اور اُسکے پیٹ مین بچہ مرگیا حلال ہے کھانا اُسکا تینوں اماموں کا یہی مذہب ہے لیکن امام شافعی کے نزدیک حلال ہے خواہ بال نکلے ہوں یا نہیں اور امام مالک کے نزدیک اگر تمام ہو خلقت اُسکی اور نکلے ہوں بال اُسکے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک حلال نہیں ہے کھانا اسکا مگر یہ کہ نکلے زندہ اور ذبح کیا جاوے اور قول زفر اور حسن بن زیاد کا بھی یہی ہے اور دلیل انکی یہ ہے کہ حضرت نے فرمایا ہے کہ جبکہ تیرے شکار پانی مین گرے کھانا نہ چاہیے اُسکو باحتمال اسکے کہ شاید پانی سے مرا ہو پس حرام کیا کھانا اُسکا وقت وقوع شک کے سبب نکلنے جان کے اور یہ موجود ہے اس بچہ مین معلوم نہیں کہ وہ بسبب ذبح کرنے ماں کے مرا ہے یا دم گھٹ کر اور اگر بچہ زندہ نکلے تو سب کے نزدیک ذبح کرنا اسکا بالاتفاق واجب ہے اور توجیہ حدیث کے کلام مین نزدیک امام صاحب کے واللہ اعلم **وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ نَنْحَرُ النَّاقَةَ وَنَذْبَحُ الْبَقَرَةَ وَالشَّاةَ فَنَجِدُ فِي بَطْنِهَا الْجَنِينَ أَنُلْقِيهِ أَمْ نَأْكُلُهُ قَالَ كُلُوهُ إِنْ شِئْتُمْ فَإِنَّ ذَكَاتَهُ ذَكَاةُ أُمِّهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَهْ** اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا کہا ہمنے یا رسول اللہ نحر کرتے ہین ہم اونٹنی کو اور ذبح کرتے ہین ہم گائین اور بکری پس پاتے ہین ہم اسکے پیٹ مین بچہ یعنے مردہ کیا پھینک دین اسکو یا کھاوین اسکو فرمایا کھاؤ اسکو اگر چاہو پس تحقیق ذبح کرنا اسکا ذبح کرنا ماں اسکو کا ہے نقل کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **ف** نحر نیزہ مارنا اونٹ کے سینہ مین اور یہ سنت ہے اونٹ مین اگرچہ ذبح بھی جائز ہے اور ذبح کاٹنا حلق کی رگون کا یہ بکری وغیرہ مین سنت ہے **وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ عُصْفُورًا فَمَا فَوْقَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا سَأَلَهُ اللهُ عَنْ قَتْلِهِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ وَمَا حَقُّهَا قَالَ أَنْ يَذْبَحَهَا فَيَأْكُلَهَا وَلَا يَقْطَعَ رَأْسَهَا فَيَرْمِيَ بِهَا رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ** اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قتل کرے چڑیا کو پس اس چیز کو کہ زیادہ ہو اُس سے بڑی ہو یا چھوٹی ہو بغیر حق اُسکے کہ وہ منتفع ہو ساتھ کھانے اُسکے سوال کریگا اس سے اللہ قتل اُسکے سے یعنے عتاب و عذاب کریگا اُس پر دن قیامت کے کہا گیا یا رسول اللہ اور کیا ہے حق اُسکا فرمایا یہ کہ ذبح کرے اسکو یعنے نام ہے اُسکو اور طرح اور کھاوے اسکو اور نہ کاٹے سر اُسکا اور پھینک دے اُسکو نقل کی یہ

[illegible]

پر اسمو او رنسائی او ر روایت کی مختصر کمہا و اسکو یعنے منتفع ہوا جاتا اسکے اور پھینکدے اسکو پس منع کرے اسکو کہا ابن مالک نے کہ یہ جو اسکا
کہ مکروہ ہو ذبح کرنا حیوان کا واسطے غیر کہانے کے اتنی اور شبیہ ہو کہ کراہت تحریمی ہو اور اسی لیئے منع فرمایا آنحضرت نے قتل کرنا اُن جانورون کا
کے کہ نہین کہائے جاتے ہین جیسیکہ آئے آتا ہی کہا طیبی نے کہ حق اُسکا عبارت ہو منتفع ہونے سے ساتھ اُسکے جیسیکہ کہانا اسکا اور پھینکدینا اُسکا
عبارت ہو ضائع کرنے حق اسکے ہیں یہ ہو قول حضرت کا ولا تقطع رسمہ یعنی ہماری مانند کیا کہ واسطے سابق کہ منع کر وعَنْ أَبِي وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ
قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يَجُبُّونَ أَسْنِمَةَ الْإِبِلِ وَيَقْطَعُونَ أَلْيَاتِ الْغَنَمِ فَقَالَ مَا يُقْطَعُ مِنَ الْبَهِيمَةِ
وَهِيَ حَيَّةٌ فَهِيَ مَيْتَةٌ لَا تُؤْكَلُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ اور روایت ہو ابو واقد لیثی سے کہ کہا آئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
مدینہ میں اس حال میں کہ مدینہ والے کاٹ لیا کرتے تھے کوہان اونٹون کے اور کاٹ لیتے تھے چکتیان دُنبون کی یعنے کہانے کے لیے پس فرمایا حضرت نے کہ
جو چیز کاٹی جاوے جانور سے اس حال میں کہ وہ جو زندہ ہو پس وہ چیز مردار ہو نہ کہائی جاوے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود نے ف یعنے جو چیز کہ
زندہ سے کاٹ لیا ہو پس وہ مردار ہو اُسکا کہانا درست نہین ترجمہ مولانا **الْفَصْلُ الثَّالِثُ** فصل تیسری عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ
عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ أَنَّهُ كَانَ يَرْعَى لِقْحَةً بِشِعْبٍ مِنْ شِعَابِ أُحُدٍ فَرَأَى بِهَا الْمَوْتَ فَلَمْ يَجِدْ مَا يَنْحَرُهَا
بِهِ فَأَخَذَ وَتِدًا فَوَجَأَ بِهِ فِي لَبَّتِهَا حَتَّى أَهْرَاقَ دَمَهَا ثُمَّ أَخْبَرَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ بِأَكْلِهَا رَوَاهُ
أَبُو دَاوُدَ وَمَالِكٌ وَفِي رِوَايَتِهِ قَالَ فَذَكَّاهَا بِشِظَاظٍ روایت ہو عطاء بن یسار سے کہ نقل کی ایک شخص سے کہ تھا قبیلہ بنی حارثہ
سے کہ وہ چراتا تھا اونٹنی کو کہ قریب بچہ جننے کے تھی بیچ دروں کے درون پہاڑ احد کے سے پس دیکھا اسمین اثر موت کا یعنے اونٹنی مرنے لگی پس نہ پائی اُسنے
کوئی چیز کہ نحر کرے اسکو ساتھ اسکے پس لی ایک میخ اور چبھودی میخ یعنے سینہ کی طرف اسکے سینہ کے اوپر یہانتک کہ بہا دیا خون پہر خبر دی پیغمبر
خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو یعنے اس ماجری کی پس حکم کیا اسکو ساتھ کہانے اسکے نقل کی یہ ابو داود اور مالک نے اور ایک روایت میں ہو کہ
کہا پس ذبح کیا اسکو ساتھ لکڑی تیز کے وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْبَحْرِ إِلَّا قَدْ ذَكَّاهَا
اللهُ لِبَنِي آدَمَ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ اور روایت ہو جابر سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی جانور دریا میں مگر کہ ذبح کیا ہو اسکو
خدا نے واسطے بنی آدم کے نقل کی یہ دارقطنی نے ف یعنے حلال ہو بغیر ذبح کے اور شکار کرنا اور کہانا اسکا دریا کا حکم ذبح کا رکہتا ہو ظاہر
حدیث سے معلوم ہوتا ہو کہ سب جانور دریا کے حلال ہین خواہ آپ مر جاوین خواہ شکار کرے اور ذبح کرے پہر حلال ہو مچھلی کے اتفاق ہو علما کا
اور اور جانور دریا مین اختلاف ہو کہا امام ابو حنیفہ نے کہ نہین حلال سوا مچھلی کے اور جو مچھلی پانی مین بغیر آفت سردی گرمی کے مر جاوے اور پانی پر آ جاوے وہ
حرام ہو اور سردی یا گرمی سے مرے تو حلال ہو ترجمہ **بَابُ ذِكْرِ الْكَلْبِ** باب ہو بیچ بیان کتے کے ف یعنے اس باب مین حکم کتوں کا مذکور ہی
کونسا پالنا جائز ہو اور کونسا نہین جائز اور کسکا مارنا جائز ہو اور کسکا نہین جائز ترجمہ **الْفَصْلُ الْأَوَّلُ** فصل پہلی عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ
قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ أَوْ ضَارٍ نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطَانِ
مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہو ابن عمر سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پالے کتا سوا کتے مواشی کے یا شکاری کے تو کم کیا جاتا ہو
ثواب عمل اسکے سے ہر روز دو قیراط نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف قیراط آدہے دانگ کو کہتے ہین اور مراد یہان مقدار معلوم ہو نزدیک
اللہ تعالی کے اور اختلاف کیا ہو علما نے بیچ سبب نقصان ثواب عمل کے سبب پالنے کتے کے بعضون نے کہا ہو کہ بسبب اس کے کہ فرشتے رحمت کے گہر مین
نہین آتے کہا کہ بسبب ایذا پہنچانے کے لوگون کو اور بعضون نے کہا بسبب کہ بعض شیطان ہوتے ہین ف مخلف کتون نہین ہونے اُنکو ذبح

وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ اتَّخَذَ کَلْبًا اِلَّا کَلْبَ مَاشِیَۃٍ اَوْ صَیْدٍ اَوْ زَرْعٍ انْتَقَصَ مِنْ اَجْرِہٖ کُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پالے کتا سوا کتے مواشی کے یا شکار کے یا کھیتی کے کم ہوتا ہے ثواب اسکے سے ہر روز ایک قیراط کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یہ بھی مثل حدیث سابق کے ہے لیکن یہاں کتا کھیتی کا زیادہ کیا اسلئے کہ اس سے محافظت زراعت کی ہے اور نقصان ثواب مقدار قیراط کے سوا وہاں مقدار دو قیراط کی اور یہ تفاوت یا تو بسبب اختلاف نوع کتوں کے ہے کہ بعضے انہیں سے بہت ایذا پہنچاتے ہیں انکے نقصان بقدر دو قیراط کے ہے اور بعضے کمتر ایذا پہنچاتے ہیں انکے نقصان بقدر ایک قیراط کے ہوتا ہے اور یا باعتبار مکانوں کے کہ بعضے مکانوں میں کتے کے پالنے سے نقصان بقدر دو قیراط کے عمل ہوتا ہے مدینہ کے بسبب بزرگی انکے اور غیر انکے میں بقدر ایک قیراط کے یا دو قیراط شہروں میں اور قریوں میں ایک قیراط یا سبب اختلاف زمانوں کے کہ پہلے سا نقصان ایک قیراط کے حکم کیا اور جب مخالفت ساتھ کتوں کے اور الفت ساتھ انکے زیادہ ہوئی زجر شدید زیادہ ہوئی اور حکم نقصان دو قیراط کے کیا گیا

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ حَتّٰی اِنَّ الْمَرْاَۃَ تَقْدَمُ مِنَ الْبَادِیَۃِ بِکَلْبِھَا فَنَقْتُلُہٗ ثُمَّ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِھَا وَقَالَ عَلَیْکُمْ بِالْاَسْوَدِ الْبَھِیْمِ ذِی النُّقْطَتَیْنِ فَاِنَّہٗ شَیْطَانٌ رَوَاہُ مُسْلِمٌ اور روایت ہے جابر سے کہا حکم کیا ہمکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ساتھ قتل کرنے کتوں کے یہانتک کہ عورت آتی تھی جنگل سے ساتھ کتے اپنے کے پس اسکے کتے کو بھی قتل کرتے تھے ہم پھر منع فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنے انکے سے اور فرمایا لازم ہے تم پر قتل کرنا کتے سیاہ خالص دو نقطوں والے کا کہ وہ شیطان ہے نقل کی یہ مسلم نے ف لکھا ہے علما نے کہ حکم کرنا ساتھ قتل کرنے کتوں کے خصوص تھا ساتھ مدینہ مطہرہ کے کہ جگہ اترنے وحی اور ملائکہ کی تھی اور ہو یا کہ یہ حکم کتوں کے مانع ہیں دخول ملائکہ سے اور تخصیص عورت کی بسبب اسکے ہے کہ جو عورتیں جنگل میں رہتی تھیں انکو احتیاج کتوں کی بہت تھی پس یہ تاکید ہوئی اور اتفاق ہے واللہ اعلم اور دو نقطوں والا کتا وہ ہے جسکے آنکھوں پر دو نقطے سفید ہوتے ہیں اور شیطان کہا بسبب خبث اسکے اور بہت ایذا پہنچانے کے بسبب اسکے کہ بدتر ہے کتوں سے اور کمتر ہے نگہبانی میں اور بعید تر ہے شکار کرنے سے حتی کہ امام احمد اور اسحق نے کہا کہ نہیں حلال ہے شکار کتے سیاہ کا اسلئے کہ وہ شیطان ہے اور کہا نووی نے کہ اتفاق رکھتے ہیں علما اوپر قتل کرنے کتے عقور یعنی کٹکھنے کے اور جو کہ نہیں ضرر اسمیں کہا امام حرمین نے کہ حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ قتل کرنے سب کتوں کے پھر منسوخ کیا گیا یہ سوائے کتے سیاہ کے پھر مقرر ہوئی شرع اوپر منع کے قتل کرنے تمام اون کتوں کے سے کہ نہیں ضرر انہیں یہانتک کہ کتا سیاہ کہ اسمیں بھی یہی حکم ہے

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ اَوْ کَلْبَ غَنَمٍ اَوْ مَاشِیَۃٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ساتھ قتل کرنے کتوں کے لیکن تمام کتوں سے یا کتوں مدینہ کے سے بنا بر قول مشہور سوائے کتے شکاری کے یا کتے بکریوں یا مواشی کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یا تو مواشی کی قسم سے تخصیص ہے بعد تعمیم کے یا بعد شک کے ہے واسطے تنویع کے لئے ہو جیسا کہ اسکے پہلے ہے یعنی لفظ او تشکیک راوی کے لئے ہو کہ شبہ ہوا ہو اسکو یا یہ کہ راوی نے یہی سنا ہو اور ثمر لایا ہو واللہ اعلم

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ فصل دوسری عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مُغَفَّلٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنَّ الْکِلَابَ اُمَّۃٌ مِّنَ الْاُمَمِ لَاَمَرْتُ بِقَتْلِھَا کُلِّھَا فَاقْتُلُوْا مِنْھَا کُلَّ اَسْوَدَ بَھِیْمٍ رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ وَزَادَ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَمَا مِنْ اَھْلِ بَیْتٍ یَرْتَبِطُوْنَ کَلْبًا اِلَّا نَقَصَ مِنْ عَمَلِھِمْ کُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ اَوْ کَلْبَ حَرْثٍ اَوْ کَلْبَ غَنَمٍ اور روایت ہے عبداللہ بن مغفل سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اگر نہوتی یہ بات کہ کتے ایک جماعت ہیں جماعتوں میں سے تو البتہ حکم کرتا میں ساتھ قتل کرنے انکے سب کے پس قتل کر ڈالو ان میں سے ہر کتے

سیاہ خالص کے تئیں قتل کیا کرو روایت کی یہ ابو داؤد اور دارمی نے اور زیادہ کی ترمذی اور نسائی نے یہ عبارت اور نہیں کوئی گھر والے کہ باندھیں کتا مگر کم کیا جاتا ہے
ثواب عمل اُن کے سے ہر روز ایک قیراط مگر کتا شکاری یا کھیتی کا یا کتا ریوڑ کا ایک جماعت ہیں اہل علم سے قائل اس حدیث کی کہ امر واسطے وجوب کے
واسطے قتل کلاب کے جمہور ہیں اور فاقتلوا جواب ہے شرط محذوف کا گویا کہ فرمایا کہ پس جب بیان کی میں نے علت قتل کی سبب ہونے کے پس قتل کرو ان کو
حضرت نے کمروہ رکھا نشان کرنا ایک جماعت کا جماعتوں مخلوق خدا کی سے اسلیے کہ نہیں کوئی خلق خدا کی مگر اس میں ایک طرح کی حکمت ہے اور مصلحت ہے پس نہیں
لائق ہے مارنا کسی طرف راہ تو قتل کرو بدتر ان کو کہ وہ سیاہ رنگ ہیں اور باقی رکھو سوا اُنکے کو تا کہ نفع ہو تم کو سبب انکے
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّحْرِيْشِ بَيْنَ الْبَهَائِمِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ
اور روایت ہے ابن عباس سے کہ منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑائی سے درمیان چارپایوں کے نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد نے
مینڈھوں اور مرغوں اور بیلوں اور سوا انکے اور چارپایوں کو لڑانا اور جانور پرندہ تا بھی یہی حکم ہے یعنی مرغ اور بلبل اور تیتر وغیرہ کو لڑانا نہیں
ہیں اور جب جانوروں کا لڑانا منع ہوا تو آدمیوں کا لڑانا بطریق اولٰی منع ہوگا اور یہ بہت ہے بعض بلاد میں
بَابُ مَا يَحِلُّ اَكْلُهُ وَمَا يَحْرُمُ
یہ باب ہے بیچ بیان اُس چیز کے کہ حلال ہو کھانا اُس کا اور باب بیچ اُس چیز کا کہ حرام ہو کھانا اُس کا جاننا چاہیے وہ چیز کہ ثابت ہوئی ہے
حرمت اُس کی کتاب اللہ سے وہ میتہ ہے اور دم مسفوح اور گوشت سور کا اور جو جانور کہ ذبح کیا گیا بغیر نام خدا تعالیٰ کے چنانچہ آیت قل لا اجد فیما اوحی الی
اثبات اسکا کرتی ہے بعد ازاں زیادہ کیا سنت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور چیزوں کو مانند ذی ناب ہونے اور ذی مخلب ہونے اور گدھے پالتو کے
اور سوا انکے پس بعضے تو متفق علیہ ہیں بسبب قطعیت احادیث کے اور بعضے مختلف فیہ ہیں درمیان ائمہ کے بسبب اختلاف اعتقادات کے اور پیدا ہوئی اختلاف اس
آیت ویحل لہم الطیبات ویحرم علیہم الخبائث اور ساتھ اسکے دلیل پکڑی ہے ہمارے علما نے اوپر حرام ہونے جانوروں دریائی کے سوا مچھلی کے اور یہ ہیں کہ
کہ امام مالک اور ایک جماعت اہل علم سے گئے ہیں طرف مطلق حلال ہونے تمام جانوروں دریائی کے اور استثنا کیا ہے بعضوں نے سور کو اور انسان کو
سے کہ امام شافعی کے نزدیک مطلق دریائی جانور حلال ہیں بدلیل قول اللہ تعالیٰ کے احل لکم صید البحر اور قول حضرت کے بیچ شان دریا کے ہو الطہور
ماؤہ والحل میتتہ اور ہمارے لیے دلیل ہے قول اللہ تعالیٰ کا ویحرم علیہم الخبائث اسلیے کہ سوا مچھلی کے جو جانور ہیں دریا کا خبیث ہے اور مراد خبیث سے
یہ ہے کہ طبیعت اسکو طبیعت سلیم مستقذر رکھے اور سوا مچھلی کے جو چیز کہ ہے طبیعت سلیم اسکو خبیث جانتی ہے
اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ
عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ ذِيْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ فَاَكْلُهٗ حَرَامٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو جانور کہ ہو دانت والا درندوں میں سے یعنی جو دانت سے شکار کرے مانند شیر اور بھیڑیے وغیرہ کے
پس کھانا اسکا حرام ہے نقل کی یہ مسلم نے
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَكُلِّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ
اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا منع فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے ہر
کچلی والے کے درندوں سے اور کھانے ہر چنگل والے کے پرندوں میں سے یعنی جو کہ پنجوں سے شکار کرے مانند باز وغیرہ کے نقل کی یہ مسلم نے
وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُوْمَ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
اور روایت ہے ابی ثعلبہ سے کہ کہا حرام فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گوشت گدھے گھر کے پلے ہوؤں کا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور وحشی کہ
انکو گورخر کہتے ہیں حلال ہیں بالاتفاق
وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَاَذِنَ فِيْ لُحُوْمِ الْخَيْلِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
اور روایت ہے جابر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا دن خیبر کے کھانا گوشت

گر بعض گھوڑے پہلے ہونیکے سے اور اون فرمایا بیچ کھانے گوشت گھوڑوں کے نقل کی بخاری اور مسلم نے ف اتفاق رکھتے ہیں اوپر اباحت گوشت
گھوڑے کے سوا امام ابو حنیفہ اور امام مالک کے کہ وہ قائل ہیں کراہت تحریمی یا تنزیہی کے بعض شیخ نے لکھا ہے اور بعد اسکے بیچ رسالہ شیخ ابن ہمام کی
صاحب تحمل کی ہیں لیکن حکایت والمنتقی سے نقل کیا ہے کہ بعضوں نے کہا ہے کہ امام ابو حنیفہ نے رجوع کی ہے قول حرمت گوشت گھوڑے سے تین دن پہلے
وفات اپنی سے اور اسی پر فتویٰ ہے انتہی اور در مختار میں لکھا ہے کہ گوشت گھوڑے کا حلال نہیں ہے امام صاحب کے نزدیک اور صاحبین اور شافعی کے نزدیک
حلال ہے اور کہا بعضوں نے کہ امام ابو حنیفہ نے رجوع کی ہے حرمت اسکی سے تین دن پہلے مرنے کے اور علیہ الفتویٰ انتہی اور بیچ رسالہ استاد بزرگوار جناب
مولانا محمد اسحٰق صاحب ادام اللہ شرفہ میں بھی اسی روایت پر فتویٰ دیتے ہیں وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّهُ رَأَى حِمَارًا وَحْشِيًّا فَعَقَرَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهِ شَيْءٌ قَالَ مَعَنَا رِجْلُهُ فَأَخَذَهَا فَأَكَلَهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابی قتادہ سے یہ کہ
انہوں نے دیکھا گورخر پس قتل کیا اسکو یعنی اور پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے واز کھانے اسکے سے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے تمہارے ساتھ
گوشت اسکے سے کچھ کہا ابو قتادہ نے ساتھ ہمارے ہے پانوں اسکا پس لیا حضرت نے اسکو اور کھایا اسکو نقل کی بخاری اور مسلم نے وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ
أَنْفَجْنَا أَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ فَأَخَذْتُهَا فَأَتَيْتُ بِهَا أَبَا طَلْحَةَ فَذَبَحَهَا وَبَعَثَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَرِكِهَا
وَفَخِذَيْهَا فَقَبِلَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے انس سے کہا بھگایا ہم نے یعنی شکار کرنے کیلئے خرگوش کو مر الظہران میں کہ نام ایک جگہ کا ہے درمیان
حرمین شریفین کے پس پکڑ لیا اسکو میں نے پھر لایا میں اسکو ابو طلحہ کے پاس پھر ذبح کیا اسکو اور بھیجا طرف پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کولا اسکا اور
دونوں ران اسکی پس قبول کیا حضرت نے اسکو نقل کی بخاری اور مسلم نے ف یعنی اگر کھانا اسکا درست نہوتا تو قبول نہ فرماتے اسکو اور
فرمانے کی سے پس قبول کرنے سے معلوم ہوا کہ وہ حلال ہے اور بیچ کتاب الرحمۃ فی اختلاف الائمۃ کے لکھا ہے کہ خرگوش حلال ہے بالاتفاق وَعَنِ
ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الضَّبُّ لَسْتُ آكُلُهُ وَلَا أُحَرِّمُهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا پیغمبر
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ضب یعنی گوہ نہیں کھاتا ہوں میں اسکو اور نہ حرام کرتا ہوں میں اسکو نقل کی بخاری اور مسلم نے ف ضب ایک جانور ہے صورت اسکی چھپکلی
کی سی ہوتی ہے اور پانی نہیں پیتی بلکہ قناعت کرتی ہے ساتھ ہوا کے اور چالیس دن زمین میں ایک قطرہ پیشاب کرتی ہے اور دانت نہیں ٹوٹتے اسکے اور کہا بعض
نے کہ نہ کھانا اسکا بسبب کراہت طبع کے تھا اور نہ حرام کرنا اسلیے تھا کہ نہیں وحی آئی تھی حضرت کو اسکے حق میں یہانتک کہ آئی ہے وحی جدید ساتھ حرمت اسکی کے
حرمت پر بموجب اس حدیث کے امام ابو حنیفہ کے نزدیک حرام ہے کھانا اسکا اور امام احمد اور شافعی کے نزدیک مباح ہے اسلیے کہ منع کیا ہے بسبب کراہت طبع کے
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَيْمُونَةَ وَهِيَ خَالَتُهُ
وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ فَوَجَدَ عِنْدَهَا ضَبًّا مَحْنُوذًا فَقَدَّمَتِ الضَّبَّ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَنِ الضَّبِّ فَقَالَ خَالِدٌ أَحَرَامٌ الضَّبُّ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ لَا وَلَكِنْ لَمْ يَكُنْ بِأَرْضِ قَوْمِي فَأَجِدُنِي
أَعَافُهُ قَالَ خَالِدٌ فَاجْتَرَرْتُهُ فَأَكَلْتُهُ وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ إِلَيَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابن عباس سے
یہ کہ خالد بن ولید نے خبر دی انکو یہ کہ وہ داخل ہوئے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے میمونہ پر اور میمونہ خالہ تھیں خالد کی اور خالہ
تھیں ابن عباس کی پس پایا خالد نے یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نزدیک میمونہ کے گوہ بھنی ہوئی پس آگے کیا میمونہ نے گوہ کو پیغمبر خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کے پس اٹھا لیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اپنا گوہ سے پس کہا خالد نے کیا حرام ہے گوہ یا رسول اللہ فرمایا نہیں لیکن نہیں تھی یہ گوہ
زمین میں قوم میری کی پس پاتا ہوں میں اپنے تئیں کراہت کرتا ہوں میں اس سے یعنی طبعی کراہت ہے مجھکو اس سے کہا خالد نے پس کھینچ لیا میں نے اسکو اور کھایا اسکو اور

سالمین کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے تھے طرف تیر کی نقل کی بخاری اور مسلم نے ف نبی گوہ کے کھانے سے جو کراہت آئی ہے شاید آپکے پیالہ
ہو یہ حدیث منسوخ ہو گئی ہو گی واللہ اعلم بالصواب وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ لَحْمَ الدَّجَاجِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ
اور روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھاتے گوشت مرغ کا نقل کی بخاری اور مسلم نے وَعَنِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی
قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ کُنَّا نَاْکُلُ مَعَہُ الْجَرَادَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اور روایت ہے ابن ابی اوفی سے کہا
جہاد کئے ہم نے ساتھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سات جہاد تھے ہم کہ ساتھ حضرت کے ٹڈی نقل کی بخاری اور مسلم نے ف نقل ہے صحیح
مسلم میں لیکن ترمذی میں اور خالی ہیں اکثر روایتیں اس زیادتی سے وجہ یہ کہ زیادہ کیا ترمذی نے مراد ہے یہ کہ ہم کھاتے تھے اور ہمراہ حضرت کے تھے اور
آنحضرت انکار نہیں کرتے تھے یہ نہیں کہ آنحضرت اور وہ ساتھ کھاتے تھے اور یہ تاویل اگرچہ خلاف ظاہر ہے لیکن صحیح ہے کہ آنحضرت نے
نہیں کھائی ٹڈی اور فرمایا کہ نہیں کھاتا ہوں اور نہ حرام کرتا ہوں وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ غَزَوْتُ جَیْشَ الْخَبَطِ وَاُمِّرَ اَبُوْ عُبَیْدَۃَ
فَجُعْنَا جُوْعًا شَدِیْدًا فَاَلْقَی الْبَحْرُ حُوْتًا مَیِّتًا لَمْ نَرَ مِثْلَہٗ یُقَالُ لَہُ الْعَنْبَرُ فَاَکَلْنَا مِنْہُ نِصْفَ شَہْرٍ فَاَخَذَ اَبُوْ عُبَیْدَۃَ عَظْمًا
مِنْ عِظَامِہٖ فَمَرَّ الرَّاکِبُ تَحْتَہٗ فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَکَرْنَا لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ کُلُوْا رِزْقًا اَخْرَجَہُ اللّٰہُ اِلَیْکُمْ وَاَطْعِمُوْنَا
اِنْ کَانَ مَعَکُمْ قَالَ فَاَرْسَلْنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْہُ فَاَکَلَہٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ اور روایت ہے جابر سے کہا جہاد
کیا میں نے ساتھ لشکر خبط کے اور امیر کئے گئے تھے ابو عبیدہ پس بھوکے ہوئے ہم سخت بھوکے ہونا پس پھینکے دریا نے ایک مچھلی مری ہوئی نہیں دیکھا
ہم نے مانند اسکے کہے ہیں کہا جاتا تھا اس قسم کی مچھلی کو عنبر پس کھایا ہم نے اس میں سے آدھے مہینے تک پس لی ابو عبیدہ نے ایک ہڈی اسکی
ہڈیوں میں سے یعنی پسلی کی ہڈی کھڑی کی پس گذر گیا اونٹ کا سوار اسکے نیچے سے پس جب آئے ہم یعنی جہاد سے یعنی مدینہ میں ذکر کیا ہم نے روبرو
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قصہ اسکا پس فرمایا کھاؤ رزق کو کہ نکالا اللہ نے طرف تمہارے یعنی خوش ہوکر کھاؤ اگر باقی رہا ہو تم سے
کچھ کھلاؤ یا اگر بس ہو وہ رزق پاک کھاؤ تم اور کھلاؤ ہم کو اگر ہو ساتھ تمہارے یعنی اگر کچھ باقی رہا ہو اسمیں سے تمہارے پاس [illegible]
خوش ہوکر لئے اور تا کہ معلوم ہو اسکے لئے فرمایا کہ یہ جائز نہیں کہ سبب اضطرار کے حلال ہو بھی کہا جابر نے پس بھیجا ہم نے طرف حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے اس میں سے پس کھایا حضرت نے اس میں سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف خبط مانند برگ درخت کے اور بسبب عسرت کے [illegible]
جاتے ہیں لاٹھی سے اور یہ نام اس غزوہ کا اسلئے رکھا گیا کہ بسبب اضطرار کے یہ پتے جھاڑ کر کھاتے تھے یا تنگی سے [illegible]
سو کھ جاتے تھے اور یہ جہاد سنہ میں پہلے صلح حدیبیہ سے ہوا تھا اور [illegible] عنبر جو خوشبو ہے کو بڑا ایک جانور دریائی کا
یا ایک چشمہ سے نکلتا ہے کہ وہ دریا میں ہے اور عنبر نام مچھلی دریائی کا بھی ہے کہ آتے ہیں اس کے پوست کا ہیں سپر بنتی ہے اور آدھے مہینے اور بعضی روایت میں
مہینا آیا ہے اور بعضی میں آیا ہے کہ کھایا اس کو لشکر نے اٹھارہ دن تطبیق ان روایت میں یوں دیا گیا ہے کہ مہینے تک سارا لشکر کھاتا
حقیر جاننے اسکے ہے۔ اور متعلق ہونے سے ساتھ اخلاق متکبروں کے کہ تکیے اسکا کرکھانے کو متکبروں کی عادت ہے پس ثابت ہوا کہ بہتر یہ ہے کہ تکیہ دیکر بیٹھنا حالت کھانے کی تواضع کیطرف زیادہ قریب ہے **وعن ابی جحیفۃ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا اٰکل متکئا رواہ البخاری** اور روایت ہے ابی جحیفہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کھاتا میں تکیہ لگا کر نقل کی یہ بخاری نے **ف** کہا صاحب سفر السعادۃ نے کہ مصنف نے تکیہ کرنا تین قسم پر ہے ایک قسم تکیہ کرنا پہلو پر دوسرے تکیہ کرنا چارزانو بیٹھنا اور تیسرے ایک ہاتھ زمین پر ٹیکنا پیچھے دوسرے ہاتھ سے کھانا اور یہ تینوں قسمیں مذموم ہیں انتہی اور بعضوں نے چوتھی قسم بیان کی ہے کہ تکیہ یعنی دیوار یا مسند اسکے سے پیٹھ لگا کر بیٹھے اور سنت یہ ہے کھانے میں کہ جھک کر اور متوجہ ہو کر طرف کھانے کے بیٹھے اور تعجب کیا ہے بعض نے تکیہ کرنے کو ساتھ جھک کر بیٹھنے کے ایک جانب کو وہ جانتے ہیں کہ اسلیے کہ اس طرح کھانا مضر ہوتا ہے کہ کھانا اندر گلے اور معدے میں سہولت سے نہیں پہونچتا اور کہا ہے شیخ نے کتاب عمل الیوم واللیلہ میں کہ بیٹھے اور کھانے کے وقت تکیہ لگا کر اور دستہ کھانا پکڑ کر اور نہ کمر جھکا ہوا بیٹھے دو زانو یا بصورت اقعا یعنی پیٹھ اسکی اور دونوں زانو کھڑے کر کے جیسے کتا بیٹھتا ہے یا دونوں پاؤں کے پنجے بیچ کھڑے ہوں اور پیچھے ایڑیاں کے اور بیٹھے بائیں پاؤں پر **وعن قتادۃ عن انس قال ما اکل النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی خوان ولا فی سکرجۃ ولا خبز لہ مرقق قیل لقتادۃ علی ما یاکلون قال علی السفر رواہ البخاری** اور روایت ہے قتادہ سے کہ نقل کی انس سے کہ کہا نہیں کھایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خوان پر اور نہ طشتری میں اور نہ پکائی گئی آنحضرت کے لیے چپاتی کہا کسی نے واسطے قتادہ کے کس چیز پر کھاتے تھے کہا دسترخوانوں پر نقل کی یہ بخاری نے **ف** خوان بروزن کتاب ہے کہ خوان بلکہ اطراف میں اونچا اور بیچ میں گڑھا ہوتا ہے اور جسکے نیچے پائے ہوتے ہیں کہ خوان پر کھانے کے لیے اور سکرجہ ساتھ پیش میں کے اور کاف اور راء کے مشدد وہ ظرف چھوٹا ہے کہ بعضوں نے زیرہ تشنہ واسوہ وغیرہ ہو کہ جس میں تھوڑا سا کھانا کر کے تشتری یا پیالی یا اچار وغیرہ انہیں رکھتے ہیں دسترخوان پر تا اس سے رغبت کھانے کی زیادہ ہو اور کھانا ہضم کرے پس خبر دی کہ آنحضرت کے دسترخوان پر وہ نہ ہوتی چیزیں جیسے کہ زعفران الوان اور چٹنی الوان اور شکر وغیرہ کے دسترخوانوں پر ہوتی ہیں اور نہیں پکائی گئی تمام یعنی چپاتی پتلی آنحضرت کے لیے چپاتی اور نہ کھایا اسکو اگر بنوا کر پکائی گئی اسکے لیے تھوڑی جیسے کہ اوس حدیث میں آیا ہو کہ نہیں دیکھا آنحضرت نے چپاتی کو تا قبل اور یہ تحقیق طلب ہے کہ کھانے کے خوان پر جگہ سوال کی تھی کہ پھر کیا لاتے تھے پھر کیا کھانا نہ تھے جواب خوان سے کوئی اور چیز ہوتی تھی یا نہیں بخلاف کھانے کے تشتری وغیرہ میں کہ تشتری متعلق ہو پس کہا کیا قتادہ سے اور کس چیز پر کھانے تھے یعنی صاحب کہ پیرو حضرت کی سنت کے تھے اور سوال کرنا آگے احوال سے حقیقت میں سوال کرنا حضرت کے احوال سے تھا یا کنایہ ہے ان لوگوں کی حضرت اور صحابہ کی طرف بھیجنا اسکا یہ جواب حدیث سے معلوم ہوا کہ دسترخوان پر کھانا کھانا سنت ہے اور خوان پر بدعت ہے لیکن جائز ہو کراہت کہ بغیر متکبر ہو **وعن انس قال ما اعلم النبی صلی اللہ علیہ وسلم رأی رغیفا مرققا حتی لحق باللہ ولا رأی شاۃ سمیطا بعینہ قط رواہ البخاری** اور روایت ہے انس سے کہ کہا نہیں جانتا میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ دیکھی ہو روٹی پتلی یعنی چپاتی یہانتک کہ ملاقات کی اللہ تعالیٰ سے یعنی وفات ہوئی آپ کی اور نہیں دیکھی بکری تمام بھنی کہ ہوئی ساتھ آنکھ اپنی کے کبھی نقل کی یہ بخاری نے **ف** سمیط اس بکری کو کہتے ہیں کہ بھونی جاتی ہو بعد اسکے بال دور کرنے کے ساتھ پانی گرم کے اور یہ عادت میں الوان کے ہے اسلیے کہ خاص لوگ پکاتے اور نفاست کرکے لیے ہیں جیسے کہ کہتے ہیں کہ بہت سے وحشی جانور **وعن سھل بن سعد قال ما رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النقی من حین ابتعثہ اللہ حتی قبضہ اللہ وقال ما رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منخلا من حین ابتعثہ اللہ حتی قبضہ اللہ قیل کیف کنتم تاکلون الشعیر غیر منخول قال کنا نطحنہ وننفخہ فیطیر ما طار وما بقی ثریناہ فاکلناہ رواہ البخاری** اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہا نہیں دیکھا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے میدہ اس وقت سے کہ بھیجا انکو اللہ نے رسول کر کے یہانتک کہ قبض

سعد کی آگ اللہ تعالیٰ نے اور کہا سہل نے کہ نہیں دیکھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چپاتی اس وقت سے کہ بھیجا آپ کو اللہ نے یہاں تک کہ وفات دی آپ کو اللہ نے کہا آیا تھی چھلنی یعنی چلنی اس وقت سے کہ بھیجا ان کو اللہ نے کہا سہل نے کہ نہیں دیکھی کہا پھر کیونکر کھاتے تھے تم جو بے چھنے ہوئے کہا پیستے تھے ہم اسکو اور پھونکتے تھے پس اڑ جاتا جو اڑتا اور باقی رہتا جو رہتا اسکو بھگو لیتے تھے پھر کھاتے تھے ہم اسکو نقل کی یہ بخاری نے ف بھیجا آپ کو اللہ تعالیٰ نے کہا گمان کرتا ہوں میں یہ کہ سہل نے احتراز کیا ساتھ اس کہنے کے اس وقت سے کہ تھا پہلے رسالت کے اسلئے کہ آنحضرت تشریف لے گئے تھے ملک شام میں قبل نبوت بسبب تجارت کے لیکن پھر اسباب کی ضیافت کھاتی اور اس وقت وہاں کے لوگ آرام والے تھے ظاہر یہ ہے کہ آنحضرت نے دیکھی ہو اور بعد ظہور نبوت کے تنگی معاش مشہور ہو سو دیکھنا اسکا منکر ہے اور ایسی چیزوں کا اور اس حدیث میں بیان ہے کہ آنحضرت کو ترک تکلف کا اہتمام نہ تھا کہ پس نہیں ہوتا ہے اس کے سوا جو حاجت ہو اور اہل غفلت ہیں **وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهٗ وَاِنْ كَرِهَهٗ تَرَكَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ** اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا نہیں عیب کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی طعام کو کبھی اگر رغبت ہوتی اسکی کھاتے اسکو اور اگر ناخوش جانتے چھوڑ دیتے اسکو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْكُلُ اَكْلًا كَثِيْرًا فَاَسْلَمَ فَكَانَ يَاْكُلُ قَلِيْلًا فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَاْكُلُ فِيْ مِعًى وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ يَاْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوٰى مُسْلِمٌ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى وَابْنِ عُمَرَ الْمُسْنَدَ مِنْهُ فَقَطْ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَافَهٗ ضَيْفٌ وَّهُوَ كَافِرٌ فَاَمَرَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَهٗ ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَهٗ حَتّٰى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ ثُمَّ اِنَّهٗ اَصْبَحَ فَاَسْلَمَ فَاَمَرَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اَمَرَ بِاُخْرٰى فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِيْ مِعًى وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِيْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ** اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ ایک شخص تھا کھاتا کھانا بہت پھر مسلمان ہوا اور کھانے لگا تھوڑا پس ذکر کیا گیا یہ روبرو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمایا بیشک مومن کھاتا ہے ایک انتڑی میں اور کافر کھاتا ہے سات انتڑیوں میں نقل کی یہ بخاری نے اور روایت کی مسلم نے ابی موسیٰ اور ابن عمر سے مسند اس حدیث سے فقط یعنی وہ جو کہ اسناد کیا گیا ہے ساتھ حدیث کے طرف آنحضرت کے اور وہ قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے ان المؤمن یاکل الخ یعنی مسلم کی روایت میں یہ قصہ مذکور نہیں ہے کہ ایک شخص تھا کھاتا تھا بہت فقط قول مذکور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا گیا ہے اور بیچ اور روایت مسلم کے ابی ہریرہ سے ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں آیا ایک مہمان اور وہ تھا کافر پس حکم فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ دینے ایک بکری کے پس دوہی گئی وہ بکری پس پیا اس شخص نے دودھ اسکا پھر فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ دینے ایک اور بکری کے پس پیا اسکو یہاں تک کہ پیا دودھ سات بکریوں کا پھر صبح کی اس شخص نے پس اسلام لایا پھر حکم فرمایا واسطے اسکے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ دینے ایک بکری کے پس دوہی گئی پس پیا دودھ اسکا پھر فرمایا ساتھ دینے ایک اور بکری کے پس نہ پی سکا سارا دودھ اسکا پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن پیتا ہے ایک انتڑی میں اور کافر پیتا ہے ساتھ انتڑیوں میں ف کہتے ہیں کہ آدمی کے پیٹ میں سات انتڑیاں ہیں اور بیان مراد ایک انتڑی اور سات انتڑیوں سے قلت حرص کی اور کثرت حرص کی ہے یعنی مسلمان حریص کم تر ہوتا ہے کھانے پر اور کافر حریص زیادہ کرتا ہے اور یہ باعتبار اکثر و اغلب کے ہے یا مراد ہے ایک شخص خاص کہ حالت اسلام میں کم کھانے لگا اور حالت کفر میں زیادہ کھاتا تھا یا مراد مومن کامل ایمان ہو کہ بسبب برکت ذکر الٰہی کے اور نور و معرفت ایمان کے سیر ہوتا ہے جسد اور اہتمام کھانے کی طرف سے کوتاہ نہیں ہوتا بخلاف کافر کے اور حقیقت میں یہ تنبیہ ہو اس پر کہ مومن کی شان سے یہ ہے کہ لازم کرے صبر قناعت کو اور زہد و ریاضت کو اور اکتفا کرے

ضرورت پر لو بقال رکھے معدہ کو کہ باعث نورانیت دل اور صفائی باطن اور سبب بیداری شب ہے اور خیر ذلک کا ہوا یہ ہے کہ ایک شخص ابن عمرؓ کے پاس آیا اور طعام بہت کھایا فرمایا کہ باہر نکالو اسکو میرے پاس سے لا طاعت آسکی ہے اور لکھی ہے علما نے کہ وہ مشابہ کفار کے ہوا اس صفت میں اور جو کوئی مشابہت کافروں کے ساتھ رکھے صحبت اسکے ساتھ نہ رکھنی چاہیے اور بیشکم کھانا نزدیک عقلا اور صاحبان ہمت اور اہل معنی کے محمود ہے اور خلاف اسکا مذموم ہاں یہ ہو کہ معدہ اور اہلہ کو پہنچتا ہے اور سبب ضعف بدن اور غفلت و سستی کا ہوتا اور بعد اس کے بارے کے مضر ہے اور رسوائی طریقہ حکمت کے ہوت ہے ع و عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طعام الاثنین کافی الثلثۃ وطعام الثلثۃ کافی الاربعۃ متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طعام دو کا کفایت کرتا ہے تین کو اور طعام تین کا کفایت کرتا ہے چار کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی جو طعام کہ سیر کردے دو کو کفایت کرتا ہے تین کو بطور قناعت کے اور قوت دیتا ہے انکو طاعت پر اور دور کرتا ہے ضعف کو نہ یہ کہ سیر کر دیتا ہے تین کو اور اسی طرح جو طعام کہ بہت سا ہو تو چاہیے کہ قناعت کرے پیٹ بھر لے کم ہو اور صرف کرے زائد طعام اور محتاج کے ع و عن جابر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول طعام الواحد یکفی الاثنین وطعام الاثنین یکفی الاربعۃ وطعام الاربعۃ یکفی الثمانیۃ رواہ مسلم اور روایت ہے جابرؓ سے کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ کھانا ایک کا کفایت کرتا ہے دو کو اور طعام دو کا کفایت کرتا ہے چار کو اور طعام چار کا کفایت کرتا ہے آٹھ کو نقل کی یہ مسلم نے ف اسمیں بھی وہی تاویل ہے کہ جو اوپر کی حدیث میں مذکور ہوئی لیکن اوپر کی حدیث میں بجائے ثلث کے [illegible] زیادہ اور اس حدیث میں [illegible] یہ اختلاف بسبب تفاوت احوال اشخاص کے ہوا ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا [illegible] قحط سالی میں کہ قصد کیا ہے [illegible] ہر گھر والوں کی مثل عدد انکے کے یعنی انکے طعام میں شریک ہو ان اسلیئے کہ آدمی ہلاک نہیں ہوتا ہے آدھا پیٹ کھانے میں اور تقدیر بیان رغبت دلانا ہے اوپر [illegible] کے لوگوں کے اور قناعت کرنے کے قدر کفایت پر ع و عن عائشۃ قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول التلبینۃ مجمۃ لفؤاد المریض تذھب ببعض الحزن متفق علیہ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تلبینہ راحت دیتا ہے بیمار کے دل کو دور کرتا ہے بعض غم کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف تلبینہ بنایا جاتا ہے آٹے اور دودھ سے کہ مثل حریرہ کے ہوتا ہے اور کبھی اسمیں شہد بھی ڈال دیتے ہیں سفید ہوتا ہے مانند دودھ کے اسلیئے اسکو تلبینہ کہتے ہیں مشتق لبن سے ہے ع و عن انس ان خیاطا دعا النبی صلی اللہ علیہ وسلم لطعام صنعہ فذھبت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقرب خبز شعیر ومرقا فیہ دباء وقدید فرأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتتبع الدباء من حوالی القصعۃ فلم ازل احب الدباء بعد یومئذ متفق علیہ اور روایت ہے انسؓ سے یہ کہ ایک درزی نے بلایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو واسطے کھانے کے کہ تیار کیا تھا اسکو یعنی دعوت کی آپ کی پس گیا میں ساتھ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پس حاضر کی روٹی جو کی اور شوربا کہ اسمیں کدو تھا اور گوشت خشک پس دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرتے تھے کدو کو [illegible] ہمیشہ دوست رکھتا ہوں کدو کو پیچھے اس دن کے یعنی بسبب محبت رکھنے حضرتؐ کے اسکو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف انس ساتھ حضرتؐ کے گئے یا [illegible] دعوت کی ہوگی یا بسبب اسکے کہ خادم حضرتؐ کے تھے [illegible] رضامندی [illegible] اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جائز ہے [illegible] طعام [illegible] سے معلوم ہوا کہ قبول کرنا دعوت محتاجوں اور اہل حرفہ کی اور رغبت کرنا [illegible] اور اسی طرح مسنون ہے محبت ہر اس چیز کی کہ دوست رکھتے تھے اسکو حضرتؐ ع و عن عمرو بن امیۃ انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحتز من کتف

شاة في يده فدعي إلى الصلاة فألقاها والسكين التي يحتز بها ثم قام فصلى ولم يتوضأ. متفق عليه اور روایت ہے عمرو بن امیہ سے کہا انہوں نے دیکھا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ کاٹتے تھے گوشت شانہ بکری کے سے کہ تھا آپ کے ہاتھ میں پس بلائے گئے نماز کو اور اس چھری کو کہ کاٹتے تھے گوشت ساتھ اسکے پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھی اور وضو نہ کیا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف معلوم ہوا اس حدیث سے کہ جائز ہے کاٹنا گوشت کا چھری سے اور یہ وقت احتیاج کے ہے اور اگر گوشت گلا ہوا ہو کہ احتیاج کاٹنے کی نہ رکھتا ہو تو مکروہ ہے کاٹنا اسکا چھری سے اور اسکی کلفت عجمیوں کی رسم ہے جیسے کہ دوسری فصل میں آویگا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ابتدا کرے ساتھ حق کی اگر حاضر ہو نماز جب کہ طعام حاضر ہو اور بعد اسکے وقت ہی کا مشغول ہونا طعام کا اور شوق احتیاج شدید اسکی طرف اور متوجہ ہونا طرف طعام کا بعد اسکے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ پکی ہوئی چیز کے کھانے سے وضو کرنا لازم نہیں ہے م ح وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يحب الحلواء والعسل. رواه البخاري اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے میٹھی چیز اور شہد کو نقل کی یہ بخاری نے ف حلوا ساتھ مد اور قصر کے اطلاق کیا جاتا ہے اس چیز پر کہ بنائی جائے شہد سے اور چکنائی سے کذا فی مجمع البحار اور بعضوں نے کہا کہ مطلق میٹھی چیز کو حلوا کہتے ہیں پس اس صورت میں عطف عسل تخصیص بعد تعمیم ہوگا اور کہا خطابی نے کہ محبت حلوا کی حضرت کو بسبب کثرت خواہش نفس کے نہ تھی بلکہ جب حضرت کے سامنے آتا تو اس طرح رغبت سے تناول فرماتے کہ معلوم ہوتا کہ اسکو مرغوب رکھتے م ح وعن جابر أن النبي صلى الله عليه وسلم سأل أهله الأدم فقالوا ما عندنا إلا خل فدعا به فجعل يأكل به ويقول نعم الأدام الخل نعم الأدام الخل. رواه مسلم اور روایت ہے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگا اپنے گھر کے لوگوں سے سالن پس کہا انہوں نے کہ نہیں ہمارے پاس مگر سرکہ پس منگوایا اسکو اور شروع کیا کھانا روٹی کا ساتھ اسکے اور فرماتے تھے اچھا سالن ہے سرکہ اچھا سالن ہے سرکہ نقل کی یہ مسلم نے ف کہا بعضوں نے واسطے مبالغہ کرنے کے بیچ تعریف سرکہ کے اور اس سے یہ معلوم ہوا کہ میانہ روی کرنی کھانے میں اور باز رکھنا نفس کو لذتوں سے اچھی بات ہے اور یہ بھی اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی قسم کھاوے کہ میں سالن روٹی سے نہیں کھاؤں گا اور پھر کھاوے سرکہ سے تو حانث ہوگا اور حدیث میں آیا ہے کہ سرکہ گھر والوں کا سالن اچھا ہے صلوات اللہ علیہم اجمعین اور منافع سرکہ کے کتب طب میں بہت لکھے ہیں م ح وعن سعيد بن زيد قال قال النبي صلى الله عليه وسلم الكمأة من المن وماؤها شفاء للعين. متفق عليه وفي رواية لمسلم من المن الذي أنزل الله تعالى على موسى عليه السلام اور روایت ہے سعید بن زید سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھنبی من سے ہے اور پانی اسکا شفا ہے واسطے آنکھ کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور بیچ ایک روایت مسلم کی یوں ہے کہ کھنبی اس من سے ہے کہ نازل کیا اللہ تعالی نے اوپر موسی علیہ السلام کے ف کماۃ ساتھ زبر کاف اور جزم میم اور بعد اسکے ہمزہ ہے اور وہ ایک چیز سفید ہوتی ہے مانند چربی کے کہ اسکو شحم الارض بھی کہتے ہیں اور ہندی میں اسکو کھنبی کہتے ہیں اور وہ حلال ہے اگرچہ کراہت کریں بعضے لوگ اسکو بسبب عدم عادت کے پس فرمایا حضرت نے کہ وہ جنس من سے ہے کہ قوم موسی علیہ السلام پر اتری تھی جیسے کہ قرآن مجید میں فرمایا وانزلنا علیکم المن والسلوی اور جنس من سے ہونا اسکو فرمایا تو مراد مشابہت دینی ہے اسکو ساتھ اسکے یعنی جیسے کہ من بے محنت و کلفت آسمان سے اتر آتی تھی یہ بھی بے مشقت زمین سے نکلتی ہے منفعت میں مشابہ اسکے ہے یا مراد من سے نعمت ہے بنی اسرائیل ایک چیز میٹھی مثل ترنجبین کے کہ آسمان سے اترتی تھی اور یہ داخل ہے اسمیں اور پانی اسکا شفا ہے آنکھ کے لیے کہا بعضوں نے کہ جس صورت میں کہ مخلوط ہو ساتھ اور دواؤں کے اور بعضوں نے کہا مفرد اور یہی ظاہر ہے بسبب مطلق ہونے حدیث کے اور بیان مفصل اسکا کتاب الطب والرقی میں آویگا ان شاء اللہ تعالی م ح وعن عبد الله بن جعفر قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكل الرطب بالقثاء. متفق عليه اور روایت ہے عبد اللہ بن

جیسے کہ کہا دیکھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کھاتے کھجور تر ساتھ ککڑی کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی دونوں کو ملا کر کھاتے تھے تاکہ ایک کی گرمی دوسرے کی سردی سے معتدل ہو جائے اور اسی حدیث سے دونوں کا ایک ساتھ کھانا ثابت ہوتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ایک وقت میں دو طرح کے کھانے کھانا جائز ہے اور دسترخوان پر کئی قسم کے کھانے ہونا ممنوع نہیں ہے اور بعض سلف سے جو کراہت منقول ہے وہ محمول ہے عادت بنا لینے پر اور بغیر ضرورت کے ہے ﴿وعن جابر قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمر الظہران نجنی الکباث فقال علیکم بالاسود منہ فانہ اطیب فقیل اکنت ترعی الغنم قال نعم وہل من نبی الا رعاہا متفق علیہ﴾ اور روایت ہے جابر سے کہا ہم ساتھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے مر الظہران میں کہ ایک مقام کا نام ہے چنتے تھے پھل پیلو کے درخت کے پس فرمایا قصد کرو سیاہ پھل کا اس سے کیونکہ وہ اچھا ہوتا ہے پس کہا گیا کیا آپ چرایا کرتے تھے بکریاں فرمایا ہاں اور نہیں کوئی نبی مگر کہ چرائی ہیں اس نے بکریاں نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف کہا گیا یہ بات اس واسطے کہ پہچان اس کی چرانے والوں کو ہوتی ہے جو جنگلوں میں پھرتے ہیں اور اس سوال کا جواب دیا گیا کہ ہاں اور نہیں کوئی نبی مگر کہ چرائی ہیں بکریاں یعنی اللہ تعالیٰ نے منصب نبوت کا دینے سے پہلے بکریاں چروائیں تاکہ امت کی نگہبانی کا سلیقہ آئے اور اس میں اور حکمت بھی ہے جیسے کہا گیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام زرہ بناتے تھے اور حضرت زکریا علیہ السلام بڑھئی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام بکریاں چرائے تھے حضرت شعیب کی اجرت اور حکمت میں یہ بھی ہے کہ نفس میں تواضع پیدا ہو اور عاجزی حاصل ہو جیسے کہ بکریاں چرانے سے فائدہ ہوتا ہے اور روایت ہے کہ ایک بار حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ نے پوچھا کہ اے موسیٰ تم جانتے ہو کہ میں نے تم کو نبوت کے لیے کیوں چنا حضرت موسیٰ نے عرض کیا اے پروردگار تو ہی جاننے والا ہے فرمایا یاد کرو جب ایک بکری تم سے بھاگ گئی تھی اور تم اس کے پیچھے دوڑے یہاں تک کہ تھک گئے پھر جب تم نے اس کو پایا تو اس پر غصہ نہ کیا بلکہ شفقت کی اور کہا کہ تو نے اپنے آپ کو تھکایا اور مجھ کو بھی پس میں نے دیکھا تمہاری شفقت اس پر تو چن لیا تم کو نبوت کے لیے ﴿وعن انس قال رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقعیا یاکل تمرا وفی روایۃ یاکل منہ اکلا ذریعا رواہ مسلم﴾ اور روایت ہے انس سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیٹھے ہوئے اور پنڈلیاں کھڑی کیے ہوئے کھاتے تھے کھجور اور ایک روایت میں ہے کہ کھاتے تھے کھجور بہت جلد نقل کی یہ مسلم نے ف جلد کھانا اس واسطے تھا کہ آپ کو کسی کام کی جلدی تھی یا بھوک کی شدت تھی اور اس طرح بیٹھنا بھی اسی سبب سے تھا ﴿وعن ابن عمر قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقرن الرجل بین التمرتین حتی یستاذن اصحابہ متفق علیہ﴾ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ ملا کر کھائے کوئی دو کھجوریں یہاں تک کہ اجازت لے اپنے ساتھیوں سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف کہا سیوطی نے کہ یہ نہی اس وقت تھی جب کہ تنگی ہوتی تھی اور بعد اس کے فراخی ہو گئی اور وسعت حال کی منسوخ ہو گیا یہ حکم اور بعض کہتے ہیں کہ یہ حکم اب بھی باقی ہے جب کہ شریک ہوں اور ساتھ ہو اور یہی صحیح ہے کیونکہ اس میں حق دوسروں کا ہے ہاں اگر کسی نے خود کھلایا ہو اور سب کا حق برابر نہ ہو تو جائز ہے اور اگر سب ساتھ کھانے والے شریک ہوں تو ملا کر کھانا جائز نہیں بغیر اجازت کے ﴿وعن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یجوع اہل بیت عندہم التمر وفی روایۃ

قَالَ يَا عَائِشَةُ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيْهِ جِيَاعٌ اَهْلُهٗ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ. روایت ہے عائشہ سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں بھوکے ہیں گھر کے لوگ کہ نہیں ہے کھجور جس گھر میں اے عائشہ جس گھر میں کھجور نہیں ہے بھوکے ہیں اہل اسکے فرمایا اسکو دو بار یا تین بار نقل کی یہ مسلم نے ف یعنی اہل مدینہ کی اکثر غذا کھجور تھی اور حدیث میں بیان ہے فضیلت کھجور کا اور ہونا غذا کا ... وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ لَمْ يَضُرَّهٗ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. روایت ہے سعد سے کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ جو شخص کھاوے وقت صبح کے یعنی پہلے کھانے کسی چیز کے سات کھجوریں عجوہ کی ... نہ ضرر کرے گا اسکو اس دن میں زہر اور نہ جادو نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف عجوہ ایک قسم ہے کھجوروں کی ... افضل قسم ہے ... مدینہ کی ... اصل اسکا ... آنحضرت ... مشہور ہے ... خاصیت ... اور خاصیت رکھی ہے ... معلوم ہوتی ہے ... برکت سے ... نہیں ہوا علم اسکا ... وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِيْ عَجْوَةِ الْعَالِيَةِ شِفَاءً وَاِنَّهَا تِرْيَاقٌ اَوَّلَ الْبُكْرَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ. روایت ہے عائشہ سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق بیچ عجوہ عالیہ کے شفا ہے اور تحقیق وہ مانند تریاق کی ہے ... اول دن میں یعنی نہار منہ کھانا اسکا ... نقل کی یہ مسلم نے ف عالیہ نام ایک جگہ کا ہے ... مدینہ ... اور دوسری طرف ... اور عالیہ ... وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ يَأْتِيْ عَلَيْنَا الشَّهْرُ مَا نُوْقِدُ فِيْهِ نَارًا اِنَّمَا هُوَ التَّمْرُ وَالْمَاءُ اِلَّا اَنْ يُّؤْتٰى بِاللُّحَيْمِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. اور روایت ہے حضرت عائشہ سے کہا کہ گذرتا تھا ہم پر مہینا کہ نہ جلاتے تھے ہم آگ اسمیں ... مگر کھجور اور پانی مگر یہ کہ لایا جاتا ہم پاس تھوڑا گوشت نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف ... گوشت ... کہیں سے ... پکانے کے لیے آگ جلاتے ... وَعَنْهَا قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ يَوْمَيْنِ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ اِلَّا وَاَحَدُهُمَا تَمْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. اور روایت ہے عائشہ سے کہا کہ نہیں پیٹ بھر کھایا دو دن متواتر ... روٹی گیہوں کی مگر ایک دن ان دونوں میں سے ... کھجور نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف ... وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا شَبِعْنَا مِنَ الْاَسْوَدَيْنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ. اور روایت ہے عائشہ سے کہا وفات کیے گئے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور نہیں پیٹ بھر کھائی ہم نے دو سیاہ چیزیں یعنی کھجور اور پانی سے نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف ... پانی کو سیاہ کہا ... اور ... مقصود کھجور ... معلوم ہوا ... وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ اَلَسْتُمْ فِيْ طَعَامٍ وَّشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بِهٖ بَطْنَهٗ

اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہا کیا نہیں ہو تم بیچ کھانے اور پینے کے جس قدر چاہتے ہو اور البتہ تحقیق دیکھا میں نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حالت میں کہ نہیں پاتے تھے کھجور ردی اس قدر کہ بھرتے اس سے پیٹ اپنا نقل کی یہ مسلم نے ف کیا نہیں ہو تم یعنی مطلب کہنا یہ ہے کہ ہو بہ سبب وسعت کے اور یہی خطاب ہے صحابہ کو اور اشارہ ہے اس طرف کہ اسلام کے لیے یہ بہتر ہے جو پسند اختیار کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حضرت کا یہ حال ردی کھجور کا نہیں ملتا تھا اور اس وقت ان کی حالت میں بیان ہوا بلکہ بعض اوقات گزرتے تھے کئی کئی مہینے کہ سوائے کھجور اور پانی کے نہیں ہوتا تھا کھانے کو چنانچہ اس حدیث میں کہا کہ بھی ملتی ہے جیسے کہ اسی باب میں گزر چکی ہے کہ حضرت نے اختیار کیا تھا فقر کو باوجود قدرت کے اور یہ فعل آپ کا اسی مقام میں تھا کہ اللہ تعالیٰ نے کہا تھا پس جو کوئی اس کے بعد خواہش اس کی رکھے اور دنیا کو اختیار کرے وہ اپنے حظ و نصیب کو کم کرتا ہے

وعن ابی ایوب قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتی بطعام اکل منہ وبعث بفضلہ الی وانہ بعث الی یوما بقصعۃ لم یاکل منہا لان فیہا ثوما فسألتہ احرام ہو قال لا ولکنی اکرہہ من اجل ریحہ قال فانی اکرہ ما کرہت رواہ مسلم اور روایت ہے ابی ایوب سے کہا کہ تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب لائے جاتے کھانا کھاتے اس سے اور بھیجتے بچا ہوا کھانا میری طرف اور تحقیق بھیجا ایک روز ایک پیالہ نہیں کھایا تھا اس سے اس لیے کہ بیچ اس کے لہسن تھا پس پوچھا میں نے آپ سے کیا حرام ہے لہسن یعنی کیا ہو گیا لہسن سے کہا نہیں لیکن مکروہ رکھتا ہوں میں اس کو سبب بو اس کی کے کہا ابو ایوب نے پس تحقیق میں بھی مکروہ رکھتا ہوں اس چیز کو کہ مکروہ رکھی آپ نے نقل کی یہ مسلم نے ف حضرت نے ہجرت کر کے مدینہ میں نزول اول کیا تھا ابو ایوب انصاری کے مکان میں اور شاید کہ یہ ذکر پہلے ہو کہ حضرت فرماتے تھے کہ میں لوگوں کا پاس رکھتا ہوں یا فرشتوں کا اور ابو ایوب نے کہا کہ میں تعجب کیا ہوں کہ یہ کیسے حرام ہو سکتا ہے لیکن مکروہ رکھا آپ نے تو میں بھی مکروہ رکھتا ہوں حضرت نے یہ فعل اس واسطے کیا کہ فرشتے آتے تھے آپ کے پاس ہمیشہ اس لیے کہ وہ شوق رکھتے تھے اور لوگوں کو بھی حکم دیا کہ بو دار چیز کھا کر جماعت کو اور مسجد میں نہ آئیں اور علماء نے کہا ہے کہ لہسن اور پیاز اور گندنا وغیرہ حرام نہیں ہیں بعض علماء نے حرام کہا ہے جو بعض اہل ظاہر ہیں اور اکثر کے نزدیک مکروہ تنزیہی ہیں اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحب ہے کہ بچا ہوا کھانا اور پینا بھیجا جائے اپنے دوستوں کو اور یہ مستحب ہے کہ اس کی اقتدا کی جائے اور پیروی کی جائے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اس میں اشارہ ہے کہ کمال متابعت کا یہی ہے کہ وہ چیز کہ حضرت نے ناپسند کی ہو وہ بھی ناپسند کی جائے

وعن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من اکل ثوما او بصلا فلیعتزلنا او قال فلیعتزل مسجدنا او لیقعد فی بیتہ وان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی بقدر فیہ خضرات من بقول فوجد لہا ریحا فقال قربوہا الی بعض اصحابہ وقال کل فانی اناجی من لا تناجی متفق علیہ

اور روایت ہے جابر سے یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کھاوے لہسن یا پیاز یعنی کچی پس چاہیے کہ کنارہ کرے ہم سے یعنی حاضر نہ ہو مجلسوں میں ہماری یا فرمایا پس چاہیے کہ کنارہ کرے مسجد ہماری سے یا فرمایا بیٹھ رہے اپنے گھر میں اور تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے لائی گئی ایک ہانڈی کہ اس میں تھی ترکاریاں یعنی سبزیاں شمار ہوتی ہیں ترکاریوں میں یعنی لہسن و پیاز اور گندنا وغیرہ پس پائی اس میں بو پس فرمایا یعنی بھیج دو اس کو یعنی اس ہانڈی کو کسی شخص کے پاس اور اشارہ کیا طرف ایک شخص کے اپنے اصحاب میں سے کہ حاضر تھا اور فرمایا یعنی اس شخص کی طرف اشارہ کر کے کہا کھا تو پس تحقیق میں سرگوشی کرتا ہوں اس شخص سے کہ نہیں سرگوشی کرتا تو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف مسجد ہماری سے ظاہر لفظ مفرد سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم مسجد نبوی کے ساتھ مخصوص ہے اور حکم اس کا واسطے تعظیم کے ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ حکم عام ہے اور سب مسجدوں کو شامل ہے بلکہ تمام مجالس خیر کو مثل مجلس ذکر اور درس اور وعظ اور جماعت وغیرہ کو یعنی وہاں بھی یہی حکم ہے اور اسی طرح جس چیز میں بو ہو مثل مولی وغیرہ اور جس کو بو آوے ان کی بغل وغیرہ سے اور جس کو بد بو مرض ہو وہ سب اس حکم میں داخل ہیں اور جو حدیث میں سرگوشی کا ذکر ہے مراد ہے کہ آنحضرت فرشتوں سے

فرمایا اٹھا لے اسے ہمارے پاس سے یا فرمایا کہ اٹھاؤ اسے یہ ممانعت بطریق تنزیہ ہے یعنی چاہیے کہ گھر والے بیٹھے اور کسی کے ساتھ صحبت نہ رکھے کہ وہ سبب ہے کراہت کا جیسے
احتمال ہے کہ ارشاد ہو اس واسطے کہ تنزیہ اور تعظیم کے لیے ہو اور متعلق ساتھ اس لفظ کے یعنی فرشتوں کے ساتھ اور معنی یہ ہوں کہ ہم کو لے کر جانا نہیں ہے اسے کہ
کھا کر وہاں جانا کہ ادب سے اصحاب کرام کا ہو لیکن معلوم ہو کہ نہیں صحبت کرنا ساتھ اس کے بھی کہ فرشتوں کو ایذا دیتا ہے اور مسلمانوں کی صحبت ترک کرے
کہ جیسا کہ بیان ہوا اس شخص سے یعنی حضرت جبرئیل اور دوسرے فرشتوں سے اور معنی یہ ہیں کہ میں کلام کرتا ہوں ان سے اور تم نہیں کلام کرتے اس لیے جائز ہے واسطے تمہارے
وہ چیز کہ نہیں جائز واسطے میرے اور یہ نہیں لازم ہوتا کہ آدمی کو چاہیے کہ رعایت حال مصاحب اپنے کی اور خوشی دل کی کرے **وعن المقدام**
بن معدیکرب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کیلوا طعامکم یبارک لکم فیہ رواہ البخاری اور روایت ہے مقدام بن
معدیکرب سے کہ نقل کی انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا کیل کرو یعنی ناپ لیا کرو اپنے طعام کو برکت دیا جاوے گی واسطے تمہارے اس میں نقل کی بخاری نے
ف یعنی جو چیز کہ ناپنے میں آتی ہو اس قسم غلہ سے اسکو وقت قرض دینے لینے کے ناپ لیا کرو اور سوا اس کے اور کاموں کے لیے وقت خرچ کے ناپ تول کر دیا کرو تا کہ اندازہ
اسکا معلوم ہو اور اسراف و تفریط سے بچا رہے اور حکم شارع کا تسلیم کرنا سبب برکت کا ہے خصوصاً جبکہ رعایت کرے سنت کی اور قصد کرے
بجا لانے حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ملا علی قاری نے شرح میں اسکی تقریر مظہر کی نقل کر کے لکھا ہے کہ تطبیق ہے اس حدیث میں اور اس
حدیث میں کہ روایت کی گئی ہے حضرت عائشہ سے کہ آنحضرت کا انتقال ہوا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا اس حال میں کہ نہیں تھا میرے پاس کچھ کہ کھاوے
اسکو جاندار سوائے تھوڑے جو کے مگر رکھے ہوئے تھے پس میں کھاتی رہی اس میں سے ایک مدت دراز تک پھر میں نے اسکو کیل کیا پس جاتی رہی برکت
اسکی یہ ہے کہ اسکا ناپنا وقت خرچ کرنے کا ہے واسطے اقامت عدل کے اور نہیں ظاہر ہوئی برکت اور وقت خرچ کرنے کے حساب نہ ہو
سو یہ ہوا ناپنا اور نہ ناپنا واسطے آزمانے اور شمار کے اور ممانعت ہے کیل کرنے کی **وعن ابی امامۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا**
رفع مائدتہ قال الحمد للہ حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ غیر مکفی ولا مودع ولا مستغنی عنہ ربنا رواہ البخاری
اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جس وقت کہ اٹھایا جاتا دسترخوان آپ کا فرماتے سب تعریف واسطے اللہ کے ہے تعریف بہت اور
پاکیزہ بابرکت ہے نہ کفایت کی گئی اس میں یعنی ہم اسکی نعمت کا حق نہیں ادا کر سکتے اور نہ ترک کی گئی اور نہ بے پروائی ہو اس سے اے رب ہمارے
نقل کی یہ بخاری نے **ف** غیر مکفی الخ کو کئی طرح پر علماء نے تفسیر کیا ہے اور معنی کئی بیان کیے ہیں اگر سب تقریر بیان کی جاوے تو طول ہو جاوے
اسکا یہ ہے کہ لفظ غیر اور ربنا کو مرفوع پڑھا ہے اور منصوب بھی ایک کو منصوب اور دوسرے کو مرفوع اور حاصل معنی یہ کہ یہ صفات و احوال
حمد کے ہیں یعنی حمد کفایت نہ کی جاوے اس سے اور نہ ترک کی جاوے اور نہ استغناء ہووے اس سے بلکہ لازم ہوا طلب و الحاح کے سبب شکر اور اس کے
یا صفات طعام کے ہیں کہ اس سے بھی کفایت نہیں کی اور رخصت نہیں یا صفات ہیں پروردگار تعالیٰ کے یعنی کسی چیز کی اس سے کفایت نہیں کر سکتا وہ
روزی دینے والا اور نہ ترک کیا جاتا ہے اور مستغنی نہیں ہو سکتے ہیں **وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم**
ان اللہ تعالیٰ لیرضی عن العبد ان یاکل الاکلۃ فیحمدہ علیہا او یشرب الشربۃ فیحمدہ علیہا رواہ مسلم اور روایت ہے انس سے
کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالیٰ البتہ خوش ہوتا ہے بندے سے جب کہ کھاوے لقمہ پس شکر کرے اسکا یا پیوے پانی پس شکر کرے اس پر نقل کی
یہ مسلم نے **ف** اکلہ ہمزہ کے زبر سے ایک بار کھانا اور ہمزہ کے پیش سے لقمہ اور مراد یہاں وہ ہے جو شریک ہے ساتھ اس کے یعنی بعد کھانے کے **وستذکر حدیثی**
عائشۃ وابی ہریرۃ ما شبع آل محمد وخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم من الدنیا فی باب فضل الفقراء ان شاء اللہ تعالیٰ
اور ذکر کی جاویں گی دو حدیثیں عائشہ اور ابی ہریرہ کی کہ نہیں سیر ہوئی آل محمد کی اور نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے یعنی باب فضل فقراء کے اگر چاہے گا اللہ تعالیٰ

یعنی مصابیح میں یہ دونوں حدیثیں کتاب الاطعمہ میں مذکور ہیں بلکہ مصابیح نے ان کو ذکر کیا ہے ۔ **الفصل الثانی** فصل دوسری **عن** ابی ایوب قال کنا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقرب طعام فلم ار طعاما کان اعظم برکۃ منہ اول ما اکلنا ولا اقل برکۃ فی آخرہ فقلنا یا رسول اللہ کیف ھذا قال انا ذکرنا اسم اللہ علیہ حین اکلنا ثم قعد من اکل ولم یسم اللہ فاکل معہ الشیطان رواہ فی شرح السنۃ روایت ہے ابی ایوب سے کہا تھے ہم نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس نزدیک کیا گیا کھانا پس نہ دیکھا میں نے کوئی کھانا زیادہ تر برکت میں اس کھانے سے ابتداء وقت کھانے ہمارے کے اور نہ کمتر برکت میں بیچ آخر وقت کھانے اس کے کے پس کہا ہم نے یا رسول اللہ کیونکر ہے حال اس کھانے کا اول میں بہت برکت تھی اور آخر میں بالکل برکت نہ رہی فرمایا تحقیق ذکر کیا تھا ہم نے نام اللہ کا اس وقت کہ کھانا شروع کیا تھا ہم نے پھر بیٹھا آخر میں ایک شخص کہ کھایا اور نہ نام لیا خدا کا پس کھایا ساتھ اس کے شیطان نے یعنی بسبب ترک کرنے نام خدا کے پس اسی سبب سے بے برکتی آخر میں ہوئی نقل کی یہ شرح السنۃ میں ف ذکر کیا تھا ہم نے نام اللہ کا اس میں اشارہ ہے اس پر کہ سنت بسم اللہ کہنے کی حاصل ہوتی ہے ساتھ بسم اللہ کہنے کے لیکن زیادتی الرحمن الرحیم کی افضل ہے اور مستحب ہے بسم اللہ کہنی یہاں تک کہ جنبی اور حائض اور نفساء کے لئے بھی اگر قصد کریں ساتھ اس کے تلاوت کا اور حرام ہے اور نہیں مستحب ہے بیچ کھانے مکروہ اور کہا بعض نے اگر کوئی حرام کھانے پر بسم اللہ کہے تو کافر ہو جاتا ہے اور کہا شیطان کا کھانا بر حقیقت ہے نزدیک جمہور علماء کے کیونکہ اس کا تاویل کرنا بے ضرورت ہے اور بعض علماء تاویل کرتے ہیں ۔ **وعن** عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اکل احدکم فنسی ان یذکر اللہ علی طعامہ فلیقل بسم اللہ اولہ وآخرہ رواہ الترمذی وابو داود روایت ہے عائشہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کھائے ایک تمہارا پس بھول جائے کہ ذکر کرے اللہ کا اوپر کھانے اپنے کے یعنی ابتداء میں بسم اللہ کہنا بھول جائے اور یاد آوے درمیان میں پس چاہئے کہ کہے بسم اللہ اولہ وآخرہ نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود نے ف علماء نے کہا کہ اس سے معلوم ہوا کہ مطلق ذکر اللہ کا کافی ہے ابتداء کھانے میں لیکن بسم اللہ افضل ہے اور کہا بعض نے اگر کہے لا الہ الا اللہ یا الحمد للہ یا اشہد ان لا الہ الا اللہ ابتداء وضو میں تو ہو جاوے ادا کرنے والا سنت کا اور اسی طرح کھانے میں اور اگر بسم اللہ کہنی بھول جاوے ابتداء وضو میں پھر کہے درمیان وضو میں تو نہیں حاصل ہوتی سنت بخلاف کھانے کے ۔ **وعن** امیۃ بن مخشی قال کان رجل یاکل فلم یسم حتی لم یبق من طعامہ الا لقمۃ فلما رفعھا الی فیہ قال بسم اللہ اولہ وآخرہ فضحک النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم قال ما زال الشیطان یاکل معہ فلما ذکر اسم اللہ استقاء ما فی بطنہ رواہ ابو داود روایت ہے امیہ بن مخشی سے کہا تھا ایک شخص کھاتا پس نہ لیا اس نے نام اللہ کا یہاں تک کہ نہ باقی رہا اس کے طعام میں سے مگر ایک لقمہ پس جب اٹھایا اس لقمہ کو طرف منہ اپنے کے کہا بسم اللہ اولہ وآخرہ پس ہنسے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا ہمیشہ شیطان کھاتا تھا ساتھ اس کے پس جب نام لیا اللہ کا قے کی اس چیز کی جو پیٹ میں اس کے تھی نقل کی یہ ابو داود نے ف یہ کلام محمول ہے حقیقت پر اور یہ ہو کہ برکت جو جاتی رہی تھی بسبب ترک کرنے بسم اللہ کے پھر پھیر دیا گیا اور جو کچھ پیٹ میں اس کے تھی یہ بات تھی کہ گویا بسم اللہ کہنے سے وہ برکت پھر آئی کھانے میں ۔ **وعن** ابی سعید الخدری قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا فرغ من طعامہ قال الحمد للہ الذی اطعمنا وسقانا وجعلنا مسلمین رواہ الترمذی وابو داود وابن ماجۃ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فارغ ہوتے اپنے کھانے سے کہتے سب تعریف واسطے اس اللہ کے ہے جس نے کھلایا ہم کو اور پلایا ہم کو اور کیا ہم کو مسلمان نقل کی یہ ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ نے ۔ **وعن** ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الطاعم الشاکر کالصائم الصابر رواہ الترمذی ورواہ ابن ماجہ والدارمی عن سنان بن سنۃ عن ابیہ روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا

فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانا کھا کر شکر کرنے والا مانند روزہ دار صبر کرنے والے کے ہے یعنی ثواب کی شرف میں اور فضل کے برابر اور روزے میں مانند
سے کہ فضل کی اپنے بیچ صفت اولی درجہ شکر کا یہ ہو کہ بسم اللہ کہے کھانا شروع کرے اور حمد کرے جب فارغ ہو اور ادنیٰ درجہ صبر کا یہ ہے کہ باز رکھے
اپنے نفس کو مفسدات صوم سے اور تشبیہ در اصل تشبیہ اصل ثواب میں ہے کہ دونوں اصل ثواب میں شریک ہیں نہ یہ کہ تشبیہ مقدار میں ہو ایسا ہی
اکثر علما نے کہا ہے وحدیث کہے کہ بیت کا شرکیہ نعمتوں میں بعض خصلتوں میں یہ ہے کہ ہم مثل ہے سب خصلتوں میں اس سے یہ اشارہ ہے کہ فقیر صابر افضل ہے غنی
شاکر سے اسلئے کہ تشبیہ بیچ تو ہی یہ مقتضی ہے ور **وعن ابی ایوب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اکل او شرب**
قال الحمد للہ الذی اطعم وسقی وسوغہ وجعل لہ مخرجا رواہ ابوداود روایت ہے ابی ایوب سے کہا تھے پیغمبر
خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب کھاتے اور پیتے کہتے سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے کھلایا اور پلایا اور بسہولت حلق سے اتارا اسکو اور کیا واسطے اسکے راہ نکلنے کی
اسکی روایت کیا اسکو ابوداود نے **وعن سلمان قال قرأت فی التوراۃ ان برکۃ الطعام الوضوء بعدہ فذکرت للنبی صلی اللہ**
علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برکۃ الطعام الوضوء قبلہ والوضوء بعدہ رواہ الترمذی
وابوداود روایت ہے سلمان سے کہا پڑھا میں نے توریت میں یعنی پہلے اسلام لانے کے یہ تحقیق سبب برکت کھانے کا وضو کرنا ہے بعد اسکے پس ذکر کیا میں نے
یہ مضمون توریت کا روبرو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے برکت کھانے کی وضو ہے پہلے اسکے اور وضو پیچھے اسکے نقل کی
یہ ترمذی اور ابوداود نے مراد وضو سے پہلے کھانے کے دھونا ہاتھوں کا ہے اور بعد کھانے کے دھونا دونوں ہاتھوں کا اور منہ کا اور برکت طعام کی سبب
پہلے وضو کے یہ ہو کہ اسکے سبب سے کھانے میں زیادتی ہوتی ہے اور بعد کھانے کے وضو سے برکت یہ ہو کہ اسکے سبب سے سکون ہوتا ہے نفس کو اور سبب ہوتا ہے
حالات اور تحریک عبادت میں اور اخلاق پسندیدہ میں اور اعمال حسنہ میں ور **وعن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم**
خرج من الخلاء فقدم الیہ طعام فقالوا الا ناتیک بوضوء قال انما امرت بالوضوء اذا قمت الی الصلوۃ
رواہ الترمذی وابوداود والنسائی ورواہ ابن ماجۃ عن ابی ہریرۃ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نکلے
پاخانہ سے پس آگے لایا گیا انکے کھانا پس کہا بعضے صحابہ نے کیا لاویں ہم تمہارے واسطے پانی وضو کا فرمایا سوائے اسکے نہیں کہ حکم کیا گیا ہوں میں یعنی بطریق
وجوب کے ساتھ وضو کے یعنی بعد حدث کے جس وقت کہ کھڑا ہوں میں طرف نماز کی نقل کی یہ ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے یعنی ابن عباس سے اور نقل کی
ابن ماجہ نے ابی ہریرہ سے جس وقت کہ کھڑا ہوں میں یعنی ارادہ کروں میں کہ نماز ادا کروں نماز کیواسطے اور یہ اشارہ ہے کہ وضو واجب ہو جاتا ہے اور تلاوت کے
واسطے مصحف چھونے کے اور حالت طواف کے اور گویا کہ سمجھے آنحضرت کے صحابہ نے اعتقاد کیا کہ وضو شرعی پہلے کھانے کے واجب ہو پس نفی کی آنحضرت نے وجوب
کی اسکی حضرت عمر اور مستحب ہونے کی نہیں کی پس وضو کرنا استحباب وضو کے بعد طعام سے وضو نماز ہو یہ وضو بعد طعام ہو بظاہر تو اور سیاق حدیث بھی
اسی پر دلالت کرتا ہو اور اگر مراد وضو سے یہی ہو کہ دونوں ہاتھ دھونا وضو طعام ہے تو ممکن ہے کہ اشارہ ہو اس طرف کہ وضو نماز کا یہ ہی کہ دونوں ہاتھ
ہاتھوں کا اول کھانے کے سنت ادا ہو جاتی ہے اور وجہ ترک کیا اسکو تعلیم جواز کے لیے اور یہ احتمال ہے کہ ہو کر وضو یعنی دھونا ہاتھوں کا اول کھانے کے
ترک کیا ہو وجہ سے بیان جواز کے یا وجہ ضرورت کے کہ وہاں پانی وغیرہ نہیں تھا اور یہاں وضو یا یہ کہ وضو نماز تو بعد کا وجہ ہو
وعن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ اتی بقصعۃ من ثرید فقال کلوا من جوانبہا ولا تاکلوا
من وسطہا فان البرکۃ تنزل فی وسطہا رواہ الترمذی وابن ماجۃ والدارمی وقال الترمذی ہذا حدیث
حسن صحیح وفی روایۃ ابی داود قال اذا اکل احدکم طعاما فلا یاکل من اعلی الصحفۃ ولکن لیاکل من اسفلہا فان البرکۃ

الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ مِنْ أَعْلَاهُ اور ایک روایت میں ابن عباس سے نقل کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک پیالہ ثرید کا لایا گیا پس فرمایا کہ کھاؤ کناروں سے اسکے اور نہ کھاؤ بیچ میں سے اسکے اسلئے کہ برکت اترتی ہے اسکے درمیان میں نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ایک روایت ابو داؤد کی ہے کہ فرمایا حضرت نے جب کوئی کھاوے تو نہ کھاوے پیالہ کے اوپر سے بلکہ کھاوے اسکے نیچے سے اسلئے کہ برکت اترتی ہے اسکے اوپر سے ف ثرید کہتے ہیں روٹی کے ٹکڑوں کو جو شوربے میں بھگو کر کھاوے کناروں سے اسکے کھانا ادب ہے اور جب کوئی کئی آدمی ساتھ کھاویں تو ہر ایک اپنے سامنے سے کھاوے اور بیچ کھانے کا افضل جگہ ہے اور برکت اترتی ہے اسکے درمیان میں پس چاہئے کہ درمیان سے نہ کھاوے تاکہ برکت باقی رہے اور جب طعام درمیان کا کھایا گیا تو برکت جاتی رہی کیونکہ آخر کھانے تک برکت کا ہونا مناسب ہے اور یہی مطلب ہے اوپر سے کھانے کا اور ظاہر یہ ہے کہ اوپر سے مراد درمیان ہے اور نیچے سے مراد کنارہ ہو کہ وہ اپنے آگے سے کھاوے ۔ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَا رُئِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ مُتَّكِئًا قَطُّ وَلَا يَطَأُ عَقِبَهُ رَجُلَانِ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا نہیں دیکھے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کھاتے ہوئے تکیہ لگا کر کبھی اور نہ چلتے تھے پیچھے حضرت کے دو آدمی روایت کی یہ ابو داؤد نے ف یعنی تکبر سے کہ وہ عادت ہے تکبر والوں کی اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ آپ کے ساتھ زیادہ لوگ نہ چلتے تھے یعنی شان و شوکت کی وضع کے طور پر جیسے بادشاہوں اور امیروں کو عادت ہے کہ پیچھے رہتے ہیں اور حدیث میں دو آدمیوں کا ذکر ہے جو قید سے معلوم ہوا کہ ایک آدمی تنہا پیچھے حضرت کے ہوتا تھا جائز ضرورت کے لئے منافی تواضع کے نہیں ہے ۔ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخُبْزٍ وَلَحْمٍ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَأَكَلَ وَأَكَلْنَا مَعَهُ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى وَصَلَّيْنَا مَعَهُ وَلَمْ نَزِدْ عَلٰى أَنْ مَسَحْنَا أَيْدِيَنَا بِالْحَصْبَاءِ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے عبد اللہ بن حارث بن جزء سے کہا لائی گئی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس روٹی اور گوشت اس حالت میں کہ حضرت تھے مسجد میں پس کھایا حضرت نے اور کھایا ہم نے ساتھ آپ کے پھر کھڑے ہوئے پس نماز پڑھی حضرت نے اور نماز پڑھی ہم نے ساتھ آپ کے اور نہ زیادہ کیا ہم نے اس پر کہ پونچھے ہم نے ہاتھ اپنے سنگریزوں سے نقل کی یہ ابن ماجہ نے ف یعنی مسجد میں سنگریزے پڑے تھے ان سے ہاتھ پونچھ لئے اور ہاتھ نہ دھوئے اور کلی نہ کی یا تو اس سبب سے کہ اسمیں چکنائی نہ تھی یا بسبب جلدی نماز کے یا بسبب تنگی وقت کے اور مراد بیان جواز کا ہے کہ ایسی حالت میں بھی جائز ہے اور اسکی صورت یہ ہے کہ مسجد میں ابتدائے اسلام میں صحابہ کے مکان اور مطبخ نہ تھے مثل اہل صفہ کے یا مراد یہ ہے کہ ہاتھ پونچھ لئے اور دھوئے نہیں ہاتھ اور ظاہر یہ ہے کہ نہ تھا مکان اور وضو کی جگہ یا تھا اور یہ شان حضرت کی ہے اور صحابہ کو بھی سب معلوم تھا اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ طعام کھانا مسجد میں جائز ہے اور بعضوں نے کہا کہ جائز ہے کھانا مسجد میں لیکن چاہئے کہ دستر خوان بچھا کر کھاوے اور مسجد میں ہاتھ دھونا اور کلی کرنا مکروہ ہے اور علماء نے کہا کہ کھانا مسجد میں مکروہ ہے مگر معتکف کو اور مسافر کو اور سوائے اسکے نہیں اور بعض کہتے ہیں کہ آدمی کو چاہئے کہ وقت داخل ہونے مسجد کے نیت اعتکاف کی کر لیا کرے تاکہ مباح ہو دین لیں اور ثواب پاوے کذا قال الشیخ رحمۃ اللہ علیہ اور یہ حدیث منسوخ ہے یا یہ کہ حضرت معتکف ہوں گے یا مسافروں کے ساتھ کھایا ہو یا بیان جواز کے لئے کیا ہو ۔ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهُ فَنَهَسَ مِنْهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا لایا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گوشت پس اٹھا کر دیا گیا حضرت کو دست اور تھا دست خوش آتا حضرت کو پس دانتوں سے نوچ کر کھایا اسمیں سے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ف دست کا گوشت حضرت کو بہت پسند تھا بسبب جلد گلنے اور لذیذ ہونے کے اور جلدی ہضم ہونے کے اور بعضوں نے کہا کہ دست کا گوشت

اس سبب سے کہ یہ گوشت خوب پکا ہوا جلد ہضم ہوتا ہے اور زیادہ لذیذ ہوتا ہے واسطے کہ وہ دور ہوتا ہے نجاست کی جگہوں سے اور شمائل ترمذی میں حضرت
عائشہ سے نقل کیا ہے کہ کھانا دستی کا گوشت بہت محبوب نہ تھا حضرت کو ولیکن پیچھے نہ ملتا گوشت مگر بعد ایک مدت کے اور گوشت دست کا جلد گلتا ہے اسلئے
رغبت رکھتے تھے اسکی اور روایت ہے ابن ماجہ میں کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ بہتر پاکیزہ اور خوش تر گوشتوں میں گوشت پشت کا ہے ع ع **وعن عائشة**
قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقطعوا اللحم بالسكين فإنه من صنيع الأعاجم وانهسوه فإنه
أهنأ وأمرأ رواه أبو داود والبيهقي في شعب الإيمان وقالا ليس هو بالقوي اور روایت ہے عائشہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے نہ کاٹو گوشت کو ساتھ چھری کے یعنی چھری سے کاٹ کر نہ کھاؤ واسطے کہ یہ فعل عجمیوں کا ہے اور دانتوں سے نوچ کر کھاؤ اسکو کس واسطے کہ دانتوں سے کھانا
زیادہ خوشگوار اور خوب گوارا ہے نقل کیا اسکو ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا دونوں نے کہ یہ حدیث نہیں قوی یعنی باعتبار سند کے ضعیف ہے اور شیخ بھی
کہتے ہیں یہ واسطے ممانعت گوشت کو بیان جواز ہے اور علاوہ اسکے یہ بات کہ اگر کبھی چھری سے کاٹ کر کھاتے تھے اور کبھی حضرت سے بھی چھری سے کاٹ کر کھانا ثابت ہے
تنبیہ ہے کہ جب گوشت نرم پکا ہو تو دانتوں سے کھاوے چھری سے کاٹ کر نہ کھاوے اور اگر سخت ہو تو چھری سے کاٹنا کچھ منع نہیں ع ع **وعن أم المنذر**
قالت دخل علي رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه علي ولنا دوال معلقة فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم
يأكل وعلي معه يأكل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي مه يا علي فإنك ناقه قالت فجعلت لهم سلقا
وشعيرا فقال النبي صلى الله عليه وسلم يا علي من هذا فأصب فإنه أوفق لك رواه أحمد والترمذي وابن ماجه
اور روایت ہے ام المنذر انصاریہ سے کہ کہا آئے میرے پاس پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ساتھ آنحضرت کے تھے حضرت علی اور ہمارے خوشے کھجور کے
لٹکے ہوئے تھے پس شروع کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانا ان میں سے اور حضرت علی بھی حضرت کے ساتھ کھانے لگے پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
علی کو باز رہ اے علی کھانے سے اسواسطے کہ تو ناتواں ہے کہا ام منذر نے پس تیار کیے میں نے واسطے انکے چقندر اور جو پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اے علی اس میں سے کھا واسطے کہ یہ بہت موافق ہے واسطے تیرے نقل کیا اسکو احمد نے
اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ پرہیز کرنا بیمار کو اور ناقہ کو ضرور ہے اور پرہیز کرنا بہت نفع دیتا ہے اور تندرست کو
پرہیز کرنا مضر ہوتا ہے ع ع **وعن أنس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه الثفل رواه الترمذي والبيهقي في**
شعب الإيمان اور روایت ہے انس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم خوش لگتا تھا آپ کو بچا کھانا یعنی تہ دیگ کا نقل کیا اسکو ترمذی نے
اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور طریقہ آنحضرت کا یہ تھا کہ کوئی حاجت پر قدم رکھتے تھے پس پہلے اوپر کا کھانا اہل عیال کو اور مسافروں کو اور محتاجوں کو
بانٹ دیتے تھے اور جو نیچے کا کھانا رہ جاتا خود تناول فرماتے اور اسمیں ہوتی اکثر اشیاء سنگریزے کہ کھانا
نیچے کا کھانا نفس اور بہت نیچے ہوتی ہے ع ع **وعن نبيشة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من أكل في قصعة**
ثم لحسها استغفرت له القصعة رواه أحمد والترمذي وابن ماجه والدارمي وقال الترمذي هذا حديث غريب
اور روایت ہے نبیشہ سے کہ نقل کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کھاوے کسی پیالہ میں پھر چاٹے اسکو استغفار کرتا ہے واسطے اسکے پیالہ نقل کیا اسکو
احمد نے اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور پیالہ بخشش مانگتا ہے یعنی استغفار کرتا ہے اور لکھا ہے علماء نے کہ
تواضع اور بری ہونا تکبر سے اس سبب مغفرت کا ہوتا ہے اور نسبت استغفار کی پیالہ کی طرف اسلیے ہے کہ وہ سبب ہوا استغفار کا ع ع
وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من بات وفي يده غمر لم يغسله

فاصابه شيء فلا يلومن الا نفسه. رواه الترمذي وابو داؤد وابن ماجة اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ رات گزارے اور حال یہ ہے کہ ہاتھ میں اسکے چکنائی ہو اور نہ دھویا اسکو پس پہنچی اسکو کوئی چیز یعنی ایذا دینے والا جانور مثل بچھو کہ طعام کی بو پر اور چکنائی پر آتے ہیں پس نہ ملامت کرے وہ کسی کو مگر اپنے نفس کو یعنی اپنے کو اسلئے کہ سبب اسکا یہی ہوا نقل کی یہ ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے **وعن ابن عباس قال كان احب الطعام الى رسول الله صلى الله عليه وسلم الثريد من الخبز والثريد من الحيس. رواه ابو داؤد** اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا تھا محبوب تر طعاموں سے نزدیک پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ثرید روٹی سے اور ثرید حیس سے نقل کی یہ ابو داؤد نے ف ثرید روٹی سے یہی ہے کہ روٹی کو شوربے میں بھگو دیتے ہیں اور حیس اس طعام کو کہتے ہیں کہ خرما اور روغن اور اقط سے یا زردک سے بناتے ہیں واللہ اعلم **وعن ابي اسيد الانصاري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كلوا الزيت وادهنوا به فانه من شجرة مباركة. رواه الترمذي وابن ماجة والدارمي** اور روایت ہے ابی اسید انصاری سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھاؤ زیت کو کہ نام روغن زیتون کا ہے اور بدن کو ملو اسکو اسلئے کہ یہ روغن نکلا ہے درخت بابرکت سے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے ف درخت بابرکت سے کہ نام اسکا زیتون ہے بسبب بہت خیر اور برکت اور منافع بہت ہونے کے ہے یاد شجرہ مبارکہ کی آیہ اللہ نور السموات والارض آخر آیہ تک میں مذکور ہے وہ درخت مبارک ہے کہ اسکا زمین شام میں بہت ہوتا ہے اور سورہ والتین والزیتون میں اسکی قسم کھائی ہے اللہ تعالیٰ نے اور عرب خصوصا اہل شام اسکو کھاتے ہیں اور تیل کو چراغ میں جلاتے ہیں اور بدن پر ملتے ہیں جس سے بدن کو بہت منفعت ہوتی ہے

وعن ام هانئ قالت دخل على النبي صلى الله عليه وسلم فقال اعندك شيء قلت لا الا خبز يابس وخل فقال هاتي ما اقفر بيت من ادم فيه خل. رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب اور روایت ہے ام ہانی سے کہ کہا آئے میرے پاس پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس فرمایا کیا تیرے پاس کچھ چیز ہے کھانے کی میں نے کہا نہیں کچھ مگر روٹی خشک اور سرکہ پس فرمایا لا نہیں خالی اور محتاج وہ گھر سالن سے جس میں سرکہ ہو نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے ف حضرت نے طلب کیا طعام ام ہانی سے طعام مذکور تاکہ انکی خوشی خاطر کا سبب اور واسطے انکی دلجوئی کے اور بیان قناعت کے ... ہو **وعن يوسف بن عبد الله بن سلام قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم اخذ كسرة من خبز الشعير فوضع عليها تمرة فقال هذه ادام هذه واكل. رواه ابو داؤد** اور روایت ہے یوسف بن عبد اللہ بن سلام سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ لیا ایک ٹکڑا جو کی روٹی کا پس رکھی اس پر ایک کھجور اور فرمایا یہ کھجور سالن ہے اس روٹی کا اور کھایا اسکو نقل کی یہ ابو داؤد نے **وعن سعد قال مرضت مرضا اتاني النبي صلى الله عليه وسلم يعودني فوضع يده بين ثديي حتى وجدت بردها على فؤادي وقال انك رجل مفؤود ائت الحارث بن كلدة اخا ثقيف فانه رجل يتطبب فليأخذ سبع تمرات من عجوة المدينة فليجأهن بنواهن ثم ليلدك بهن. رواه ابو داؤد** اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ کہا کہ بیمار ہوا میں بیماری شدید پس آئے میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم عیادت کرنے میری پس رکھا ہاتھ اپنا درمیان دونوں چھاتیوں میری کے یعنی میرے سینہ پر یہاں تک کہ پائی میں نے سردی دست مبارک کی اپنے دل پر اور فرمایا کہ تحقیق تو ایک شخص ہے کہ درد دل رکھتا ہے جا حارث بن کلدہ کے پاس کہ قبیلہ ثقیف میں کا ہے اسلئے کہ وہ شخص طبیب جاننے والا ہے پس چاہئے کہ لے سات کھجوریں عجوہ مدینہ سے کہ افضل اقسام کھجور سے ہیں پس چاہئے کہ کوٹے انکو گٹھلیوں سمیت پھر چاہئے کہ رکھے انکو تیرے منہ میں نقل کی یہ ابو داؤد نے ف اگر کوئی کہے کہ کیا حکمت تھی کہ حکم فرمایا حضرت نے اسکو طبیب کے پاس جانے کا اور آپ نے بیان علاج کا کیا اور یہی بیان علاج ... کے کیا جواب اسکا

ہے یہ کہ اول آپ نے ضماد الطبیب کو کہا یا وہ کچھ علاج کرے اور پھر جبکہ علاج آسان پا دیا گیا اسمیں نفع جلد ہوا اور اس شفقت کے بیان کی طرف بلایا اور کچھ ڈرا کر طبیب کہ اسکو علاج دور رہا ہے میں ذات اور جو کہ بتایا اسکا اور کیفیت استعمال اسکی کی طبیب کو آسان ترکی اسکے حلال فرمایا اور لکھا ہے علماء نے کہ اس حدیث میں دلیل ہے اس پر کہ صحیح کرنا اور مشاورت کرنا طبیب کا درست ہے جائز ہے واسطے کہ حارث بن کلدہ ابتداء اسلام میں کافر ہوا اور اسلام اسکا ثابت نہیں ہوا ہے وعن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يأكل البطيخ بالرطب رواه الترمذي وزاد ابو داود ويقول يكسر حر هذا ببرد هذا وبرد هذا بحر هذا وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب اور روایت ہے عائشہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے کھاتے خربوزہ ساتھ کھجور کے روایت نقل کی یہ ترمذی نے اور زیادہ کیا ابو داود نے یہ کہ فرماتے تھے توڑتے ہیں گرمی اسکی کو ٹھنڈک سے اور ٹھنڈک سرد اسکی کو گرمی سے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے ف کہا طیبی نے کہ شاید مراد خربوزہ سے خربوزہ کچا ہو کہ وہ ٹھنڈا ہوتا ہے کیونکہ پکا ہوا گرم ہے نہیں ہے ادبہ اسکے پس یہ بات ثابت ہوتی ہے اور کہا جمہور نے کہ مراد اس سے خربوزہ ہے کہ وہ سرد ہوتا ہے وعن انس قال اتي النبي صلى الله عليه وسلم بتمر عتيق فجعل يفتشه ويخرج السوس منه رواه ابو داود اور روایت ہے انس سے کہ کہا لائی گئی نزدیک پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کھجور پرانی کہ اسمیں کیڑے پڑ گئے ہوئے تھے پس شروع کیا حضرت نے ڈھونڈتے تھے اسکو اور نکالتے تھے کیڑے اسمیں سے نقل کی یہ ابو داود نے ف اور روایت کی طبرانی نے ساتھ اسناد حسن کے ابن عمر سے بطریق مرفوع کے منع فرمایا حضرت نے کھجور کو چیرنے سے پس یہ محمول ہے کھجور تازی پر واسطے دفع وسوسہ کے یا کہ اسکا محمول ہے یہ حال یہ حدیث پرانی پر ہے اور کہا طیبی نے کہ اس حدیث میں دلیل ہے اس پر کہ طعام نجس نہیں ہوتا کیڑے کے پڑنے سے انتہی اور مطالب المؤمنین میں لکھا ہے کہ اگر کیڑے نہ پیدا ہوا سبب اسکا تو حلال ہے اور اگر اس سے ممکن نہیں جدا کیا گیا تو حکم اسکا یہ ہے کہ اگر پیدا ہوا وہ اس میں تو کھانا الخ اور مکروہ ہے اور اگر کوئی کیڑا باہر سے پیدا ہو اسکا نہیں ہے وعن ابن عمر قال اتي النبي صلى الله عليه وسلم بجبنة في تبوك فدعا بالسكين فسمى وقطع رواه ابو داود اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا لایا گیا نزدیک پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ٹکڑا پنیر کا بیچ غزوہ تبوک کے پس منگوائی چھری اور بسم اللہ کی اور کاٹا اسکو نقل کی یہ ابو داود نے ف یہ شامل ہے بسم اللہ کہنے پر اول طعام میں اور حلال ہونے میں جس پنیر کو عوام الناس کہ وہ کافروں کے بنائے ہوئے ہیں اور کہا علماء نے کہ اسمیں دلیل ہے اور طہارت پنیر کے واسطے کہ اگر وہ نجس ہوتا تو نہیں کاٹتے اسکو کیونکہ پنیر بنانا ہی انہیں کا کام تھا وعن سلمان قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن السمن والجبن والفراء فقال الحلال ما احل الله في كتابه والحرام ما حرم الله في كتابه وما سكت عنه فهو مما عفا عنه رواه ابن ماجة والترمذي وقال هذا حديث غريب وموقوف على الاصح اور روایت ہے سلمان سے کہا پوچھے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم گھی سے اور پنیر سے اور پوستین سے یا گورخر سے پس فرمایا حلال وہ چیز ہے کہ حلال کی اللہ نے اپنی کتاب میں یعنی بیان کیا حلال ہونا اسکا اپنی کتاب میں اور حرام وہ چیز ہے کہ حرام کی اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اور جس چیز سے کہ سکوت فرمایا یعنی حلال کیا نہ حرام وہ اس قسم سے ہے کہ معاف کیا اس سے یعنی استعمال کرنے اسکے سے درگذر کیا گناہ اسکا نقل کی یہ ابن ماجہ اور ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور صحیح تر یہ ہے کہ حدیث موقوف ہے ف یعنی ان تین چیزوں کا حکم پوچھا گیا حلال ہیں یا حرام ایک ترکیبی کو پوچھا شاید ابتداء اسلام میں شبہ پڑا ہوگا انکے حلال ہونے میں جیسے اور چیزوں کو اسلئے پوچھا ادو سرے پنیر کو پوچھا کہ وہ جگہ مشتبہ اور سوال کی ہے کہ پہلے سے بنتا ہے اور تیسرے پوچھا فرا کو کہ ساتھ زیر ف اور الف ممدود کے ہے اور اکثر شراح نے اس لفظ کو کہا ہے جمع فری کی کہ ساتھ زبر ف اور الف مقصورہ کے ہے یعنی گورخر کے اور بعضوں نے جمع فرو کی کہا یعنی پوستین کے چنانچہ اسیلئے ترمذی اس حدیث کو باب اللباس میں لایا ہے اور اس سے سوال کیا واسطے خدر

کرنے کے فعل اپنی کثرت سے کہ پوست یہ جلد مردار کا بناتے تھے بغیر دباغت کے اور اپنی کتاب میں یعنی ... میں بیان کیا بالکل ساتھ فرمایا ہے کہ
وما آتاکم الرسول فخذوه وما نهاکم عنه فانتهوا اگر نہ اشکال لازم آوے ساتھ ... اشیا کے کہ ثابت ہوا ہے ... ہونا اسکا ساتھ حدیث کے
اور نہیں ہے وہ منع ... میں ایسا فرمانا حدیث کا دلیل ہے ... اصل اشیا میں اباحت ہے ... تو قول حلال کا ہے حدیث آنحضرت کی
اور ثابت قول فعل سے ... کہتے ہیں جب وہ موضوع قول فعل پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ہو وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله
مذکور ہوا سب امون کا پینا حرام ہے مرد اور عورت دونون کو اور کھانا پینا چاندی اور سونے کے برتن میں اور اسی طرح حرام ہے اور استعمال میں لانا
[illegible] خوشبو کا یعنی گلاب وغیرہ کا چاندی سونے کے برتن سے حرام ہے اور اگر چاندی کے برتن میں کوئی چیز ہو تو اسکو نکالکر
کسی اور برتن میں رکھے پھر کھاوے اور [illegible] کہ اگر ہاتھ میں ہتھیلی پر رکھے پھر کھاوے تو مکروہ ہے ورنہ گلاب وغیرہ
[illegible] ہتھیلی پر ڈالا اور ہتھیلی میں سے [illegible] اور چاندی کا ملمع کیا ہوا برتن جائز ہے [illegible]
جیسے چاندی سونے کا اسی طرح اس میں عیب ہے سونا چاندی سے بنے ہوئے پیالہ پر استعمال کے بیچ اور یہ واسطے زینت کے ہو [illegible]
وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَلْبَسُوا الْحَرِيرَ وَلَا الدِّيبَاجَ وَلَا تَشْرَبُوا فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ
وَالْفِضَّةِ وَلَا تَأْكُلُوا فِي صِحَافِهَا فَإِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَكُمْ فِي الْآخِرَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے حذیفہ سے
کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے مت پہنو ریشمی کپڑا اور دیبا کو یعنی ریشمی کپڑا اور مت پیو بیچ برتن سونے
اور چاندی کے اور مت کھاؤ بیچ رکابیوں ان کی یعنی سونے اور چاندی کے اسلئے کہ یہ چیزیں واسطے کافروں کے بیچ دنیا میں اور یہ واسطے تمہارے بیچ
آخرت میں نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف پہننا ریشمی کا مستثنیٰ ہے اس سے بقدر چار انگشت کے کپڑے کے کنارے میں یعنی چار انگشت کی چوڑی
سنجاف ریشمی یا گوٹ وغیرہ میں لگانی جائز ہے اور جس کپڑے کے تانے میں ریشم ہو اور بانے میں سوت تو جائز ہے پہننا اسکا اور اگر سوت تانے میں ہو
اور ریشم بانے میں تو نہیں جائز مگر لڑائی میں واسطے کہ اگر جائز ہے اور مہین ہے ریشمی کپڑا یا زری کا نہ پہنے کہ ریشم ہے وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ
حُلِبَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ دَاجِنٌ وَشِيبَ لَبَنُهَا بِمَاءٍ مِنَ الْبِئْرِ الَّتِي فِي دَارِ أَنَسٍ فَأُعْطِيَ رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَدَحَ فَشَرِبَ وَعَلَى يَسَارِهِ أَبُو بَكْرٍ وَعَنْ يَمِينِهِ أَعْرَابِيٌّ فَقَالَ عُمَرُ أَعْطِ أَبَا بَكْرٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَأَعْطَى
الْأَعْرَابِيَّ الَّذِي عَلَى يَمِينِهِ ثُمَّ قَالَ الْأَيْمَنَ فَالْأَيْمَنَ وَفِي رِوَايَةٍ الْأَيْمَنُونَ الْأَيْمَنُونَ أَلَا فَيَمِّنُوا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
اور روایت ہے انس سے کہا دودھ دوہا گیا واسطے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک بکری گھر کی پلی ہوئی کا اور ملایا گیا دودھ اسکا ساتھ پانی
کنوئیں کے کہ تھا انس کے گھر میں پس دیا گیا آنحضرت کو وہ پیالہ دودھ کا پس پیا آنحضرت نے کچھ دودھ اور بائیں طرف آنحضرت کے بیٹھے تھے
ابوبکر صدیق اور دائیں طرف حضرت کے بیٹھا ہوا تھا ایک گنوار پس کہا حضرت عمر نے دیجئے ابوبکر کو یا رسول اللہ یعنی دودھ بچا ہوا پس دیا
آنحضرت نے اس گنوار کو کہ تھا دائیں طرف حضرت کے پھر فرمایا مقدم ہو دایاں پھر دایاں اور ایک روایت میں ہے دہنی طرف کے اس میں دہنی طرف
والے ہیں خبردار ہو پس داہنی طرف والوں کو دیا کرو یعنی جب بانٹنے لگو داہنی طرف کے حق میں آؤ تم بھی اپنی طرف والوں کی رعایت کیا کرو کیا اچھا
اچھوں سے کیا ارشاد نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف انس کے گھر میں ظاہر تھا کہ کنواں ہمارے گھر میں تھا لیکن یہ نقل بجائز ہے اور اسکو
علم حدیث میں وضع سطر موضع مختصر کہتے ہیں اور وہ بکری بھی انس کے گھر میں تھی کہ آنحضرت وہاں تشریف لے گئے تھے اور دودھ پلایا
لیکن ساتھ عرش لوگوں کے دین یعنی مقدم ہو دایاں پھر دایاں یعنی اول اسکو دیا جاوے کہ داہنی طرف ہو پھر اسکو کہ اسکے پہلو میں ہو اسی طرح
اسی ترتیب سے دیا جاوے تا آخر نوبت آسکی پہونچے کہ بائیں طرف ہو اور ایک نسخہ میں ساتھ در بر لوگ کے ہے دونوں لفظوں میں یعنی دونوں میں

داہنی کو پھر داہنی کو اور دوسری حدیث کی روایت دوسری الایمنون فالایمنون اور اس سے معلوم ہوا کہ مستحب ہے رعایت کرنی داہنی طرف کی کسی چیز کے دینے میں یعنی اگرچہ داہنی طرف والا کم رتبہ ہو بہ نسبت بائیں طرف والے کے واسطے کہ مقدم کیا حضرت نے اعرابی کو ابوبکرؓ پر سبب داہنی طرف ہونے اس کے اور اسمیں دلیل ہے اوپر کمال عدالت و حق شناسی حضرت کے کہ باوجود فضل و قرب ابوبکرؓ کے اور شفاعت حضرت عمرؓ کے رعایت اعرابی کے حق کی ترک نہ کی اور حضرت عمرؓ نے جو عرض کیا یاد دلانے کے لیے عرض کیا کہ شاید حضرت کو یاد نہ ہو ابوبکرؓ کا **وعن** سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فَشَرِبَ مِنْهُ وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ اَصْغَرُ الْقَوْمِ وَالْاَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهٖ فَقَالَ يَا غُلَامُ اَتَاْذَنُ اَنْ اُعْطِيَهُ الْاَشْيَاخَ فَقَالَ مَا كُنْتُ لِاُوْثِرَ بِفَضْلِيْ مِنْكَ اَحَدًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے سہل سے کہ کہا لایا گیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک پیالہ یعنی دودھ کا یا پانی کا پس پیا اس سے اور داہنی طرف حضرت کے تھا ایک لڑکا۔ سب سے چھوٹا یعنی ابن عباسؓ اور بڑے بوڑھے بیٹھے تھے بائیں طرف حضرت کے پس فرمایا حضرت نے اے لڑکے تو اذن دیتا ہے کہ دوں میں اسکو بڑے بوڑھوں کو پس کہا اس لڑکے نے کہ نہیں چاہوں میں ترجیح دینا بچے پر کسیکو ساتھ بچے ہوئے آپ کے یا رسول اللہ پس دیا آنحضرت نے پیالہ اس لڑکے کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ اولی اور احق ساتھ ابتدا کرنے کے داہنی ہے اگرچہ چھوٹا اور حقیر ہو اور مستحب ہوا اذن طلب کرنا داہنی طرف والے سے اگر وہ اذن دے تو بائیں طرف والے کو دے اور یہ کہ حضرت نے یہاں اذن طلب کیا ابن عباسؓ سے اور اعرابی سے کہ اوپر کی حدیث میں مذکور ہوا اذن طلب نہ کیا سبب یہ تھا کہ ابن عباسؓ کے قریبی تھے وہ قرابت قریش سے تھے ان کا کرنا گویا نہیں ہونے کا انکا دینا اور انکی تالیف قلوب ہوگی اور محبت و اخلاص ابوبکرؓ کا راسخ ہوگا اور اعرابی سے اگر اذن چاہتے تو شاید وہ وحشت ہوتا اسلیے کہ نیا اسلام لایا ہوا تھا پس تالیف قلوب اسکے کی خلاف چاہتے میں دیکھی اور فقہا رحمہم اللہ نے کہا کہ ایثار بیچ طاعات میں جائز نہیں لیکن فقہا نے تو کہتے ہیں اور کہا ہے کہ اگر ایثار واجبات میں ہو تو حرام ہے اور اگر فضائل و مستحبات میں ہو تو مکروہ ہے مثلاً ایک شخص پانی وضو کا رکھتا تھا اسکو ایثار کیا یعنی کسیکو دیدیا اور آپ تیمم سے نماز پڑھی یا کپڑا کہ جس سے ستر ڈھانکتا کسی اور کو دیدیا اور آپ ننگا نماز پڑھی روا نہیں حرام ہوا اور اگر صف اول میں جگہ پائی اور پیچھے ہٹ گیا اور دوسرے کو وہاں جگہ دی اور آپ پچھلی صف میں آ کر نماز پڑھی تو یہ اچھا نہیں مکروہ ہے اور امور دنیویہ میں ایثار محمود ہے اور بعض صوفیہ سے طاعت میں ایثار منقول ہے غلبہ حال کے سبب سے واللہ اعلم **و حَدِيْثُ اَبِيْ قَتَادَةَ سَنَذْكُرُهٗ فِيْ بَابِ الْمُعْجِزَاتِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى** اور حدیث ابی قتادہ کی ذکر کرینگے ہم باب معجزات میں ان شاء اللہ تعالیٰ

الفصل الثانی

فصل دوسری **عن** ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نَاْكُلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَمْشِيْ وَنَشْرَبُ وَنَحْنُ قِيَامٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ روایت ہے ابن عمرؓ سے کہا کہ تھے ہم کھاتے بیچ زمانہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حال میں کہ ہم چلتے تھے اور پیتے تھے اس حال میں کہ کھڑے ہوتے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے ف کھانا چلتے ہوئے اور پینا کھڑے ہوئے اصل میں جائز ہے اور افضل اور اولیٰ یہ ہے کہ کھانا چلتے ہوئے اور سوا خلاف ادب کے ہے اور اسی طرح پینا کھڑے ہوئے جیسے گزر چکا **وعن** عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَائِمًا وَقَاعِدًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے انہوں نے نقل کی اپنے دادا سے کہا دیکھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پیتے کھڑے ہو کر اور بیٹھے ہوئے نقل کی یہ ترمذی نے ف یعنی کبھی کھڑے ہو کر پیا بیان جواز کے لیے اور بیٹھ کر پینا تمام اوقات میں عادت **وعن** ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُتَنَفَّسَ فِي الْاِنَاءِ اَوْ يُنْفَخَ فِيْهِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ روایت ہے

ابن عباسؓ سے کہ منع فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دم لیا جاوے برتن میں یعنی پیالہ وغیرہ میں وقت پینے پانی کے یا پھونکا جاوے اس میں نقل کیا یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ ف۔ منع اسلئے فرمایا کہ آب دہن پانی میں نہ گر پڑے اور دوسرا کراہت کرے اور کبھی منہ سے کچھ متغیر ہو جاوے پانی کہ بدبو دار کر دے اور اسلئے کہ دم لینا پانی میں چارپایوں کا فعل ہے کہا بعض نے کہ اگر پھونکنا ضرور ہو اگر گرم ہو تب صبر کرے یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو جاوے نہیں تو اگر پانی میں تنکا وغیرہ پڑا ہو تو تنکے کو نکالے انگلی سے یا نکالے اور نہ پھونکے اسلئے کہ نفرت کرتی ہے طبیعت اس سے

وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تشربوا واحدا كشرب البعير ولكن اشربوا مثنى وثلاث وسموا إذا أنتم شربتم واحمدوا إذا أنتم رفعتم رواه الترمذي۔ روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مت پیو تم پانی ایک دم میں مانند پینے اونٹ کے ولیکن پیو دو دو دم میں اور تین تین دم میں اور بسم اللہ کہو جب وقت کہ تم پانی پینے لگو اور حمد کرو جس وقت کہ تم ہٹاؤ برتن کو اپنے منہ سے یعنی پی چکو نقل کیا یہ ترمذی نے ف اونٹ ایک دم میں پیتا ہے تاکہ مشابہت اونٹ سے نکل جاوے لیکن تین دم میں کرنا مستحب ہے اور عادت شریف بھی یہی تھی اکثر اوقات اور حمد کرے اور احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ اول دم میں کہے الحمد للہ اور دوسرے دم میں رب العالمین زیادہ کرے اور تیسرے دم میں الرحمن الرحیم اور یہ دعا بھی منقول ہے الحمد للہ الذی جعلہ عذبا فراتا برحمتہ ولم یجعلہ ملحا اجاجا بذنوبنا

وعن أبي سعيد الخدري أن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن النفخ في الشراب فقال رجل القذاة أراها في الإناء قال أهرقها قال فإني لا أروى من نفس واحد قال فأبن القدح عن فيك ثم تنفس رواه الترمذي والدارمي۔ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا پھونکنا پینے کی چیز میں پس کہا ایک شخص نے کہ تنکے وغیرہ پڑے ہوئے دیکھتا ہوں برتن میں فرمایا بہا دے اس کو کہا اس شخص نے کہ میں سیراب نہیں ہوتا ایک دم میں فرمایا پس جدا کر پیالہ کو اپنے منہ سے پھر دم لے نقل کیا یہ ترمذی اور دارمی نے

وعنه قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الشرب من ثلمة القدح وأن ينفخ في الشراب رواه أبو داود۔ روایت ہے ابی سعید سے کہ منع فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پینے سے سوراخ پیالہ کی طرف سے اور منع فرمایا پھونک مارنے سے پانی میں نقل کیا یہ ابوداؤد نے ف۔ سوراخ سے اسلئے منع فرمایا کہ وہاں پینے سے پانی گرتا ہے اور اسکی اچھی طرح صفائی نہیں ہوتی اور بعض نے کہا ہے کہ وہاں شیطان بیٹھتا ہے

وعن كبشة قالت دخل علي رسول الله صلى الله عليه وسلم فشرب من في قربة معلقة قائما فقمت إلى فيها فقطعته رواه الترمذي وابن ماجه وقال الترمذي هذا حديث حسن غريب صحيح۔ اور روایت ہے کبشہ سے کہ آئے میرے پاس پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس پیا پانی منہ سے مشک کے لٹکی ہوئی تھی کھڑے ہوئے پس کھڑی ہوئی میں طرف منہ مشک کے پس کاٹ لیا میں نے اسکو نقل کیا یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے ف۔ کاٹ لیا اسلئے کہ اس جگہ برکت کے واسطے رکھے اپنے پاس جیسا کہ حدیث ام سلیم میں ہے اور بعض نے کہا ہے کہ منع فرمایا کہ اسکا استعمال نہ کرے کوئی اور بعد منہ حضرت کے

وعن الزهري عن عروة عن عائشة قالت كان أحب الشراب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم الحلو البارد رواه الترمذي وقال الصحيح ما روي عن الزهري

عن ابن عباس ... [illegible] ... لیکن حضرت عائشہ کی روایت میں ... [illegible] ... بیان ... [illegible] ... ساتھ کی روایت ... [illegible] ... بعد ... [illegible] ... اور تطبیق ان حدیثوں میں ... [illegible] ... اس حدیث کو زہری نے ... [illegible] ... معلوم ہوتا ہے کہ ... [illegible] ... بخلاف اس کے ... [illegible] ...

وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أكل أحدكم طعاما فليقل اللهم بارك لنا فيه وأطعمنا خيرا منه وإذا سقي لبنا فليقل اللهم بارك لنا فيه وزدنا منه فإنه ليس شيء يجزئ من الطعام والشراب إلا اللبن رواه الترمذي وأبو داود روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ کھاوے ایک تمہارا طعام پس چاہیے کہ کہے یا الٰہی برکت دے واسطے ہمارے بیچ اس طعام کے ... [illegible] ... اور جس وقت کہ پلایا جاوے ایک تمہارا دودھ پس چاہیے کہ کہے یا الٰہی برکت دے واسطے ہمارے بیچ اس کے اور زیادہ دے ہم کو اس سے ... [illegible] ... اس لیے کہ دودھ سے بہتر کوئی چیز نہیں ... [illegible] ... نقل کیا اس کو ترمذی اور ابو داود نے۔

وعن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يستعذب له الماء من السقيا قيل هي عين بينها وبين المدينة يومان رواه أبو داود روایت ہے عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ میٹھا پانی لایا جاتا واسطے ان کے سقیا سے کہا گیا ہے کہ ایک چشمہ ہے کہ درمیان اس کے اور درمیان مدینہ کے دو دن کی راہ ہے نقل کیا اس کو ابو داود نے۔

الفصل الثالث

عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من شرب في إناء ذهب أو فضة أو إناء فيه شيء من ذلك فإنما يجرجر في بطنه نار جهنم رواه الدارقطني روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ پیوے بیچ برتن سونے کے یا چاندی کے یا ایسے برتن میں کہ ہو اس میں کچھ سونے چاندی سے پس سوائے اس کے نہیں کہ ڈالتا ہے اپنے پیٹ میں آگ دوزخ کی نقل کی یہ دارقطنی نے ... [illegible] ... ہوتی ہوں بقدر حاجت حرام و مکروہ نہیں اور اگر بہت اور ... [illegible] ... امام ابو حنیفہ ... [illegible] ... پانی پینا ... [illegible] ... اور حدیثیں ... [illegible] ...

باب النقيع والانبذة

یہ باب ہے بیچ بیان نقیع اور نبیذ ... [illegible] ... اور نبیذ ... [illegible] ... انگور یا کھجور ... [illegible] ... شیرینی پانی میں ... [illegible] ... لذیذ ہوتا ہے اور نافع بدن کا ... [illegible] ... ہضم طعام ... [illegible] ... حرارت کے اور نبیذ بھی اسی طرح ... [illegible] ... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ... [illegible] ... اور حفظ صحت کے ... [illegible] ... انگور اور کھجور کے ... [illegible] ...

الفصل الاول

خسر بہا ۔ وعن انس قال لقد سقيت رسول الله صلى الله عليه وسلم بقدحي هذا الشراب كله العسل والنبيذ والماء واللبن
رواه مسلم ۔ روایت ہے انس سے کہا البتہ تحقیق پلایا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ اس پیالہ اپنے کے پینے کی چیزیں سب شہد اور نبیذ اور پانی
اور دودھ نقل کی یہ مسلم نے ف یہ پیالہ آنحضرت کا انس کے پاس تھا اللہ پاک ... حضرت انس کی میراث انس سے آٹھ لاکھ درم کو خریدا اور بخاری نے
وہ پیالہ بصرہ میں دیکھا اور اس میں پانی پیا ... وعن عائشة قالت كنا ننبذ لرسول الله صلى الله عليه وسلم
في سقاء يوكى اعلاه وله عزلاء ننبذه غدوة فيشربه عشاء وننبذه عشاء فيشربه غدوة رواه مسلم روایت ہے عائشہ سے کہا
تھے ہم نبیذ بناتے واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک مشک میں کہ بند کیا جاتا اوپر اسکا اور واسطے اسکے تھا دہانہ نیچے کی جانب
نبیذ بناتے تھے ہم مشک میں صبح کو پس پیتے حضرت شام کو اور بناتے تھے ہم رات کو پس پیتے حضرت اسکو صبح کو نقل کی یہ مسلم نے ف عزلاء کہتے ہیں
اس سوراخ کو جو مشک کے نیچے کی جانب ہوتا ہے یعنی اس مشک میں ایک دہانہ نیچے کی جانب بھی تھا جیسے پکھال میں ہوتا ہے یعنی مشک بڑی تھی اور نیچے کے
دہانہ میں سے نکالا کرتے تھے اور اس طرح نبیذ بنانا بخار کے لیے ... گرم ملک میں ہوتی ہے کہ اس میں جلد ہو جاتا ہے اور کبھی زیادہ ایک شب و روز سے
تین رات دن تک ... وعن ابن عباس قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينبذ له
اول الليل فيشربه اذا اصبح يومه ذلك والليلة التي تجيء والغد والليلة الاخرى والغد الى العصر فان بقي شيء سقاه
الخادم او امر به فصب رواه مسلم روایت ہے ابن عباس سے کہا تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ نبیذ بنائی جاتی تھی واسطے انکے اول شب میں
پیتے تھے اسکو جس وقت کہ صبح کرتے اس دن اور اس رات کو اور اگلے دن اور دوسری رات اور اسکے اگلے دن عصر تک پس اگر باقی رہتی کچھ پلاتے اسکو خادم کو
یا حکم فرماتے پھینک دینے کا پس پھینکی جاتی نقل کی یہ مسلم نے ف حضرت خود نہ پیتے اور خادم کو پلا دیتے اس سبب سے تھا کہ نبیذ دو دن تک ... نشہ کو نہیں پہنچتی
اور نشہ کے پہنچنے کا گمان کرتے اس لیے نہ پیتے اور نشہ کو پہنچ جاتی تو پھینکوا دیتے ... اور خادم کو ... نقل کیا ... سو یہ حدیث اسپر کہ ... کہ
اس کا ... گرنا اور اپنے ملوک کو کھلانا درست ہے ۔ وعن جابر قال كان ينبذ لرسول الله صلى الله عليه وسلم في سقاء فاذا لم يجدوا
سقاء ينبذ له في تور من حجارة رواه مسلم روایت ہے جابر سے کہا نبیذ بنائی جاتی تھی واسطے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مشک میں پس جب نہ پاتے مشک تو
بنائی جاتی تھی واسطے آپ کے ایک برتن میں پتھر کا نقل کی یہ مسلم نے ۔ وعن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن
الدباء والحنتم والمزفت والنقير وامر ان ينبذ في اسقية الادم رواه مسلم روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے منع فرمایا نبیذ بنانے سے کدو کے برتن میں اور لاکھی برتن میں اور روغن قیر مالے برتن میں اور لکڑی کے برتن میں اور حکم فرمایا یہ کہ نبیذ بنائی جاوے مشکوں چمڑے
کی نقل کی یہ مسلم نے ف ان ظروف میں نبیذ بنانے سے ابتدائے اسلام میں منع فرمایا تھا بوجہ اس کے کہ ان میں جلدی نشہ آ جاتا ہے اور معلوم نہیں ہوتا پھر جب
زمانہ دراز ہوا اور حرمت شراب کی ثابت ہو گئی اجازت دی ان ظروف میں نبیذ بنانے کی جیسے کہ آگے بیان آتا ہے اور تحقیق اس کی کتاب الایمان میں گزر چکی ہے
وعن بريدة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال نهيتكم عن الظروف فان ظرفا لا يحل شيئا ولا يحرمه وكل
مسكر حرام وفي رواية قال نهيتكم عن الاشربة الا في ظروف الادم فاشربوا في كل وعاء غير ان لا تشربوا مسكرا رواه مسلم
روایت ہے بریدہ سے یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ منع کیا تھا میں نے تم کو نبیذ بنانے سے ظروف میں پس تحقیق برتن نہیں حلال کرتا کسی چیز کو
اور نہیں حرام کرتا اسکو یعنی برتن کسی چیز کو حلال نہیں کرتا اور حرام نہیں کرتا اس چیز کو اور ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

منع کیا تھا بعد میں منسوخ ہو گیا بعض کہتے ہیں کہ ممانعت مذکورہ منسوخ نہیں ہوئی ہے بلکہ ان برتنوں کی ممانعت ہے جو ان برتنوں میں مذکورہ برتنوں کے علاوہ ہیں واللہ اعلم اور یہاں یہ بات بھی ذہن نشین رہنی چاہئے کہ ان برتنوں میں بنی ہوئی نبیذ مطلق حرام نہیں ہے بلکہ یہ ممانعت اس صورت میں ہے جب کہ اس میں نشہ پیدا ہو جائے والی نبیذ کو نقل کیا ہے۔

الفصل الثانی

دوسری فصل عَنْ اَبِیْ مَالِکٍ الْاَشْعَرِیِّ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَیَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِنْ اُمَّتِی الْخَمْرَ یُسَمُّوْنَھَا بِغَیْرِ اِسْمِھَا رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَۃَ

روایت ہے ابو مالک اشعری سے کہ انہوں نے سنا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے البتہ ضرور پئیں گے بعض لوگ میری امت میں سے شراب کو اور رکھیں گے اس شراب کا نام غیر اس کے نام کے نقل کی یہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ف یعنی بہانہ اور حیلہ کریں گے پس پئیں گے شراب کو ساتھ نام دوسرے کے جیسے نبیذ و شربت وغیرہ اور کہیں گے کہ یہ حلال ہے اور گمان کریں گے کہ یہ حرام نہیں ہے اس لئے کہ انگور کی اور کھجور کی شراب نہیں ہے اور حالانکہ اس کا حرام ہونا باعتبار نشہ کرنے والی چیز کے ہے کسی چیز سے بنی ہو کہ یہ قول اشرل ہے اور حاصل عبارت یہ ہے کہ شراب پئیں گے بسبب اس کلام کے کہ نام اس کا اور طرف سے رکھ لیں گے اور شراب نہیں کہیں گے اور گمان کریں گے کہ نبیذ پینے میں یا اور نام رکھنا کچھ فائدہ نہیں دیگا اس لئے کہ حرمت نشہ سے ہے نہ نام سے۔

الفصل الثالث

تیسری فصل عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِیْذِ الْجَرِّ الْاَخْضَرِ قُلْتُ اَنَشْرَبُ فِی الْاَبْیَضِ قَالَ لَا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

روایت ہے عبداللہ بن ابی اوفی سے کہا منع فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نبیذ ٹھلیا سبز سے کہا میں نے کیا پئیں ہم ٹھلیا سفید میں فرمایا نہ نقل کی یہ بخاری نے ف ٹھلیا سبز سے کہ وہ اس کا ذکر ہوا اور چونکہ عبداللہ بن ابی اوفی نے یہ سمجھا ہے کہ ممانعت نبیذ ٹھلیا سبز کی ہے اس لئے انہوں نے کہا کیوں ہم ٹھلیا سفید میں پئیں حضرت نے فرمایا سفید میں بھی نہ پیو یعنی ذکر سبز کا اتفاقی ہے اور سبب یہ ہے کہ ٹھلیوں کی نبیذ میں نشہ آنے میں جلدی ہوتی ہے ٹھلیا سبز اور سفید کا ایک ہی حکم ہے اور یہ بھی منسوخ ہے جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے۔

باب تغطیۃ الاوانی وغیرھا

یہ باب ہے بیچ بیان ڈھانکنے برتنوں اور غیر برتنوں کے ف یعنی اس باب میں وہ حدیثیں ہیں کہ جن میں برتن ڈھانکنے اور مشکیزوں کے منہ باندھنے اور رات کو وقت سونے کے اور ایسے ہی چراغ وغیرہ کا ذکر ہوا ہے یعنی یہ باب ہے بیچ بیان ڈھکنے برتنوں کے اور رات باندھنے مشکوں کے جیسے بند کرنا دروازے کا اور بجھانا چراغوں کا اور سوائے اس کے۔

الفصل الاول

پہلی فصل عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَ جُنْحُ اللَّیْلِ اَوْ اَمْسَیْتُمْ فَکُفُّوْا صِبْیَانَکُمْ فَاِنَّ الشَّیْطٰنَ یَنْتَشِرُ حِیْنَئِذٍ فَاِذَا ذَھَبَ سَاعَۃٌ مِنَ اللَّیْلِ فَخَلُّوْھُمْ وَاَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ فَاِنَّ الشَّیْطٰنَ لَا یَفْتَحُ بَابًا مُغْلَقًا وَاَوْکُوْا قِرَبَکُمْ وَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ وَخَمِّرُوْا اٰنِیَتَکُمْ وَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ وَلَوْ اَنْ تَعْرُضُوْا عَلَیْہِ شَیْئًا وَاَطْفِئُوْا مَصَابِیْحَکُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِلْبُخَارِیِّ قَالَ خَمِّرُوا الْاٰنِیَۃَ وَاَوْکُوا الْاَسْقِیَۃَ وَاَجِیْفُوا الْاَبْوَابَ وَاکْفِتُوْا صِبْیَانَکُمْ عِنْدَ الْمَسَاءِ فَاِنَّ لِلْجِنِّ انْتِشَارًا وَخَطْفَۃً وَاَطْفِئُوا الْمَصَابِیْحَ عِنْدَ الرُّقَادِ فَاِنَّ الْفُوَیْسِقَۃَ رُبَّمَا اجْتَرَّتِ الْفَتِیْلَۃَ فَاَحْرَقَتْ اَھْلَ الْبَیْتِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ غَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْکُوا السِّقَاءَ وَاَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَاَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَاِنَّ الشَّیْطٰنَ لَا یَحُلُّ سِقَاءً وَلَا یَفْتَحُ بَابًا وَلَا یَکْشِفُ اِنَاءً فَاِنْ لَمْ یَجِدْ اَحَدُکُمْ اِلَّا اَنْ یَعْرُضَ عَلٰی اِنَائِہٖ عُوْدًا وَیَذْکُرَ اسْمَ اللّٰہِ فَلْیَفْعَلْ فَاِنَّ الْفُوَیْسِقَۃَ تُضْرِمُ عَلٰی اَھْلِ الْبَیْتِ بَیْتَھُمْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَہٗ قَالَ لَا تُرْسِلُوْا فَوَاشِیَکُمْ وَصِبْیَانَکُمْ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتّٰی تَذْھَبَ فَحْمَۃُ الْعِشَاءِ فَاِنَّ الشَّیْطٰنَ یُبْعَثُ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتّٰی تَذْھَبَ فَحْمَۃُ الْعِشَاءِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَہٗ قَالَ غَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْکُوا السِّقَاءَ فَاِنَّ فِی السَّنَۃِ لَیْلَۃً یَنْزِلُ فِیْھَا وَبَاءٌ لَا یَمُرُّ بِاِنَاءٍ لَیْسَ عَلَیْہِ غِطَاءٌ اَوْ سِقَاءٍ لَیْسَ عَلَیْہِ وِکَاءٌ اِلَّا نَزَلَ فِیْہِ مِنْ ذٰلِکَ الْوَبَاءِ

روایت ہے جابر سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہو اول رات کا یعنی جب شام کرو تم پس بند رکھو لڑکوں اپنے کو یعنی نکلنے نہ دو باہر گھر سے پس تحقیق کہ شیطان پھیلتے ہیں اس وقت پس جب جاتی رہے ایک ساعت رات سے تو چھوڑ دو ان کو اور بند کرو دروازوں کو اور ذکر کرو نام اللہ کا پس تحقیق شیطان نہیں کھولتا

نہیں کھولتا دروازے بند کیے ہوئے کو نہیں کھولتا حضرت نے ذکر فرمایا کہ اگرچہ شیطان کو قدرت ہے کہ وہ دروازوں میں پہنچ جاوے [illegible]
ذکر خدا کے [illegible] اور مشکوں کے منہ [illegible] اگرچہ شیطان کو [illegible] اور ذکر نام خدا کا بھی
وقت بند کرنے [illegible] کے اور ڈھانکے [illegible] برتن [illegible] اگرچہ عرض میں [illegible]
ڈھانکنے کی [illegible] لکڑی [illegible] پر رکھ دے [illegible]
اور مانند [illegible] اپنے چراغوں کو بجھاؤ وقت [illegible] تعلیم [illegible] الفاظ [illegible] درمیان [illegible]
ہر ایک کی روایت میں مضمون ساتھ الفاظ مختلف کے [illegible] اور ایک روایت بخاری کی میں یوں آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے ڈھانکو برتنوں کو اور
باندھو منہ مشکوں کا اور بند کرو دروازے اور [illegible] اپنے لڑکوں کو شام کے وقت [illegible] اس واسطے کہ تحقیق واسطے جنوں کے ہے
پھیلنا اور اچک لینا اور بجھاؤ چراغوں کو نزدیک سونے کے اس واسطے کہ تحقیق [illegible] وقت کھینچ لے جاتا ہے بتی کو پس جلا دیتا ہے گھر والوں کو اور
ایک روایت مسلم کی میں یوں آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے ڈھانکو برتن کو اور بند کرو مشک کو اور بند کرو دروازوں کو اور بجھاؤ چراغوں کو اس واسطے کہ تحقیق شیطان
نہیں کھولتا مشک کو اور نہیں کھولتا دروازے کو اور نہیں کھولتا برتن کو [illegible] اگر نہ پاوے ایک تمہارا [illegible]
عرض میں [illegible] اور [illegible] نام اللہ کا [illegible] اس واسطے کہ تحقیق [illegible] گھر والوں کو [illegible]
اور ایک روایت مسلم کی میں یوں آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ نہ چھوڑو [illegible] اپنے لڑکوں کو [illegible] یہاں تک کہ جاتی رہے [illegible]
[illegible] اس واسطے کہ تحقیق شیطان [illegible] اول وقت [illegible] مسلم کی ایک روایت میں یوں
آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے ڈھانکو برتن کو اور باندھو مشک کو اس واسطے کہ تحقیق سال میں ایک رات ہے [illegible] وبا [illegible]
[illegible] مشک پر [illegible]
[illegible] وقت [illegible]
[illegible]
[illegible] متفق علیہ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
وعنه قال جاء ابو حميد رجل من الانصار من النقيع باناء من لبن الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال له النبي
صلى الله عليه وسلم الا خمرته ولو ان تعرض عليه عودا متفق عليه اور روایت ہے جابر سے کہا لایا ابو حمید ایک شخص انصاریوں
میں سے نقیع سے ایک برتن دودھ کا طرف پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں نہ
ڈھانکا تو نے اس کو اگرچہ رکھتا تو اس پر ایک لکڑی [illegible] روایت کی بخاری اور مسلم نے وعن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه
وسلم قال لا تتركوا النار في بيوتكم حين تنامون متفق عليه اور روایت ہے [illegible]

نہ سویا کرو تم آگ کو گھروں میں یعنی پاس آگ کے وقت سونے کے بجھا دیا کرو اس سے حیرت کر سوتے تم نقل کیا یہ بخاری اور مسلم نے وف آگ شامل ہے چراغ وغیرہ کو بھی قندیلیں لٹکی ہوئی ہوں سو اگر خوف جلنے کا ہو تو نہیں بعضوں نے کہا ہے کہ بجھانا اس کا ادب میں سے ہے اور واسطے اتفاق امت کے کہ نقل النووی کتاب مُنیۃ کہ آگ بھی گھروں میں واسطے روشنی کے خوف جلنے کا اس سے تو چاہیے کہ بجھا دے اس میں اعتبار شب بیداری کے یا کسی امر واسطے گھروں والوں کے قیاس اس پر ممنوع ہے **وعن** ابی موسیٰ قَالَ احْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِينَةِ عَلَى أَهْلِهِ مِنَ اللَّيْلِ فَحُدِّثَ بِشَأْنِهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ هَذِهِ النَّارَ إِنَّمَا هِيَ عَدُوٌّ لَكُمْ فَإِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوهَا عَنْكُمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہے ابی موسیٰ سے کہا جل گیا ایک گھر مدینہ میں واسطے رات کے گھر والوں پر پس نقل کیا گیا حال اسکا واسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمایا کہ تحقیق یہ آگ سوائے اسکے نہیں کہ وہ دشمن ہے واسطے تمہارے جلا دیتا ہے جان و مال کو پس جس وقت کہ سونے لگو تم پس بجھا دو اسکو واسطے دور کرنے ضرر اسکا اپنے سے نقل کیا یہ بخاری اور مسلم نے

الفصل الثانی فصل دوسری **عن** جابر قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكِلَابِ وَنَهِيقَ الْحَمِيرِ مِنَ اللَّيْلِ فَتَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ فَإِنَّهُنَّ يَرَيْنَ مَا لَا تَرَوْنَ وَأَقِلُّوا الْخُرُوجَ إِذَا هَدَأَتِ الْأَرْجُلُ فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبُثُّ مِنْ خَلْقِهِ فِي لَيْلَتِهِ مَا يَشَاءُ وَأَجِيفُوا الْأَبْوَابَ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا إِذَا أُجِيفَ وَذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَغَطُّوا الْجِرَارَ وَأَكْفِئُوا الْآنِيَةَ وَأَوْكِئُوا الْقِرَبَ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ روایت ہے جابر سے کہا سنا میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جس وقت کہ سنو تم بھونکنا کتوں کی آواز اور گدھوں کی رات کو پس پناہ مانگو ساتھ اللہ کے شیطان راندے ہوئے سے اس لیے کہ تحقیق کتے اور گدھے دیکھتے ہیں اس چیز کو کہ نہیں دیکھتے تم یعنی شیطان کو اور فرشتہ اسکے کو دیکھتے ہیں اور کم کرو نکلنا اپنا گھروں سے جس وقت کہ ٹھہر جاویں پاؤں یعنی موقوف ہو آمد و رفت لوگوں کی ہو جائے موقوف ہو تو تم بھی کم نکلا کرو اس لیے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ پھیلا دیتا ہے بیچ زمین کے پیدا کی ہوئی اپنی مخلوقات سے جو چاہتا ہے از قسم جن اور شیاطین اور جانوروں موذی کے اور بند کیا کرو دروازوں کو اور ذکر کرو نام اللہ کا اس پر اس لیے کہ شیطان نہیں کھولتا دروازہ کو کہ بند کیا جاوے اور ذکر کیا جاوے نام اللہ کا اس پر اور ڈھکو بسم اللہ پڑھ کر گھڑوں کو اور اوندھا کرو برتنوں کو جس وقت کہ خالی ہوں اور باندھو منہ مشکوں کے نقل کی یہ حدیث بیچ شرح السنہ کے **وعن** ابن عباس قَالَ جَاءَتْ فَأْرَةٌ تَجُرُّ الْفَتِيلَةَ فَأَلْقَتْهَا بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُمْرَةِ الَّتِي كَانَ قَاعِدًا عَلَيْهَا فَأَحْرَقَتْ مِنْهَا مِثْلَ مَوْضِعِ الدِّرْهَمِ فَقَالَ إِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوا سُرُجَكُمْ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَدُلُّ مِثْلَ هَذِهِ عَلَى هَذَا فَيُحْرِقَكُمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ روایت ہے ابن عباس سے کہا آیا ایک چوہا اسحال میں کہ کھینچتا لاتا تھا بتی کو پس ڈالا اسکو روبرو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر بوریے کے کہ بیٹھے تھے حضرت اوپر اس کے پس جلا دیا اس میں سے بقدر درہم کے پس فرمایا حضرت نے جس وقت کہ سو جاؤ تم پس گل کر دو چراغ اپنے کہ تحقیق شیطان راہ دکھاتا ہے مثل اس چوہے کے موذی کو اس فعل پر پس جلا دیتا ہے شیطان واسطے باعث ہونے کے تمہارے جلنے کا یعنی نقل کیا یہ ابوداؤد نے **ف** اس باب میں تیسری فصل مصنف نے نہیں لکھی شاید کہ یہ باب بیشتر اس کے فصل تیسری کا تھا وجہ اسکے بیان نہ کرنے کی ظاہر نہ کی گئی ہے **کتاب اللباس** کتاب بیچ بیان لباس کے **ف** لباس جمع ہے اسکی لبس جیسے کتاب جمع ہے کتب کی اور معانی اور مقاصد اسکے باب علم الحیات آگے بیان ہوں گے اور مسئلہ اسکا لبس بضم لام کے ساتھ پہننے ساتھ زیر لام کے یعنی التباس و خلط کے اور سوا باب ضرب یضرب کا آیا ہو **الفصل الاول** فصل پہلی **عن** انس قَالَ كَانَ أَحَبُّ الثِّيَابِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَلْبَسَهَا الْحِبَرَةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہے انس سے کہا تھا بہت پیارا کپڑوں کی طرف پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ پہنتے تھے یعنی واسطے اللہ کے کپڑوں کے قسم سے یہ کہ پہنیں اسکو حبرہ یعنی چادریں کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے **ف** حبرہ بکسر حاء اور فتح با کے ایک قسم ہے چادر کی یمن کے نفیس ہوتی ہیں یمن کی کہ ان پر خطوط سرخ ہوتے ہیں

اور کبھی سبز اور سرخ کی بھی ہوتی ہے اور لکھا ہے علماء نے کہ اسی واسطے حضرت اسکو دوست رکھتے تھے اور بعضوں نے کہا دوست رکھتے تھے اسکو بسبب خوبصورتی کے سبز رنگ کہ بہت اچھا ہے جنت کے کپڑوں میں سے ہے اور وارد ہوا ہے انس کہ کان احب الالوان الیہ الخضرۃ رواہ الطبرانی فی الاوسط وابن السنی وابو نعیم فی الطب النبوی کہ آپ دوست رکھتے تھے اسکو بسبب اسکے کہ خطوط اس میں ہوتے تھے اسمین اور سوا اسکے اور وجوہ ہیں **وعن المغیرۃ بن شعبۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لبس جبۃ رومیۃ ضیقۃ الکمین متفق علیہ** اور روایت ہے مغیرہ بن شعبہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنا جبہ رومی تنگ آستینوں کا نقل کیا بخاری اور مسلم نے **ف** ایک روایت میں آیا ہے کہ آستینیں ایسی تنگ تھیں کہ جب وضو کرنے لگے تو آستینیں اوپر نہ چڑھ سکیں تو آستینوں کے نیچے سے ہاتھ نکالے دھونے کے لیے اور یہ بھی آیا ہے کہ یہ جبہ اون کا تھا اور سفر کا تھا اور کہا بعضوں نے کہ اس سے معلوم ہوا کہ مستحب ہے تنگ آستینیں ہونا سفر میں یعنی غزو اسلیے کہ آستینیں میں بعض صحابہ کی طرح تھیں اور کہا ابن حجر نے کہ قول اکثر کا یہ ہے کہ مستحب ہے کہ آستین پہونچے تک ہو اور قول صحیح ہے کہ آستینوں کا منتہی گٹے تک ہے ابو داؤد سے قول ایک کا اور نیز انہی سے منقول ہے مانند اسکے اور صحابہ سے بھی منقول ہے اور محصول یہ کہ فراخی غیر مفرط اسلیے کہا ہے مستحق ہیں کہ کہتے ہیں علماء کہ مستحب ہے فراخی آستین کی بقدر ایک بالشت کے **وعن ابی بردۃ قالت اخرجت الینا عائشۃ کساء ملبدا وازارا غلیظا فقالت قبض روح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ہذین متفق علیہ** اور روایت ہے ابی بردہ سے کہ کہا نکالی ہمارے لیے حضرت عائشہ نے ایک کملی پیوند لگی ہوئی اور ایک تہبند موٹا اور کہا قبض کی گئی روح مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ان دو کپڑوں میں نقل کیا بخاری اور مسلم نے **ف** حضرت نے جو مال تھا کلام جنس سے کہا ورتی کسی کا ان کی کا اثر تھا اور اس حدیث سے معلوم ہوئی بے رغبتی حضرت کی دنیا اور دنیا کے مال اور زینت سے پس لازم ہے امت کو پیروی کرنی حضرت کی اس خصلت کی **وعن عائشۃ قالت کان فراش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی ینام علیہ ادما حشوہ لیف متفق علیہ** اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا تھا بچھونا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ سوتے تھے اس پر چمڑے کا بھرا ہوا اسکے اندر پوست کھجور کا یعنی روئی کی جگہ نقل کیا بخاری اور مسلم نے **ف** اور شمائل ترمذی میں آیا ہے حضرت حفصہ سے کہ تھا بچھونا حضرت کا ٹاٹ کا **وعنہا قالت کان وساد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی یتکئ علیہ من ادم حشوہ لیف متفق علیہ** اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا تھا تکیہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ تکیہ کرتے تھے اس پر چمڑے کا بھرا اسکے اندر پوست خرما تھا نقل کیا یہ مسلم **ف** تکیہ کرتے تھے یعنی ٹیک لگا کر بیٹھتے یا سونے کے وقت سر کے نیچے رکھتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ مستحب ہے رکھنا بچھونے کا اور تکیہ کا واسطے سونے اور آرام کے لیکن بغیر اسراف اور اہتمام کے تنعم میں اور آنحضرت دوست رکھتے تھے تکیہ کو اور تکیہ کرتے تھے اس پر اور فرمایا اگر خوشبو اور تکیہ کوئی دے تو رد نہ کرے اور ان احادیث سے اور مانند انکے سے معلوم ہوا کہ طریقہ آنحضرت کا یہ تھا کہ زہد کرتے تھے دنیا میں اور احتراز کرتے تھے تنعم اور لذات دنیا سے اور لباس بھی موٹا اور سادہ پہنتے تھے اور آپ کا لباس جیسا میسر ہوا پہنتے اور تکلف نہ کرتے اور کبھی بیان جواز کے لیے کپڑا نفیس قیمتی بھی پہنا ہے لیکن فی الفروسی کی بخشش قیمتی نفیس کپڑے کی اور عادت پکڑنی اسکی اور تکلف کرنا اسمین خلاف سنت ہے اگرچہ اصل اباحت رکھتی ہے اور اگر کپڑا موٹا اور حقیر پہننا واسطے اظہار زہد کے طمع اور سوال کے لوگوں سے بطریق ریا اور سمعہ کے پہنے تو یہ مکروہ ہے اکثر اہل علم کے نزدیک اور بقصد ستر حال اور عفت اور اظہار فقر کے کہ نفس سے تکبر اٹھانے اور چشم اغنیا سے چھپانا ہو اور حاصل یہ کہ اگر بطور اسراف و تکبر کے نہ ہو تو نہیں مضائقہ اسکا اور زیادتی اسکی بہتر ہے اور محمود ہے **وعنہا قالت بینا نحن جلوس فی بیتنا فی حر الظہیرۃ قال قائل لابی بکر ہذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقبلا متقنعا رواہ البخاری** اور روایت ہے عائشہ سے کہا اس وقت کہ تھے ہم بیٹھے ہوئے اپنے گھر میں بیچ گرمی دوپہر کے کہا کسی کہنے والے نے واسطے ابوبکر صدیق کے یہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم آتے ہیں ڈھانکے ہوئے سر اپنا چادر کے کونے سے نقل کیا بخاری نے **ف** ڈھانکنا سر کا تھا واسطے گرمی دھوپ کے یا اسلئے

کرنا چاہئے سنت کو کوئی … یہ حدیث ایک ٹکڑا ہے حدیث ہجرت کا کہ بعد قضیہ بیعت عقبہ کے آنحضرت منتظر تھے حکم ہجرت کے اور ایسے ہی حضرت ابو بکر التماس
رفاقت کی سفر میں حضرت کے رکھتے تھے اور آنحضرت فرماتے تھے کہ اگر حکم ہجرت کا ہوگا تو ایسا ہی ہوگا تاکہ تم ہمراہ ہو پس آنحضرت دوپہر کو حضرت ابو بکر کے
گھر میں وقت گرمی کے تشریف لے گئے اور حضرت ابو بکر کو ہجرت کا حکم پہنچا دیا … پس رات کو غار کی راہ لی … طرف جانے کے
کپڑے … وعن جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال له فراش للرجل
وفراش لامرأته والثالث للضيف والرابع للشيطان رواه مسلم روایت ہے جابر سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک بچھونا
واسطے مرد کے اور دوسرا بچھونا واسطے عورت کے اور تیسرا واسطے مہمان کے اور چوتھا واسطے شیطان کے نقل کی یہ مسلم نے ف یعنی اگر کسی کے ہاں تین بچھونے
اگر ہیں ایک تو چاہیے لیے اور دوسرا اپنی بیوی کے لیے کہ شاید کسی وقت بسبب مرض کے یا کسی اور سبب کے تنہا سونا ہو ورنہ بیوی کے ساتھ سونا اولیٰ ہے اور موافق تر
سنت کے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات کے ساتھ سویا کرتے تھے اور تیسرا مہمان کے لیے کہ آوے … تین بچھونے کافی ہیں اور
زیادہ ان سے اسراف ہے جیسے کہ فرمایا کہ چوتھا اگر ہو تو شیطان کے لیے ہے یعنی شیطان کا مال ہے بسبب اس کے کہ زیادہ قدر حاجت سے ہے اور محل مفاخرت ہے اور …
اسراف ہو پس منسوب اسکی طرف ہوا اسلئے شیطان کی طرف نسبت کیا … اگر کسی کی عادت کرم اور … کی
اور مہمان اسکے یہاں بہت آتے ہوں تو ظاہر ہے کہ کثرت فرش یا اسباب کی مذموم نہ ہوگی … وعن
ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا ینظر اللہ یوم القیامۃ الی من جر ازارہ بطرا متفق علیہ روایت ہے
ابی ہریرہ سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں دیکھے گا اللہ تعالیٰ دن قیامت کے یعنی بنظر رحمت طرف اس شخص کے کہ کھینچے یعنی ٹخنوں سے
نیچے کرے ازار اپنی از راہ تکبر و اترانے کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف تکبر کی قید سے معلوم ہوا کہ اگر … تو حرام نہیں
لیکن مکروہ ہے ساتھ کراہت تنزیہی کے اور اگر بسبب کسی عذر کے … تو مکروہ بھی نہیں وعن
ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من جر ثوبه خيلاء لم ينظر الله اليه يوم القيامة متفق عليه روایت ہے
ابن عمر سے نقل کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جو شخص کہ دراز کرے کپڑا اپنا یہاں تک کہ لٹکتا ہو … نہیں دیکھے گا اس کی طرف اللہ تعالیٰ
طرف اسکے دن قیامت کے یعنی بنظر رحمت و عنایت کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف کپڑا عام ہے خواہ تہبند ہو یا جامہ یا کرتہ یا انگرکھا یا قبا …
یا جو کچھ ہو سب اس میں داخل ہیں … وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بينما رجل يجر ازاره من الخيلاء خسف به
فهو يتجلجل في الارض الى يوم القيامة رواه البخاري اور روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس وقت کہ ایک
شخص کھینچتا تھا ازار اپنی از راہ تکبر کے دھنسایا گیا زمین میں پس وہ چلا جاتا ہے زمین میں قیامت تک نقل کی یہ بخاری نے ف احتمال ہے کہ یہ شخص کوئی
اس امت سے ہو … خبر دی کہ کسی وقت میں یہ ہوگا … اور احتمال یہ بھی ہے کہ یہ شخص پہلی امتوں
میں سے ہو … اور یہی قول صحیح ہے … اس حدیث کو بخاری نے ذکر بنی اسرائیل میں … اور بعضوں نے کہا … قارون تھا
وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اسفل من الکعبین من الازار فی النار رواہ البخاری
روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو چیز نیچے ہو ٹخنوں سے ازقسم ازار کے وہ آگ میں ہے نقل کی یہ بخاری نے ف …
یعنی ٹخنوں سے نیچے جس قدر ہے … آگ دوزخ میں جلایا جاوے گا اور بعضوں نے کہا معنی یہ ہیں کہ یہ فعل مذموم ہے اور افعال اہل دوزخ سے ہے
اور … حدیث میں آیا ہے کہ ایک شخص نیچا لٹکائے ازار نماز پڑھتا تھا اسکو حکم …

اور منع کیا کو فرمایا چاہیے یہ روایات داخل کتاب میں ذکر ہو اور ایک روایت میں آیا ہے کہ شعبان کی پندرھویں شب میں سب بخشے جاتے ہیں مگر عاق اور
اور مسبل ازار نہیں بخشے جاتے اور تحقیق یہ ہے کہ مدت اسبال کپڑوں میں جا بجا ہونی ہو گیا کہ زیادہ قدر حاجت اور سنت سے جو دراز ہو منع ہے اور مخصوص ازار
بسبب کثرت وقوع اسکے ہے کہ لباس اکثر لوگوں کے صدر نبوت میں تہہ بند اور چادر تھی اور فصل دوسری میں ابن عمر سے آیا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا الاسبال
فی الازار والقمیص والعمامۃ من جر منہا شیئا خیلاء الحدیث اور حدیث اول میں بھی ابن عمر سے لیکن اس حدیث میں گذری مطلق کپڑا دراز ہونا اور غرض
یعنی اور دامن ازار میں نصف پنڈلی تک ہے اور ازار آنحضرت کی ایسی ہی تھی اور رخصت ٹخنوں کے اوپر تک ہے اور حکم دامن قبا اور پیراہن کا بھی یہی ہے اور سنت
آستینوں میں پہونچے تک ہے اور اسبال عمامہ میں یا شملہ چھوڑنا ہے زیادہ عادت سے عرض میں اور طول میں اور نہایت اسکی نصف پشت تک
اور زیادہ اس سے بدعت اور داخل دراز کرنے کے ہے اور فرق اور دراز کرنی کہ بعض مشائخ میں متعارف ہوئی ہے خلاف سنت ہے اور جو دراز کہ
بطریق تکبر کے ہو حرام ہے اور جو کہ بطریق عرف و عادت کے شائع ہو مکروہ ہے اور درازی عورتوں کے لیے بھی جائز ہے لیکن جائز ہے بقدر ایک بالشت کے
یا دو بالشت کے زیادہ نہ بہت سے دور تک لگا رہے نہیں بقصد ستر کے کذا ذکر فی شرح سفر السعادۃ **تنبیہ** کتاب مؤلف اس کتاب کا کہ ترجمہ یہ
خیال میں آیا کہ ترجمہ ہر حدیث میں ترجمہ کیا جاوے اس عبارت کا مثلاً عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور بعد اتمام ترجمہ حدیث کے اس عبارت کا ترجمہ لکھا ہے رواہ الترمذی مثلاً اس سے کتاب بہت دراز ہوئی جاتی ہے اور ان
عبارتوں کا ترجمہ بالکل چھوڑا ہے پس اکتفا کر فقط حدیث کے ترجمہ پر اور باقی کا ترجمہ چھوڑ دے کہ جو ذرہ بھی شعور رکھتا ہوگا وہ آپ سمجھ لیگا لیکن بعضی
عبارت مشکل لغوی مشکل ہو اسکا ترجمہ کر دیا ہے حضرت شیخ عبد الحق دہلوی نے بھی ایسا ہی کیا ہے اور مولوی قطب الدین صاحب کہ ترجمہ ان کے ہیں انہوں نے بھی اسی طرح
لکھا ہے الحاصل **فصل دوم عن** جابر قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يأكل الرجل بشماله أو يمشي في نعل واحدة
وأن يشتمل الصماء أو يحتبي في ثوب واحد كاشفا عن فرجه رواه مسلم اور روایت ہے جابر سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
یہ کہ کھاوے آدمی بائیں ہاتھ سے یا چلے ایک پاپوش میں یا یہ کہ لپیٹے بدن پر کپڑا کہ ہاتھ بھی اندر آجاویں یا گوٹ مار کر بیٹھے ایک کپڑے میں اس حالت میں کہ کھلا ہو
ستر اپنا **فائدہ** بائیں ہاتھ سے کھانے کی نہی تنزیہی ہے اور بعضوں نے کہا تحریمی ہے اور ایک جوتے سے چلنے میں بے ڈھنگی اور خلاف وقار ہے اور لغزش باعث ہوگا
تو باعث لغزش قدم اور گر پڑنے کا زمین پر ہوگا اور لپیٹنے بدن پر کپڑا یعنی چادر وغیرہ [illegible] ہاتھ [illegible] طرف بائیں [illegible] آدمی
اندر ہی ہیں اور کوئی طرف کپڑے کی اٹھی [illegible] ہاتھ [illegible] نکال سکے [illegible]
اور مطلب کے کھولنے کو جیسے کہ [illegible] جیسے [illegible] [illegible] بائیں [illegible] باہر
اور ابن ہمام نے شرح ہدایہ میں لکھا ہے کہ مکروہ ہے اشتمال صما [illegible] اور وہ یہ ہے کہ لپیٹے بدن سے ساتھ ایک کپڑے کے [illegible] تمام بدن اپنا اور
نہ چھوڑے جگہ ہاتھ کے نکلنے کی اور امام محمد کے نزدیک شرط ہے کہ ازار نہ پہنے ہو اور [illegible] کے نزدیک یہ شرط نہ [illegible]
فقہا اشتمال صما اسکو کہتے ہیں کہ لپیٹ لیوے بدن پر ایک کپڑا اور کسی کے ساتھ [illegible] ایک جانب اسکی [illegible]
کھلا ہو [illegible] بعض ستر کھلا [illegible] اگر [illegible] ہوا [illegible]
کرے اور چوتڑوں پر بیٹھے اور پنڈلیاں کھڑی کرے اور دونوں ہاتھ لپیٹ لیوے [illegible] اور دونوں [illegible] پیٹ میں [illegible]
اس صورت میں [illegible] کہ [illegible] اگر لپیٹے کا تو ستر کھل جاویگا اور جائز ہے [illegible] آنحضرت [illegible] سامنے
[illegible] کے ساتھ ہاتھ [illegible] بیٹھے [illegible] **وعن** [illegible]

وَاَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے عمر اور انس اور ابن زبیر اور ابی امامہ سے انہوں نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جس شخص نے پہنا ریشم یعنی غیر مشروع دنیا میں نہیں پہنے گا اسکو آخرت میں نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی محروم ہوگا حلال جاننے والے پر یا زجر و تشدید پر یا ایک مدت پر پہلے داخل ہونے جنت کے اسلیے کہ اونکا لباس جنت میں حریر ہوگا اور کہا حافظ سیوطی نے کتاب البدور میں اکثروں کے نزدیک یہ ہے کہ نہیں داخل ہوگا جنت میں ساتھ سابقین فائزین کے اور منسوخ ہوئی وہ روایت کہ نقل کی ہے جو یہ ہے من لبس الحرير في الدنيا البسه الله يوم القيامة ثوبا من نار ع وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ فِي الْآخِرَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سوا اسکے نہیں کہ پہنتا ہے ریشم دنیا میں وہ شخص کہ نہیں حصہ واسطے اسکے آخرت میں نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف یعنی نہیں حصہ واسطے اسکے اعتقاد اور عمل کا یا نہیں ہے حصہ پہننے حریر کے سے آخرت میں جیسے کہ اوپر کی حدیث میں فرمایا لم یلبسہ فی الآخرۃ یعنی نہ پہنیگا کنایہ داخل ہونے سے جنت میں بموجب قول اللہ تعالی کے ولباسهم فيها حرير پس اس صورت میں کافر کے حق میں نوع ظاہر ہے اور مومن کے حق میں بطریق تغلیظ کے ہو یا یہ کہ نہیں داخل ہوگا ابتداء یا نہیں داخل ہوگا بغیر اسکے کہ عذاب دیا جاوے یا ساتھ گروہ اگلے کے جلدی کرنیوالوں کے ساتھ ع وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَشْرَبَ فِيْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ وَاَنْ نَاْكُلَ فِيْهَا وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَاَنْ نَجْلِسَ عَلَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے حذیفہ سے کہا منع کیا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ پئیں ہم برتنوں میں چاندی اور سونے کے اور یہ کہ کھاویں ہم بیچ اون کے اور منع کیا پہننے حریر اور دیباج سے کہ ایک قسم ہے ریشمی کپڑے کی اور یہ کہ بیٹھیں ہم اوسپر نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف بیان استعمال کرنے ظروف وغیرہ چاندی سونے کا اور حریر کا اوپر ہو چکا ہے اور فتاوی قاضی خان میں لکھا ہے کہ پہننا حریر کا [illegible] ایسے ہی حرام ہے اسکا اوڑھنا اور لٹکانا اور بچھانا اور کہا امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے نہیں مضائقہ ہے ہو حریر کے بچھانے اور سونے میں اوپر اوسکے اور تکیہ لگانے میں اوپر اوسکے جیسے کہ نہیں مضائقہ اور کہا امام ابو یوسف اور امام محمد نے کہ یہ سب مکروہ ہیں اور حاصل یہ کہ نہی اس حدیث کی محمول ہے تحریم پر نزدیک صاحبین کے اور نزدیک امام صاحب کے تنزیہ پر جیسے کہ اشارہ کیا طرف اسکے ساتھ قول اپنے کے اسلیے کہ پہننا وہ شخص ہے کہ پہنے ریشم دنیا میں ہمیشہ یعنی پس اس حدیث مشہورہ میں دلیل ہے اوپر یہ کہ پس امام صاحب کے نزدیک نہیں ہے حاصل ہوا لیکن تعلیل پر پہننے کے اور سونے کی بچھانا ریشم کا نہیں ہے پہننا اسکا بلکہ بیٹھنے پر نہیں اطلاق کیا جاتا ہے پہننا پس اطلاق کیا ساتھ تنزیہ کے ع وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةُ سِيَرَاءَ فَبَعَثَ بِهَا اِلَيَّ فَلَبِسْتُهَا فَعَرَفْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اَبْعَثْ بِهَا اِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا اِنَّمَا بَعَثْتُ بِهَا اِلَيْكَ لِتُشَقِّقَهَا خُمُرًا بَيْنَ النِّسَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اور روایت ہے حضرت علی سے کہا ہدیہ کے طور پر بھیجا گیا واسطے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک جوڑا یعنی تہبند اور چادر ریشمی خط دار پس بھیجا اسکو طرف میرے پس پہنا میں نے اسکو پس پہچانا میں نے غصہ بیچ چہرہ مبارک آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا تحقیق میں نے نہیں بھیجا تھا اسکو طرف تیرے تاکہ پہنے تو اسکو سوا اسکے نہیں کہ بھیجا تھا میں نے اسکو طرف تیرے تاکہ پھاڑ کر اسکو اوڑھنیاں کر کے تقسیم کرے درمیان عورتوں کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ف پہنا حضرت علی نے یہ سمجھ کر کہ حضرت نے پہننے کے لیے بھیجا ہوگا اور جو کہ حضرت نے بھیجا تھا واسطے حضرت فاطمہ کے اور حضرت علی کی ماں فاطمہ بنت اسد کے اور بعضے کہتے ہیں کہ تیسری فاطمہ بنت حمزہ تھیں اور یہ حدیث دلیل ہے اس بات پر کہ نہیں جائز ہے پہننا واسطے مردوں کے ریشم کا اور یہ کہ پہنا ہوا حضرت علی کا نہیں تھا بوجہ حرمت کے بلکہ بسبب نہ ہونے علم کے ع وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ اِلَّا هٰكَذَا وَرَفَعَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِصْبَعَيْهِ الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةَ وَضَمَّهُمَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ اَنَّهٗ خَطَبَ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ نَهٰى

نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن لبس الحریر الا موضع اصبعین او ثلث او اربع۔ رواہ مسلم اس روایت ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ
منع فرمایا ریشم کے پہننے سے مگر اس قدر یعنی بقدر دو انگشت کے اور اٹھائیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں انگلیاں اپنی بیچ کی اور شہادت کی اور ملایا
ان دونوں کو یعنی اس قدر ریشم اگر لباس میں ہو جائز ہے اور نقل کیا اس کو بخاری اور مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی یہ ہے کہ خطبہ پڑھا حضرت عمر نے جابیہ کے
کے مقام میں جو شام میں ہے پس کہا منع فرمایا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہننے ریشم کے مگر قدر دو انگشت یا تین انگشت یا چار انگشت کے۔ ف
پہلی روایت سے جائز ہونا ریشم کا بقدر دو انگشت کے معلوم ہوا اور دوسری روایت سے معلوم ہوا کہ چار انگشت تک جائز ہے اور یہی مذہب ہے
جمہور علماء کا **وعن** اسماء بنت ابی بکر انہا اخرجت جبۃ طیالسۃ کسروانیۃ لہا لبنۃ دیباج وفرجیہا مکفوفین
بالدیباج وقالت ہذہ جبۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانت عند عائشۃ فلما قبضت قبضتہا وکان النبی
صلی اللہ علیہ وسلم یلبسہا فنحن نغسلہا للمرضی نستشفی بہا۔ رواہ مسلم اس روایت ہے اسماء بیٹی ابوبکر کی سے یہ کہ انہوں نے
نکالا جبہ طیلسان کا کسروانی یعنی جو شاہ کسریٰ کی طرف منسوب تھا اور گریبان اس کا ریشمی تھا اور دونوں کشادگیاں اس کی ریشم سے کی ہوئی تھیں ساتھ ریشم کے
اور کہا اسماء نے کہ یہ جبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا نزدیک عائشہ کے پس جب وفات پا گئیں حضرت عائشہ لیا میں نے اس کو یعنی مجھکو پہنچا وہ
میراث میں بہن ہونے سے حضرت عائشہ کی اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہنتے اس کو یعنی کبھی کبھی پس ہم دھوتے ہیں اس کو واسطے بیماروں کے طلب کرتے ہیں
شفا ساتھ اس کے نقل کیا اس کو مسلم نے۔ ف طیالسہ ساتھ زیر لام کے جمع طیلسان بفتح اللام کی ہے اور وہ معرب تالسان کا ہے یعنی چادر کے کہ صوف سیاہ کی
ہوتی ہے اور بعضے سیاہ وہ جبہ تھا اور کسروانیہ نسبت ہے طرف کسریٰ کے ساتھ زیر کاف کے اور بعضوں نے کہا ساتھ زبر کاف کے اور جو نسبت کسریٰ کی طرف ہے شاید
خاص کا اس طرح کا دونوں کشادگیاں اس کی بالا کے گرد بنی ہوئی اور ایک پیچھے جیسے کہ بعضے جبوں میں معلوم ہوتا ہے ان میں چاک کھلے ہوتے ہیں یعنی
کشادگیاں پھنچا میں نے وہ دونوں چاک ان کو پر سنجاف ریشم کی ہوئی تھی اور غرض اسماء کی نقل کرنے سے یہ تھا کہ اس کا لباس کو معلوم ہو کہ ان کو طالب برکت
و برکت کا ہے اور یہ کہ اس کا ساتھ پہننا ان کے تھا اور بیان کرنا اس کا یہ ہے کہ اس طرح ریشمی سنجاف اگر چار انگشت تک ہو تو جائز ہے اور اس کا وقت ظاہر ہوتا ہے اور اگر چار انگشت سے زیادہ ہو تو
حرام ہے اور سنجاف کا حکم یہی ہے کہ ریشم کی سنجاف کا ساتھ اس پر شرط ہے جو بیان ہو چکا ہے یعنی چار انگشت تک ہو جائز ہے اور اس حدیث سے اسماء کا یہ قول ہے کہ حدیث عمر کی اور
اسکی قدر سنجاف ریشمی کی نہیں یہ بیان چار انگشت سے زیادہ ہو اور حدیث میں جو آیا ہے ایک حدیث عمر کی ہے جو بیان کی گئی اور حدیث اسماء کی ہے جو یہاں مذکور ہے
کہ اس قدر تعین کی قمیص میں ہو سو بیان ہوتا ہے جیسا کہ اس روایت میں ہے اور دھوتے ہیں ہم بیماروں کے واسطے اور طلب کرتے ہیں شفا ساتھ اس کے یعنی ساتھ اس
کے ساتھ تبرک کے جسم کے ساتھ رکھنے اس کے سر پر اور آنکھوں پر اور ساتھ برکت حاصل کرنے کے واسطے شفا کے اس سے اور بدن پر ملنے کے واسطے
وعن انس قال رخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للزبیر وعبد الرحمن بن عوف فی لبس الحریر لحکۃ بہما۔ متفق علیہ
وفی روایۃ لمسلم قال انہما شکوا القمل فرخص لہما فی قمص الحریر۔ روایت ہے انس سے کہا رخصت دی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
واسطے زبیر اور عبد الرحمن بن عوف کے بیچ پہننے ریشم کے واسطے خارش کے کہ تھی ان دونوں کو یعنی کھجلی سبب بدن کے تھی جیسے کہ آگے کی روایت میں ہے
نقل کیا اس کو بخاری اور مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں یوں ہے کہا انس نے تحقیق ان دونوں نے شکایت کی جوؤں کی پس رخصت دی ان دونوں کو بیچ
قمیص ریشم کے۔ ف ریشم کی خاصیت ہے کہ جوئیں نہیں پڑتیں اور اس سے نفع ہوتا ہے اور رخصت کا حکم عام ہے **وعن** عبد اللہ بن عمرو بن العاص
قال رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ثوبین معصفرین فقال ان ہذہ من ثیاب الکفار فلا تلبسہا وفی روایۃ
قلت اغسلہما قال بل احرقہما۔ رواہ مسلم روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہا دیکھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

اور پہنا کسم سے رنگے ہوئے کپڑے پس منع ہے اور تحقیق یہ کہ منع کے کپڑوں سے میں کہ نہیں تمیز کی معلوم علماء میں اور تحقیق فرق کیا ہے پہنا اس مردوں اور عورتوں
مستثنیٰ نہیں ہیں تو انکو اور ایک روایت میں ہے کہ کہا علماء نے کہ یہ معلوم ہوا اس میں ہے کہ انکو منع فرمایا حضرت نے بلکہ سوائے انکو حق کی یہ مسلم نے **ف** کہا شیخ
کہ یہ آنحضرت کی جانب سے حیا اور تنبیہ تھا لیے اسکے کہ اس سے پہنچے کہ عیب کے خوشبو کسم ہوا پہنے عبداللہ کو اس واسطے کہ وہ عورتوں کا لباس ہے
کہ کپڑا کسم کا اگر چہ مردوں کو حرام ہے لیکن عورتوں کے لیے کہ وہ نہیں پس اسکے جلانے میں ضائع کرنا مال کا ہے پس بہتر یہی تھا کہ اپنی عورتوں کو دیدیتے
یا بیچ ڈالتے یا اور عورتوں کو دیدیتے کہ وہ اس سے فائدہ اٹھاتیں اور ایک روایت میں آیا ہے کہ عبداللہ بن عمرو جب حاضر ہوئے اور ان کپڑوں کو
جلا دیا تب دوسرے دن حضرت کے پاس حاضر ہوئے حقیقت حال سے خبر دی فرمایا کیوں نہ پہنایا تو نے ان کپڑوں کو اپنی عورتوں کو اسلئے کہ وہ اونکو
عورتوں کو اور بعض نے اس روایت کے معنی کیا ہے کہ شارحین نے عیب لگایا اور پہ خلاف ظاہر کے اور یہ جو بعضوں نے کہا ہے کہ اور عورتوں کو مباح نہیں کہو یہ اثر
اسکے کہ بعض روایت و روایت سے یہ تنبیہ ہے پہننے کسم کے علماء کو اختلافات ہیں بعض اسکو مطلق حرام جانتے ہیں اور بعض مباح اور بعض کہتے ہیں کہ
بسبب کسم کے پہننا حرام ہوا اور اگر بعد رنگنے کے دھو ڈالے تو مباح ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اگر دوسری رنگ میں ہوئی تو مباح ہے والا حرام اور بعض کہتے ہیں کہ پہننا اسکا
مجالس میں مکروہ ہے اور گھر میں پہننے درست ہے اور مذہب حنفی میں کراہت تحریمی ہے اور مختار اس سے کہ وہ اور سرخ رنگ مردوں کو پہننے کے لیے حرام ہے
اور شیخ عبدالحق نے کہا ہے کہ اسکا استعمال مکروہ ہے میں اور استاد نے اسکے بعض فتویٰ دیا ہے کہ درست نہیں [illegible]
ثبوت سند کر حدیث حضرت عائشہ کا مرحم اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو فی مناقب اہل بیت النبی صلی اللہ علیہ
وسلم اور ذکر کیا ہم نے حدیث حضرت عائشہ کی کہ مراد اسکا یہ ہے کہ نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ پر چادر باب مناقب اہل بیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے **الفصل**
الثانی فصل دوسری **عن ام سلمۃ قالت کان احب الثیاب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القمیص رواہ الترمذی**
وابوداؤد روایت ہے ام سلمہ سے کہا بہت محبوب کپڑوں میں سے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کرتا تھا نقل کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد نے
ف اسلئے کہ اس سے بدن خوب ڈھکتا ہے اور سبک ہے بدن پر اور پہننے والا اسکا بہت متواضع ہوتا ہے اور جب محبوب تھا کرتا نزدیک
آنحضرت کے تو یکیہ ہوگا بہتر اس میں اسرار اور انوار بہت ہیں اور ایسا ہی ہے سب چیزیں جو تمام ستحبات کا **وعن اسماء بنت یزید**
قالت کان کم قمیص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الرسغ رواہ الترمذی وابوداؤد وقال الترمذی ھذا
حدیث حسن غریب روایت ہے اسماء بنت یزید سے کہا تھی آستین کرتے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی پہنچے تک نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے
اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے **ف** بعضی روایتوں میں سر انگشت تک بھی آستین حضرت کی آئی ہے اور تو ہو کہ آستین حضرت کی انگلیوں تک تھی
وعن ابی ھریرۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا لبس قمیصا بدأ بمیامنہ رواہ الترمذی روایت ہے
ابوہریرہ سے کہا تھے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب پہنتے کرتا شروع کرتے ساتھ داہنی طرف قمیص کے نقل کی یہ ترمذی نے **ف** کہا شیخ نے
کہ یہ مستحب ہے اور یہ منقول ہے کہ اس سے یا کہ جانب داہنی قمیص کی شامل آستین کو ہو اور شروع کرے میں پہنتے آستین کی داہنی طرف
وعن ابی سعید الخدری قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ازرۃ المؤمن الی انصاف ساقیہ
لا جناح علیہ فیما بینہ وبین الکعبین ما اسفل من ذلک ففی النار قال ذلک ثلث مرات ولا ینظر اللہ یوم القیامۃ
الی من جر ازارہ بطرا رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ روایت ہے ابی سعید خدری سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم سے کہ فرماتے تھے حالت تہبند مومن کی نصف پنڈلیوں تک ہو نہیں گناہ اوپر اسکے جو درمیان اسکے اور ٹخنوں کے [illegible] ۱۲

چنانچہ تہبند کے درمیان آدھی پنڈلیوں اور درمیان ٹخنوں کے ہے اور جو چیز کہ نیچے اسکے ہو پس بیچ آگ کے ہوگا یعنی بدن اور نہیں دیکھیگا اللہ تعالیٰ دن
